Ambuscade, Ambush, *n.* A hiding to attack by surprise ; a lying in wait ; lurking : کمین گاه - گهات کی جگهه * **To lie in—,** گهات میں لگے رهنا - دانو گهات میں بیٹهنا

Ameliorate, *v. t.* To make better ; to improve : بهتر کرنا - درست کرنا - سدهارنا - اصلاح کرنا

Amelioration, *n.* Improvement ; a making or becoming better : ترقی - بهتری - اصلاح - سدهار

Amen, *ad.* So be it : آمین - ایسا هی هو - ایوم استو - آمین الله

Amenable, *a.* Accountable ; governable ; tractable ; submissive : جواب ده - مطیع - اطاعت پذیر

Amend, *v. t.* To correct ; to reform ; to make right : درست کرنا - صحیح کرنا - ترمیم کرنا - سدهارنا - بنانا * *v. i.* To become better : درست هونا - اصلاح هونا

Amende honorable, A frank apology ; reparation : عذر معذرت - علانیه معافی مانگنا اور نقصان بهرنا -

Amendment, *n.* An alteration for the better ; a reformation ; rectification : ترمیم - اصلاح - درستی

Syn.—Correction, improvement, reformation.

Amends, *n. (pl.)* Recompense ; compensation ; fine ; penalty : مکافات - معاوضه - جزا - تاوان - ڈانڈ - بدله * **To make—for,** to compensate : بدله چکانا - تاوان دینا - ڈانڈ بهرنا

Amenity, *n.* Agreeableness ; pleasantness ; civility : خوبی - فرحت - نرمی - اشرافت

Amensa et thoro : طلاق نان و نفقه - روٹی کپڑا دینے سے انکار

Amerce, *v. t.* To punish by a fine : جرمانه کرنا - ڈانڈ لینا .

Amercement, *n.* A fine ; penalty inflicted : جرمانه - ڈانڈ

Amethyst, *n.* A precious stone of a violet-blue colour : نیلم - لاجورد - یاقوت

Amiability, Amiableness, } *n.* Sweetness of temper ; lovableness : خوش مزاجی - هردل عزیزی - لطافت - شایستگی - نیک بختی .

Syn.—Kindliness, sympathy, loving-kindness.

Amiable, *a.* Charming ; worthy of love ; sweet ; gracious ; kindly : هر دل عزیز - نیک نهاد - شیریں مزاج - من بهاؤ - سوشیل

Amicability, *n.* Friendliness ; agreeableness ; kindness : دوست نوازی - شفقت - صاحب مروتی

Amicable, *a.* Friendly ; peaceable ; دوستانه - صلح خواه - هل مل . ملا جلا - صاحب مروت

Syn.—Cordial, friendly, hearty, sociable.

Ant.—Adverse, hostile, unfriendly.

Amicably, *ad.* In a friendly manner ; peaceably ; agreeably : دوستانه طور پر - صلح کے ساتهه - آپس میں

Amid, Amidst, *prep.* In the midst or middle of ; among : درمیان - بیچ میں * **—the rest,** باقیوں میں

Amiss, *a.* Ill ; faulty ; wrong : غیر واجب - ناقص - غلط - دوشی * *ad.* In faulty manner ; in a wrong sense : سهواً - بهولکر - غلط طور سے - چوک سے * **To take—,** برا ماننا - ناراض هونا - خفا هونا

Amity, *n.* Friendship ; good understanding ; harmony : دوستی - مهربانی - اخلاص - میل - ارتباط

Ammonia, *n.* A strong-smelling gas used in medicine and the arts : هوش میں لانے کی دوا **Salammoniac,** نوسادر

Ammunition, *n.* Any thing used for munition or defence ; military stores as powder, balls, &c : اسباب جنگ مثلاً گولا بارود وغیره

Amnesty, *n.* A general pardon of offences against government ; an oblivion : عفو - معافی نامه عام - جان بخشی

Amok, *See* **Amuck.**

Among, Amongst, *prep.* Of the number of ; amidst : بیچ میں - درمیان - منجمله

Amorous, *a.* Inclined to love ; easily inspired with love ; fondly in love of : عاشق مزاج - عشق باز - عاشقانه - فریفته - شیدا - رسیا - رنگیلا

Amorousness, *n.* Fondness ; lovingness : عشق بازی - تعشق

Amorphous, *a.* Irregular ; formless : بدنما - بیڈهنگا - بیڈول

Amort, *a.* Dull ; dejected ; spiritless : سست - اداس - افسرده خاطر .. مرده سا

Amount, *n.* The sum total ; the whole result ; the effect or value : جمع – کل – تعداد – مبلغ – رقم - مقدار - حاصل - * To the—of, - بقدر - بانداز تک * *v. i.* To rise to or reach by adding the whole items ; to result in : پہونچنا - چڑھنا

Amour, *n.* A love intrigue : آشنائي - لگاؤ – عشق

Amphibious, *a.* Living both on land and water : دوعنصري - خشکي اور پاني میں رهنے والا - جل تھل چر

Amphibia, Amphibians, *n. pl.* Animals capable of living both under water and on land : آبي و هوائي جانور - خشکي و تري دونوں مین رهنے والے جانور

Amphitheatre, *n.* A circular edifice having rows of seats one above another and having an open space, called the arena, in the centre ; a place for shows and games : تماشے کا گول گھر - دنگل – اکھاڑا

Ample, *a.* With room enough ; of large size ; plentiful ; sufficient : بہت بڑا – وسیع - کشادہ - کافي - فراخ - بہت سا

Syn.—Full, spacious, extensive, wide, capacious.

Ant.—Insufficient, inadequate, scanty.

Amplification, *n.* Enlargement ; exaggeration ; diffusive description : طوالت – مبالغہ – بڑھاؤ – وستار – پھیلاؤ

Amplify, *v. t.* To make more copious in expression ; to add to ; to speak or write diffusively : بڑھانا - پھیلانا - طول دینا - مبالغہ کرنا - طوالت سے بیان کرنا –

Amplitude, *n.* Largeness of dimensions ; ample capacity ; extent : وسعت – کشادگي - سمائي - فراخي

Amply, *ad.* Largely ; liberally ; copiously ; abundantly ; sufficiently : بکثرت - بافراط - بہتایت سے – ریل پیل سے - مالا مال - بھر پور

Amputate, *v. i.* To cut off, as a limb or branch : عضو کاٹنا - قلم کرنا

Amputation, *n.* The operation of cutting off a limb or branch : قطع عضو – تراش - قلم

Amuck, *(Malay) ad.* Madly ; in murderous frenzy : دیوانہ وار - اندھا دھند - بے تحاشا - تندي سے * To run—, to rush about frantically attacking all that come in the way : دیوانہ وار دوڑنا اور جو آگے آوے اُسے مارنا

Amulet, *n.* A jewel or ornament worn as a charm round the neck or arm to prevent sickness or other evil : تعویذ - جنتر - گنڈا

Amuse, *v. t.* To divert ; to entertain ; to gratify : بہلانا - خوش کرنا - خیال هٹانا - دل لگانا - تفریح دینا * To delude : جھانسا دینا - دم یا باتوں میں رکھنا - بہکانا

Syn. - Delight, please, occupy, biguile.

Ant.—Annoy, disquiet, tire.

Amusement, *n.* Diversion ; entertainment ; play ; pastime : تفریح طبع - کھیل تماشا - دل بہلاؤ - دلگي - شغل

Amusing, } *a.* Entertaining ; pleasing ;
Amusive, } causing fun or pleasure :
(person) دل بہلاؤ - دلگي باز - نقل مجلس (things) فرحت انگیز - دلچسپ

An, The indefinite article placed before a word beginning with a vowel : حرف تنکیر جو اُن الفاظ کے قبل آتا هے جنکے شروع میں حرف علت کي آواز هو * One ; ایک - کوئي

Anacardium, *n.* A kind of fruit used for medicinal purposes ; it is used by washermen to mark the clothes, and this serves the purpose of cloth-marking ink : بھلانوا - بھلاونجي

Anachronism, *n.* An error in chronology ; a putting of an event earlier or later than it really happened ; an error in dating : تاریخ کي غلطي - اِختلاف وقت

Anagram, *n.* The change of one word or phrase into another by the transposition of its letters, as 'live' = 'evil', 'time'= 'emit' ; 'Florence Nightingale' = 'Flit on, cheering angel' : حروف کي تبدیلي سے ایک لفظ یا جملہ کو دوسرا کر ڈالنا - تحریف قلب - لف ونشر

Analogical, *a.* Showing similarity of relations ; similar : مطابق - مشابہ - همشکل - ملتا جلتا

Analogous, *a.* Having some likeness in thought ; with parts or qualities that can be thought of as like those of something else : مطابق - یکساں - مشابہ - ایک صورت کا - همشکل

Analogue, *n.* A thing corresponding to another : مشابہ یا همشکل چیز

Analogy, *n.* Alikeness in some ways between things that are otherwise different; a resemblance of relations, as in the phrase . 'Knowledge is to the mind what light is to the eye'; 'Childhood is the dawn of manhood's day' : چیزوں کي بعض حالتوں کي مشابہت - مشابہت - مطابقت - موافقت - قرینہ

Analyse, *v. t.* To resolve a whole into its elements; to separate into component parts: تشریح کرنا - ترکیب کرنا - تفصیل کرنا - تفریق کرنا - جز و ٹکڑے کرنا

Analysis, *n.* (*pl.* **Analyses**) Separation into elements; dissection; examination of constituents; *(Gram.)* the arrangement into its logical and grammatical elements of a sentence or part of a sentence : تشریح - تفریق - تفصیل - ترکیب نحوي

Analyst, *n.* One skilled in analysis esp., chemical analysis : سودھي - سودھنے والا - تفریق داں - تجزہ داں

Ananthous, *a.* Flowerless : بے پھول کا

Anarchy, *n.* Want of government in a country; political confusion; a breakdown of law and order : بدانتظامي - غدر - ھنگامہ - بدعملي - اندھیر - چوپٹ راج - مرھٹي گھس گھس - ھربونگ کا راج

Anarchist, (—*kist*) *n.* One who advocates anarchy; or aims at the overthrow of the civil government of his country : غدار - مخالف بادشاہ - فاسد - بلوائي - خود مختاري کا خواھاں

Anarsarca, *n.* A kind of dropsy : استسقی - سوتھہ - ایک قسم کا جلندر

Anathema, *n.* A solemn ecclesiastical curse or denunciation involving excommunication : لعنت - سراپ - دھکار - حقہ پاني کي بندي - کریا کرم سے نکلا جانا - پھٹکار

Anathematise, *v. t.* To pronounce accursed; to excommunicate : پھٹکارنا - ذات باھر کرنا - برادري سے خارج کرنا - حقہ پاني بند کرنا

Anatomist, *n.* One skilled in the art of dissecting any organised body : تشریح داں - فصاد - جراح - انگ و دیا گني

Anatomize, *v. t.* To dissect; to examine critically; to analyze : چیرنا - کاٹ کوٹ کرنا - چاک کرنا - چیر پھاڑ کر کے جانچنا

Anatomy, *n.* The art of dissecting any organised body; the science of the structure of the body learned by dissection : علم تشریح - جراحي - چیر پھاڑ - بدن کا علم

Ancestor, *n.* A forefather; one from whom a person is descended : پرکھا - باپ دادا - بزرگ - اسلاف

Ancestorial,
Ancestral, } *a.* Descending from ancestors : موروثي - پشتیني - جدي - باپ دادا کي · پیروتي - آبائي

Ancestry, *n.* Lineage; high birth : خاندان - حسب و نسب - پیڑھي - کل - عالي نسل - عالي خاندان

Anchor, *n.* An iron instrument with a hook for holding a vessel by gripping the ground; (*Met.*) any thing that gives stability or security : – لنگر – جاے پناہ - آسرا - بھروسہ * To cast—, لنگر ڈالنا * To weigh—, لنگر اٹھانا - جہاز چلانا * Sheet—, بڑا لنگر * To come to—, جہاز کھڑا کرنا

Anchorage, *n.* A ground for anchoring; a harbour; a hold; ground of trust; the duty : لنگر ڈالنے کي جگھہ – بندر گاہ - بندر کا محصول - پناہ گاہ - تکیہ گاہ –

Anchorite, *n.* A recluse; a hermit : گوشہ نشین - زاھد – سنیاسي – تارک الدنیا

Anchovy, *n.* A small sea-fish : ایک قسم کي چھوٹي سمندري مچھلي

Ancient, *a.* Old (in time); of long duration; belonging to former times; past : پرانا – قدیم – دیرینہ – مدت کا – اگلا – پیشین – اگلے زمانے کا

——*n.* Patriarch; an old man; one who lived long ago : بزرگ - پرکھا * *pl.* men of old; those who lived in remote times : – متقدمین – قدما – سلف کے لوگ - پرکھے

Ancipital, *a.* Double-faced; two-edged : دو رخا - دو دھارا

Ancillary *(an-sil-ar-ı),* *a.* Subordinate to; subservient : خدمتگار – مدد گار - ماتحت

And, *conj.* The conjunctive particle used to join words and sentences * حرف عطف - اور - و —so forth, —so on, وغیرہ – اسي طرح – علي ھذا القیاس * —that, اور یھہ کہ

Anecdote, *n.* An incident of private life; a very short story; a biographical incident: روایت - حکایت - قصہ - داستان - چٹکلہ

Anemography, *n.* A description of the wind: بیان ہوا

Anemometer, *n.* For measuring the velocity or pressure of the wind: مقیاس الہوا - ہوا ناپ

Anent, *prep.* Concerning; about; in regard to: نسبت - بابت

Anew, *ad.* Newly; afresh; over again: - از سر نو - نئے سر سے - پھر سے

Angel, *n.* A spiritual being; a messenger from God; a beautiful person: فرشتہ - ملک - حور - پریزاد - ماہ لقا - پدمني عورت * Like—'s visits, few and far between: گاہے ماہے کي ملاقات - (آج چاند کدھر سے نکلا) * The—of death, ملک الموت - ازازیل - جم * —s who question the death, منکر نکیر - جمراج * The recording—s, کراماً کاتبین - چتر گپت

Angelic, *a.* Belonging to or resembling angels: ملکي - فرشتہ خو - پري پیکر

Anger, *n.* A strong passion; indignation; wrath; great displeasure: - غضب - غصہ - خفگي - ریش - طیش - تیہا * Flushed with—, غصہ میں لال ہوگیا - لال پیلا ہو گیا

Syn.—Rage, fury, vie, choler.

——*v. t.* To make angry; to irritate: - غصہ دلانا خفا کرنا

Angina, *n.* Inflammation of the throat: گلے کي سوجن

Angle, *n.* A corner; point where two lines meet; *(Gram.)* the inclination of two straight lines which meet, but are not in the same straight line: زاویہ - گوشہ - کون * Acute—, زاویہ حادہ * Adjacent—, زاویہ متصلہ * Alternate—, زاویہ متبادلہ * Exterior—, زاویہ خارجہ * Interior—, اندروني زاویہ * Obtuse—, زاویہ منفرجہ * *n.* A fish-hook; a fishing-rod with line and hook: مچھلي پھنسانے کا کانٹا - بنسي * —of the eye, گوشہ چشم - کویا * *v. i.* To fish with a rod and line: کانٹا ڈالنا یا بنسي لگانا * *v. t.* To entice; to try to gain by some artifice: لبھانا - دل پھنسانا - حیلہ بازي سے کوشش کرنا - چارہ ڈالنا - جال بچھانا * To—with a silver hook: سونے کي کٹاري مارنا

Angler, *n.* One who fishes with a rod and line: بنسي باز - بنسي کا کھلاڑي

Anglican, *a.* English; belonging to the Church of England: انگریزي - انگریزوں کے مذہب کا

Anglicize, *v. t.* To convert into English; to express in English idiom: انگریزي بنانا - انگریزي محاورہ میں ڈھالنا

Anglo-Indian, *n.* An Englishman born or living in India: انگریز جسکي پیدایش یا سکونت ہندوستان میں ہو

Angour, *n.* A pain of the heart: درد دل

Angry, *a.* Indignant; wrathful: - غضبناک - خشمگیں - بیرحم - خفا * *(Prov.)* He that is—is seldom at ease, طیش میں عیش کہاں—کرودھي کو چین کہاں

Anguish, *n.* Extreme pain of body or mind; agony: سخت درد - جانکندني - عذاب - کشت - جگر سوزي - الم

Syn.—Agony, pang, distress, torture, torment.

Angular, *a.* Having angles; pointed; sharp and stiff; ungraceful: گوشہ دار - کونے دار - کونیا - نوکیلا - کڑا - چبھتا - اکڑا - ترش مزاج

Anhelation, *n.* Shortness of breath; difficult respiration: دم پھولنا - تنفس - ہنپ ہنپي

Animadversion, *n.* Criticism; reproof; unfavourable remarks: عیب نمائي - ملامت - سرزنش - حرف گیري - نقطہ چیني

Syn.—Stricture, comment, blame, remark, reproof.

Ant.—Panegyric, encromium, commendation, approval.

Animadvert, *v. i.* To make remarks on; to find fault with: ملامت کرنا - سرزنش کرنا - عیب گیري کرنا

Animal, *n.* A creature endowed with life and the power of voluntary motion; any living being without reason: جانور - بشر - حیوان * An irrational—, حیوان مطلق * A rational—, حیوان ناطق - انسان - منش * *a.* of or belonging to animals; sensual: حیواني * —food, گوشت - مانس * —spirits, طبیعت کا جوش - من کي لہر

Animalcule, *n.* (*pl.* Animalcule, Animalcula), An animal invisible or nearly so to the naked eye ; a creature so small that it cannot be seen without a glass or microscope : بہت ہي چھوٹا کیڑا - چھوٹا کیڑا جو خورد بین ہي سے دکھائي دے

Animate, *v. t.* To give life to ; to incite ; to encourage : جلانا - جان ڈالنا - ترغیب دینا - ہمت دلانا - ڈھارس بندھانا - تقویت دلانا * *a.* Alive : جاندار - زندہ

Animated, *a.* Living ; lively ; spirited ; full of life : زندہ دل - پر جوش - گرم - چالاک - دلیر

Animation, *n.* Vigour ; life ; vivacity : - زندگي - جوش - زندہ دلي

Animosity, *n.* Bitter hatred ; active enmity ; great ill-will : - بغض - عداوت - دشمني - کینہ - خصومت - لاگ

Animus, *n.* Intention ; actuating spirit ; prejudice ; against : ارادہ - مزاج - خو

Aniseed, *n.* The aromatic seeds of a plant used for flavouring and as medicine : - بادیان - سونف - * **Anisetle,** سونف کي شراب

Ankle, *n.* The joint connecting the foot and leg : ٹخنا - گٹا

Anklet, *n.* An ornament worn on the ankle : پازیب - کڑا - پایل

Anna, *n.* An Indian coin ($\frac{1}{16}$ of a rupee) : آنہ - روپیہ کا سولھواں حصہ - ۴ پیسے

Annalist, *n.* A writer of annals : مورخ - واقع نگار - راوي

Annals, *n.* A history of events in chronological order ; chronicles : - تواریخ - اتہاس - کتھا - سالانہ سر گذشت

Anneal, *v. t.* To temper (glass and steal) by heat ; to fix colours on glass by heating it : تاؤ دینا - سخت کرنا - شیشے کو رنگنے کے لئے گرم کرنا

Annex, *v. t.* To affix ; to subjoin ; to connect ; to add : لگانا - جوڑنا - شامل کرنا - وصل کرنا - ملحق کرنا

Annexation, *n.* Act of annexing ; addition ; union : اتصال - جوڑ - لگاؤ - میل - الحاق

Annexed, *ad.* Joined ; attached ; connected ; added : جڑا ہوا - منسلک - مشمولہ - نتھي کیا ہوا

Annihilate, *v. t.* To destroy ; to annul ; to bring to nothing ; to put out of being : نیست و نابود کرنا - مٹانا - فنا کرنا - معدوم کرنا - ستیاناش کرنا

Annihilation, *n.* The state of being brought to nothing ; a putting out of being : - بربادي - نیستي - فنا - عدم

Anniversary, *n.* The annual celebration in honour of an event : برکھي - سالگرہ * *adj.* Happening year after year ; annual : - سالانہ - برسوڑي -

Annomination, *n.* The use of words nearly alike in sound but of different meanings ; a pun : ذو معني لفظ - دو ارتھوي شبد - جگت

Anno Domini, In the year of our Lord : سن عیسوي

Anno Mundi, In the year of the world : سن پیدایش دینا

Annotate, *v. t.* To make remarks on by notes ; to comment upon : شرح یا ٹیکا لکھنا - حاشیہ یا تفسیر چڑھانا -

Annotation, *n.* An explanatory note ; a remark ; comment : تفسیر - شرح - ٹیکا

Announce, *v. t.* To make known ; to publish ; to declare : اعلان کرنا - مشہور کرنا - ظاہر کرنا - خبر دینا

Syn.—Proclaim, notify, intimate.

Ant.—Conceal, suppress, hide.

Announcement, *n.* Act of announcing ; proclamation ; declaration : - اشتہار - اطلاع - اعلان - خبر

Annoy, *v. t.* To vex ; to tease ; to molest ; to harm : دق کرنا - تکلیف دینا - کھجانا - دکھ دینا

Syn.—Pester, disturb, trouble, perplex.

Ant.—Gratify, please, conciliate.

Annoyance, *n.* Act of annoying the state of being annoyed ; that which annoys ; trouble ; vexation : تکلیف - دقت - ایذا - تصدیعہ - مضرت

Annual, *a.* Happening every year ; yearly ; lasting only one year : سالانہ - ہرسال - فصلي

Annual, *n.* A plant that lasts only one season ; a literary production published once a year : ایک برسي چیز - فصلي پودا - سالانہ رسالہ

Annually, *ad.* Every year ; yearly ; year by year : ہرسال - سال بہ سال - ہر برس

Annuitant, *n.* One who receives or is entitled to receive an annuity : سالانة وظيفة پانيوالا - سالانة پنشندار - انگلسيا

Annuity, *n.* An annual allowance ; a sum of money paid every year : سالانة, وظيفة يا مشاهرة

Annul, *v. t.* To make null and void ; to nullify ; to repeal ; to reduce to nothing or annihilate : رد کرنا - موقوف کرنا - منسوخ کرنا - اُٹھا دينا - ميٹنا

Annular, *a.* Ring-shaped round ; circular : چھلا نما - حلقةدار - گول

Annulated, *ad.* Furnished with circles like rings : چھلےدار - نقشےدار

Annulet, *n.* A little ring : - چھوٹا چھلا - نتھني - کنگني

Annulment, *n.* The act of annulling ; abolition ; abrogation : منسوخي - موقوفي - ترديد

Annunciate, *v. t.* To announce ; to bring tidings of : مشتھر کرنا - خبر لانا - خوشخبري دينا

Annunciation, *n.* Announcement : اطلاعدھي-بشارت; * The Church festival in memory of the announcement of the incarnation of Christ brought by the angel to Mary, falling on the 25th of March : مارچ مھينة کي پچيسويں تاريخ جس روز فرشتة نے حضرت عيسیٰ کے پيدا ھونيکي خبر حضرت مريم کو دي تھي

Anodyne, *adj.* Soothing ; assuaging pain : درد کم کرنے والا - تسکين بخش * *n.* Any medicine which allays pain ; a soothing medicine : درد کم کرنيوالي دوا - تسکين بخش دوا - مسکن دوا - پيڑ ھرن اوکھد * **—necklace,** پھانسي

Syn.--Opiate, sedative, narcotic.

Anoint, *v. t.* To pour oil upon ; to smear or rub with oil ; to consecrate by unction : تيل ڈالنا - چپڑنا يا ملنا - مساح سے پاک کرنا - راج تلک کرنا

Anomalism, *n.* A deviation from rule : بے قاعدگي - بے ضابطگي - انريت

Anomalous, *a.* Deviating from a general rule ; out of order ; irregular ; abnormal ; unusual : خلاف قاعدة - بے قرينة - بے ضابطة - بے دستور - کڈھنگ

Anomaly, *n.* Deviation from common rule ; irregularity ; something abnormal : - بے ضابطگي خلاف سرشتگي - انريت

Anon, *ad.* Forthwith ; immediately ; quickly ; at another time ; thereafter ; sometimes : جلدي - ابھي - اسي وقت - آناً فاناً ميں - فوراً - کبھو کبھي - گاھے ماھے - پھر - * **Ever and anon,** every now and then : - جب تب - تھوڑ تھوڑ کے - ھميشة -

Anonymous, *a.* Wanting a name ; nameless ; without the writer's name : - بے نام - گمنام - لامعلوم - بندة خدائي

Another, *a.* Not the same ; different ; one more ; any one else : - دوسرا - اور کوئي - غير - پرايا - ايک اور

Answer, *n.* A reply ; that which is said in return to a call, question, prayer, &c. ; the result of an arithmetical or mathematical operation ; a solution ; (*law*) a counter-statement of facts in a course of pleadings : - جواب اتر - حل - ترديد - جواب دعوی - (to a riddle) پھل - بوجھة * **—in appeal,** جواب مرجبات * **definite—,** قطعي جواب - جواب شافي * **Evasive—,** ٹال مٹول

——, *v. t.* To reply to ; to be opposite to ; to refute ; to act in satisfaction ; to correspond with ; to suit ; to come in answer to ; to be security for ; to render account to or for ; to suffer the consequences of ; to serve : جواب دينا - مقابل پر يا جواب ميں ھونا - لاجواب کرنا - رد کرنا - نباھنا - انجام دينا - موافق ھونا - سن کرانا (as, I tapped on the door, and a lady *answered* the knock) - ضامن ھونا - حساب دينا - نتيجة - بھگتنا - کام دينا

——, *v. i.* To reply ; to respond ; to be like , to be sufficient (as, I do not want two one will *answer* ; Money *answereth* all things) ; to be correlative ; to succeed ; to be accountable : جواب دينا - موافق ھونا - کافي ھونا (جيسے " دو نھيں چاھئے ايک ھي کافي ھے) لازم ملزوم ھونا - نبھنا - موزوں ھونا - ذمةوار ھونا

Answerable, *a.* Capable of being answered ; obliged to give an account ; responsible ; suitable ; liable : - قابل جواب - قابل باز پرس - جواب دة - سزاوار - موافق - لائق - مستوجب

Ant, *n.* An emmet : چيونٹي - مور * **White ants :** ديمک

Antacid, *adj.* Neutralizing acidity : - امل مار - دافع ترشي - کھٹائي مار

Antagonism, *n.* A contest ; opposition ; contrariety : مباحثہ – تکرار – مخالفت – بیر – لاگ - مقابلہ - اختلاف

Antagonist, *n.* An adversary ; a foe ; an opponent ; a competitor ; rival : مخالف – دشمن – حریف - مقابل - مخاصم – جوڑ

Antarctic, *a.* Relating to the southern pole or to the region near it : جنوبي قطب والا - قطب جنوبي

Ante—, Anti—, *(prefix.)* (*In comp.*) Before : آگے - پہلے - پیش – قبل

Antecedent, *a.* Going before, in time or place ; prior ; preceding : ماقبل کا - مقدم - پیشرو – پہلے کا - پیشین

——, *n.* That which goes before in time or place ; (*Gram.*) the word to which a relative refers ; *pl.* a person's past history or conduct : مقدم - ماقبل - موصول - کوائف گذشتہ (*Math.*) جملہ شرطیہ – مقدم (*Logic*) - پہلا انک - رقم اول

Antecedently, *adv.* Previously ; at a time preceding : قبل ازیں – پیشتر سے - آگے

Ante-chamber,
Ante-room, } *n.* A chamber leading to the chief apartment : پیش دالان - ڈیوڑھي – باہر کا کمرہ

Ante-date, *v. t.* To date beforehand ; to anticipate ; to date before the real time : وقت سے پہلے کي تاریخ لکھنا – پیشبندي کرنا – آگے کر کے تاریخ لکھنا

Ante-diluvian, *a.* Happening before the Flood (Noah's) : طوفان نوح سے پیشتر * A person who lived before the Flood : نوح کے زمانہ کا

Antelope, *n.* A species of deer : چھلےدار سینگ والا مرگ – ہرن – آہو - غزال – مرگ

Antelucan, *a.* Being before light ; preceding the dawn : روشني نکلنے سے پیشتر - پو پھٹنے سے پہلے -

Ante-meridian, *a.* Before noon ; in the forenoon ; (A. M.) قبل از دوپہر

Antemetic, *a.* Restraining or allaying vomiting : قے روکنےوالي ; * *n.* A medicine which checks vomiting : قے روکنےوالي دوا

Antemundane, *a.* Before the world's creation : دنیا کي پیدایش سے پہلے

Antennæ, *n. pl.* The feelers of an insect : سینگ جس سے کیڑے ٹٹولتے ہیں

Antenatal, *a.* Existing or happening before birth : قبل از پیدایش

Antenuptial, *a.* Before marriage : شادي سے پہلے

Anterior, *a.* Before in time or place ; former ; foregoing : مقدم – پیشین - اول - اگلا – سابق کا

Anthem, *n.* A divine song ; a hymn of praise : بھجن - زبور - تعریف کا گیت

Anthology, *n.* A collection of beautiful passages from authors ; a collection of selected poems ; elegant extracts : اِنتخاب نظم - گلدستہ نظم - گل دستہ اشعار

Anthropology, (*an-thro-po-lo-ji*), *n.* The science of mankind : علم نوع انسان

Anthropometry, *n.* The measurement of men for identification and other purposes : پیمائش جسم انسان

Anthropomorphism, *n.* The representation or conception of the Deity under a human form, or with human attributes and affections : قادر مطلق کا شکل انسان میں آنا – جسم انسان میں روح پاک کا حلول کرنا – اوصاف انساني کو خدا کي طرف منسوب کرنا

Anthropophagy, *n.* Cannibalism : مردم خوري - آدم خوري

Anti—, (*prefix*) (*In comp.*) Opposite to ; against : دافع – دشمن شکن – مار – ہرن - ناسک - خلاف - ضد - نقیض

Antic, *a.* Odd ; ridiculous ; old-fashioned : عجیب - قابل ہنسي

——, *n.* A buffoon ; a grotesque or fantastic figure ; an absurd or ridiculous gesture : مسخرہ - بھونڈ * *pl.* Tricks : چہل بل - کھیل کود

Antichrist, *n.* An opponent of Christ ; the great enemy of Christ and His truth : مخالف مسیح - دجال

Anticipate, *v. t.* To take or do before ; another ; to foresee ; to expect ; to preclude ; to foretaste : پیشدستي کرنا – پہلے سے سوچنا - جي ہي جي میں پہلے سے خوش ہونا یا مزہ لینا

Anticipation, *n.* Expectation ; foretaste ; realization beforehand ; preconceived opinion : پیش قدمي - تصور - خیالي مزہ

Antidote, *n.* A medicine that counteracts poison ; remedy ; preventive : تریاق – زہر مہرہ - بسار - دوا - مانع

Antimony, *n.* A whitish, brittle metal used in medicine : سرمه - آنجن

Antipathy, *n.* A natural dislike ; enmity ; aversion : نفرت - عداوت - دشمني - گريز - كراهيت - چڑه

Antipodes, *n. pl.* Those who live on the opposite sides of the globe and whose feet are directly opposite ; *(fig.)* any thing diametrically opposite or opposed to another ; a contrary : ساكنان تحت الارض يا وے لوگ جو كره زمين كے مقابل جانب رهتے هيں - ضد - برودہ - نقيض

Antiputrefactive, Antiputrescent, *a.* Counteracting or preventing putrefaction ; antisceptic : سڑنے سے روكنے والي

Antiquary, Antiquarian, *n.* One devoted to the study of ancient times ; one who studies or is interested in ancient matters or things ; an archæologist : زمانه سلف كي تحقيق كرنے والا - محقق نشانات زمانه قديم

Antiquate, *v. t.* To make obsolete, old or void : بے رواج كرنا - متروک كرنا - پرانا كرنا

Antiquated, *p. ad.* Grown old-fashioned ; out of date : پرانا - متروک - غير مستقل

Antique, *a.* Ancient ; of old fashion ; odd : * قديم - پراچين - عجيب - انوكها - نرالا - عطيق

n. A work of ancient art : دستكاري زمانه قديم

Antiquity, *n.* Ancient times or their people ; great age ; a relic of ancient times : زمانه سلف - اوايل - اگلے وقت - قديم لوگ - متقدمين - قدامت - نشان هنر سلف

Antithesis, *n. pl.* **Antitheses** (*—sez.*) Opposition of woods ; contrast ; (*Rhet.*) a figure by which contraries are opposed to contraries ; a contrast or opposition of words or sentiments (as, The prodigal *robs his heir*, the miser *robs himself*) : صنعت تضاد - معارضه - مقابله - اجتماع ضدين - برودہ النكار

Antitoxin, *n.* (*Med.*) A fluid introduced into the blood to counteract the poison of a disease : كسي مرض كے زهر كو مارنےوالي دوا جو بذريعه پچكاري خون ميں پهونچائي جاتي هے

Antonomasia, Antonomasy, *n.* (*Rhet.*) The use of the name of some office, dignity, profession, etc., instead of the name of a person ; (as, Mr. Chancellor, Mr. Editor or conversely the use of a proper noun instead of a common noun as, A *Solomon*, for a wise man) : كسي عهدہ يا پيشه كے نام كا استعمال بجائے كسي شخص كے نام كے يا برخلاف اسكے كسي شخص كے نام كو بجاے رسم عام كے استعمال كرنا (جيسے مسٹر ايڈيٹر - ايک سليمان بجاے عقلمند شخص كے)

Antler, *n.* A branch of a stag's horn : بارہ سنگے كے سينگ كي شاخ

Antonym, *n.* A word directly opposed to another in meaning : لغت اضداد

Anus, *n.* The inferior opening of the alimentary canal ; the fundament : مقعد - كون - گدا

Anvil, *n.* An iron block on which metals are hammered and shaped : * نهائي - سندان - اهرن

It is on the—, بن رهي هے - هاتهه ميں هے

Anxiety, *n.* Pain or uneasiness of mind ; solicitude ; care ; disquietude : اضطراب - فكر - انديشه - تردد - افسردگي - تشويش - چنتا

Syn.—Concern, uneasiness, restlessness.

Ant.—Carelessness, heedlessness, inattention.

Anxious, *a.* Solicitous ; earnestly desirous ; uneasy : فكرمند - متردد - متفكر - انديشه ناک - بے قرار

Any, *a.* One out of many ; an indefinite number or quantity ; some of whatever kind : كوئي - كوئي سا - جونسا - جو كوئي - كسي قدر - كچهه - كسي طرحكا - جيسا هو * **At—rate,** at all events : هر چه باداباد - جو هو سو هو - بهر صورت كچهه هي هو

Any, *ad.* In any degree ; to any extent ; at all (any better) كچهه - كچهه ايک - كسي قدر - ذرا

Anyhow, Anywise, *ad.* In any way ; in any event ; on any account : بهر كيف - كسي طرح - جيسے بنے - كيسے هي - كسي نه كسي طرح - بهر نوع

Anywhere, *ad.* In any place : كهيں - كسي جگهه - جهاں كهيں - كهيں نه كهيں

Aorist, *n.* *(Gram.)* A verb of an indefinite tense in some languages : مضارع - اديس

Aorta, *n.* The artery which rises immediately out of the left ventricle of the heart : رگ جان - شاه رگ

Apace, *ad.* Quickly ; hastily ; swiftly ; fast : جلدي سے - شتابي سے - فوراً - ترنت

Apanthropy, *n*. A love of solitude ; an aversion to the company of men : تنہائي کا شوق انساني صحبت سے گریز

Apart, *ad*. Separately ; aside ; asunder ; away: علیحدہ - ایک طرف - جدا - نیارا - ایک کنارہ - دور - پرے - الگ - در کنار (as, Other consideration *apart*, your age is a bar to appointment in this department) : خیال کرنے والي دیگر باتیں در کنار تمہاري عمر وغیرہ

Apartment, *n*. A room in a house : کمرہ - کوٹھي - کوٹھا - خانہ

Apathetic, Apathetical, *a*. Having no feeling; caring nothing : مردہ دل - سرد مہر - بے پروا :

Apathy, *n*. Want of feeling ; indifference : coldness ; unconcern ; - بے پرواھي - عدم توجہي سرد مہري - مردہ دلي

Ape, *n*. An animal of the monkey kind having no tail ; (*fig.*) one who imitates servilely ; a mimic : بندر - لنگور - بھانڈ - نقال - ریس کرنےوالا - ھرسیا

——, *v*. To imitate servilely ; to mimic : نقل کرنا - تقلید کرنا

Apepsy, *n*. A want of digestion : قوت ھاضمہ کا زایل ھوجانا

Aperient, *a*. Gently purgative , laxative : دستاور - ملین - منضج • *n*. Any laxative medicine , a purgative : جلاب .. ریچک اوکھد

Apert, *a*. Open ; evident : کھلا - ظاھر

Aperture, *n*. An opening ; a hole ; a passage , a cleft : - سوراخ - موکھا - چھید - جھري - روزن - شگاف - دراز

Apex, *n*. [*pl*. Apexes (*a pex-ez*), Apices (*a' pi-sez*]. The top of any thing ; the highest point ; peak ; summit :- نوک - سرا - چوٹي - اني - سکھر

Aphæresis, Apheresis, *n*. The taking of a letter or syllable from the beginning of a word , (*Surg.*) amputation : لفظ کے شروع کا حرف یا ٹکڑے میں سے گرا دینا - حذف شروع - قطع عضو - جوڑ کاٹنا

Aphonia, Aphony, *n*. Loss of voice ; dumbness ; voicelessness : گلا بیٹھنا - آوازنہ ھونا

Aphorism, *n*. A precept or principle expressed in a few words ; a brief pithy saying : مثل - مقولہ - بچن - کہاوت

syn.—Adage, proverb, maxim.

Apiary, *n*. The place where bees are kept ; a stand or shed for bees : مھال خانہ - مد ماکھي کا گھر

Apiculture, *n*. The art of managing bees in hives ; bee-keeping ; مد ماکھي پالنے کا ھنر

Apiece, *ad*. To each ; each by itself ; by the individual : - ھر ایک کو - علحدہ علحدہ - ایک ایک ہي - وبھاگ سے

Apish, *a*. Having the qualities of an ape ; inclined to imitate superiors ; affected ; foolish : بندر سا - مچھندر - میموں خصلت - احمق - حرصیا

Apocalypse, *n*. A revelation ; disclosure ; the last book of New Testament : الہام - مکاشفہ آسماني کتاب

Apocope, *n*. The omission of the last letter or syllable of a word as *th'* for *the*; : محذوف الاخر - ترخیم - اوپ

Apocopate, *v*. To cut off or drop the last letter or syllable of : ترخیم کرنا - لفظ کا آخري حرف یا جزو گرا دینا

Apocructic, *a*. (*Med.*) Astringent ; repelling : قابض - قبض کرنےوالي

Apocrypha. *n*. Books of doubtful authority or credit : ناقابل اعتبار کتابیں - غیر ملہم کتابیں

Apocryphal, *a*. Uncertain ; of doubtful authority : مشکوک - غیر معتبر - بے سند - غیر الہامي

Apodal, *a*. Having no ventral fins ; having no feet : بے گلپھڑے کا

Apologist. Apologizer *n*. One who makes an apology : معافي چاھنے والا - عذر خواہ

Apologize, Apologise. *v. i*. To make an excuse or apology : عذر کرنا - عفو چاھنا - تعذر کرنا - معافي مانگنا

Apologue, *n*. A moral fable ; an allegory : نصیحت آمیز حکایت - تمثیل - حکایت - قصہ - کہاني

Apology, *n*. An excuse ; defence ; a poor substitute (as, That tattered cloud about his head is an *apology* for a turban) ; a makeshift : معافي - معذرت - عذر - تدبیر - قصور کا اقرار اور معافي کي درخواست

Apophthegm, Apothegm, *n.* (Pr. *a-pe-them*) A short pithy and instructive saying: ضرب‌المثل - کہاوت - مقولہ

Apoplexy, *n.* A sudden deprivation of sense and motion; a fit or stroke caused by brain disorder: سکتہ - مرگي - سرع

Apostasy, *n.* A total desertion of one's faith, principles or party: انحراف - مذہب - ترک دین - برگشتگي - الحاد

Apostate, *n.* One who has forsaken his faith; a pervert: منکر دین - منحرف - برگشتہ - ملحد - دھرم نشٹي * *a.* False; unfaithful; fallen: بے ایمان - جھوٹا - بے دھرم - منحرف

Apostatize, *v. i.* To abandon one's faith or party: اپنا اصول دین یا فریق چھوڑنا - رو گردان ہونا - ڈگنا

Apostle, *n.* One of the twelve disciples of Christ who were commissioned to preach the gospel one regarded as having a similar mission; one sent to preach or teach: مرید مسیح - رسول - حواري - پر یرت

Apostrophe, *n.* A sudden change in discourse; a sudden and direct address to a person or thing in the course of a speech; *(Gram.)* the sign used to mark the omission or merely as the sign of possessive case in nouns: وہ صنعت تحریر جسمیں مضمون کو چھوڑ کر مصنف دفعتاً کسي کي طرف مخاطب ہو جاتا ہے - علامت حذف

Apothecary, *n.* One who prepares and sells drugs for medicine: عطار - دوا فروش - دوا ساز

Appal, *v. t.* To terrify; to frighten; to dismay: ڈرانا - خوف دلانا - ہمت توڑنا

Appalling, *a.* Dreadful; shocking: دہشت انگیز - ہیبتناک - ڈراونا

Appanage, Appenage, Apanage, *n.* *(Law.)* Provision made for the maintenance of the younger children of kings, princes &c.; dependency: مشاہرا یا جاگیر بادشاہ کے نا بالغ بچوں کے واسطے

Apparatus, *n.* Means got ready for doing some work; a collection of instruments or tools: لوازم - ساز و سامان - سر انجام - سامگري - آلات - اوزار

Apparel, *n.* Covering of the body; clothing dress; raiment: پوشاک لباس - کپڑا * *v.* to clothe; to adorn: پوشاک پہنانا - اراستہ کرنا

Apparent, *a.* Visible; plain; evident: ظاہر - روشن - اشکار - عیاں - صریح - فاش - واضح - ہویدا - دیکھنے میں * **Heir—,** one who is at present the heir: ولي عہد - راج کنور

Syn.—Obvious, clear, manifest, distinct.

Ant.—Inevident, obscure, invisible.

Apparition, *n.* Appearance; a ghost; a spectre: صورت - شکل - بھوت - پریت - سایہ

Appeal, *v. t.* To call on one to come and help; to have recourse to; to ask that a case be taken from one court to another; to refer to a superior judge: فریاد کرنا - مرافعت کرنا - اپیل کرنا - عدالت ادنی سے عدالت اعلی میں چارہ جوي کرنا * **To—to arms,** ہتھیار سے چارہ جوي کرنا

——, *n.* A call for help; recourse; a supplication; an entreaty; a reference to a higher court: نالش - فریاد - مرافعت - صدر عدالت سے چارہ جوي

Appear, *v. t.* To be visible; to seem; to come in the presence of a superior; to be manifest: دکھلائي دینا - معلوم ہونا - نظر آنا - حاضر ہونا - پیش ہونا - ظاہر ہونا - اگھڑنا - نمایاں ہونا

Appearance, *n.* Act of coming into sight; the thing seen; external show; semblence; mien; presence; sign: دکھاوا - نموداري - ظہور - شکل - موجودگي - حاضري - ظاہري صورت - نمایش - آثار * **To keep up—,** حیثیت بناتے رہنا

Syn.—Arrival, air, look, manner, mien.

Appease, *v. t.* To make quiet; to compose; to satisfy; to dispel, hunger, fear &c.: خاموش کرنا - راضي کرنا - شانت کرنا - ٹھنڈا کرنا - منانا - مارنا - دبانا - فرو کرنا

Appellant, *n.* One who appeals: داد خواہ - اپیلانٹ - مرافعت کرنیوالا

Appellate, *a.* Relating to appeals; having cognizance of appeals: مرافعت سے نسبت رکھنے والا - اپیل سننے والي (عدالت)

Appellation, *n.* Address; name; title: خطاب -

Appellative, *n.* Name; title: * نام - لقب - اسم جنس *a.* *(Gram.)* naming or marking out; denominative: نکرہ - جاتي نام باچک - لقبي - جنسي -

Append, *v. t.* To attach ; to annex ; to add to hang ; to subjoin :- نتھی کرنا - منسلک کرنا - لگانا - ملحق کرنا ۔ شامل کرنا ۔ لٹکانا ۔ جوڑنا

Appendage, *n.* Something added or annexed to : ضمیمہ - تتمہ - الحاق - پیوند - آویزہ

Appendant, *a* Annexed ; hanging ; attached : ملحق - آویزاں - منسلکہ

Appendix, *n.* (*pl.* Appendixes, Appendices) A supplement or adjunct to book : to - تتمہ ضمیمہ - ذیل

Appertain. *v. t.* To belong to ; to relate : علاقہ رکھنا - متعلق ہونا - سنبندھ رکھنا

Appertaining, *p. a.* Proper : مناسب - واجب

Appetible. *a.* Desirable , engaging : - دلخواہ دلپذیر

Appetite, Appetence, Appetency, *n.* Natural desire ; inclination ; tendency ; hunger : خواہش - رغبت - رجحان - اشتیاق - بھوک گرسنگی - اشتہا

Syn.—Craving, longing, desire.

Applaud, *v. t.* To praise highly ; to commend ; to extol ; to show approval of (esp. by clapping the hands) : تعریف کرنا - تحسین کرنا - تالی بجانا - واہ واہ کرنا - سراہنا - آفریں کرنا

Syn.—Praise, extol, commend, magnify.

Ant.—Deride, denunciate, scorn.

Applause, *n.* Loud praise ; acclamation ; shouts of praise ; cheers ; commendation : تحسین -تعریف - واہ واہ - آفریں - ستایش ۔ مرحبا

Apple, *n.* A tree and its fruit ; the pupil of the eye ; something esp. dear : سیب - آنکھ کی پتلی - مردمک چشم - آنکھوں کا تارہ - کلیجہ کا ٹکڑا * —of discord, لڑائی کا گھر - جھگڑے کی جڑ - بس کی گانٹھ : * —of love, love—, ولایتی بیگن - ٹماٹر * Apple-pie order, perfect order: درستی - اچھا انتظام - ترتیب * In apple-pie order, سجا سجایا - ٹھیک ٹھاک *

Appliance, *n.* Act of applying ; thing applied ; means or instrument ; a device ; a remedy ; apparatus : - لگاوٹ - پیوند - اسباب - اوزار - حکمت تجویز - سامان

Applicability, Applicableness, *n.* Suitability: مطابقت ۔ مناسبت - لگاو

Applicable, *a.* Suitable ; fit ; relevant : to the point : مناسب - مطابق - موزوں - جو لگ سکے ٹھیک

Applicant, *n.* One who applies ; a petitioner ; a candidate : سائل - درخواست کنندہ - عرضی دینے والا

Application, *n.* Act of applying ; laying on medicine ; practical lesson or moral of fables, &c. (as, You know the fable of "King Log" what is the *application*) ; petition ; close devotion or attention ; sense : - لگاو دوا لگانا (تیل - مرہم - زماد) نصیحت - استعمال - درخواست - عرضی - توجہ ۔ مشغولیت - موقع

Apply, *v. t.* To lay or place ; to use or employ ; to use as fitting or relative ; to give the mind to ; to apply oneself in earnest : - لگانا رکھنا - استعمال کرنا - عاید کرنا - لگانا - منسوب کرنا- دل لگانا یا دینا - سرگرمی سے کام کرنا - کمر باندھنا ۔

——, *v. i.* To suit ; to agree ; to make request ; to attend closely : درست کرنا * To have recourse to (with a view to gain something) : ٹھیک ہونا - لگنا - ماننا - ٹھیک آنا - شایاں ہونا - درخواست کرنا - چاہنا یا مانگنا - دھیان دینا

Appoint, *v. t.* To establish ; to give place to ; to put into an office ; to fit out ; to equip : نصب کرنا - مقرر کرنا ۔ تعینات کرنا - جگہ دینا ۔ تیار کرنا - آراستہ کرنا

Appointment, *n.* Act of appointing ; settlement ; designation to office ; an office held ; stipulation ; engagement for meeting (with) ; (*pl.*) decoration ; equipments : تقرری - ملنے کا وعدہ - قول قرار - حکم - عہد - آراستگی - ساز و سامان

Apportion, *v. t.* To divide in just shares ; to allot ; to distribute ; to assign : - تقسیم کرنا حصہ کرنا ۔ بانٹنا - مخصوص کرنا - ٹھہرانا

Apportionment, *n.* A dividing into parts : تقسیم - بٹائی

Apposition, *n.* Addition ; a setting to ; accretion ; juxtaposition : زیادتی - اضافہ - نزدیکی (*Gram.*) دو اسموں کا ایک حالت میں ہونا

Apposite, *a.* Suitable ; fit ; very applicable ; appropriate : موزوں - موقع کا - برمحل - ٹھیک

Appraise, *v. t.* To estimate the value of ; to set a price upon : - تشخیص کرنا - مول لگانا آنکنا ۔ قیمت ٹھہرانا - کوتنا - نرخ ٹھہرانا ۔

Appraisement, *n.* Act of appraising ; valuation ; estimation of worth : تخمینہ - تشخیص - اندازہ - انک

Appraiser, *n.* A professional valuer : - جنچویا - انکویا - نرخی - دلال

Appreciable, *a.* Perceptible ; capable of being valued ; considerable : معلوم ھونے کے قابل - قابل قدر

Appreciate, *v. t.* To esteem highly ; to value : قدردانی کرنا - چاھنا - گن پہچاننا

Appreciation, *n.* Correct estimation ; valuation ; rise : قدردانی - گرانی

Apprehend, *v. t.* To arrest : to seize : گرفتار کرنا - پکڑنا * To understand ; to imagine ; to conceive ; to be in fear of a future evil : سمجھ لینا - خیال میں لانا - خوف کھانا - دغدغہ رکھنا - اندیشہ کرنا

Apprehension, *n.* Arrest ; seizure : گرفتاری * Fear ; distrust : دغدغہ - اندیشہ - خوف * Conception ; perception : سمجھ - فہم (as, He is a man of dull *apprehension* : وہ ٹھوس دماغ کا (غبی) آدمی ھے ; Vulgar *apprehension* : (عام فہم)

Apprehensive, *a.* (*prep.* of) Anticipative of evil ; suspicious , fearful : خایف - اندیشہ مند

Apprentice, *n.* One bound to another to learn a trade or art ; a candidate ; a learner ; a novice : شاگرد - نو آموز - اُمیدوار - کام سیکھنے والا

Apprenticeship, *n.* The time an apprentice serves : زمانۂ شاگردی - شاگرد عام

Apprise, *v. t.* To give notice (of) ; to inform : واقف کرنا - خبر دینا - اطلاع دینا - جتانا - چتانا

Approach, *v. t.* To come or go near in time or place ; to advance nearer ; to bring near ; to come or draw near to ; (*fig.*) to come near or resemble : نزدیک آنا - قریب پہونچنا - آپہونچنا - نگچیانا - آ یا جا لگنا - پہرنا

——, *n.* The act of drawing near ; a coming or advancing near ; access ; a passage ; (*pl.*) trenches ; advances : نزدیکی - آمد - رسائی - گذر - پہونچ - راستہ - مورچے - رسوخ پیدا کرنے کے ھیلے

Approbation, *n.* Commendation ; approval ; sanction : منظوری - پسندیدگی - قبول - خاطر پذیری

Syn.—Consent, liking, concurrence.

Appropriate, *v. t.* To take as one's own ; to set apart for or assign to ; (*Law*) to alienate a benefice : اپنا کرنا - اپنانا - لے لینا - اپنے قبضہ میں لانا - اپنے تصرف میں لانا - مخصوص کرنا - علیحدہ کرنا - نکال رکھنا - وقف کرنا - خدا کے نام * یا الله کی راہ میں دینا - سنکلپ کرنا - دھرم میں لگانا

—in account, حساب میں لگانا - محسوب کرنا *

—wrongly, ھتیا لینا - دبالینا - ناجایز طور پر قبضہ کرنا - غبن کرنا - خورد برد کرنا

——, *a.* (*prep.* to, for) Fit ; suitable ; set apart for a particular purpose : لایق - واجب - مخصوص

Appropriateness, *n.* Suitableness ; fitness : مناسبت - موافقت

Appropriation, *n.* Application to a particular use ; anything set apart : تصرف - تخصیص - وقف - دھرمارتھ

Approval, (*proov'.*) *n.* Approbation ; commendation : پسندیدگی - منظوری - مقبولی - خوشنودی

Approve, (*proov'.*) *v. t.* (Prep. *of*) To like ; to think or speak well of ; to be pleased with ; to commend ; to sanction officially ; to prove to be ; to sanction : پسند کرنا - تعریف کرنا - قبول کرنا - منظور کرنا - ثابت کرنا - تصدیق کرنا - ماننا

Approvable, *a.* Capable of being approved ; meritorious : منظوری کے لایق - قابل

Approver, *n.* One who confesses a crime and accuses another : مجرم اقراری

Approximate, *a.* Coming near to ; lying very close to ; nearly equal or correct : نزدیک - قریب قریب - برابر یا صحیح - عنقریب

——, *v. i.* To approach (especially said of amount ; state or degree) ; *esp.* to draw near to : نزدیک جانا - پہونچنا - قریب قریب ھونا - لگ بھگ ھونا * *v. t.* To make nearly equal : قریب پہونچانا

Approximation, *n.* Act of coming near ; an approach ; figures nearly but not correct : نزدیکی - تقریب - تقرب

Appulse, *n.* A striking against ; a touching ; a sudden contact : ٹکر - ٹھوکر - ملاپ

Appurtenance, *n.* An adjunct ; an appendage : متعلق شے - لوازم

Apricot, *n.* A stone fruit : خوبانی - زرد آلو

April, *n*. The fourth month of the year : انگریزي چوتھا مہینہ - چیت بیساکھ

Apron, *n*. A covering for the front part of the body; an article of clothing worn in front to protect the clothes from dust or injury : کپڑا جو پوشاک کو صاف رکھنے کے لئے کام کرتے وقت سامنے پہنا جاتا ھے - تہہ بند * **—string,** کردھني

Apropos (*ap-ro-po*), Opportune; seasonable; to the purpose; fitting the occasion; by the way : برمحل - موقع پر - مناسب حال - ضمني انوسار

Apt, *a* Fit; liable; inclined; liable; having a tendency; quick to learn; ready; prompt : معقول - مناسب - لایق - مایل - راغب ھونے والا - تیز فہم - آمادہ - مستعد - مرغوب - اولین

Syn.—Meet, disposed, qualified, quick, ready, inclined.

Aptitude, Aptness, *n*. Fitness; tendency; readiness; readiness in learning; docility; talent : قابلیت - رغبت - مستعدي - تربیت پزیري - استعداد

Aptly, *ad*. In a suitable manner; pertinently; readily; cleverly : معقول طور سے - سلیقے سے - مستعدي سے - ھوشیاري سے

Aqua fortis, *n*. Nitric acid : شورہ کا تیزاب

Aquarius, *n* The water-bearer; a sign in the zodiac which the sun enters about the 21st of Jan. : برج دلو - کمبھ راس

Aquatic, *a*. Living or growing in water : آبي - دریائي - جلچر

Aquatic, *n*. A plant which grows in water; *pl*. Sports or exercises practised on or in water as rowing, swimming : آبي پودا - جل بروا - پاني کے کھیل مثلاً تیرنا - کودنا وغیرہ

Aqueduct, (*ak'we-dukt.*) *n*. An artificial channel for water : نالي - موري

Aqueous, *a*. Watery : آبي - مرطوب * **—humour,** آنکھہ کي رطوبت

Aquiline, *a*. Resembling an eagle's beak (nose); hooked : ٹیڑھا - انکڑي دار - عقاب کي چونچ سا

Arab, *n*. A native of Arabia : عرب کا باشندہ - عربي گھوڑا * **Street Arabs,** neglected or homeless boys or girls : لاوارث لڑکے

Arabesque, *a*. In the manner of Arabian architecture : عرب کي معماري کے موافق - نقشین - بیل بوٹے دار

Arabic, *n*. The language of the Arabians : اھل عرب کي زبان - عربي * **Gum—,** ببول کا گوند

Arable, *a*. Fit for ploughing or tillage : قابل زراعت - جوتنے لایق - کھیتي یوگ

Arbiter, Arbitrator, *n*. A person appointed or chosen by parties in controversy to decide their differences; an umpire; a judge : ثالث - منصف - پنچ

Arbitrament, *n*. Award; decision determination; settlement : فیصلہ - فیصلہ ثالث - فیصلہ پنچ

Arbitrarily, *ad*. In an arbitrary manner; absolutely; tyrannically; capriciously : زبردستي سے - جبراً - سینہ زوري سے - خودسري سے

Arbitrary, *a*. Despotic; not bound by rules; absolute; capricious : خودسر - خود مختار - بیقاعدہ - زبردستي کا - بے وجہ - دایر و سایر - ظالم * **—government,** خود مختار سلطنت - سلطنت مطلق الاعنان

Arbitrate, *v. t*. To hear and decide, as arbitrators : ثالثي کرنا - پنچایت کرنا - انصاف کرنا - چکانا

Syn.—Tyrannical, imperious, unjust.

Ant.—Compliant, docile, meek, submissive.

Arbitration, *n*. Act of arbitrating; decision between two parties by someone whom they have chosen : فیصلہ - پنچایت - ثالثي - نبٹیرا - فیصلہ - بیچ بچاؤ

Arbitress, Arbitratrix, *n*. A female arbiter, پنچ (عورت)

Arborcial, Arboreous, *a*. Relating to trees; like a tree. living on trees : درختونکے متعلق - پیڑ جیسا - پیڑوں پر رھنے والا - شجري

Arbor, *n*. (*Mech.*) On axis or spindle : دھرا - دھري

Arboriculture, *n*. The cultivation of trees and shrubs : درخت و جھاڑي کي کاشت - پیڑ لگانا

Arbour, *n*. A bower; a seat in the open air shaded by intertwining branches and climbing plants : کنج - مشجر - منڈپ - مانڈھا

Arc, *n*. Part of the circumference of a circle : قطعہ دایرہ - قوس - چکر ٹکڑا - کمان - دھنک

Arcade, *n.* A series of arches; an arched passage: محرابدار راستہ - سلسلہ محراب - کمانچہ

Arcanum, *(pl.* **Arcana.***)* A secret; a mystery: راز - بھید - پوشیدہ بات

Arch, *n.* Part of a circle; a carved row of wedgeshaped stones covering an opening or supporting a wall kept from falling by their pressure against each other; a vault: قطعہ دایرہ - قاطع - محراب - گنبد - گمٹ

——, *a.* (Principally used in composition as the first part of many words, as *arch*bishop &c.) (1) Chief; of the first class or rank. (2) Cunning; sly; shrewd: اول - سردار - سرگروہ - پر غمزہ - شوخ

Archæology, *n.* The science of antiquities; knowledge of ancient things, as arts, customs, &c. قدیم چیزونکا علم - زمانہ سلف کي دستکاري و عمارات وغیرہ تواریخي باتونکا علم

Archaic, *a.* Ancient; obsolete: قدیم - پرانا - متروک الاستعمال

Archaism, *n.* An antiquated phrase; a word no longer used in a certain sense: پرانا محاورہ - معني متروک الاستعمال

Archangel, *n.* An angel of the highest order in the celestial heirarchy: فرشتہ مقرب - ملک الموت

Archbishop, *n.* A chief bishop: بڑا پادري - لاٹ پادري

Archdeacon, *n.* A bishop's deputy: بڑے پادري کا نائب

Arch-duke, *n.* A grand duke (*esp.*) in the Austrian royal family: امیر اعظم

Arch-enemy, *n.* A chief enemy; Satan: خاص دشمن - شیطان

Archer, *n.* One who is skilled in the use of bow and arrow; a bowman: تیرانداز - دھنش دھاري

Archery, *n.* The art of shooting with bows and arrows: تیراندازي

Archetype, (—ke-tip), *n.* The original pattern: اصل نمونہ

Archipelago, *n.* A sea abounding in small islands; a group of isles: مجموعۃ الجزائر - ٹاپوؤں کا جھنڈ

Architect, *n.* A professor of the art of building; a master-builder; a contriver: معمار - راج - موجد - کاریگر

Architectural, *a.* Relating to the art of building: فن عمارت کے متعلق

Architecture, *n.* The art or science of building; structure: فن عمارت - معماري - علم تعمیر - ساخت - ڈول

Architrave, *n.* That part of an entablature which rests on the column: چھت اور کھنبے کے درمیان کي عمارت - مرغول کگر

Archives, *n. pl.* Repository of government records; ancient records: سرکاري کاغذات کا دفتر - پرانے کاغذات

Archivist, *n.* The keeper of records: محافظ دفتر

Archivilain, *n.* A thorough rascal: پکا شھدا

Archway, *n.* A passage under an arch: راستہ جو محراب کے نیچے سے ھو

Arctic, *a.* Northern; surrounding or lying near the north pole: شمالي - اُتري - بارید

Ardency, *n.* Eagerness; zeal; warmth; ardour: اشتعاق - سرگرمي

Ardent, *a.* Hot; vehement; passionate; fervent: * گرم - تند - پرجوش - دلسوز - سرگرم - کمال

—desire, کمال آرزو

Syn.—Burning, intense, eager, keen, vivid, zealous.

Ant.—Cool, indifferent, listless, calm.

Ardour, *n.* Heat; warmth of passion; eagerness: گرمي - جوش - گرم جوشي - شوق - سرگرمي

Arduous, *a.* Difficult; hard (task or employment); laborious: مشکل - دشوار - سخت - محنت طلب

Syn.—Trying, painful, wearisome.

Are, (The present tense plural of the verb *to be.*) ھیں - ھو

Area, *n.* Any plane surface; a court; the superficial contents of any space; a surface, as given in square inches, feet, yards, &c.; scope: مقام - سطح - رقبہ - عرض و طول - گنجایش

Areca-nut, *n.* Betel-nut: سپاري - چھالیا - ڈلي

Arena, *n.* An open space for public contest; or shows (*esp.* as in the Roman amphitheatre) any sphere of action; battlefield: اکھاڑا - میدان - دنگل - تماشہ گاہ

Arenaceous, *a.* Consisting of sand: خاک آلودہ - ریت ملا ھوا

Argent, *a.* Silvery; bright like silver: نقري - روپہلي - درخشاں

Argentiferous, *ad.* Containing silver: جسمیں چاندي ھو

Argil (*ar'-jil*), *n.* Clay or potter's earth: چکني یا کمہار کي مٹي

Argue, *v. t.* To reason; to dispute; to discuss; to prove; to persuade by reasons: حجت کرنا - دلیل یا بحث کرنا - ثابت کرنا - دلالت کرنا * (Not to know him *argues* yourself unknown: تمہارا اسکو نہ جاننا اس بات پر دلالت کرتا ھے کہ (دنیا میں تمکو کوئي نہیں جانتا * Do not try to *argue* me out of my faith: دلیلوں سے مجھکو دین سے بے دین کرنے کي کوشش نہ کیجئے) *

Colonist, *n*. An inhabitant of a colony : نو آباد ملک کا رهنے والا

Colonize, *v. t*. To establish a colony ; to migrate and settle : آباد کرنا - بسنا - نئے ملک میں جاکر آباد هونا - بسنا

Colonnade, *n*. A series of columns placed at regular interval : برابر دوري پر ستونونکي قطار

Colony, *n*. Settlement abroad ; the country colonised ; a body of settlers : نو آباد ملک - نئي بستي - نو آباد کاران

Colossal, *a.* Very large ; huge ; gigantic : قدآور - مفريت صورت - قوي هيكل - ديو سا - عظيم الجثه

Colossus, *n.* A statue of a very large size : بڑي بهاري مورت

Colour, *n.* Tint ; dye ; paint : رنگ - فام * Appearance : صورت * Pretext : حيله * (*pl.*) Flag : جهنڈا * Kind : قسم - رقم * **Dull—**, not bright colour : مندہ رنگ * **Fast—**, standing colour : پکا رنگ * **To give—to the matter**, to render the matter more plausible of : کسي معامله کي صورت بنانا - معامله کا ڈهنگ جمانا يا نقشه باندهنا * **Under—of**, under pretence of : حيله سے * **There was not least—of the excuse**, گفتگو کا مقام نه تها - مطلق جاے عذر نه تها * **To lose one's—**, زرد پڑ جانا * *v.i.* To paint ; to dye ; رنگ چڑهانا - رنگنا * To palliate ; to excuse : چشم پوشي کرنا - بهانا کرنا - اغماز کرنا * To make plausible : ملمع کرنا - قلعي کرنا - ظاهره قابل اعتبار بنا دينا - بات بنا

Colourist, *n.* One skilled in the use of colours : رنگ ساز

Colours, *n.* (*pl.*) A standard or flag : جهنڈا - علم *

To come off with flying—, to be successful : کاميٰاب هونا

Colouration, *n.* Act of colouring : رنگ چڑهانا - رنگ سازي

Colporteur, *n.* A hawker of religious books : مذهبي کتابونکي پهيري لگانيوالا - گشتي کتب فروش

Colt, *n.* A young horse : بچهيڑه * A young foolish fellow : ناتجربه کار - الهڑ * *v. i.* To frisk ; to make a fool of : پهدکنا - الو بنانا

Colter, *n.* The sharp fore-iron of a plough : هل کي پهار - هل کا لوها

Coltish, *a.* Wanton ; frisky : کودکڑ - شوخ - چنچل

Colubrine, *a.* Snake-like ; cunning : سانپ سا - چالاک

Column, *n.* A cylindrical pillar : ستون - کهنبا * A large body of troops : صف - قطار * A row of lines in a book : خانه - جدول

Columnar *a.* Having the form of a column : کهنب سا - ستون سا

Coma, *n.* Complete insensibility ; lethargy : خواب غفلت - بيهوشي کي نيند

Comate, *n.* A companion : ساتهي - هم صحبت

Comatose, *a.* Inclined to sleep ; drowsy : نندا سا - بے خبر - بيهوش

Comb, *n.* An instrument with teeth for adjusting hair, wool, &c.: شانه - کنگهي * The crest on a cock's head : تاج خروس - کلغي * The structure of wax in which bees store honey : خانه زنبور - چهته

Comb, *v. t.* To adjust or clean the hair ; to lay smooth : کنگهي کرنا - جهاڑنا - صاف کرنا - ترمنا - دهننا * **To—one's head**, to humiliate a person : نيچا دکهانا - حقير کرنا - ذليل کرنا

Combat, *n.* A struggle to resist or conquer ; a contest ; a battle : جنگ و جدل - مبارزت - لڑائي * **Single—**, ايک سے ايک کي لڑائي - دوبدو لڑائي

Syn. - Battle, engagement, conflict.

——, *v. t.* To fight ; to oppose : لڑنا - مقابله کرنا - بهڑنا

Combatant, *n.* One who fights with another ; a champion : لڑنيوالا - حريف - جنگ آور

Combination, *n.* A number of persons or things joined for a purpose ; union ; conjunction ; conspiracy : مجموعه - ملاؤ - اتفاق - اتصال - قران - بندش - سازش

Syn.—Union, coalition, league.

Combine, *v. i.* To join together ; to unite ; to coalesce : ملانا - پيوسته کرنا - گانٹهنا - جوڑنا * *v. i.* To join by twos ; to unite or agree : جت جانا - ملنا

Combustible, *a.* Capable of taking fire and burning ; inflammable : سوزنده - آتش گير - سوختني - جل اٹهنے والا

Combustion, *n.* A taking fire and burning ; conflagration ; ignition : جلنے کي حالت - سوختگي - افروختگي

Come, *v. i.* (*opposed to* **Go**). To draw near ; to approach ; to happen : آنا - هونا - واقع هونا - پهونچنا - وارد هونا * **To—and go**, to alternate : باري باري آنا * **To—about**, to happen : واقع هونا * **To—amiss**, to be unsuitable: ناموافق هونا * **To—at**, to reach : پهونچنا * To gain : حاصل کرنا * **To—away**, to leave: چهوڑ کر چلا آنا *

To—by, to pass near : قريب سے گذرنا * To obtain : پانا۔ حاصل کرنا * To—down, to descend: اُترنا * To be humbled or abased : ذليل هونا * To—home, to touch the feelings, interest, or reason: اثركرنا * To—to hand, been received : پانا — ملنا * To—in, to enter : داخل هونا * To be brought into use : استعمال ميں آنا * To—into, to acquire by inheritance : وراثت يا ترکه ميں پانا * To—in for, to get a share of : شامل کيا جانا * To—off, to escape : بچ جانا * To get free : آزاد يا بري هو جانا * To happen : واقع هونا * To—on, to advance : آگے بڑهنا * To—out, to become public : ظاهر هو جانا * To be introduced to general society : جلسهٔ عام ميں شريک هونا * To result : نکلنا * To—out with, to let out or disclose : کهول دينا — فاش کردينا * To—round, to recover : چنگا هونا - هوش ميں انا * To—short, not to reach: کم آنا - گهٹنا * To—to, to fall or be allotted to : حصه ميں پڑنا * To—to one's self, to recover : هوش ميں آنا * To—to pass, to happen : واقع هونا * To—true, to be verified : سچ نکلنا * To—up, to ascend : چڑهنا to shoot forth or rise above the earth : اُگنا پهونچنا - نکلنا * To—up to, to attain to : پهونچنا * To equal : برابر هونا * To—into fashion, to be in vogue : رواج پانا * To—into force, to have effect : جاري هونا — نافذ هونا * To—to terms, to agree : راضي هوجانا * To—to blows, لڑنے لگنا * To—to light, to be discovered : ظاهر هوجانا

Comedian, *n.* An actor or player in comedy ; a writer of comedy : نقال-بهانڈ - بهروپيا - سوانگ کا لکهنے والا

Comeddy, *n.* A laughable dramatic piece : هنسي کا سوانگ ـ نقل

Comeliness, *n.* Grace ; beauty ; dignity : خوبصورتي - خوش اندامي - شان

Comely, *a.* Graceful ; decent : خوبصورت-خوش اندام

Syn.-- Fair, handsome, agreeable.

Comestible, *n.* An eatable ; an article of food : اشياءِ خوردني - کهانے کے قابل چيز

Comet, *n.* A heavenly body with a trail of light and eccentric motion : دُمدار ستاره - پونچهل تاره

Cometography, *n.* A description of comets : دمدار ستارونکا بيان يا تذکره

Comfit, *n.* A dry sweetmeat ; a confection : سوکهي مٹهائي - نقل - الاچي دانه - پاگي هوئي چيز

Comfort, *v. t.* To solace ; to invigorate : تسلي دينا ـ دلاسا دينا

Syn.- Cheer, solace, console.

Comfort, *n.* Strength and relief under affliction ; consolation ; source of enjoyment; satisfaction: تسلي - تسکين - تقويت - دلاسا - ڈهارس - ارام - خاطر جمعي - خوشي

Comfortable, *a.* Affording or enjoying comfort ; cheering ; convenient : آرامده - تسکين بخش - اسوده - خوش

Comfortably, *ad.* With comfort : چين سے - ارام سے - خوشي سے

Comforter, *n.* One who comforts : تسلي دينےوالا - غمخوار * A warm wrapper for the neck : گلوبند

Comfortless, *a.* Without comfort : بے چين - بے آرام - دل شکسته

Syn.- Forlorn, desolate, wretched, miserable.

Comic, *a.* Relating to comedy ; causing mirth ; droll : funny : سوانگ يا نقل کے متعلق - خنده رو

Comical, *a.* Diverting ; making mirth ; queer ; هنسوڑ - خنده آور - هنسوڑ - مسخره - انوکها

Comity, *n.* Courtesy ; civility : - اخلاق - حلم تهذيب - شرافت - خلق - دوستانا - راه و رسم

Comma, *n.* A point [,] mark the smallest grammatical division in a sentence : جمله ميں بهت کم ٹههرنے کا يه [,] نشان

Command, *v. t.* To govern ; to give orders to ; to overlook ; to beat the head of ; to get at pleasure ; to claim and receive : — حکومت کرنا فرمانا - حکم دينا - سرداري کرنا - اوپر هونا - جب چاهے لے سکنا - طلب يا دعوي کرنا

—— *n.* An authoritative order ; injunction ; exercise of authority ; control ; power : فرمان- حکم - حکومت - سرداري - اختيار

Commandant, *n.* A commanding officer : فوج کا سردار

Commander, *n.* One who directs ; chief ; leader : سینا پتي - سردار - سالار

Commander-in-chief : سپہ سالار - سالار سالاران- سرورجنگ - جنگي لاٹ

Commanding, *a.* Governing ; chief ; highly impressive ; controlling ; imperious ; lofty ; advantageous : - حکمران - اعلي- نہایت موثر- پردبدبہ تحکمانہ - بلند - بہتر

Commandment, *n.* An authoritative order ; precept : خدا کا حکم - فرمان - اصول

Commando, *n.* A body of armed men raised for military service among the Boers : بوارس لوگونکي فوج

Commemorable, *a.* Worthy to be remembered ; worthy of celebration : قابل یادگار

Commemorate, *v. t.* To celebrate ; to preserve the memory of : یادگاري کرنا - منانا - عرس کرنا

Commemoration, *n.* A public celebration : یادگاري - عرس

Commence, *v. t.* To begin ; to originate : آغاز کرنا - شروع کرنا

Commencement, *n.* Beginning ; rise ; origin : ابتدا - آغاز - شروع

Commend, *v. t.* To praise ; to recommend : تعریف کرنا - سفارش کرنا * To deliver : سپرد کرنا - حوالہ کرنا - سونپنا * To give one's compliments to: سلام کہنا * To mention with approbation : ذکر خیرکرنا

Commendable, *a.* Worthy of praise : قابل تعریف

Commendation, *n.* Praise ; recommendation ; favourable mention - تعریف - سفارش - تحسین تسلیمات

Commendatory, *a.* Containing praise ; laudatory : توصیفي

Commensurable, *a.* Having a common measure: هم انداز - هم وزن - هم مقدار-ایک عدد پر برابر تقسیم هو جانے والا

Commensurate, *a.* Equal ; proportional : - برابر هم انداز - موافق

Comment, *v. i.* To annotate ; to make remarks ; to write explanatory notes : شرح لکھنا- ٹیکا کرنا - خیال ظاهر کرنا - تفسیر کرنا

Commentary, *n.* A book of comments ; exposition : شرح - ٹیکا - تفسیر - حاشیہ

Commentator, *n.* An expositor or annotator : شارح - مفسر - موضح

Commentitious, *a.* Inventive ; imaginary : موجد - تصوري - خیالي

Commerce, *n.* Interchange of commodities ; trade ; intercourse ; fimiliarity : - سوداگري تجارت - راہ ورسم - امد ورفت - میل ملاپ - سنگت

Commercial, *a.* Relating to trade ; mercantile : تجارتي - سوداگرانہ

Commination, *n.* A threat of punishment ; denunciation : غضب - قہر - دهمکي

Commingle, *v. t.* To mingle in one mass : ایک میں ملانا

Comminute, *v. t.* To break into small parts : ریزہ ریزہ کرنا

Commiserate, *v. t.* To pity ; to show mercy ; to feel for another ; to sympathise with : رحم کرنا - ترس کهانا

Commiseration, *n.* Compassion ; pity : - رحم ترس - دیا

Commiserative, *a.* Compassionate : - درد مند رحم دل

Commissariat, *n.* The department which supplies provisions, &c. for the army : سرشتہ بہم رسانی رسد لشکر - محکمہ کمسریٹ

Commissary, *n.* A commissioner : - نایب داروغہ گماشتہ

Commission, *n.* A trust : سپردگي * An allowance made for transacting business : بٹہ - دستوري * Perpetration : ارتکاب حرکت * Command : فرمایش * Warrant of authority : سند - پروانہ * *v. t.* To authorize ; to appoint : - اختیار دینا مقرر کرنا

Commissioner, *n.* One empowered to act : مختار - امین - وکیل

Commit, *v. t.* To intrust : حوالہ کرنا * To imprison : قید کرنا * To perpetrate ; ارتکاب کرنا *

To—to memory. to learn by heart : زباني ياد كرنا

Commitment, *n.* Act of committing ; imprisonment ; consignment ; perpetrating ; a pledging : سپردگي - حواله - قيد - ارتكاب - قول دينا

Committal, *n.* Act of committing ; a pledge : سپردگي - حواله - امانت

Committee, *n.* Persons specially appointed to manage any business : مجلس - پنچايت - كميٹي

Commix, *v. t.* or *i.* To mix together ; to blend : ملانا - مخلوط كرنا - ملنا

Commode, (*Fr.*) A night-stool : غسلخانه كي چوكي

Commodious, *a.* Convenient ; suitable ; roomy ; spacious ; serviceable : آرام ده - وسيع - گنجايش كا - كشاده - كام كا - موافق - مناسب

Commodity, *n.* That which affords convenience or advantage : فايده يا آرام دينيوالي چيز * Goods ; wares : مال - اسباب

Common, *a.* Belonging to several ; usual : عام - معمولي - مروج - مستعمل - جاري * Abundant : كثير - بهت - بسيار * Mean : حقير - پوچ - ادني - هيچ * General : بالعموم -- بيشتر * **—gender,** names which, without a qualifying word, may be used of males or females : جنس مشترك * **—sense,** practical understanding : عام عقل * **—people,** عوام الناس - هما شما

Syn.—**Familiar, ordinary, usual.**

Ant.—**Peculiar, singular, unusual.**

Commons, *n.* The common people ; the members of the House of Commons ; food : عوام - مجلس وكلاے رعايا - كهانا -- خوراك * **Short—,** كمي راتب يا خوراك

Commons, *n.* An open public ground : ميدان عام

Commonalty, *n.* The common people ; the general body of the people : عوام - عوام الناس

Commonly, *ad.* Frequently ; usually ; generally : اكثر - بهت -- عموما * **—called,** عرف - بولتا هوا تا.

Commonplace, *n.* Ordinary topic ; every day saying ; anything trite ; memorandum : بے لطف بات - يادداشت * *a.* Common ; trite : معمولي - ادني - عام

Commonwealth, *n.* The public ; a republic ; the state : رعايا - حكومت جمهوري - رياست - مملوكت

Commotion, *n.* Agitation ; disturbance ; tumult ; perturbation : اضطراب - گهبراهت - هلچل - بلوه - بے قراري - بے چيني

Commune, *v. i.* To converse ; to confer - بولنا - گفتگو كرنا - بات چيت كرنا * **To—with one's self,** غور كرنا - دل سے مشوره لينا * *n.* Friendly talk ; the common people : دوستانه بات چيت - عوام

Communicate, *v. t.* To impart information ; to make known : بتلانا - اطلاع دينا - خط و كتابت كرنا - جتانا - خبردينا

——, *v. t.* To partake of the Lord's Supper : عشاء رباني كا شريك هونا * To have intercourse : خط و كتابت ركهنا

Communication, *n.* The act of communicating ; intercourse ; correspondence ; news : اطلاع دهي - آمدورفت - خط و كتابت - خبر

Communicative, *a.* Unreserved ; open : صاف گو - صادق

Communion, *n.* Fellowship ; union in religious worship ; participation ; mutual intercourse : رفاقت - شراكت - خط و كتابت - صحبت - مذهبي ميل - عشاء رباني

Community, *n.* The body politic ; the public : جماعت - فرقه - خلقت * **— of interests,** فايده عام - رفا خلايق - فيض عام * **The good of the —,** رفا عام

Commutable, *a.* That may be exchanged : قابل تبديل

Commutation, *n.* The change of a penalty to one less severe ; exchange ; alteration ; ransom : بهاري سزاكي هلكي سزاميں تبديلي - ادلا بدلي - عيوض - معارضه - تبديلي

Commute, *v. i.* To change a penalty to one less severe : to change one thing for another : بهاري سزا كو هلكي سے بدل دينا - تبديل كرنا

Compact, *n.* An agreement uniting parties ; league ; treaty ; mutual agreement – قول قرار – عهد و پيمان * *a.* Firm ; close ; brief ; united ; solid ; dense : ٹهوس - پيوسته - گاڑها - مختصر

Companion, *n.* A comrade ; a partner : مصاحب - رفيق - ساتهي * A bottle—, هم پياله و هم نواله

Syn.—Associate, mate, compeer, ally.

Companionship, *n.* Fellowship ; association : صحبت - رفاقت - ساتهه

Company, *n.* A body of men : – جماعت - گروه - طايفه * Fellowship : ساتهه * Society : صحبت * *n.* Body of soldiers : فوج كي كمپني * Trading society : ساجهے كي كوٹهي

Syn.—Assembly, society, group, circle, troop, crew, gang.

Comparable, *a.* That may be compared : مقابله كے لايق – هم چشم - همسر - برابر

Comparative, *a.* Estimated by comparison ; relative : متقابل – متناسب - تفضيلي – نسبتي

Comparatively, *ad.* Relatively : بمقابله– به نسبت * Death—with such a life is preferable, ايسے جينے سے مرنا بهلا هے

Compare (with), *v. t.* To examine together ; to liken : مقابله كرنا - ملانا - نسبت دينا

Compare (to), *v. t.* To hold or stand comparison : برابر هونا

Comparison, *n.* Act of comparing ; a comparative estimate ; likeness : - مقابله - تشبيه - تقابل - مشابهت - تمثيل

Compartment, *n.* A division of a ship or a railway carriage ; a separate part ; a division : خانه – حصه - كمره - درجه

Compass, *v. t.* To surround ; to besiege ; to obtain ; to accomplish ; to contrive : - گهيرنا - محاصره كرنا - حاصل كرنا - پورا كرنا - تدبير نكالنا - اراده كرنا * *n.* A circle : دور - گهيرا * Limit : حد * Extent : وسعت * A magnetised needle used in steering ships : قطب نما * I speak within—, ميں مبالغه نهيں كرتا

Compasses, *n.* A two-legged instrument for describing circles, etc. ; a pair of compasses : پركار

Compassion, *n.* Pity ; commiseration ; sympathy : ترس - رحم - درد مندي - رحم دلي

Syn.—Sympathy, tenderness, clemency.

Compassionate, *a.* Inclined to pity ; merciful: دردمند - رحم دل

Syn.—Sympathising, tender, pitiful.

——, *v. t.* To commiserate ; to pity : - رحم كرنا ترس كهانا

Compatibility, *n.* Consistency ; suitableness ; congruity : ميل - مطابقت - موافقت

Compatible, *a.* Consistent with ; suitable to : مطابق – لايق – موافق

Compatriot, *n.* One of the same country : هم ملک - هم وطن

Compeer, *n.* An equal in rank, age or power ; a colleague ; a companion : - هم جولي - هم سر - ساتهي

Compel, *v. t.* To force to some act ; to constrain ; to oblige ; to drive on ; to subjugate : بزور كرانا – زبردستي كرانا - مجبور كرنا - ناچار كرنا

Syn.—Constrain, coerce, oblige, necessitate.

Compendious, *a.* Short ; concise ; abridged ; succinct : مختصر - خلاصه - منتخب

Compendium, *n.* A small book containing all that is important in a larger one ; epitome ; summary : انتخاب – اختصار - خلاصه

Syn.—Abridgment, abstract, synopsis, brief, digest.

Compensate, *v. t.* To give weight for weight ; to make up for ; to remunerate ; to reward suitably ; to pay for loss : - عوض دينا - بدلا دينا - تلافي كرنا - كسر نكالنا

Compensation, *n.* A making up for loss suffered : تلافي - عوض – هرجه

Syn.—Recompense, amends, satisfaction, remuneration.

Compete, *v. i.* To be a rival to ; to contend ; to contest ; to strive with or against : – برابري كرنا - همسري كرنا - رقابت كرنا

Competence, Competency, *n.* Sufficiency ; legal capacity or power ; fitness ; competent circumstances : - آسوده حالي - فراغت - اختيار - جواز - لياقت - قابليت – فارغ البالي - سمائي

Competent, *a.* Fit or able to do a thing : قابل - لایق

Syn.—Sufficient, capable, qualified.

Competition, *n.* Rivalry ; contest : - همسري برابري - مقابله - رقابت

Competitive, *a.* Pertaining to competition : مقابله کا - همسري کا

Compilation, *n.* A selection from various authors : تالیف - ترتیب

Compile, *v. t.* To draw up from various authors ; to make up bits from different books : تالیف کرنا - ترتیب دینا - جمع کرنا

Complacence, Complacency, *n.* Pleasure ; satisfaction ; civility : خوشي - دلجمعي - خوش خلقي

Complacent, *a.* Pleasing ; civil : خوش آیند - خوش خلق

Complain, *v. i.* To murmur : شاکي هونا - فریاد کرنا * To lament : ناله کرنا * To make a charge : نالش کرنا * To be ill : ناساز هونا

Complainant, *n.* One who complains ; a prosecutor ; a plaintiff : شاکي - مستغیث - مدعي نالشي - فریادي - داد خواه

Complaint, *n.* A murmuring ; accusation ; illness : شکوه - شکایت - نالش- مرض

Complaisance, *n.* Civility ; urbanity : - خلق اهلیت - مروت

Complaisant, *a.* Civil ; courteous ; polite : با ادب - با مروت - خلیق

Complement, *n.* That which supplies deficiency ; the full number : متمم - تعداد - مقدار - بهرتي

Complemental, *a.* Filling up ; completing : مکمل - متمم

Complete, *a.* Perfect ; entire : پورا - تمام - مکمل *

v. t. To perfect ; to finish ; to accomplish : پورا کرنا - تمام کرنا - ختم کرنا

Syn.—Perform, conclude, effect, fulfil.

Completely, *ad.* Fully ; perfectly ; entirely ; utterly ; quite : پورے طور سے - بالکل - سراسر - تمام و کمال

Completeness, *n.* Entireness : کمالیت - بهر پوري

Completion, *n.* Act of finishing ; accomplishment : تکمیل - اختتام

Complex, *a.* Having many parts ; intricate : مرکب - پیچیده

Syn.—Composite, complicated, abstruse.

Ant.—Clear, simple, plain.

Complexion, *n.* The colour of the skin ; outward appearance ; temperament : صورت - رنگ - خصلت - طبیعت - مزاج

Complexity, *n.* A complex state ; intricacy : پیچیدگي - اُلجهاؤ

Compliance, *n.* A yielding to another's wishes ; submission ; consent : - استرضا - رضامندي مرضي

Syn.—Concession, submission, obedience.

Compliant, *a.* Yielding ; giving into : مان لینے والا - راضي - ملائم

Syn.—Obliging, submissive, obedient.

Complicate, *v. t.* To make intricate ; to involve : پیچیده کرنا - اُلجهانا

Syn.—Entangle, implicate, involve.

Ant.—Disentangle, explicate, extricate.

Complicate, *a.* Involved ; complex : - پیچیده پهنسا-الجها هوا * *v. t.* To mix up ; to intriciate : الجهانا - پیچیده کرنا - پهسانا

Complicacy, *n.* Complexity ; intricacy : پیچیدگي - اُلجهن - پهنساؤ

Complication, *n.* A mixture of many things ; entanglement : پیچ - اُلجهاؤ - دقت

Complicity, *n.* Condition of being, an accomplice ; partnership in any evil action : سازش - شراکت - ساجها

Compliment, *n.* A pleasing word or act ; an expression of regard ; greeting : - تکلف - سلام مدار - القاب و آداب * Delicate flattery : تعریف * Praise : خوشامد - چاپلوسي

Compliment, *v. t.* To pay a compliment to ; to congratulate ; to praise : مبارکبادي دینا - تعریف کرنا - سراهنا

Complimentary, *a*. Expressive of regard or praise : توصيفي - شرقيه - تكلفانه - تعريفي

Comply, *v. i.* To yield to ; to consent, (generally followed by with) ; to acquiesce to ; to conform to : راضي هونا - تسليم كرنا - منظور كرنا - بجا لانا - تعميل كرنا

Component, *a*. Forming a part ; constituent : آميخته * *n.* A component part : جز - حصه - ٹکڑا

Comport, *v. t.* To behave ; to conduct : چلن دکھانا - پيش آنا * *v. i.* To suit : موافق هونا (Pride *comports* ill with poverty).

Comportment, *n.* Behaviour ; demeanour : چال - رويه - وضع - طور - اطوار

Compose, *v. t.* To allay : تسکين دينا * To constitute ; to write as author : مرکب کرنا - تصنيف کرنا * To arrange types : حرف جمانا * To form a compound : مرکب کرنا * To adjust : درست کرنا * To fashion : اصلاح کرنا * To set to music : راگ نکالنا

Composed, *a*. Calm : خاموش * Sedate : سنجيده * Tranquil : ساکن - ٹهرا هوا - اِستهر - باقرار - مطمئن

Composer, *n.* An author : مصنف - انشا پرداز

Composing-frame, *n.* (*Print.*) حرف جمانے کا چوکهٹا * —rule : حرف جوڑنے کا رول * —stick : حرف جوڑنے کي تختي

Composite, *a*. Made up of parts ; compounded : مرکب - ملوان

Composition, *n.* A mixture ; a literary work ; combination ; compromise ; adjustments ; synthesis : آميزش - ملاوٹ - ساخت - بناوٹ - تصحيف - انشا - طبع زاد - تصنيف - ترکيب - صلح

Compositor, *n.* One who sets types : حرف جمانيوالا

Compost, *n.* A mixture for manure : پانس - کهاد

Composure, *n.* Calmness ; tranquillity : اطمينان - دلجمعي

Compound, *n.* A mixture : آميزش * An enclosure : إحاطه - باڑه - گهيرا

——, *a*. Composed of two or more elements, as a compound fraction, compound interest ; a compound word ; not simple ; composite : آميخته - ملواں - مرکب - مخلوط * —fraction : کسر مرکب *—interest, سود در سود *—words, الفاظ مرکب *—larceny : چوریاں - اڑي ماریاں - متعدد سرقه - اخذ بيجا

——, *v. t.* To mix in one mass ; to adjust : ملانا - مخلوط کرنا - باهمي فيصله کرنا * To settle : طي کرنا

Compounder, *n.* One who compounds : ملانيوالا - دوا ساز

Comprehend, *v. t.* To understand ; to include ; to comprise : سمجهنا - شامل کرنا - ملانا

Syn.—Apprehend, contain, embrace.

Comprehensible, *a*. That can be understood : قابل الفهم - سمجهنے کے لائق - غور کے قابل

Comprehension, *n.* Act of comprehending ; intellect ; capacity : سمجه - فهميد - گنجايش

Comprehensive, *a*. Having the power to understand : ذهين - فهيم * Including much : وسيع * Capacious : گنجايش دار * A—mind, عالي دماغ

Syn.—Large, full, extensive.

Comprehensiveness, *n.* The quality of including much in a few words ; extensiveness of scope : پهيلاؤ - وسعت - گهيرا

Compress, *v. t.* To press together ; to condense ; to force into smaller space : دبانا - گنجان کرنا - بهينچنا - دبوچنا * *n.* A soft pad for applying pressure : گدي - پٹي - بندهن

Compressibility, *n.* Quality of being compressible : دباؤ - سکڑاؤ

Compressible, *a*. Yielding to pressure : دبانے کے قابل - گنجان هونے کے لائق

Compression, *n.* Pressing together ; condensation : دباؤ - انجماد - بهچاو

Comprise, *v. t.* To contain ; to include ; to embrace ; to comprehend ; to sum up : شامل کرنا - ملانا

Compromise, *n.* A mutual promise to refer a dispute to the decision of arbitrators ; adjustment by mutual concessions : راضي نامه - رفعداد باهمي - صلح * *v. t.* To settle a dispute by giving up something on both sides : راضي نامه کرنا - طے کرنا

Compulsion, *n.* Act of compelling ; force ; violence ; constraint : زبردستی - زور - زیادتی - جبر

Compulsory, *a.* Compelling ; using force ; obligatory : مجبوری - جبریہ - جابرانہ - ناچاری

Compunction, *n.* The sting of conscience ; repentence ; remorse : تاسف - توبہ - پشیمانی پچھتاوا - خلش - غم

Compunctious, *a.* Giving pain for offences ; repentent ; remorseful : افسوس کرنےوالا - پشیمان

Computable, *a.* Capable of being numbered : قابل تعداد - شمار پذیر

Computation, *n.* Act of reckoning ; calculation ; estimate : گنتی - شمار - تخمینہ

Compute, *v. t.* To reckon ; to calculate ; to count up : شمار کرنا - حساب لگانا - گننا

Syn.—Number, count, enumerate.

Comrade, *n.* A close companion ; an associate : ساتھی - رفیق - ہمدم

Con, *v. t.* To study carefully ; to commit to memory : * معلوم کرنا - یاد کرنا - دھیان میں رکھنا *n.* Opposition : تردید-رد و بدل-اختلاف * Pros and —s, for and against : حق میں اور برخلاف - بحثا بحثی

Concatenate, *v. t.* To link together ; to unite in a series : زنجیر بند کرنا - مسلسل کرنا - لڑی باندھنا

Concatenation, *n.* A series of links or things united : سلسلہ بندی - تسلسل - لڑی

Concave, (opposite of **Convex**) *a.* Incurved ; hollow ; vaulted : مجوف - قوسی - کھوکھلا

Concavity, *n.* Hollowness of a round body : قعر - غار - جوف

Conceal, *v. t.* To keep secret ; to hide ; to avoid : پوشیدہ رکھنا - نہاں کرنا - مخفی کرنا - نظر بچانا

Syn.—Hide, disguise, secret, screen, cover.

Concealment, *n.* Act of keeping secret ; a hiding secret ; a hiding place ; disguise : * پوشیدگی نہفتگی - پردگی - کمین گاہ - روپوشی - اخفا —of birth, اخفاء تولد *—of birth by the mother, اخفاء تولد از طرف مادر * —of crime, اخفاء جرم * —of marriage, اخفاء ازدواج * Wilful—, اخفاء بالقصد * Wilful—of heinous offences, اخفاء عمداً جرایم سنگین

Concede, *v. t.* To admit ; to grant : تسلیم کرنا - منظور کرنا - حامی بھرنا

Conceit, *n.* An ill-grounded opinion ; fancy ; vanity ; too high an opinion of oneself : ظن بے بنیاد - خیال خام - تصور - غرور - خود بینی - برجستہ گفتار یا جی - خیال - گھمنڈ * To put one out of—, جی سے گرانا یا اوتارنا

Conceivable, *a.* That may be conceived : قرین القیاس - ممکن الفہم

Conceive, *v. i.* To imagine ; to understand : غور کرنا - خیال کرنا - سوچنا - تصور میں لانا * To take into the womb : حاملہ ہونا

Concentrate, *v. t.* To bring to a common centre ; to centralize ; to unite more closely ; to condense : ایک مرکز پر لانا - اکٹھا کرنا - جمع کرنا

Concentration, *n.* Act of drawing to a centre ; condensation : ہم مرکزی - دباؤ - اجتماع

Concentric, *a.* Having a common centre : ہم مرکز

Conceptible, *a.* Conceivable : قرین القیاس

Conception, *n.* Act of conceiving ; an idea ; apprehension ; notion : خیال - تصور . گمان * Pregnancy : حمل

Concern, *v. t.* To affect ; to belong to ; to interest ; to have to do with ; to make uneasy: دخل دینا یا اثر کرنا - تعلق رکھنا - سروکار رکھنا - علاقہ یا غرض رکھنا - دلگیر کرنا - فکرمند کرنا

——, *n.* Business ; anxiety ; solicitude ; importance ; interest : کار - تردد - اندیشہ - ضرورت - واسطہ - سروکار

Syn.—Care, interest, regard, worry.

Concerned, *a.* Interested ; anxious: سروکار رکھنےوالا - شریک - غرضمند - دلگیر - فکرمند * All—, سب فریقین - طرفین * The parties—, سروکار رکھنے والے

Concerning, *prep.* Pertaining to ; regarding : نسبت - بابت

Concert, *v. t.* To contrive together ; to plan or act along with others : مشورہ کرنا - صلاح کرنا - تجویز کرنا * *n.* Agreement : اتفاق * A musical entertainment : گانے بجانے کی مجلس - رہس * In —with another, فلانے کی صلاح یا مت سے

Concession, *n.* Act of yielding ; the thing yielded ; a grant ; privilege : رعایت - اجازت - عنایت - رضامندي - عطا - اختیار - حق

Concessive, *a.* Yielded : رعایتي

Conch, *n.* Marine shell : ناقوس - سنکهه

Conciliate, *v. t.* To gain over ; to reconcile ; to make an enemy into a friend : اپنا کر لینا - ملا لینا - راضي کر لینا - منانا

Syn.—Win over, propitiate, engage, pacify.

Conciliation, *n.* Act of reconciling ; pacification : ارتباط - اختلاط - میل ملاپ

Conciliatory, *a.* Kind in manner ; tending to reconcile : دلکش - دل پسند - ملنسار - دلچسپ * A—policy, تدبیر پسندیده

Concise, *a.* Brief ; short : خلاصه - مجمل - سنکشیپ

Syn.— **Terse, laconic, succinct, abridged.**

Conciseness, *n.* Brevity ; shortness : اختصار - اجمال - کوتاهي

Concision, *n.* A cutting off ; conciseness : کاٹ کوٹ - اختصار - سنکشیپ

Conclave, *n.* A private meeting ; a secret assembly : خفیه جلسه

Conclude, *v. t.* To bring or come to an end ; to infer ; to settle : ختم کرنا - نتیجه نکالنا - فیصل کرنا - طے کرنا

Syn.—**Determine, decide, end, finish.**

Conclude, *v. i.* To come to an end ; to close ; to form a final judgment : آخر هونا - تمام هونا - ٹهرنا - فیصله هونا

Conclusible, *a.* Determinable : قابل تجویز - انجام پذیر

Conclusion, *n.* Final decision ; inference ; close ; result : انجام کار - نتیجه - خاتمه - اختتام

Conclusive, *a.* Decisive ; final : مختتم - قطعي - شافي

Concoct, *v. t.* To digest ; to ripen ; to devise ; to plot : تحلیل کرنا - پخته کرنا - تدبیر کرنا - سازش کرنا - نکالنا - سوچنا

Concoction, *n.* Digestion ; preparation ; mixture : بناوٹ - طیاري

Concomitant, *a.* Accompanying ; conjoined with ; attendant : ساتهه - ملحق - هم رکاب - شامل حال

Concord, *n.* Agreement ; union ; harmony : مطابقت - هم آهنگي - صلح - اتفاق - میل

Concordance, *n.* Agreement ; accordance : مطابقت - موافقت - هم آهنگي * An index to the leading words of a book : لغت نما - فهرست الفاظ

Concordant, *a.* Agreeing ; suitable ; harmonious : موافق - مطابق - هم آهنگ - ایک میل

Concourse, *n.* An assembly ; a throng ; a crowd : جماعت - مجمع - هجوم - بهیڑ

Concrete, *a.* Formed by concretion ; united in a mass ; applied to a particular object : بسته - منجمد - بندها هوا - خاص کسي چیز کا * *n.* A compound ; a compact mass of gravel, stones, or other substances : مرکب - جمایا هوا روڑا وغیره * (Gram.) اسم ذات ***—Noun,** اسم جنس * **—Number,** عدد بالمعدود * *v. i.* To run into one mass : بسته هونا - منجمد هونا - بندهنا

Concretion, *n.* Act of concreting ; a solid mass : بستگي - انجماد

Concubinage, *n.* The keeping of a mistress : مدخولیت

Concubine, *n.* A kept mistress : داشته عورت - زن مدخوله - رکهیلي

Concur, *v. i.* To meet in one point ; to agree ; to join or unite as in one action or opinion (to concur **with** a person in an opinion) : متفق هونا - متفق الراے هونا - موافق هونا - باهم هونا

Concurrence, *n.* Agreement ; union of minds ; joint action ; assent : موافقت - اتفاق راے - منظوري

Concurrent, *a.* Acting in conjunction ; agreeing ; working together : متفق - ایک دل - هم پهلو - هم درجه - برابر کا

Concussion, *n.* Act of shaking ; a shock : لغزش - جنبش - صدمه - ٹکر

Condemn, *v. t.* To pronounce to be guilty or unfit ; to blame ; to doom ; to sentence : مجرم یا ناقابل قرار دینا - عیب لگانا - فتوی دینا

Condemnable, *a.* Worthy of being condemned ; blameable : قابل الزام

Condemnation, *n.* A sentence of punishment : سزا کا حکم - فتوی

Condemnatory, *a.* Bearing condemnation : متضمن الزام سزا - حکمي

Condensate, Condense, *v. t.* To make dense ; to thicken : منجمد کرنا - بستہ کرنا - گاڑھا کرنا - جمانا

Condensation, *n.* Compression : - دباؤ - انجماد - تکثیف

Condescend, *v. i.* To waive a privilege of rank ; to stoop ; to yield : - التفات کرنا - متوجہ ہونا مایل کرنا - جھکنا - دبنا

Syn.—Stoop, submit, deign, vouchsafe, yield.

Condescension, *n.* Act of condescending : تواضع - رعایت - التفات * Humility : - فروتني انکساري

Syn.—Complaisance, courtesy, affability.

Condign, (Pron. *kon-doin*) *a.* Suitable ; well-deserved ; merited : * لایق - مناسب - واجب (A *condign* punishment).

Condiment, *n.* A seasoning ; sauce : ذایقہ بخش چیز - مصالح - اچار - چٹني

Condition, *n.* State ; position : حالت * Quality : وصف * Term of agreement : شرط * Rank : درجہ - مرتبہ * **On—that,** اس شرط پر - بشرطیکہ

Syn.—State, situation, provision, stipulation, case.

Conditional, *a.* Imposing conditions, (as, A *conditional* sale) : شرطیہ - مشروط

Condolatory, *a.* Expressing condolence : غم خواري ظاہر کرنیوالا - هم دردي دکھلانے والا

Condole, *v. i.* To grieve with others ; to sympathise with : ماتم پرسي کرنا - همدردي کرنا

Condolence, *n.* Act of condoling ; sympathy : ماتم پرسي - همدردي

Condonation, *n.* Act of pardoning ; forgiveness : معافي - عفو

Condone, *v. t.* To pardon ; to overlook ; to pass on : معاف کرنا - طرح دینا - چشم پوشي کرنا

Conduce, *v. i.* To promote an end ; to contribute : مدد کرنا - تقویت دینا - باعث ہونا

Conducible, Conducive, *a.* Tending to promote; leading to ; helping to cause : - ممد - معاون باعث - مائل

Conduct, *n.* Behaviour ; guidance ; management : * چال چلن - سلوک - رهنمائي - انتظام *v. t.* To lead ; to guide ; to manage : - لیجانا رهنمائي کرنا - اهتمام کرنا * *v. i.* To behave : سلوک کرنا

Conductible, *a.* That may be conducted : قابل اهتمام

Conduction, *n.* Conveyance : رهنمائي

Conduit, *n.* A channel or pipe for water ; a sewer : نلي - نالچي - پرنالہ - موري

Cone, *n.* A solid body tapering to a point from a circular base : مخروط - گاؤ دم

Confabulate, *v. t.* To talk familiarly together : to chat : گفتگو کرنا - بات چیت کرنا - هم کلام ہونا

Confabulation, *n.* Familiar talk : گفتگو - بات چیت - بولچال

Confection, *n.* A sweetmeat ; a preserve : - پاک مربہ - مٹھائي

Confectioner, *n.* A maker or seller of sweetmeats : حلوائي - مربہ ساز

Confectionery, *n.* A place where sweetmeats are made or sold : حلوائي کي دوکان * Sweetmeats in general : مٹھائي

Confederacy, *n.* An alliance ; a league : عهد و پیمان - بندش - سازش

Confederate, *v. t.* or *i.* To unite in league ; to combine : شریک کرنا - هم عهد کرنا * *n.* An ally ; an accomplice : شریک - ساتھي - رفیق

Confer, *v. t.* To grant ; to bestow : بخشنا - عطا کرنا - مرحمت کرنا * *v. i.* To consult or discourse together : صلاح کرنا - مشورہ کرنا

Confederation, *n.* The persons or countries joined together ; alliance ; union : اتفاق - میل

Conference, *n.* Act of conversing ; a meeting for discussion : مشورہ - جلسہ - مباحثہ

Confess, *v. t.* or *i.* To acknowledge ; to own ; to hear or make confession : - اقرار کرنا - قبول کرنا تسلیم کرنا

Confession, *n.* Act of confessing ; acknowledgment : اقبال - اعتراف

Syn.—Acknowledgment, admission, avowal.

Ant.—Denial, concealment, dissimulation.

Confidant, *n.* (*Fem.* **Confidante**). A bosom friend : راز دار - ہمراز - معتمد - جگري دوست

Confide, *v. t.* To trust in ; to rely on ; to put faith : اعتبار کرنا - بھروسا کرنا * *v. t.* To intrust : اعتبار کرکے بتانا - سپرد کرنا

Confidence, *n.* Firm belief ; trust ; assurance ; boldness : اعتقاد - بھروسا - یقین - دليري

Syn.—Trust, hope, expectation.

Confident, *a.* Having full trust ; positive ; sure ; impudent ; bold : معتقد - مستقل - بیباک

Confidential, *a.* Trustworthy ; faithful ; private : معتبر - راز دار - خفیہ - بھیدي

Confidently, *ad.* Without doubt ; positively : بلا شبہ - بالیقین - بھروسہ کرکے - ندھڑک

Configuration, *n.* External form ; outline : شکل - بناوٹ - ترکیب *pl.* Aspect of planets : سیاروں کي صورت

Confine, *n.* (generally in plural.) A limit ; border : سرحد - ڈانڈا - سرانہ * *v. t.* To limit ; to imprison ; to restrain : حد باندھنا - قید کرنا - محبوس کرنا - روکنا * To be confined to one's bed, چارپائي سے کمر لگ جانا * To be confined, زچہ خانہ میں ہونا * *v. i.* To border upon : متصل ہونا - سرانہ ملا ہونا

Confinement, *n.* Imprisonment ; restraint : قید - گرفتاري - روک * Seclusion - خلوت نشیني - عزلت گزیني - کنارہ کشي * Childbirth : حالت زچگي * Sickness : علالت - بیماري

Confirm, *v. t.* To make firm ; to render certain ; to ratify ; to admit to Christian communion : پکا کرنا - تحقیق کرنا - قایم کرنا - مستحکم کرنا - ثابت کرنا - صحیح کرنا - تصدیق کرنا - مسیحي کلیسیہ کے حقوق میں شریک کرنا

Syn.—Strengthen, verify, assure, settle.

Confirmation, *n.* Act of confirming ; proof ; an ecclesiastical rite ; convincing proof ; the rite of admitting to full communion : استحکام - صداقت - ثبوت - مسیحي کلیسیہ کي رسم

Confirmative, Confirmatory, *a.* Tending to establish : مدد - مثبت - معاون - تصدیق کرنیوالا

Confirmed, *a.* Settled ; habitual : پکا - عادي - مضبوط - قایم - برقرار - بحال

Confiscable, *a.* Liable to be confiscated : قابل قرقي یا ضبطي

Confiscate, *v. t.* To seize private property ; to appropriate to the state, as a penalty : قرق کرنا - ضبط کرنا

Confiscation, *n.* Seizure of private property : قرقي - ضبطي

Conflagration, *n.* A great fire : آتش زدگي - شعلہ زني

Conflict, *v. i.* To contest ; to strive ; to struggle : لڑنا - مقابلہ کرنا - ٹکرانا - بھڑنا - مختلف ہونا

Conflict, *n.* A violent collision ; a contest : ٹکر - مقابلہ - جھگڑا

Conflicting, *pp.* Contradictory ; opposing : خلاف - برعکس

Confluence, *n.* A junction of two or more streams ; a place where two rivers meet ; a concourse : سنگم - اتصال - بھیڑ - انبوہ

Confluent, *a.* Flowing together : ایک ساتھہ بہنے والا - ملواں

Conflux, *n.* A flowing or assembling together ; a crowd : دھاروںکا ساتھہ بہنا - سنگم - بھیڑ

Conform, *v. i.* To comply with ; to be of the same form ; to obey : منظور کرنا - قبول کرنا - ایکساں ہونا - اطاعت کرنا * *v. t.* To make alike : ہم شکل کرنا - موافق کرنا - ایک میل کرنا

Conformable, *a.* Agreeable ; similar ; suitable ; compliant : موافق - مطابق - یکساں

Conformation, *n.* A proper disposition of parts ; structure ; adaptation : ترکیب - بناوٹ - ڈھانچہ - موافقت

Conformity, *n.* A compliance with : بجاآوري * Similitude ; resemblance ; consistency : موافقت - مشابہت - مطابقت

Confound, *v. t.* To mingle ; to confuse ; to perplex ; to abash ; to throw into consternation : مخلوط کرنا - ملانا - گڑبڑ کرنا - گھبرانا - حیران کرنا - شرمندہ کرنا - پشیمان کرنا

Confounded, *a.* Confused ; egregious ; extreme ; odious : حیران - پریشان - اشد - سخت

Confraternity, *n.* Brotherhood :- بھائي چارہ - برادري

Confront, *v. t.* To stand face to face ; to bring face to face ; to oppose with : مقابلہ کرنا - سامنا کرنا - روبرو ہونا

Confuse, *v. t.* To disorder ; to confound ; to mix or jumble up ; to disconcert ; to make one at a loss what to think : ابتر کرنا - گھبرانا - خلط ملط کرنا - منتشر کرنا

Confusion, *n.* Disorder ; tumult ; distraction ; abashment ; defeat :- ابتري - ھڑبڑي - گھبراھٹ - غوغا - حیراني - انتشار حواس یا خیال - شرمندگي - پشیماني

Confutable, *a.* That may be disproved ; - جایز - ناروا - قابل تردید

Confutation, *n.* Act of confuting or proving to be false ; disproof : تردید - ابطال

Confute, *v. t.* To disprove ; to refute ; to prove to be wrong or erroueous ; to overthrow : جھوٹا کرنا - باطل کرنا - تردید کرنا - لاجواب کرنا - شکست دینا

Conge, (Pro. : *kon-zhe*), *n.* A bow ; reverence ; leave taking : سلام - کورنش - وداع - رخصت

Congeal, *v. t.* To freeze ; to stiffen : جمنا - منجمد کرنا - باندھنا

Congeal, *v. t.* To freeze ; to thicken : منجمد کرنا - جمنا - منجمد ہونا - *v. i.* * جما دینا - سرد کر دینا بستہ ہونا

Congener, *n.* A thing of the same nature ; ہم قسم - ہم جنس - ایک ذات

Congenial, *a.* Of the same nature or disposition ; kindred ; sympathetic ; suitable : ہم جنس ہم طبع - موافق - ملواں - دلخواہ - مرغوب طبع - موافق مزاج

Congenital, *a.* Of the same birth : ہم زاد

Syn.—Kindred, sympathetic, pleasing, agreeable.

Congest, *v. t.* To collect in a mass ; to cause an excessive accumulation of blood : - جمع کرنا - انبار کرنا - بٹورنا - بہت خون ہونا

Congestion; *n.* Under accumulation of blood : انجماد خون

Conglaciate, *v. t.* To turn into ice : برف بنانا

Conglobate, Conglobulate, *v. t.* and *v. i.* To form into a globe : گولا باندھنا یا بندھنا - گٹھولانا

Conglomerate, *v. t.* To gather into a ball : گولا باندھنا - پنڈا باندھنا

Conglomeration, *n.* A gathering into a mass ; collection ; accumulation : انجماد - اجتماع

Conglutinate, *v. t.* To glue together ; to cement ; to unite : جوڑنا - ملانا - جمانا

Congratulate, *v. t.* To wish joy to ; to felicitate : مبارک باد کہنا - مژدہ دینا - تہنیت کرنا

Congratulation, *n.* A wish of joy on account of something good that has happened : مبارکبادي - تہنیت * —**letter,** تہنیت نامہ

Congratulatory, *a.* Wishing or expressing congratulations : تہنیت آمیز *—**song,** - مبارکبادي - شادیانہ

Congregate, *v. t. or i.* To gather together ; to meet ; to assemble : فراہم ہونا - جمع ہونا - اکٹھا ہونا * **equals with equals often—,** اکثر برابر والے برابر والوں سے ملتے ہیں

Congregation, *n.* A religious assembly : اجتماع مذہبي مجلس

Congress, *n.* A meeting for setting public business : سبھا - مجمع - مجلس - جماعت * The Parliament of the United States : امریکا کا پارلمنٹ

Congruent, *a.* Agreeing ; suitable ; fit : - موافق - مطابق - مناسب

Congruity, *n.* Consistence ; suitableness : اتفاق - موافقت - مناسبت

Congruous, *a.* Agreeable ; fit ; consistent : موافق - ٹھیک - ہمراہ - یکساں

Conic, Conical, *n.* Having the form of a cone : مخروطي - گاؤدم

Conjectural, *a.* Depending on conjecture : خيالي - قياسي - اٹکل پچو

Conjecture, *n.* A surmise ; opinion without proof ; guess ; an idea : قياس - انداز * *v. t.* To guess ; to forecast ; to form an opinion without evidence : - قياس کرنا - خيال ميں لانا - اندازہ کرنا

Conjoin, *v. t.* To connect ; to unite : - جوڑنا - ملانا - متحد کرنا

Conjoint, *a.* Connected ; united ; mutual : مشمولہ - مشترک - متفق

Conjointly, *ad.* Unitedly ; together : - ملکر - بالاشتراک

Conjugal, *n.* Relating to marriage ; connubial : نکاحي - زوجي - عقدي - مياں بي بي کا

Syn.—Matrimonial.

Conjugate, *v. t.* To join : - ملانا - جوڑنا * To inflect verbs : گرداننا - تصريف کرنا * *a.* Joined ; in pairs : جڑا - جفت - جڑوان - زوج - تووم

Conjugation, *n.* Union : اتصال - پيوستگي * The Inflection of verbs : فعل کي گردان - تصريف

Conjunction, *n.* A meeting ; union : - ملاپ - جوڑ - اجتماع - وصل * (Gram.) A part of speech : حرف عطف

Conjunctive, *a.* Closely united ; serving to unite ; connecting together : وصلي - شرطيه

Conjuncture, *n.* A critical time ; combination, union : نازک وقت - اتفاق

Conjuration, *n.* A summoning in a solemn manner ; a magic spell : - طلبي بہ قسم - حاضرات - منتر - جادو

Conjure, *v. t.* To bind by an oath : - قسم دلانا - سوگند دينا * *v. i.* To practise magical arts ; to bewitch : جادو کرنا - ٹونا کرنا * To—up : منتر سے طالب کرلينا - آپ هي پيدا يا خيال يا ايجاد کرلينا

Syn.—Juggle, enchant, charm.

Conjurer, *n.* One who uses magic ; an enchanter : - جادو گر - مداري - افسونگر - سحر ساز - شعبدہ باز

Connate, *a.* Born at the same time ; united : هم زاد - جڑواں

Connect, *v. t.* To link together ; to join ; to unite ; to associate : – مسلسل کرنا - گانٹھنا - جوڑنا - ملانا - همرشتہ کرنا - ملحق کرنا

Connection, Connexion, *n.* Act of joining ; union ; relation ; kindred ; association ; circle of friends :– جوڑ - تعلق - علاقہ - وصل - ميل - قرابت - رشتيدار - بهائي بند - تعلقات - جماعت

Syn.—Union, coherence, junction, intercourse.

Connective, *a.* That serves to connect : جوڑنے والا - ملانے والا * *n.* A word that connects sentences : حرف ربط

Conner, *n.* An inspector : ناظر - داروغہ

Connivance, *n.* The act of winking at a fault ; pretended ignorance ; voluntary oversight : چشم پوشي - تغافل - اغماض - آنا کاني

Connive, *v. i.* To wink at ; to pretend ignorance ; to take no notice of – چشم پوشي کرنا - تغافل کرنا - اغماض کرنا - انا کاني کرنا

Connoisseur, (*kon-is-sur*), *n.* A judge of the fine arts ; a critic ; a skilful or knowing person : - صاحب تميز - دقيقہ شناس - ماهر - واقفکار - شناسندہ

Connote, *v. t.* To imply ; to suggest certain attributes ; to signify secondarily : - دلالت کرنا - جتانا - اشارہ کرنا - بعض اوصاف پر ايما کرنا

Connubial, *a.* Matrimonial ; conjugal : متعلق ازدواج - مياں بي بي کا

Conquer, *v. t.* To gain by conquest ; to overcome ; to subdue ; to acquire ; to vanquish ; to surmount : فتح کرنا - مغلوب کرنا - زير کرنا - حاصل کرنا - فرو کرنا - سر کرنا

Conqueror, *n.* A victor : - فتحمند - مظفر - ملک گير - ناصر

Conquest, *n.* Act of conquering ; victory : - فتح - تسخير - ظفر - جيت

Syn.—Victory, triumph, subjection.

Consanguinity, *n.* Relationship by blood : رشتہ - يگانگي - قرابت * (L. con. *and* sanguis, *blood*).

Conscience, *n.* Moral sense of right and wrong ; sense of duty ; consciousness scrupulousness : ضمير - دل - تميز - قوت ايمانيہ - اپنے دل کي گواهي - شک - انديشہ

Conscientious, *a.* Guided by what conscience says is right; acting uprightly according to conscience : ايماندار - راست - صاحب انصاف - ديانت دار - صاف باطن

Syn.—Scrupulous, honest, faithful, just, upright.

Conscionable, *a.* Reasonable; right; just : معقول - سچا - راست باز

Conscious, *a.* Aware; inwardly persuaded; sensible; known to one's self : واقف - آگاه - خبردار - واقف - ماهر - اپنے کو معلوم

Consciousness, *n.* Knowledge of what passes in one's own mind; sensibility : وقوف - علم - آگاهي - واقفيت - خبر

Conscript, *a.* Enrolled; registered : بهرتي كيا هوا - مندرج فهرست * *n.* One whose name is written down to serve as a soldier or a sailor; a recruit : رنگروٹ - جبرن بهرتي كيا هوا سپاهي

Conscription, *n.* A compulsory enrolment of soldiers : رعيت كو زبر دستي فوج ميں بهرتي كرنا

Consecrate, *v. t.* To set apart for a holy use; to make sacred; to dedicate; to render venerable : متبرک کرنا - مخصوص کرنا - نياز كرنا - واجب التعظيم بنانا

Consecration, *n.* Act .of consecrating; dedication : مخصوصيت - نياز - تقديس - احترام - خدا كي خدمت كے لئے مخصوص كرنا

Consecutive, *a.* Following in proper order; regularly succeeding : متسلسل - متواتر - يكے بعد ديگرے

Conseminate, *v. t.* To sow mixed seeds : ملے هوے بيج بونا

Consensus, *n.* Unanimity; agreement : ايک دلي - اتفاق - موافقت - رضا مندي

Consent, *n.* Acquiescence, concurrence; agreement : رضا - منظوري - رضا مندي - اتفاق - اجابت * *v. i.* To agree in opinion; to accede; to yield; to acquiesce; to comply : متفق هونا - راضي هونا - مان لينا - قبول كرنا

Consentient, (Pro : *kon-sen-shient*), *a.* Mutually agreeing : هم راے

Consequence, *n.* That which follows; result; importance (as a man of great consequence) : حاصل - نتيجه - جزا - قدر - مضايقه - لحاظ - رتبه - عزت * In—of, by reason of; through : بوجهه - به سبب * It is of no—, كچهه بات نهيں هے

Consequent, *a.* Following naturally, (with to or on) منتج - موخر * *n.* An inference; an effect: حاصل - نتيجه - ثمره

Consequential, *a.* Self-important; pompous : خود بيني كا - متكبرانه - گهمنڈي

Consequently, *ad.* By consequence; necessarily; accordingly; therefore; hence : - اسواسطے - اسوجهه سے - لهذا - پس

Conservancy, *n.* Conservation; preservation : بچاؤ - محافظت

Conservation, *n.* Preservation from loss or injury : حفاظت - نگهباني

Conservative, *a.* Desiring to preserve; preservative; of those in favour of keeping up old and existing institutions : نظم و نسق حال و قديم كے طرفداروں كا - پرانے خيالات كا پا بند

——, *n.* A preserver; one who would keep up old and existing institutions; one wedded to antiquated ideas; one opposed to political changes; Tory : قايم يا سالم ركهنے والا - حامي نظم ونسق موجوده - مخالف تبديلي - بندهي ليک پر چلنے والا - مخالف تبديل نظم و نسق حال

Conservatory, *n.* A green-house for exotic plants : شيشه كا گهر جسميں پودهے سردي سے بچائے جاتے هيں - نازک لوگوں كا شيشه گهر

Conserve, *v. t.* To keep whole or sound; to candy or pickle fruits : - محفوظ ركهنا - مربا بنانا - اچار ڈالنا * *n.* A sweetmeat : مربا - گلقند

Consider, *v. t.* or *i.* To think maturely; to take into mental view; to regard; to suppose; to guess; to pity and relieve : غور كرنا - سوچنا - خيال كرنا - قياس كرنا - فرض كرنا - اندازه يا اٹكل كرنا - ترس كهانا اور مدد كرنا

Considerable, *a.* Worthy of regard; moderately large, of some importance : - قابل لحاظ - بڑا - زياده - عزت دار - بزرگ

Considerably, *ad.* In a considerable degree : بهت - بكثرت - افراط سے

Considerate, *a.* Regardful ; thoughtful ; discreet ; prudent :– دور اندیش - هوشیار - سمجهدار - اوروں کے آرام و حق کا خیال رکهنے والا - عاقبت اندیش - فهمیده

Syn.—Courteous, kindly, careful, deliberate.

Consideration, *n.* Regard ; mature thought ; deliberation : تامل - تردد - غور - اندیشه * Respect ; importance ; motive ; reason : - توقیر - تعظیم - وقر - قدر - خیال - مقصد - وجه * Compensation ; remuneration : - عوض - زر ثمن - صله - حق الخدمت - انعام

Consign, *v. t.* To transfer to another ; to intrust ; to send to agent ; to set apart ; to appropriate : تفویض کرنا - حواله کرنا - امانت رکهنا - سپرد کرنا - بهیجنا - ٹهرانا - مخصوص کرنا - معین کرنا

Syn.—Deliver, commit, entrust.

Consignee, *n.* One to whom goods are consigned : وه شخص جسکو مال بهیجا جائے - مفوض الیه

Consignment, *n.* That which is consigned or handed over ; goods given for sale ; deed of gift :- تفویض - سپرد کرده مال - مال مرسله - سپرد گی - امانت - سپرد نامه

Consignor, *n.* One who consigns goods : مال بهیجنے والا - تفویض کننده - مرسل مال

Consist, *v. i.* To be made up of ; to co-exist ; to agree ; to be composed ; to be in accordance to ; to depend : مشتمل هونا - مرکب هونا - موجود هونا - موافق هونا - بنا هونا - موقوف هونا

Consistence, Consistency, *n.* A holding together ; firmness ; congruity ; agreement ; degree of density ; stability : - گاڑهاپن - جماوٹ - مطابقت - موافقت - پختگی - مضبوطی - همسازی - یکسانی - هم وضعی - قیام

Consistent, *a.* Agreeing ; firm ; uniform : مطابق - مضبوط - یکساں

Syn.—Compatible, suitable, accordant, fixed.

Consistory, *n.* A court composed of clergymen ; an assembly : مذهبی عدالت - مجلس - جماعت

Consolation, *n.* Alleviation of grief or affliction ; solace ; comfort : - تسلی - تشفی - دلاسا - اطمینان - دلجمعی - تخفیف غم

Consolatory, *a.* Affording comfort in sorrow ; assuaging grief : تسکین بخش - آرامده - غم هلکا کرنے والا

Console, *v. t.* To cheer one in sorrow : تسلی دینا - ڈهارس دینا - دلجوئی کرنا

Syn.—Solace, comfort, soothe.

Consolidate, *v. t.* To make hard or solid ; to combine ; to harden : - منجمد کرنا - جمانا - جوڑنا - یکجا کرنا - ملانا

Syn.—Harden, condense, thicken, compact.

Consolidated, *a.* Solidified ; united : - سخت - منجمد - ایکجا کیا هوا - مجموعه * —**salary,** مشاهره بالمقطع

Consolidation, *n.* Act of making hard or firm : انجماد - بستگی

Consols, *n. pl.* (Short form of **Consolidated Funds,**) Part of the National Debt of Great Britain, which bears interest at from 2½ to 3 per cent. : گورنمنٹ کی هنڈی - سرکاری قرضه

Consonance, *n.* Agreement of sounds ; consistency ; concord : میل - مطابقت - موافقت

Consonant, *a.* Agreeable ; consistent :– موافق - مطابق * *n.* A letter which cannot be sounded by itself : حرف صحیح

Consonous, *a.* Agreeing in sound : - هم آواز - ایک سُر

Consort *n.* A wife or a husband ; a companion : شوهر یا زوجه - ساتهی * *v. i.* To associate with ; to unite : صحبت رکهنا - ساتهه رهنا - ملنا

Conspicuous, *a.* Readily to be seen ; that cannot be missed by the eye ; prominent ; distinguished ; pre-eminent : - ظاهر - نمایاں - عیاں - نامور - معروف - مشهور

Syn.—Manifest, eminent, famous, illustrious.

Conspiracy, *n.* A plot : سازش - بندش - مشوره خلاف سرکار

Conspirator, *n.* A man engaged in a plot : سازش کرنیوالا

Conspire, (*L. con* and *spirare,* to breathe) ; *v. i.* To plot ; to combine ; to unite together for an evil and secret purpose : - سازش کرنا - متفق هونا

Syn.—Plot, combine, rebel.

Constable, *n.* A peace-officer; a policeman : پولیس کا چپراسي - چوکیدار - کانسٹبل * To overrun or outrun the—, to spend more than one's income : حیثیت یا آمدني سے زیادہ خرچ کرنا

Constancy, *n.* Firmness of mind; stability; fidelity : وفاداري - استواري - قیام

Constant, *a.* Permanent; steadfast; firm; faithful; unvariable; incessant : پایدار - ثابت قدم - مستقیم - وفادار - غیر متلون * Constant dropping wears the stone, زور کے ٹپکے سے پتھر بھي گھس جاتا ھے

Constantly, *ad.* Perpetually; steadily : همیشه - هر دم - استقلال کے ساتھه - متواتر

Constellation, *n.* A cluster of fixed stars; a galaxy; an assemblage of excellence : ستاروں کا مجمع - تارا منڈل - مجمع نامور اشخاص

Consternation, *n.* Astonishment; amazement; great terror : - حیرت - خوف - دهشت - گھبراهت - حیراني

Constipation, *n.* Costiveness : - قبض - انقباض - بستگي

Constituency, *n.* The whole body of electors : مجمع انتخاب کنندگان

Constituent, *a.* Elemental; essential : - اصلي - ذاتي - خلقي * *n.* An essential ingredient; a representative : جز اصلي - مختار - کارنده

Constitute, *v. t.* To form; to establish; to set up; to appoint : - بنانا - معین کرنا - وجود دینا - کھڑا کرنا - مخصوص کرنا - مقرر کرنا

Constitution, *n.* Form or manner in which parts of a body are joined together; natural condition of the human body; system; political organization; the laws and customs of a country : - ساخت - بناوٹ - خاصیت جسمي - آئین - ضابطه - دستور - نظم و نسق

Constitutional, *a.* Inherent in the constitution : bodily; natural; in agreement with the laws and customs of a country : - ذاتي - پیدایشي - جایز . حسب ضابطه * *n.* A walk for health : براے صحت پیاده هواخوري

Constrain, *v. t.* To oblige; to hinder by force; to confine : - مجبور کرنا - ناچار کرنا - جبراً روکنا - قید کرنا

Syn.—Compel, force, drive, urge.

Constraint, *n.* Compulsion; confinement; reserve : - مجبوري - دباؤ - زبردستي - پابندي - روک - گرفتاري - قید

Constrict, *v. t.* To bind; to cramp; to contract : سمیٹنا - سکوڑنا - تنگ کرنا - گھونٹنا

Constriction, *n.* Contraction; compression : کشش - سمٹاؤ - کھچاوٹ

Constringe, *v. t.* To compress; to contract : سمیٹنا - کھینچنا

Constringent, *a.* Compressing : باندھنے والا - سکوڑنے والا - سمیٹنے والا

Construct, *v. t.* To build up; to form : تعمیر کرنا - بنانا - وضع کرنا

Syn.—Build, erect, form, make.

Ant.—Demolish, break, destroy.

Construction, *n.* Building up; form configuration; grammatical arrangement; structure; interpretation; meaning : - بناوٹ - تعمیر - توضیع - ساخت - ترکیب نحوي - معني - تشریح

Construe, *v. t.* To explain; to interpret; to analyse; to show how words are connected with each other in a sentence : سمجھانا - ترکیب کرنا - تجزي کرنا - ترجمه کرنا

Consubstantial, *a.* Of the same substance, nature or essence : - هم جنس - هم ماده - هم ذات - هم اصل

Consubstantiate, *v. t.* To unite into one common substance : هم جنس کرنا - هم ذات کرنا

Consul, *n.* The chief magistrate of the Roman Republic; representative of a government : - اگلے زمانه میں شهر روم کا افسر اول - ایلچي - سفیر - وکیل

Consult (with), *v. t.* To ask one's advice or opinion; to refer to; to deliberate upon; to regard : - صلاح لینا - مشوره کرنا - دریافت کرنا - دیکھنا - لحاظ کرنا * *v. i.* To seek advice; to consider : رائے لینا - غور کرنا

Consultation, *n.* Act of consulting ; a meeting for mutual deliberati n : مشورہ - صلاح - مجلس

Consumable, *a.* That may be consumed : تلف یا خرچ هونے کے قابل

Consume, *v. t.* To burn up ; to spend ; to waste ; to exhaust ; to use up : سوخت کرنا - چاٹ جانا - خرچ کرنا - ضایع کرنا - صرف کرنا

Consummate, *a.* Accomplished ; perfect ; highest : کامل - پورا - پختہ - پرلے درجہ کا - چھٹا هوا * *v. t.* To accomplish ; to complete ; to effect what is intended by : پورا کرنا - تمام کرنا - تکمیل کرنا - فرض پوري کرنا

Consummation, *n.* Completion ; perfection : تکمیل - کمال - اتمام

Consumption, *n.* Act of consuming : صرف - خرچ * Wasting disease of the lungs : تپ دق

Consumptive, *a.* Destructive ; wasting : ضرر رساں - ضایع کرنیوالا * Afflicted with consumption : مدقوق - چھئي روگ والا

Contact, *n.* Touch ; close union : چھوت - لگاؤ - لمس - اتصال - ملاپ * To come in—, چھونا - لگنا - ملنا - بھڑنا - ٹکرانا

Contagion, *n.* Infection ; communication of disease by touch ; pestilential influence : اڑ کر لگنے والي یا چھوت کي بیماري - وبا - سرایت

Contagious, *a.* Infections ; catching ; touching ; pestilential : پھیلنے والا - موثر - اڑني - لگني

Contain, *v. t.* To hold ; to comprise ; to restrain : سمانا - شامل کرنا - گھیرنا - روکنا - باز رکھنا * To be contained in, سمانا - اٹنا - امانا - آجانا

Contaminate, *v. i.* To defile ; to corrupt ; to stain : ناپاک کرنا - بگاڑنا - غلیظ کرنا - خراب کرنا

Contamination, *n.* Pollution ; defilement : ناپاکي - آلودگي - چھوت

Contemn, *v. t.* To think little of ; to despise ; to scorn : حقیر جاننا - نفرت کرنا - ناچیز سمجھنا - اهانت کرنا - خفت دینا

Contemplate, *v. t.* To meditate ; to reflect ; to view ; to intend : غور کرنا - خیال کرنا - ارادہ کرنا - مد نظر رکھنا - منشا یا خیال میں هونا

Contemplation, *n.* Meditation ; close attention : تصور - خیال - غور - خوض - مراقبہ

Contemplative, *a.* Thoughtful ; studious ; meditative : متامل - متفکر - فکرمند * **The— faculty,** قوت متخیلہ

Contemporaneous, Contemporary, *a.* Living or being at the same time : هم عهد - هم عصر - هم زمانہ

Contempt, *n.* Act of despising ; disdain ; disgrace : اهانت - تحقیر - حقارت - ذلت - خفت

Syn.—Scorn, derision, mockery, disregard, neglect.

Contempt of Court, Wilful disregard of a public authority : تحقیر عدالت - عدالتي قانون و قواعد کي نافرماني کرنا

Contemptible, *a.* Worthy of contempt ; mean : حقیر - ذلیل

Syn.—Despicable, abject, vile, mean, base.

Contemptuous, *a.* Scornful ; haughty ; disdainful ; insolent : حقارت کرنیوالا - مغرور - متکبرانہ - گستاخانہ

Contend (with, against, for, about), *v. t.* To fight ; to strive ; to dispute ; to reason : لڑنا - جھگڑنا - تکرار کرنا - بحث کرنا * **—with,** to act against : مقابلہ کرنا - همچشمي یا برابري کرنا - لڑنا - جھگڑنا

Contending, *a.* Fighting ; striving ; opposing ; rival : جنگ آور - محارب - مقابل کا - هم چشم - حریف - مخالف

Content, *v. t.* To satisfy ; to please ; to gratify : راضي کرنا - خوش کرنا - آسودہ کرنا * *a.* Satisfied ; at rest : راضي - آسودہ - خوش - قانع - صابر * *n.* Satisfaction ; gratification ; acquiescence in one's lot in life : رضامندي - منظوري - تسلي - قناعت - صبر - سیر چشمي * **Content is happiness,** قناعت هي خوشي هے

Contention, *n.* Contest ; a strife in words ; debate : لڑائي - جھگڑا - قضیہ - مباحثہ

Contentious, *a.* Quarrelsome : تکراري - حجتي - جھگڑالو

Contentment, *n.* Satisfaction ; gratification : تسکین - قناعت * **Contentment is great gain,** قناعت بڑي دولت هے

Contents, *n. pl.* The things contained; the list of subjects treated of in a book: اشیاء مضروف - اسباب - چیز بست - فہرست مضامین

Conterminous, *a.* Bordering upon: سرحدی - متصل - ملا ہوا

Contest, *n.* Strife in arms; quarrel; dispute: مقابلہ - جھگڑا - مباحثہ - لڑائی

Syn.—Conflict, battle, combat.

Contest, *v. t.* To dispute; to litigate: حجت کرنا - نالش کرنا * *v. i.* To strive; to contend; to vie: کوشش کرنا - مقابلہ کرنا - جھگڑنا - جد و جہد کرنا - ہمسری کرنا - مقابلہ کرنا * **To—a claim,** جواب دعوی کرنا - جواب دعوی داخل کرنا * **To—a decision,** فیصلہ کا مرافعہ یا اپیل

Contestable, *a.* Disputable: مباحثہ طلب

Context, *n.* Order of discourse; the parts that precede and follow a sentence: مضمون - متن - عبارت

Contiguity, *n.* Contact; nearness in place; proximity; closeness: الحاق - اتصال - نزدیکی - قربت - تسلسل

Contiguous, *a.* Near to; meeting at the border; lying side by side: ملحق - متصل - نزدیک

Syn.—Adjacent, bordering, touching.

Continence, Continency, *n.* Chastity; moderation; restraint of passion; forbearance: پرہیز - زہد - ضبط - عفت

Continent, *a.* Chaste; abstemious in lawful pleasure: پرہیزگار - زاہد - پارسا - ضابط النفس

Continent, *n.* A large tract of land containing several countries: بر اعظم

Continental, *a.* Pertaining to a continent: متعلق بر اعظم

Contingency, *n.* Casualty; accident; a possible occurrence: *pl.* unforeseen expenses: وقوع - اتفاق ناگہانی ضرورت یا وقوع - سائر خرچ - مذکورات

Contingent, *a.* Accidental; uncertain (as, *contingent* charges): اتفاقیہ - ناگہانی - غیر معین - عارضی

Syn.—Liable, casual, fortuitous.

Contingent, *n.* Chance: اتفاق * A suitable proportion of troops or soldiers: حصہ - بانٹ - اندازہ * **—expenses,** مصارف عارضی - مذکورات

Continual, *a.* Incessant; very constant; frequent: لگاتار - متواتر - برابر - پے در پے - جاری - دائمی

Continuance, *n.* Duration; permanence; stay: مدت - ہمیشگی - قیام

Continuation, *n.* Act of continuing; a constant succession; extention; prolongation: تواتر - سلسلہ - قیام - تطویل - درازی

Continue, *v. i.* To hold together; to remain; to last; to persevere; to go on; to persist: رہنا - قائم رہنا - جاری رہنا - پائدار ہونا - نباہنا - برقرار رہنا - * *v. t.* To protract; to extend: جاری رکھنا - بحال رکھنا - بڑھانا

Continuity, *n.* Uninterrupted connection; unbroken texture; cohesion: اجرا - سلسلہ - الحاق

Continuous, *a.* Without break or stoppage; uninterrupted; extended: مدامی - لگاتار - مسلسل - برابر

Contort, *v. t.* To twist together; to wrest: مروڑنا - اینٹھنا

Syn.—Writhe, wring, distort.

Contortion, *n.* A twisting: اینٹھن - پیچ - * A wry motion: پیچش مروڑ - بل

Contour (*con-toor*), *n.* The outline of a figure: نقشہ - شکل - ڈھانچا - صورت - ہیئت

Contraband, *a.* Prohibited; illegal: ممنوع - ناجائز - خلاف قانون * *n.* Prohibited goods: illegal traffic: اشیاء ممنوعہ - تجارت ناجائز

Contract, *v. t.* To draw together; to shorten: to make an agreement; to acquire; to incur; to bargain for; to betroth: سمیٹنا - مختصر کرنا - حاصل کرنا - لینا - اٹھانا - بات ٹھہرانا - اجارہ لینا - معاہدہ کرنا - منگنی کرنا * **To—a marriage,** شادی کرنا * **To—a debt,** قرض اٹھانا - مقروض ہو جانا * **To—a bad habit,** بری عادت پیدا کرنا یا ڈال لینا * *v. i.* To shrink up: سکڑنا * To bargain: ٹھیکہ لینا - اقرار کرنا - عہد کرنا

Contract, *n.* A bargain : شرط - قول و قرار * A betrothment : منگني - نسبت * A written agreement : پٹہ - اقرار نامہ

Syn.—Covenant, agreement, stipulation, bargain.

Contractile, *a.* Capable of contracting : خود سکڑنیوالا

Contraction, *n.* Act of contracting ; a shrinking : اینٹھن - سمیٹ - سکوڑ * An abbreviation : اختصار

Contractor, *n.* One who contracts : ٹھیکیدار - مستاجر

Contradict, *v. t.* To speak against ; to oppose verbally ; to be contrary to ; to deny ; or impugn a statement : خلاف کہنا - باطل کرنا - رد کرنا - انکار کرنا (*L. Contra,* against ; *dictus,* to speak.)

Syn.—Deny, gainsay, oppose, contravene.

Contradiction, *n.* Verbal opposition ; flat ; denial ; gainsaying ; inconsistency : زباني اختلاف - انکار - خلاف بیاني - صاف انکار - ضد

Contradictory, *a.* Opposite to ; inconsistent with ; contrary to each other ; adverse ; antagonistic : مخالف - متناقض - برعکس - بالکل بر خلاف

Contrariety, *n.* Opposition ; disagreement : اختلاف - ضد - فرق - ناموافقت

Contrary, *a.* Placed opposite to ; disagreeing ; inconsistent : مخالف - ناموافق * *n. pl.* A thing that is of opposite qualities : ضدین

Contrast, *n.* Comparison, as regards the difference between the objects ; difference ; opposition ; dissimilitude : مقابلہ بلحاظ اختلاف - فرق - تفاوت - غیر مشابہت - * *v. t.* To place in opposition : مقابلہ کرنا کہ فرق ظاہر ہو - مشابہہ - کرنا - ملانا

Contravene, *v. t.* To oppose ; to hinder ; to baffle ; to break through : مقابلہ کرنا - مزاحمت کرنا - باز رکھنا - محروم رکھنا - توڑنا

Contravention, *n.* Opposition ; violation : مخالفت - مزاحمت - برگشتگي - تعرض

Contributary, *a.* Paying tribute ; to the same sovereign ; auxiliary : باجگذار - مددگار

Contribute, *v. t.* To give for a common purpose ; to pay a share: حصہ یا چندہ دینا * *v. i.* To bear a part in ; to aid : شامل ہونا - مدد پہونچانا

Contribution, *n.* Act of contributing ; sum given ; donation : چندہ - بہري - حصہ رسدي

Contributor, *n.* One who gives money or work to help ; a subscriber : چندہ دینیوالا - مددگار

Contrite, *a.* Broken down with sorrow for sin ; penitent : متاسف - پشیمان - نادم

Syn.—Broken-hearted, penitent, sorrowful, repentant, humble.

Contrition, *n.* Sorrow for sin ; penitence : تاسف - پشیماني - پچھتاوا

Contrivance, *n.* Act of contriving ; a plan ; a device ; a scheme ; invention ; appliance : بندش - تدبیر - حکمت - صنعت - ایجاد - ترکیب - انتظام - کل - آلہ

Contrive, *v. t.* To invent ; to design : - ایجاد کرنا تدبیر نکالنا

Control, *n.* Check ; restraint ; authority ; superintendence : روک - ضبط - اختیار - قابو - حکومت * *v. t.* To restrain ; to govern ; to curb : روکنا - تابع رکھنا - حکومت کرنا - ضبط کرنا

Syn.—Rule, govern, direct, check.

Controller, Comptroller, *n.* One who governs ; one who checks the account of others by a counter-roll ; an officer who examines public accounts : عامل - ناظر - محافظ - لین داروغہ - میر حساب - حساب جانچنے والا حاکم

Controversial, *a.* Contentious ; polemical - بحثي تکراري - بحث طلب - متعلق مناظرہ

Controversialist, *n.* One fond of disputing : مباحثہ کرنے والا

Controversy, *n.* A debate ; a contest ; a quarrel : مباحثہ - حجت

Syn.—Discussion, contest, debate, strife.

Controvert, *v. t.* To debate ; to refute ; to deny : - بحث کرنا - حجت کرنا - جھٹلانا - رد بدل کرنا - انکار کرنا

Controvertible, *a.* Disputable ; dubious : قابل مباحثہ - حجت پذیر - قابل اعتراض یا تردید

Contumacious, *a.* Obstinate defying authority ; perverse ; disobedient : - ضدی - نافرمان - ہٹیلا - مکرا

Contumacy, *n.* Obstinacy ; perverseness : - ضد - سرکشی - ہٹھ

Contumelious, *a.* Scornfully offensive ; insolent ; disdainful ; rude : - مذمت آمیز - گستاخ - متحقر - دریدہ دہن

Contumely, *n.* Contemptuous language ; haughty contempt ; rudeness ; reproach : تحقیر آمیز کلام - بد زبانی - گستاخی - بے ادبی - حقارت - متکبرانہ حقارت

Contuse, *v. t.* To bruise ; to beat together : کچلنا - کرتنا

Contusion, *n.* A severe blow ; a bruise : - ضرب - کچلاہٹ - چوٹ

Conundrum, *n.* A riddle ; a puzzle ; an enigma : پہیلی - معمہ

Convalescence, *n.* Renewal of health ; gradual recovery from a disease : افاقہ - صحت - آرام

Convalescent, *a.* Recovering health ; growing well again : آرام پذیر - صحت پذیر

Convene, *v. t.* To call together ; to summon : جمع کرنا - اکٹھا کرنا - بلانا * *v. i.* To assemble : اکٹھا ہونا

Syn. - Meet, assemble, join, unite.

Convenience, *n.* Fitness ; ease ; accommodation ; comfort : آرام - سہولیت - فراغت - مناسبت * At one's—, فرصت یا فراغت میں - آہستہ آہستہ

Convenient, *a.* Suitable in time or place ; adapted ; suited ; agreeable ; handy ; opportune : مناسب - موافق - آرامدہ - معقول - آرام کا

Convent, *n.* A monastery ; a nunnery ; a body of monks or nuns : خانقاہ - مٹھ - بیراگی یا بیراگیوں کی گروہ

Convention, *n.* An assembly : مجلس - سبھا * A contract : عہد و پیمان - اقرار

Conventional, *a.* Stipulated ; customary ; formal : - معہودہ - مقرر - معمولی - قرار یافتہ - رسمی - رواجی

Converge, (*con-verj*) *v. i.* To tend towards one point ; to draw nearer : ایک ہی مرکز کی جانب مایل ہونا

Convergence, *n.* A coming towards the same point ; inclination : جھکاؤ - میلان بہ مرکز واحد

Convergent, *a.* Tending to a point : ایک ہی سمت کو مایل - ہم مرکز - جھکا ہوا

Conversant (with), *a.* Familiar with ; versed in ; acquainted : - واقف کار - آگاہ - ماہر - جانکار - شناسا * —with the world, جہاں دیدہ - نرم و گرم زمانہ دیکھے ہوئے - دنیا کے اونچ نیچ سے واقف

Conversation, *n.* Familiar discourse ; talk ; colloquy : - گفتگو - بات چیت - ذکر مذکور - تکلم - مکالمہ - گپ شپ

Conversational, *a.* Pertaining to conversation ; colloquial : گفتگو کے متعلق - بول چال کا

Converse, (with a person on or about a subject), *v. i.* To discourse ; to talk familiarly : ہم کلام ہونا - گفتگو کرنا - بات چیت کرنا * *n.* Intercourse ; familiarity : شناسائی - واقفیت * An opposite proposition : قضیہ - مناقض - برعکس شکل

Conversely, *ad.* With change of order ; reciprocally : بالعکس - ادل بدل کرنا

Conversazione, (*kon-ver-sa-siona*) *n.* A meeting for conversation ; particularly on literary subject ; amusement : - علمی گفتگو - مکالمہ - دوستانہ مباحثہ کا جلسہ

Conversion, *n.* Transmutation ; turning ; change of heart ; change from one religion to another : - تقلیب - تبدیل مذہب - روحانی نوزادگی - دل کا تبدل

Convert, *v. t.* To change into another form or state ; to alter ; to change the heart ; to change from one belief to another : بدلنا - منقلب کرنا - پلٹنا - مذہب یا خیالات بدلنا - دل بدلنا - مرید کرنا * *n.* One who has changed his opinions or religion ; a proselyte : نو مرید - نو معتقد

Convertible, *a.* Capable of being interchanged ; transmutable ; transformable : - تبدیل پذیر - قابل تبدیل

Convex, *a.* Rounded outward, (opposite of concave) : - قبہ دار - گنبدی - محدب - مرغ سینہ - ماہی پشت

Syn. Bulging, spherical, globular.

Convexity, *n.* A spherical form : – قبہ - گنبذ – انحداب – باهر کي گولائي

Convey (to), *v. t.* To carry ; to transmit to ; make over to ; to transport ; to do or carry away secretly : ليجانا – منتقل کرنا – حوالہ کرنا-ذريعہ ترسيل هونا - چپکے سے کر دينا - پوشيدہ اٹها يا سرکا لے جانا * Words—ideas, الفاظ حامل خيالات هيں * The air—sounds, هوا ذريعہ ترسيل آواز هے

Conveyance, *n.* Means of carrying ; transmission ; transference ; a vehicle ; canal : –روانگي – تبديلي – انتقال – نلي - نہر * A vehicle : – سواري – گاڑي

Convict, *v. t.* To prove guilty ; to find guilty : تقصير وار ٹهرانا – ملزم ثابت کرنا * *n.* One proved guilty of a crime ; a malefactor ; a prisoner : مجرم - تقصير وار - قيدي

Conviction, *n.* A proving guilty : - ثبوت جرم – الزام * A strong belief : اعتقاد - يقين کامل

Convince (of), *v. t.* To satisfy by proof ; to persuade ; to convict : قايل کرنا – يقين دلانا – الزام لگانا - تقصيروار ٹهرانا

Syn.—Persuade, gain over, convict.

Convincible, *a.* Capable of conviction : قابل ثبوت – قابل يقين

Convitiate, *v. t.* To rebuke ; to reproach : ملامت کرنا – چشم نمائي کرنا - ڈپٹنا

Convivial, *a.* Festive ; jovial ; social : – ضيافتي – کهانے پينے کا - خوشي کا – خوش طبع – ملنسار

Conviviality, *n.* Good humour at a feast ; cheerfulness : خوش طبعي - زندہ دلي - مسرت – نشاطات - خوشي کا کهانا پينا

Convocation, *n.* Act of convoking ; an assembly : مجلس - سبها * A meeting of clergy ; an assembly of a University for conferring degrees : جلسہ – اجلاس شرکہ يونيورسٹي وغيرہ

Convoke, *v. t.* To call together ; to convene ; to assemble : بلانا – جمع کرنا - اکٹها کرنا

Syn.—Call, summon, convene.

Convolution, *n.* Act of rolling or winding together ; a twisting ; a fold : – لپيٹ - پيچ – پيچيدگي – بل

Convoy, *v. t.* To accompany for defence ; to escort : - محافظت کرنا - رهبري کرنا - همرکاب جانا - حفاظت کے لئے هم رکاب جانا * *n.* Attendance for protection : رهبر - بدرقہ - محافظ

Convulse, *v. t.* To affect by violent motion ; to agitate : هلانا - مروڑنا - اينٹهانا

Convulsion, *n.* A violent contraction of the muscles of the body : اينٹهن - مروڑ - تشنج * A tumult : هلچل – هنگامہ

Cony, *n.* A rabbit : خرگوش * A simpleton : سادہ لوح - احمق

Coo, *v. i.* To cry as a dove or pigeon : فاختہ يا کبوتر کي سي آواز نکالنا – کوکو کرنا

Cook, *n.* One who dresses victuals ; one who prepares food : باورچي – طباخ - رسوئيا * *v. t.* To prepare food for the table : پکانا - رسوئي بنانا

Cookery, *n.* The art of dressing victuals : باورچي گري – طباخي

Cook-maid, *n.* A maid servant that dresses : باورچن - روٹي پکانيوالي

Cool, *a.* Moderately cold : ٹهنڈا – خنک * Calm ; dispassionate ; indifferent : با قرار – استقور - بے جوش – بے پروا – سرد مهر - روکها * —headed, سليم الطبع * *v. t.* To make cool ; to calm anger : ٹهنڈا کرنا - فرو کرنا * To —one's heels, دير تک حاضر رهنا * *v. i.* To grow cool : ٹهنڈا هونا – فرو هونا

Coolly, *ad.* In a cool manner : calmly ; indifferently ; impudently : سرد مهري سے - ٹهنڈے دل سے – دلجمعي سے – شوخي سے – گستاخي سے

Coolness, *n.* Moderate cold ; indifference ; calmness : - خنکي - سردي - بے پروائي – بيمهري - افسردگي - قايم الحواسي

Cooly, Coolie, *n.* Labourer : مزدور – قلي

Coop, *n.* A barrel ; a cage for fowls : – پيپا –ڈابا – دربا – کهانچا * *v. t.* To shut up ; to confine : بند کرنا - قفس ميں رکهنا - دربے ميں ڈالنا

Cooper, *n.* A maker of cask : پيپا بنانے والا * *v. t.* To repair : مرمت کرنا

Co-operate, *v. i.* To work together ; to contribute : ملکر کام کرنا – متفق هونا - شريک هونا – هاتهہ دينا

Co-operation *n.* Joint labour ; common endeavour : میل - اتفاق

Co-operative, *a.* Operating jointly to the same end ; established for the purpose of providing the members with goods at wholesale prices : ایک هي غرض کے - مدد - جس کا کار و بار سرمایه مشترکه پر چلتا هو

Co-ordinate, *a.* Equal in rank or order : هم رتبه - هم درجه - هم پله - مساوي

Coot, *n.* A small black water bird fond of still water ; simpleton : - مرغ آبي - پن ڈبي - چاها - گاؤدي - ساده لوح

Co-parcenary, *n.* Joint inheritance of an estate : شریک ورثه * **—tenure,** پٹي داري

Co-parcener, *n.* A joint heir ; a coheir : شریک ورثه

Co-partnership, *n.* Joint concern in business : شرکت - حصه داري

Co-partner, *n.* A partner with others : - شریک - رفیق - حصه دار

Cope, *n.* A priest's clock ; a hood ; an arch : جبه - ٹوپ - محراب - گنبد * *v. i.* To strive or contend with ; to watch ; to vie ; to meet : مقابله کرنا - همسري کرنا - لڑنا - مقابله هونا - سابقه پڑنا

Coping, *n.* The top or cover of a wall : - منڈیر - پرچھتي

Copious, *a.* Abundant ; plentiful ; abounding in words : کثیر - زیاده - وافر - وسیع - فراخ

Copper, *n.* A metal named from the island of Cyprus : تانبا - مس * A large boiler : دیگ * A coin made of copper : پیسا وغیره

Copperas, *n.* Sulphate of iron : توتیا - هیرا کسیس - زنگار

Copper-plate, *n.* A plate of copper on which pictures and writing are engraved : تانبے کي تختي

Coppersmith, *n.* One who works in copper : ٹھٹھیرا - مسگر

Coppery, *a.* Mixed with copper ; like copper : مس آمیز - تانبا سا

Coppice, Copse, *n.* A wood of small gro h ; a thicket : چھوٹے پیڑونکا جنگل - جھاڑي

Copula, *n* A band or tie ; a word that joins the subject and predicate of a sentence : بند یا جوڑ - جوڑنے والا - حرف ربط

Copulative, *a.* That which unites or couples : ملانے والا - جوڑنے والا * (as, A *copulative* conjunction) : حرف عطف

Copy, *n.* A transcript from an original ; an imitation ; a pattern : - نقل مطابق اصل - نقشه - نمونه * *v. t.* To transcribe ; to imitate ; to make a copy from : نقل کرنا - اتارنا - نمونه کے بموجب بنانا

Syn.—Imitate, reprint, counterfeit, forge.

Copy-book, *n.* A book in which copies are written for learners to imitate : مبتدیونکے لکھنا سیکھنے کي کتاب - مشق کرنے کي کتاب

Copy-hold, *n.* A tenure of lands evidenced by copy of court-roll : دستاویز قبضه - پٹه

Copyist, *n.* One who copies ; a transcriber : نقل نویس - محرر - کاتب

Copyright, *n.* The sole right to publish a book : حق تصنیف یا تالیف

Coquet, *v. t.* To trifle in love affairs : - نخره کرنا - اٹھلانا

Coquetry, *n.* Trifling in love ; a mere show of love : نخرے بازي - ناز و ادا

Coquette, *n.* A vain, airy, trifling girl, who endeavours to attract notice : نازنین - نخرے باز - عشوه گر

Coracle, *n.* A kind of boat : ایک قسم کي کشتي

Coral, *n.* A hard red, white or black substance built up in the sea by small animals : - مرجان - مونگا * **A child's—,** چسني - گلي

Corban, *n.* An alms basket ; an offering : کاسهٔ گدائي - تونبا - دان

Cord, *n.* A twisted string ; rope : رسي - ڈوري * A measure of 121 cubic feet : ناپ کا فیته * *v. t.* To bind with cord or rope : - رسي سے باندھنا - جکڑنا

Cordage, *n.* Ropes collectively : بندھن - جهاز کے پال کے رسے

Cordate, *a.* Having the form of a heart : بشکل دل

Cordial, *n.* Anything that cheers ; a medicine ; an elixir : فرح بخش شے - دواء مقوي - اکسیر * *a.* Hearty ; sincere ; invigorating ; reviving : جگري - دلي - مقوي - دلکشا - مفرح - تازہ دم کرنے والا (as, a *cordial* reception ; *cordial* liquor).

Cordiality, *n.* Relation to the heart ; warmth of regard ; sincerity : دلداري- گرمجوشي - تپاک - ذوق - سچي الفت - صدق دلي

Cordon, *n.* A line of military posts ; a ribbon worn as a mark of honour : جنگي ناکونکا سلسلہ - ريشمي فيتہ

Cordovan, *n.* In Spain, leather made of goat-skins : نري - کمایا هوا چمڑا

Cordwainer, *n.* A shoemaker : جوتي بنانے والا - موچي

Core, *n.* The heart ; the inner part of anything : دل - اندروني حصہ - مغز - گودا - مواد - اصل - جگر

Syn.—Kernel, stone, centre.

Co-respondent, *n.* A joint respondent : رسپانڈنٹ ترتيبي - هم مدعا عليه

Coriander, *n.* A plant bearing aromatic seeds : دهنئے کا درخت - کشنيز - کوتهمير

Cork, *n.* A tree or its bark ; a stopper : کاگ - ڈاٹ * *v. t.* To put corks into bottles : کاگ لگانا - ڈاٹ لگانا

Cork-screw, *n.* A screw for drawing corks : کاگ نکالنے کا پيچ - کاگ کش

Cormorant, *n.* A voracious web-footed seabird : ايک آبي پرند - ماهي خور * A glutton or a greedy fellow : پيٹو

Corn, *n.* A single seed ; a grain : دانہ - اناج - غلہ * A hard tumour : گهٹها - ٹهينٹ * **Beard** of—, بهٹے کي بال * *v. t.* To preserve and season with salt (to *corn* beef) : نمکين کرنا

Corn--chandler, *n.* A retailer of corn : غلہ فروش - ناج والا - بقال

Corn-cutter, *n.* One who extirpates corns from the feet : پير کے گوکهرو , کانٹے نکالنے والا

Cornelian, *n.* A precious stone : عقيق يمني

Corneous, *a.* Horny ; like horn ; hard : سينگ کا - سينگ کے مانند - سخت

Corner, *n.* An angle ; a secret place : کونا-گوشہ - خلوت

Corner-stone, *n.* The principal stone : عمارت ميں خاص پتهر

Cornet, *n.* A musical instrument : * قرنائي- ترهي- * A cavalry officer : رسالہ کا علم بردار

Cornice, *n.* The highest projection of a wall or column : کنگرہ - کنگهي - نگر

Cornigerous, *a.* Having horns : شاخدار - سينگ والا

Corn-mill, *n.* A mill to grind corn : ناج پيسنے کي چکي

Corol, Corolla, *n.* The inner covering of a flower : پهولکي اندروني پتي

Corollary, *n.* An inference ; a deduction : نتيجہ - حاصل - نتيجہ صريح

Coronal, *a.* Pertaining to the crown of the head : چاند کے متعلق * *n.* A crown ; a garland : تاج - مکٹ - هار

Coronation, (*L. Corona*, a crown), *n.* The act or ceremony of crowning a sovereign : تخت نشيني - جلوس - راجگدي - رسم تاجپوشي

Coroner, *n.* An officer who enquires into the cause of any sudden death : حاکم جسکے تعلق تحقيقات موت ناگهاني هوتي هے

Coronet, *n.* An inferior crown worn by the nobility : تاج - مکٹ * The upper part of a horse's hoof : گهوڑے کے سم کے اوپر کا حصہ

Corporal, *n.* A non-commissioned officer : پلٹن کا ادنی حاکم - دفعدار - نايک * *a.* Relating to the body ; material ; not spiritual : جسماني - بدني - مادي

Corporate, *a.* United in a body ; embodied : مجسم

Corporation, *n.* A body or society authorised by law to act as one individual : جماعت سند يافتہ - جماعت جو قانوناً مثل شخص واحد هو

Corporeal, *a.* Having a body or substance ; material not spiritual : جسماني - مادي

Corporeity, *n.* Materiality : جسمانيت

Corps (*kor*), *n.* A body of troops ; a regiment : فوج - رساله - پلٹن

Corpse, *n.* The dead body of a human being : مرده جسم - لاش - ميت

Corpulence, Corpulency, *n.* Bulkiness of body ; fleshiness ; obesity : - تن آوري - فربهي - موٹائي - جسامت

Corpulent, *a.* Bulky ; fleshy ; stout : - فربه - موٹا - جسيم

Corpuscle, (Pro : *cor-pus-l*), *n.* An atom ; a molecule : ريزه - ذره - لخت - پاره

Corral, *n.* An enclosure for cattle : - احاطه - باڑا

Correct, *v. t.* To rectify ; to amend ; to put right by punishing : - درست کرنا - صحيح کرنا - سدهارنا - تنبيه کرنا * *a.* Right ; accurate ; exact : صحيح - ٹهيک - واجب

Syn. – **Precise, regular, faultless.**

Correction, *n.* Act of correcting ; amendment ; chastisement ; abatement of noxious qualities: صحت - تصحيح - سياست - تنبيه - گوشمالي - بري صفت کا گهٹاؤ

Corrective, *a.* Tending or having power ; to correct : قابل صحت - مصلح

Correctness, *n.* Exactness ; precision : - درستي - صحت

Correlation, *n.* Reciprocal relation : - مطابقت - نسبت

Correlative, *a.* Having a reciprocal relation : هم نسبت - لازم ملزوم * (*as* father and son) :

Correspond (with), *v. i.* To answer each other's letters ; to have communication by letters ; to suit : خط کتابت رکهنا - مراسلت کرنا - ٹهيک هونا

Correspond (to), *v. t.* To be like in some ways : مشابه هونا

Correspondence, *n.* Agreement ; suitableness ; communication ; interchange of letters : مطابقت - مناسبت - خط و کتابت - مراسلت

Correspondent, *a.* Suitable ; adopted : - موافق - مطابق * *n.* One who carries on intercourse by letters : مراسله نويس - راقم يا مرقوم اليه - خبر نويس - نامه نگار * An agent : کارنده

Corridor, *n.* An open passage round a building ; a gallery : بر آمده - لمبا راسته

Corrigendum, *n.* (*Pl. corrigenda*) A word or thing to be corrected : - صحت - درستي - ترميم - صحت نامه

Corrigible, *a.* That can be corrected or set right : قابل صحت - سزاوار - نصيحت پذير

Corroborant, *a.* Strengthening ; invigorating : قوت بخش - طاقت دينے والا - حامي

Corroborate, *v. t.* To confirm ; to establish ; to strengthen : مضبوط کرنا - تائيد کرنا - زور دينا

Corroboration, *n.* Act of confirming or giving additional strength to : - تائيد - پشتي - ثبوت - استواري - تصديق - تائيد

Corroborative, *a.* Strengthening ; confirmatory : مستحکم يا مضبوط کرنے والا

Corrode, *v. i.* To eat or wear away by degrees : رفته رفته کها جانا - کهرچنا - بگاڑنا

Syn. – **Consume, waste away, impair.**

Corrodible, *a.* That may be corroded : کهائے جانے کے قابل - گلاؤ

Corrosion, *n.* Act of eating away bit by bit : به تدريج کٹاؤ - خراش - هدت

Corrosive, *a.* Eating away gradually ; biting : برنده - گلانيوالا - کاٹ کرنے والا

Corrugate, *v. t.* To wrinkle ; to contract : جهري ڈالنا - جهريانا - سکوڑنا - سمٹانا

Corrupt, *v. t.* To make putrid ; to defile ; to spoil ; to bribe ; to pervert ; to destroy the purity of : - سڑانا - بگاڑنا - خراب کرنا - رشوت دينا - آلوده کرنا - تحريف کرنا * *a.* Decayed ; depraved ; impure ; unsound ; dishonest : - سڑا هوا - ناکاره - فاسق - فاسد - ناقص - بے ايمان

Corruptible, *a.* Capable of being corrupted : سڑنيوالا - رشوت پذير - فنا پذير

Corruption, *n.* Putrid matter ; decomposition : debasement ; depravity ; bribery : - سڑن - گلن - بگاڑ - تذليل - کهوٹا پن - خرابي - رشوت ستاني

Corsair, *n.* A sea-robber ; a pirate ; the vessel of a pirate : سمندري ڈاکو - ڈاکو جهاز

Corse, *n.* A corpse ; a dead body : لاش - تن مرده

Corselet, *n.* A light armour for the fore part of the body ; breastplate : جوشن - سینہ بکتر - زرہ - چارائینہ

Corset, *n.* A woman's stays : انگیا - کرتی

Cortege (*cortazh*), *n.* A train of attendants : ملازمونکی جماعت - جلوس - جلو ملازمان

Cortical, *a.* Of bark ; external : چھلکے کا - باہری

Corticiform, *a.* Resembling bark : چھال کی طرح

Coruscate, *v. t.* To glitter ; to flash; to gleam: چمکنا - جھلکنا

Coruscation, *n.* A sudden flash of light :- چمک - دمک - شعلہ

Corvee, *n.* Any system of forced labour : بیگاری

Corvette, *n.* A warship carrying abont 29 guns : جنگی جہاز

Corybantic, *a.* (From **Corybantes**) Madly agitated ; frantic جنونی - دیوانہ

Cosey, *a.* Snug ; comfortable ارام کا - بامن

Cosier, *n.* A cobbler ; a clumsy tailor : - پارہ دوز - اناڑی درزی

Co-significative, *a.* Of the same meaning : ہم معنی - ہم مطلب

Cosily, *ad.* Snugly ; comfortably - چین سے - اطمینان کے ساتھہ

Cosmetic, *n.* An external application to improve the complexion : ابٹن - غازہ حسن افزا - مرکب * *a.* Improving beauty : حسن دینیوالا

Cosmic, Cosmical, *a.* Pertaining to the universe ; rising or setting with the sun ; orderly ; vast : دنیاوی - جہانی - آفتاب کے ساتھہ طلوع و غروب ہونیوالا - کائنات کا - باقاعدہ - عظیم

Cosmogony, *n.* Science of the formation of the world ; (*Gr. kosmos* the world ; *gen* to bring forth) : علم پیدایش عالم - مسئلۂ اغاز کائنات

Cosmography, *n.* A description of the world or universe : کیفیت جہان - علم ترکیب کائنات - کوایف کون و مکاں

Cosmology, *n.* A science of the universe : علم ساخت و ترکیب کائنات

Cosmopolite, Cosmopolitan, *n.* A citizen of the world ; a person who is nowhere a stranger, or who is at home in any place : اہل دنیا - شائق الدنیا - محب عالم - وہ جو وطن دوست نہیں بلکہ اہل جہان ہے * *a.* Free from local prejudices ; liberal : مطابق - حب العالم - فیاضانہ

Cosmos, *n.* The whole world ; universe : - دنیا - عالم - کائنات

Cossack, *n.* A warlike Russian tribe very expert on horse-back : روس کی ایک بہادر قوم

Cosset, *n.* A lamb brought up by the hand ; a pet : ہاتھوں کا پلا ہوا بھیڑ کا بچہ - عزیز - لاڈلا

Cost, *n.* The price for a thing ; charge ; expense ; loss ; suffering : - قیمت - صرفہ - خرچ - لاگت - نقصان - اذیت * **I know it to my—,** میں نے ٹھوکر کے سیکھا ہے * **At the king's—,** جیب سلطانی سے * **—price,** اصل قیمت * **prime—,** اصل لاگت

——, *v.* To require to be given or suffered : دام لگنا - خرچ ہونا - صرف ہونا * **To—dear,** بہت دام لگنا یا نقصان ہونا

Costal, *a.* Pertaining to the ribs : پہلو سے متعلق

Coster-monger, *n.* A fruit-seller : میوہ فروش

Costive, *a.* Bound in the bowels ; constipated : قابض - قبضیت

Costiveness, *n.* State of being costive ; constipation : قبضیت - قبض

Costliness, *n.* Expensiveness : - بیش قیمتی - بھاری مول کا

Costly, *n.* Of high price ; expensive ; dear : بھاری مول کا - گراں - بیش بہا - بیش قیمت

Costs, *n.* Law expenses : خرچہ عدالت * **Each party to pay its own—,** خرچہ طرفین ذمہ طرفین

Costume, *n.* A customary dress : - لباس کا طریق - پوشاک - پہناوا

Cot, Cottage, *n.* A hut ; a small country house : جھونپڑی - کٹی - چھوٹا بنگلا

Cot, *n.* A small bed : پلنگڑی - کھاٹ

Cote, *n.* A pen ; a sheep-fold : - کھیرا - باڑا - دربا - باڑی

Coterie, (*Pro. co-te-ri*), *n.* A clique ; a set ; a circle : جتھ - گروہ - فريق

Cottager, Cotter, *n.* One living in a cottage : جھونپڑي يا کٹي کا رهنيوالا

Cotton, *n.* Vegetable wool and cloth made from it : کپاس - پنبہ - روئي - روئي کا کپڑا - سوتي کپڑا

Couch, *v. i.* To lie down ; to stoop, as in fear ; to hide : ليٹ جانا - جھکنا - دبکنا - چھپنا

——, *v. t.* To lay down ; to compose to rest ; to express ; to remove a cataract from the eye ; to lower ; to conceal : الٹانا - بيانکرنا - آنکھہ کا جالا نکالنا - جھکانا - پوشيدہ رکھنا * To—a spear or lance, مارتے وقت بھالے کو هاتھہ ميں تولنا * *n.* A seat of repose ; a bed ; a lair : - کھاٹ - پلنگ - کوچ - جنگلي جانور کي بيٹھک

Couchant, *a.* Lying down with the head erect : گربہ نشست يا سر اوٹھائے اونکڑو بيٹھا هوا

Cough (*cof*), *n.* A violent effort of the lungs to throw off phlegm : کھانسي - سرفہ - کھونکي * *v. i.* To try to throw off phlegm : - کھانسنا - کھکارنا - دھانسنا * To—up, کھکار کے تھوکنا

Could, (*p. t.* of Can) Was able or capable : سکا

Coulter, *n.* Knife in front of a ploughshare : هل کي پھاڑ

Council, *n.* An assembly for consultation ; a congress ; a convocation ; consultation : مجلس - جماعت - سبھا - صلاح * —chamber, ديوانخانہ - نشستگاہ * Common—, ديوان عام * Legislative—, مشيران قانوني * To hold—, مشورہ يا صلاح لينا

Councillor, *n.* A member of a council : رکن جلسہ - صلاحکار

Counsel, *n.* Advice ; consultation : - نصيحت صلاح - مشورہ * Secrecy : راز * An Advocate : وکيل * *v. t.* To give advice ; to warn ; to direct : صلاح دينا - آگاہ کرنا - نصيحت کرنا * To keep one's own—, اپنا بھيد چھپانا * To keep the—, to preserve a composed or natural look : سنجيدہ مزاجي دکھانا

Counsellor, *n.* One who give advice ; a minister ; a barrister : - صلاحکار - ناصح - منتري - مشير - وکيل

Count, *v. t.* To number ; to reckon ; to compute ; to esteem : - شمار کرنا - گننا - حساب کرنا - لحاظ کرنا - خيال کرنا - سمجھنا * *v. i.* To swell the number ; to add to ; to bereckoned ; to be of value or significance ; to rely on : بڑھنا - زيادہ هونا - شمار کيا جانا - گنتي ميں هونا - قابل لحاظ هونا - اميد يا يقين رکھنا - بھروسا کرنا * To—on or upon, to rely on : بھروسہ کرنا * To—up, to add up : جوڑنا * To—for, to pass for : شمار ميں آنا

Syn.—Calculate, enumerate, number, compute.

Count, *n.* Reckoning : شمار * A charge in an indictment : الزام دعوي - علت * A title : ايک خطاب

Countenance, *n.* Appearance ; the face ; favour ; feature ; patronage ; aid : - صورت شکل - چھرہ - بشرہ - عنايت - شفقت - توجہ - مدد

——, *v. t.* To support ; to favor ; to patronise ; encourage : تائيد کرنا - حمايت کرنا - مهرباني کرنا * Out of—, confounded : شرمندہ * To keep in—, to support : سنبھالنا - مدد لينا

Counter, (*L. Contra*, against) *n.* One who counts ; a piece of metal used in counting ; a shop table : شمار کرنيوالا - سکہ شمار - دوکان کي ميز جسپر روپيہ گنا جاتاھے

Counter, *a.* Contrary ; opposite : مقابل - برخلاف

Counteract, *v. t.* To act in opposition to ; to hinder : مزاحم هونا - کاٹنا - هارج هونا - روکنا

Counterbalance, *v. t.* To weigh against with an equal weight ; to counterpoise : - هم وزن هونا - پاسنگ کرنا - برابر کرنا * *n.* An equal weight in the opposite scale : برابر وزن - برابر دھڑا - پاسنگ

Countercharm, *n.* That which dissolves or opposes a charm : دافع افسون - اُلٹا منتر

Countercheck, *n.* A stop ; a rebuke : - روک ممانعت - سرزنش

Counterfeit, *v. t.* To imitate ; to feign ; to forge : - نقل کرنا - تلبيس يا تقليد کرنا - جعلسازي کرنا - نقل کرنا

——, *a.* Forged ; fictitious ; spurious ; hypocritical ; presenting a likeness : - جعلي - جھوٹا - دغل - نقلي - مکرکا - شباهت نما - بناوٹي - کھوٹا (*as* A *counterfeit* coin).

Counterfeit, *n*. An impostor ; a forgery ; an imitation : دغاباز – دغابازي - جعل - نقل - ملبس – مزدور

Counterfoil, *n*. The corresponding part of document : مثنی

Countermand, *v. t*. To call back command ; to revoke a command : حکم بدلنا – رد کرنا - منسوخ کرنا * *n*. A contrary order ; revocation : تبدیلي حکم - تردید یا تنسیخ حکم

Countermarch, *v. i*. To march back, or in reversed order : مراجعت کرنا - پیچھے لوٹنا – الٹا کوچ کرنا * *n*. A change of the wings or face of battalion : صف کا پلٹنا - الٹا کوچ - واپسي

Countermine, *n*. A gallery under ground from which to destroy the mines of the enemy : دشمن کي سرنگ کے مقابل سرنگ * *v. t*. To frustrate by secret and opposing measures ; to intercept with a countermine : پوشیدگي سے شکست دینا یا زیر کرنا - چال یا چھل سے رو کرنا- سرنگ در سرنگ سے روکنا

Counterpane, *n*. The cover of a bed ; coverlet : پلنگ پوش

Counterpart, *n*. The corresponding part ; a copy ; a duplicate ; an opposite : مثنی - نقل بمقابلہ اصل - جراب

Syn.—Copy, duplicate.

Counterplea, *n*. A publication to a plea : موجبات – جواب عذر

Counterplot, *n*. A plot against a plot : سازش کے خلاف سازش

Counterpoise, *v. t*. To counterbalance ; to equal in weight ; to balance : هم وزن کرنا - پاسنگ کرنا

Countersign, *v. t*. To sign in addition and opposite to the signature of a principal ; to attest the authenticity of a writing : دستخط کے مقابل بتصدیق دستخط کرنا

——, *n*. A military watchward : وہ نشان جس سے پہرے والا فوج میں داخل ہونے دیتا ہے * (**Countersignature** : ثبت دستخط

Countervail, *v. t*. To act against equally ; to counterbalance ; to be of equal value to ; to compensate - برابر کرنا - هم وزن کرنا - هم قیمت کرنا - پورا عیوض دینا

Countess, *n*. The wife of a Count : بي بي – بیگم

Countless, *a*. Innumerable ; numberless : بیشمار - بیتعداد

Country, *n*. A tract of land ; rural parts opposed to town or city ; the populace : ملک - * ولایت - اقلیم - دیہات – بیرو نجات – رعایا - عوام *a*. Pertaining to the country ; rude : ملکي - دهقاني - دیسي - بے شعور *— **folk**, *n. pl*. the inhabitants of a country : کسي ملک کے باشندے

Countryman, *n*. One of the same country ; a rustic : هم وطن - هم ملک - دهقان - دیہاتي

County, *n*. A shire ; a district : علاقه - ضلع - صوبه * —**town**, the chief town of a county : قصبه

Coup, *n*. A master-stroke ; a sudden stroke stratagem : چست وار-داؤں - حکمت - چوٹ - ضرب * —**de grace** *(kood gras)*, a decisive stroke ; کاري چوٹ - زخم مہلک * —**de main**, *(kood man)*, a sudden and overpowering attack : دهاوا - هله - تاخت * —**de soleil**, *(kood-so-la-yi)* a sunstroke : دهوپ کي چوٹ - لوہ - سرسام

Couple, *n*. Two alike ; a pair ; a brace : دو - جوڑا - جفت - زوج * *v. t*. To chain together ; to unite as husband and wife : ملانا - جوڑنا - عقد باندھنا - شادي کرنا

Couplet, *n*. Two lines of poetry that rhyme together : بیت - فرد – شعر – دوہا

Coupling, *n*. That which couples or connects : آنکڑا - جوڑ - بندھن

Coupon, *n*. (*koopon*), An interest certificate attached to a transferable bond : پرچه- رسید * A part of a railway ticket or postal money order which is cut off when a payment is made : کوپن اقرار نامه

Courage, *n*. Bravery ; intrepidity ; valour : همت – جرات - دلیري - بہادري - جوانمردي - شجاعت

Syn.—Heroism, gallantry, boldness, dauntlessness.

Courageous, *a*. Brave ; daring ; bold : دلیر - جوانمرد – بہادر

Courier, *n.* A messenger sent in haste, usually on public business ; a travelling servant : هرکارہ - نامہ بر - قاصد

Course, *n.* A race-ground ; progress ; career in life ; the way ; manners of proceeding ; procedure ; regular succession ; *pl.* menses : گھوڑ دوڑ کا میدان - رفتار - روش - طور - طریق - راستہ - قاعدہ - ڈھنگ - سرشتہ - سلسلہ - حیض - ایام - اثناء * **Course** (*at table*) : - کھانوں کا دور - پروسنا * **—of a river,** دھارا - بہاؤ * **Best—,** - صلاح - مصلحت * **In—,** in regular order : - سلسلہ وار - بدلی - عیوض میں * **In—of business,** - مقابلہ برابری - میں - کاروبار کے انتظام میں * **In due—,** وقت پر - قاعدہ سے - معمولی - چندے بعد - * **Of—,** undoubtedly : بے شک - ضرور بالضرور * **Out of the ordinary—,** خلاف دستور - خلاف قاعدہ مقررہ * **Words of—,** صرف باتیں - باتیں هي باتیں

Syn.—Road, route, passage, race, series, mode.

——, *v. t.* To hunt ; to chase ; to pursue ; to force to run : - شکار کرنا - رگیدنا - پیچھا کرنا - کھدیڑنا - دوڑانا

Courser, *n.* A race-horse ; a war-horse : - ترنگ - سمند - گھوڑ دوڑ کا گھوڑا - اسپ باد پا - لڑائی کا گھوڑا

Court, *n.* The residence or retinue of a prince : پادشاهي محل یا ارکان دولت - حشم و خدم - بادشاہ کے امراء * The hall or chamber where justice is administered : عدالت - اجلاس - کچہری * Open space before a house : چوک - میدان * The judges : حکام عدالت * Polite attention : - دلجوئی - خاطر * Addresses ; respects : - حصول نیاز - قدمبوسی - آداب * **To hold a—,** دربار کرنا * **To pay—to one,** کسي کي خاطر کرنا * **—of 1st instant,** مرافعہ اول * **—of wards,** محکمہ سر پرست نابالغان * **In open—,** بر سر اجلاس

Court, *v. t.* To try to win favour or love : خوشامد کرنا - تعشق ظاهر کرنا - آرزومند هونا - چاهنا * **To—a quarrel,** لڑائی مول لینا * **To—death,** * موت چاهنا - جان سے بیزار هونا - زیست سے هاتھ دهونا

Courteous, *a.* Polite ; civil ; complaisant ; affable : صاحب اخلاق - نیک نهاد - ملنسار - خوش اطوار

Courtesy, *n.* Civility ; politeness ; affability ; favour : نیک نهادی - خوش اخلاقی

Courtier, *n.* One who frequents the courts of princes ; a flatterer : درباری - خوشامدی - دنیا ساز

Courtly, *a.* Elegant in manners ; polite ; refined ; dignified : - خوش اخلاق - خوش اسلوب - مہذب - رعبدار

Court-martial, *n.* A court of officers for trying offences in the army or navy : - کورٹ مارشل - جنگی یا بحری عدالت

Courtship, *n.* Act of wooing in love : زوجیت کی طلبگاری - عشقبازی - اظهار محبت بغرض شادی

Court-yard, *n.* An enclosed yard adjoining a building : آنگن - صحن

Cousin, *n.* The child of an uncle or aunt : چچیرا - ممیرا یا موسیرا بھائی

Cousin-german, *n.* A first or full cousin : حقیقی چچیرا بھائی

Couteau (Pro. *Cuto*), *n.* A double-edged knife : دودهار والا چھرا

Cove, *n.* A small creek or bay ; an inlet ; a recess : کھاڑی - خلیج - کول

Covenant, *n.* A mutual agreement ; a contract ; a deed ; the writing : - قول و قرار - عهد و پیمان - اقرار نامہ - لکھوت * *v. t.* To grant or promise by covenant : لکھ دینا - اقرار کرنا

Cover, *v. t.* To spread over ; to screen ; to envelop ; to include ; to incubate ; to secure ; to be sufficient for : - ڈھانکنا - چھپانا - ملفوف کرنا - شامل کرنا - انڈے سینا - بچانا - کافی هونا *n.* A lid ; shelter ; pretence : - ڈھکنا - غلاف - لفافہ - سرپوش - پناہ - حیلہ

Coverlet, *n.* The upper covering of a bed : پلنگ پوش - چادر - بالا پوش - اوڑھنی - دلائی

Covert, *n.* A shelter ; a defence ; a thicket : جائے پناہ - بچاؤ - جھاڑی - آڑ * *a.* Secret ; disguised ; sheltered : مخفی - پوشیدہ - پناہ دار - محفوظ

Syn.—Shelter, refuge, asylum, retreat.

Coverture, *n.* The state of a married woman ; a place of concealment : - سوهاگن پنا - سوهاگ - پناہ - جائے حفاظت

Covet, *v. t.* To wish for eagerly or unlawfully ; to hanker after : طمع کرنا - لالچ کرنا - حرص کرنا

Covetous, *a.* Very desirous ; avaricious : - لالچي - حريص

Covetousness, *n.* An eager desire of gain ; avarice : لالچ - حرص - طمع

Syn.—Avarice, cupidity, eagerness ; parsimony.

Covey, *n.* A brood of birds : جهول - پال - جهنڈ

Syn.—Brood, flock, set.

Covin, *n.* A secret agreement to injure another; conspiracy : - خفيه عهد دوسرے کو ضرر رساني کے ليئے - سازش

Cow, *n.* The female of the bull ; (*Pl.* cows or kine) : گاے - گاؤ * *v. t.* To depress with fear : خوف دلانا - ڈرانا - دهمکانا - دبانا

Coward, (*L. Cauda*, a tail) *n.* One who lacks courage ; a poltroon : - ڈرپوک - نامرد - بزدل - هيز - کاير * **Cowards are cruel,** بزدل بے رحم هوتے هيں

Cowardice, *n.* Want of courage ; timidity : بزدلي - نامردي - کم همتي

Cowardly, *a.* Timid ; mean ; faint-hearted ; dastardly : ڈرپوکنا - لينڈي - بزدلا - نامرد

Cow-dung, *n.* Excrement : گوبر

Cower, *v. i.* To sink down through fear ; to crouch : خوف سے دبکنا يا جهک جانا - سکڑ جانا

Syn.—Shrink, cringe, fawn, stoop.

Cowherd, *n.* One who tends cattle : - گوالا - گهوسي - اهير

Cow-itch, *n.* کونچ کا درخت - کونچ کي پهلي

Cow-pox, *n.* The vaccine disease : گوتهن سيتلا

Cowl, *n.* A monk's cap or bonnet ; a covering for the head : کلاه - قلندر کي ٹوپي - جبه - کفني

Coxcomb, *n.* A fop ; a jester ; top of the head : بانکا - مسخره - اکڑ باز - چهيلا - کپال - چوٹي

Coxswain, *n.* A seaman who steers a boat : پتهوريا

Coy, *a.* Modest ; shy ; reserved : - شرمگين - محجوب - لجت

Coyness, *n.* Reserve ; shyness ; modesty ; bashfulness : حجاب - حيا - شرم - لاج

Cozen, *v. t.* To cheat ; to deceive ; to beguile : فريب دينا - ٹهگنا - دهوکا دينا * (A form of cousin, to claim as one's cousin or relative in order to cheat).

Cozenage, *n.* Fraud ; deceit : - فريب - دغابازي - دهوکها - چهل

Cozy, *a.* Warm ; snug ; comfortable : آرامده

Crab, *n.* A well-known shell-fish : کيکڑا * A sign of the zodiac : برج سرطان - کرک راس * A sour apple : ايک قسم کا جنگلي سيب

Crabbed, *a.* Sour in temper ; difficult : ترش مزاج - مشکل - چڑ چڑا - سخت

Crack, *n.* A small opening ; a fissure : * کڑک - تڑاکا - درز - شگاف - شق - آن کي آن * I will fetch him here in a *crack* : ميں اسے آن کي آن ميں يهاں لاتا هوں * *v.t.* To break into chinks ; to split ; to snap ; to boast ; to cry up : - تڑکانا - پهاڑنا - بال ڈالنا - درز ڈالنا - چيرنا - چٹکارنا - شيخي مارنا * **To—a joke,** : ٹهٹها مارنا - چٹکلا چهوڑنا * **To—a louse,** جوں مارنا * **To—one's fingers,** چٹکي بجانا - انگلياں چٹکانا * *v. i.* To burst ; to open in chinks ; to utter a loud sudden sound : پهٹنا - تڑکنا - کڑکنا - بهڑکا هونا - چٹاخا هونا * **To—a crib,** to break into a house as a thief : سينده لگانا - نقب زني کرنا * *a.* Excellent - عمده - بڑا - تڑاقے کا - کڑاکے کا * **—speaker,** تڑاقے کا بولنے والا

Crack-brained, *a.* Crazy ; insane ; mad ; whimsical : ديوانه - سڑي - پاگل

Cracker, *n.* A kind of firework : پٹاخا * A boaster : - شيخي باز - ترار زبان * A kind of biscuit : ايک قسم کا بسکٹ

Crackle, *v. i.* To make small, sharp, noises one after another ; to sputter : - چڑچڑانا - چٹکنا - مڑمڑانا

Cracknel, *n.* A hard brittle biscuit : ايک قسم کا کرکرا بسکٹ

Cracksman, *n.* A burglar : نقب زن

Cradle, *n.* A rocking bed for infants : - پالنا - گهواره - هنڈولا * The nursery, دايه خانه * Infancy : بچپن * A case for a broken bone : ٹوٹي هوئي هڈي کے سنبهالنے کي خول * **From the—to the grave,** مهد سے لحد تک - بالپن سے بڑهاپے تک * *v. t.* To lay or rock in a cradle ; to nurture : جهلانا - لوري دينا - پرورش کرنا

Craft, *n.* Manual art ; trade ; دستکاري - هنر - پیشه * Fraud ; cunning : چهل - دغا * A small sailing vessel : کشتي - ڈونگا * *v. i.* To play tricks : چهل کرنا - فطرت کرنا - لڑانا

Craftily, *a.* Cunningly ; artfully : - چالاکي سے دغابازي سے - عياري سے

Craftiness, *n.* Cunning ; stratagem : - چالاکي عياري - حرفت - روباه بازي

Craftsman, *n.* An artificer ; a mechanic : اهل حرفه - کاريگر - دستکار

Crafty, *a.* Artful ; skilful ; cunning : - حراف چالاک - عيار

Syn.—Wily, subtle, dexterous, deceitful, sly.

Crag, *n.* A rough, steep rock : کراره - ٹيلا

Craggy, *a.* Full of crags ; rugged : - کرارے دار ناهموار - بيهڑ

Cram, *v. t.* To stuff ; to thrust in by force ; to eat beyond satiety : - ٹهونسنا - بهر لينا - ناک تک بهرنا - کوچها کوچ بهرنا * To coach for an examination : امتحان کے لئے تيار کرنا * To learn by heart without understanding : رٹ لينا

Cramming, *n.* Act of qualifying for an examination by hasty preparation : - رٹنت - گهوکنت

Crambo, *n.* Rime : تکبندي - قافيه بندي - بيت بازي

Cramp, *n.* A spasm or contraction of the limbs ; a compression : - اينٹهون - تشنج - مروڑ - روک - دباؤ

Crane, *n.* A migratory fowl : سارس - کلنگ * A machine for raising heavy weights : بهاري بوجهه اُٹهانيکي کل - دمکلا - منجنيک

Craniology, *n.* Science of the structure of the skull and its relation to the faculties of the mind ; phrenology : - سر يا دماغ کي ترکيب کا علم - علم کاسهٔ سر

Cranium, *n.* The skull : کهوپڑي - کپار

Crank, *n.* The end of an axis bent down : دهرے کا کُهني دار سرا * A bend : موڑ - خم * A twisting or turning in speech : گفتگو کي پيچيدگي * *v. i.* To run in a winding course : ٹيڑهے راسته ميں جانا

Crank, *a.* Brisk ; merry ; liable to be upset : چست - چالاک - زنده دل - خوش - الٹنے کے قابل

Cranky, *a.* Crazy ; crotchety ; unsteady : - سڑي خبطي - باؤلا - وهمي - متلون مزاج - غير مستقل - کمزور

Cranny, *n.* A small, narrow opening ; a fissure ; a crevice : دراز - سوراخ - شگاف

Crape, *n.* A species of black gauze worn as a sign of mourning : ايک قسم کا باريک ماتمي کپڑا

Crapulence, *n.* Sickness by intemperance : خمار - سرمستي

Crash, *n.* A loud noise, as of things falling and breaking ; ruin ; failure : - دهڑاکا مرمراهٹ - ديوالا - ناداري * *v. i.* To fall to pieces with loud noise : هڑهڑانا - بڑے زور سے ٹوٹنا

Crass, *a.* Gross ; dense : - کثيف - موٹا - سخت - نپٹ

Crate, *n.* A hamper of wicker-work for crockery : ٹوکرا - جهاپه - دوري

Crater, *n.* The mouth of a volcano : - جوالا مکهه دهانهٔ کوه آتش فشاں - آتش خيز پهاڑ کا دهانه

Cravat, *n.* A neckcloth : گلوبند (*Fr.* corruption of croat).

Extrication, *n.* Act of disentangling ; liberation : چھٹکارا - خلاصي - آزادي - رہائي

Extrinsic, *a.* Outward ; external ; unessential : باھري - بيروني - عارضي - ظاھري

Extrude, *v. t.* To thrust out ; to expel : - ٹھيلنا ڈھکيلنا - نکالدينا

Exuberance, *n.* Overflowing ; plenty ; superfluity : افراط - افزوني - کثرت - فراواني

Syn.—Abundance, excess, plenty, overflow.

Exuberant, *a.* Overabundant ; superfluous ; profuse ; rich : کثير - فراوان - لبريز - بہت زيادہ - سرسبز - ھرا بھرا

Exudation, *n.* The act of sweating out ; substance exuded ; secretion ; oozing ; liquid matter given out : - پسيجنا - پسينہ - رس - اخراج - عرق - رطوبت

Exude, *v. t.* To discharge through the pores : پسيجنا - پسينہ نکلنا چونا - رسنا - ٹپکنا

Exulcerate, *v. i.* To grow to an ulcer : ناسور ھونا

Exult, *v. t.* To rejoice greatly ; to triumph ; to rejoice triumphantly ; to spring joyously : بہت خوش ھونا - باغ باغ ھونا - مگن ھونا - فخر کرنا فيروزمندانہ فخر سے خوشي کرنا - شاديانہ بجانا - خرمي سے اچھلنا - پھولا نہ سمانا

Exultant, *a.* Rejoicing ; triumphing : - شادان فرحان - نہايت خوش

Exultation, *n.* Great joy : - شادماني - خرمي - فخر اُمنگ

Syn.—Joy, transport, elation, delight.

Exustion, *n.* Consumption by fire : - آگ سے جلنا بھسم ھو جانا

Exuviæ, *n.* The cast skins or shells of animals : کھال - کينچلي - اُترن

Eyas, *n.* A nestling hawk : چرغہ باز کا بچہ جو ابھي شکار نہ کر سکتا ھو

Eye, *n.* The organ of sight : آنکھہ - چشم * The power of seeing : نظر - نگاہ * View : نمايش * Watch : نگہباني * Hole of a needle : سوئي کا ناکا * Catch for a book : تکمہ * Bud of a plant or root : انکھوا * The power of judging accurately by the eye : شناخت * A bright spot on a feather : بندي - چتي * To keep an—on, to watch : نگہباني کرنا * To put one's—s out, to extract one's eyes : آنکھيں نکالنا * In the—of the wind, in the direction right opposite to that of the wind : ھوا کي رخ کے عين eys مخالف * In the twinkling of an—, very soon : دم بھر ميں - پل مارتے * To cry one's—s out, رو رو کر انکھيں سجانا * To feast the eyes upon, آنکھيں سينکنا - گھورنا * To find favour in the eyes, خاطر تواضع اور مدارات سے پيش آنا * To run the eye over, نگاہ دوڑانا * Better an eye out than always aching, آنکھہ پھوٹي پيڑ گئي * The master's—makes the mare fat, کھيتي خصم سيتي

Eyeball, *n.* The ball or apple of the eye : آنکھہ کا ڈھيلہ يا پتلي - آنکھہ کا تارا

Eyebrow, *n.* The hairy arch over the eye : بھوں - ابرو

Eyedrop, *n.* A tear : آنسو - اشک

Eye-glass, *n.* A glass to assist the sight چشمه - عينک

Eyelash, *n.* Hair on the eyelid : برونی - پلک - مژه

Eyeless, *a.* Deprived of sight : نابينا - اندها

Eyelet, *n.* A small hole or opening : چهيد يا سوراخ

Eyelid, *n.* The cover of the eye : پردهٔ چشم - پلک

Eyesalve, *n.* Ointment for the eye : آنکهه کا انجن

Eyesight, *n.* Power of seeing ; vision : بينائي

Eyesore, *n.* Something offensive to the sight : آنکهوں کا خار - آنکهوں کا کانٹا

Eye-tooth, *n.* The tooth next the grinders : کهونٹے - وه دانت جو ٹهيک آنکهه کے نيچے هوتے هيں

Eye-witness, *n.* One who sees a thing done : چشمديد گواه - معائنه - شاهد حال

Eyry, Eyrie, *n.* A place where birds of prey build their nests and hatch : شکاري چڑيوں کا گهونسلا

F

Fable, *n.* A fictitious narration intended to enforce some useful truth ; a moral story : حکايت - نصيحت اميز مثنوي - داستان - افسانه - * *v. t.* To invent : اپنے دل سے ايجاد کرنا - گهڑنا - کوئي بنانا

Fabric, *n.* A building : * عمارت - حويلي - مکان Manufactured cloth : * پارچه - کپڑا - بناوٹ Make ; construction : - ساخت ترکيب و ترتيب - نظم و نسق

Fabricate, *v. t.* To build ; to construct ; to manufacture ; to forge : عمارت بنانا - تعمير کرنا - تيار کرنا - ساخت کرنا - جعل کرنا - جهوٹا کاغذ بنانا

Fabrication, *n.* Construction ; manufacture ; invention a story ; a falsehood : - تعمير - بناوٹ - دروغ - بندش - ساخت - تعمير - گڑهت - قصه - جهوٹ

Syn.—Fiction, figment, invention.

Fabulist, *n.* A writer or inventor of fables : افسانه نويس - قصه گو

Fabulous, *a.* Fictitious ; unreal ; false : جهوٹا - مصنوعي - دروغ - قصه کهاني کا زمانه

Facade, *n.* The front view or elevation of an edifice : سامنا - اگواڑا - روے مکان - پيش گاه

Face, *n.* The visage ; the countenance : - چهره - رخ - بشره * Surface : سطح * The fore-part : اگواڑا * Presence : حضور * Boldness : جرأت * Assurance : شوخي * Dial of a watch : گهڑي کا ڈايل * Effrontery : ڈهٹائي - شوخي * A plane side : پهلو * Look : آن - ادا - خط و خال * To make a—, to make a grimace : منه بنانا * To make a long—, to look gloomy : منه لٹکانا * —to—, Confronting each other : روبرو - آمنے سامنے * To fly in the—of, to act in direct opposition to : - برخلاف کام کرنا * Look in the—, آنکهه سے آنکهه ملانا * To set the—against, - التفات نه کرنا - منه پهير لينا

Face, *v. i.* To carry a false appearance ; to turn about ; to act impudently or hypocriti :- رخ پهيرنا * مقابله کرنا - اڑنا - سامنا کرنا - ڈهٹکنا - مکاري کرنا * To—one out of his wits, شوخي سے کسي کو زبردستي پاگل قرار دينا * To—a man out of one's acquaintance, بے حيائي سے کهنا نه ميں تو آپ کو جانتا هي نهيں

——*v. t.* To meet in front, to stand opposite to ; to confront ; to cover in front : منه - بهڑنا * - بهيڑ کرنا - مقابل هونا - سامنے ڈٹنا - پيٹه نه دکهانا ڈهانکنا - پاٹنا - چهپانا To—down, هرانا

Facer, *n.* One who puts on a false show ; a bold faced person ; a severe blow on te face : بهروپيه - شوخ - مکار

Facetious, *a.* Gay ; humorous ; witty : خوش مزاج - ظريف - ٹهٹهول باز - مذاقيه - هنسوڑ

Facetiae (*fa-se' shi-e*) *n. pl.* Humorous sayings or writings : نکته - لطيفه - ظريفانه کلام - مذاقيه کلام

Facile, *a.* Easy ; affable ; pliant : - آسان - خوش خلق - ملايم

Syn.—Pliant, flexible, ductile, easy.

Facilitate, *v. t.* To make easy : آسان کرنا - سهل کرنا

Facility, *n.* Easiness ; dexterity ; ready compliance آساني - تيز دستي - سهوليت - مستعدي

Syn.—Ease, readiness, condescension, affability.

Facing, *n.* A covering in front for ornament or protection : - پوشش - استرکاري - حاشيه - کناره - گوٹ - سنجاف

Fac-simile, *n.* Exact likeness : ٹھیک نقل یا صورت - نقل مطابق اصل

Fact, *n.* A thing done ; deed ; reality ; truth ; statement of a thing done : - کام - فعل - امر * حقیقت - اصل - اصل حقیقت - امر واقعی - کیفیت حال - بیان * In--, درحقیقت * —s of the case, حالات مقدمہ * Not founded in—, خلاف امر واقعی * As a matter of—, سچ مچ - دراصل

Syn.—Act, event, incident.

Faction, *n.* A political party ; dissension : ملکی فریق - جھگڑا - نا اتفاقی

Factious, *a.* Given to faction ; turbulent : فتنہ انگیز - مفسد

Syn.—Turbulent, seditious, refractory.

Factitious, *a.* Made by art ; artificial : - عملی مصنوعی - جعلی - تقلیدی - ساختہ

Factor, *n.* A mercantile agent : - گماشتہ - کار کن - کار پرداز - کارندہ * (*Math.*) Anything that contributes to a result or forms a product : - جز اجزاء ضربی

Factorage, *n.* A factor's commission : حق گماشتگی - دلالی - آڑھت - دستوری

Factory, *n.* A place where factors transact business for employers ; a manufactory ; the body of factors : گودام - کوٹھی کارخانہ - جماعت کارکن - کارندے

Factotum, *n.* One employed to do all kinds of work : وہ نوکر جس سے سب قسم کا کام لیا جاوے

Faculty, *n.* Power of the mind ; ability : ذہنی قوت - لیاقت * Natural power or endowment : خداداد وصف * Talent : اصلی جوہر * A body of men whom any specific right or privilege is granted : جماعت سند یافتہ - علما

Fade, *v. i.* To perish gradually ; to lose colour ; to vanish : مر جھانا - کمھلانا - رنگ پھیکا ہو جانا زایل ہونا - کافور ہونا

Fadeless, *a.* Not liable to fade : - جو نہ مرجھائے لازوال

Fadge, (*Faj*) *v. i.* To agree ; to suit ; to fit together ; to succeed : - موافق ہونا - مطابق ہونا - ٹھیک بیٹھانا - کامیاب ہونا - بن آنا

Fæces, *n.* (*Fes-seez*) (*Pl.*) Dregs ; excrements ; sediments : گوہ - پا خانہ - تلچھٹ - آلایش

Fag, *v. i.* To grow weary ; to tire ; to drudge : ماندہ ہونا - محنت کرنا - تھک جانا * *n.* An under schoolboy ; a drudge : غلام - ٹہلوا - خدمتگار

Fag-end, *n.* The end or meaner part of anything ; the end of a web of cloth ; the last part : چھانٹن - فضلہ - کنارہ کا موٹا حصہ - بالکل اخیر حصہ

Faggot, *n.* A bundle of sticks for fuel : ایندھن کا گٹھہ

Fail, *v. i.* To be wanting ; to fall short ; to decay ; to cease ; to miss ; to become insolvent ; to miscarry : کمی ہونا - کم ہونا - گھٹ جانا - زایل ہونا - محروم ہونا - نا کامیاب ہونا - دیوالہ نکالنا - گر جانا - چوکنا - نہ چلنا - پورا نہ ہونا

Failure, *n.* Deficiency ; omission ; decay ; bankruptcy : کمی - نقص - ناکامیابی - بھول - خطا - زوال - دیوالہ

Fain, *ad.* With joy or pleasure ; gladly : خوشی سے - شوق سے

Faint, *a.* Lacking strength ; weak in spirit ; depressed ; done in a feeble way ; timorous : ناتواں - کمزور - ڈرپوک - بزدل - اوداس - افسردہ خاطر * *v. i.* To grow feeble ; to swoon ; to decay ; to become depressed : کمزور ہونا - غش میں آنا - زایل ہونا - مایوس ہونا - جی ڈوبنا - اوداس ہونا

Faint-hearted, *a.* Cowardly ; timorous : - بزدل ڈرپوک

Faintness, *n.* State of being faint ; languor ; feebleness of colour ; light, &c.; dejection : ضعف - کمزوری - ناتوانی - پھیکاپن - ہلکاپن - اوداسی - کاہلی

Fair, *a.* Handsome : خوبصورت * Clear : صاف * Not black : گورا * Favourable : معقول * Even : ہموار * Open : کھلا * Frank : صاف دل * Just ; upright : راست - کھرا - ایماندار - بےرو رعایت * Pretty ; good : واجبی * Not cloudy : - کھلا - پھرچھا - مطلع صاف * —dealing, سچا بیوہار * The —sex, بیبیاں - عورتیں * By—means or foul, کسی طرح سے ایمانداری سے یا بے ایمانی سے * A—character, نیک نامی * —play, منصفانہ سلوک

Syn.—Pure, frank, honest, equitable.

——, *n.* A stated market : میلا - تماشا * The female sex : عورت * Beauty, حسن - خوبصورتی - جمال * Good fortune, خوش قسمتی - کامگاری *

To bid—to, to be likely to : غالباً هونا * **—and square,** justly ; honestly : انصافاً - ایمانداري سے * **—play and no favour,** just treatment and no show of kindness : انصاف اور رعایت نهیں * *ad.* kindly ; honestly ; clearly ; straight : دوستانه - بامروت - ایمانداري سے - ظاهرا - صاف صاف - دهیرج سے

Fairness, *n.* Beauty ; honesty ; clearness : خوبصورتي - حسن - ایمانداري - راست بازي - صفائي

Fairy, *n.* A fabled spirit ; an enchantress : پري - پریزاد - پري - جادوگرني - ساحرہ * **—faced,** پري پیکر - پري رو

Fairy-land, *n.* The abode of fairies : پرستان - پري لوک

Faith, *a.* Firm and earnest belief ; confidence ; creed ; promise ; loyalty ; fidelity : ایمان - اعتقاد - عقیدہ - وعدہ - قرار - نمک حلالي - وفا * **To break—,** اقرار سے پهرنا - خلاف وعدہ کرنا * **In good—,** نیک نیتي سے - ایمان سے - دهرم سے * **To keep—with,** وعدہ وفا کرنا

Faithful, *a.* Trusty ; loyal ; upright ; honest : معتبر - معتمد - نمک حلال - ایماندار - راست باز - صادق القول

Syn.—Trusty, **honest, upright, sincere.**

Faithfully, *ad.* Honestly : وفاداري سے - ایمانداري سے - راست بازي سے

Faithfulness, *n.* Veracity ; honesty : سچائي - ایمانداري

Faithless, *a.* Unbelieving ; treacherous ; disloyal : بے دین - بددیانت - نمک حرام - بے وفا

Faithlessness, *n.* Treachery : دغا بازي - دهوکها

Falcate, *a.* Hooked : خمدار - تیڑها

Falchion, *n.* A short crooked sword : خمدار تلوار - تیغه

Falcon, *n.* A hawk trained for sport : باز - شکرا - شاه باز

Falconry, *n.* Act of training hawks : بازداري - شاهین پروري

Fald-stool, *n.* A folding stool ; a bishop's chair : لپیٹنے والي کرسي - سردار پادري کي کرسي

Fall, *v. i.* To dropdown ; to become prostrate ; to find a final outlet ; to perish ; to lose strength ; to be brought forth ; to become insignificant ; to depart from faith or from rectitude ; to become ; dejected ; to be entrapped ; to become ; to happen ; to begin with haste ; to become the property of : گرنا - پڑنا - ٹپکنا - چهکنا - اوندهے پڑنا - گرنا - پڑنا - هلاک هونا - نیست ونابود هونا - پست هونا - گهٹنا - جننا - بچه دینا - خفیف هونا - حقیر هونا - منحرف هونا - آزردہ هونا - پژمردہ هونا - پهنسنا - گرفتار هونا - هوجانا - پڑنا - واقع هونا - نازل هونا - ٹوٹنا - هاتهه آنا - پهونچنا * **To—away,** to grow lean : لاغر یا دبلا هونا * To revolt : پهر جانا - منحرف هونا * To perish : مرجهانا * **To—back upon,** to withdraw or go back to : پناہ لینا * To have recourse to : مجبوراً قبول کرنا * **To—down,** to come to the ground : گرپڑنا * **To—from,** depart from duty or allegiance : پهرنا - منحرف هونا * **To—in with,** to agree with : اتفاق کرنا * To meet accidentally : اتفاقیه ملاقات هوجانا * **To—off,** to drop down : گر پڑنا * to forsake : ساتهه چهوڑنا * **To—on or upon,** to attack ; to assault : حمله کرنا * To light on : نازل هونا * To begin eagerly : جلدي سے شروع کرنا * **To—out,** to happen : واقع هونا * To quarrel : لڑپڑنا * To drop : گرپڑنا * **To—through,** to fail ; to miscarry : ناکامیاب هونا * **To—to,** to begin eagerly to eat : کهانے پر ٹوٹ پڑنا * To apply oneself to : کام میں لگ جانا * **To—foul of,** to come in violent contact with : لڑ پڑنا یا بهڑ پڑنا * **To—short of,** to be less than : کم هونا * **To—into oblivion,** گمنام هونا - فراموش هونا - یاد سے اُترنا * **To—into the clutches of,** داون پر چڑهنا - چنگے چڑهنا

Fall, *n.* Act of falling ; the act of dropping or tumbling descent ; overthrow ; destruction ; diminution : اُفتادگي - نزولي - پچهاڑ - پٹکني - اوتني - اوتار - نشیب - پائمالي - شکست - تنزلي - زوال - گهٹي - کمي * A cataract : آبشار * **Autumn,** پت جهڑ - خزاں * **To break the—of any thing,** چوٹ بچانا

Fallacious, *a.* Producing mistake ; deceitful : حیله آمیز - غلط کار - فریبي - مکار - کاذب

Syn.—Deceptive, delusive.

Fallacy, *n.* A deceitful argument ; sophism : مغالطه - دهوکها - خلاف بیاني - کذب

Fallibility, *a.* Liableness to err : خطا پذيري - قصورواري

Fallible, *a.* Liable to mistake : خطا پذير - چوکنے والا

Falling-sickness, *n.* A name for epilepsy : مرگي

Fallow, *a.* Pale, red or yellow : سرخي يا زردي مايل * Left untilled ; unsown : بنجر - غير مزروعہ - افتادہ * *v. t.* To plough without sowing: جوتنا - هل چلانا

False, *a.* Not true : جهوٿا * Unfaithful : بے وفا Treacherous : دغا باز * Counterfeit ; not genuine : کاذب - جعلي - نقلي - قلبي - تقليدي * To put a—colour on, ملمع کرنا - ٿيپ ٿاپ کرنا

Falsehood, *n.* Want of veracity ; untruth ; treachery : دروغ - جهوٿهہ - ناراستي - فريب

Falsely, *ad.* Untruly ; treacherously : ناراستي سے دغابازي سے

Falsify, *v. t.* To represent falsely ; to prove to be false ; to counterfeit : کهوٿا بنانا - جهوٿها ثابت کرنا - جهوٿها ٿهہرانا - جعلي بنانا

Falsify, *v. i.* To tell lies ; to forge ; to prove untrustworthy ; to break by falsehood : جهوٿهہ بولنا - جعلي بنانا - کهوٿا بنانا - گڑهنا - جهوٿها ثابت کرنا

Falsity, *n.* Quality of being false ; a false assertion ; lie ; deceit : دروغ - جهوٿهہ - فريب

Falter, *v. i.* To hesitate in speech ; to stammer; to tremble : پس و پيش کرنا - هکلانا - کانپنا - لکنت کرنا - هچکچانا - سفارش کرنا

Fame, *n.* Celebrity ; reputation ; renown : شہرت - نامورى - نيک نامي - يش

Familiar, *a.* Domestic ; intimate ; free ; well-versed ; well-known : خانگي - يگانا - آشنا - مانوس - بے تکلف - واقف - مشہور * On—terms, بے تکلف * To be—with, ملا جلا رهنا - يار بننا - دوست بن جانا * To grow—, يا بنا رهنا

Familiarity, *n.* Easy intercourse ; intimacy : بے تکلفي - ربط - ميل - انسيت - دوستي - اختلاط - ارتباط

Syn.—Acquaintance, fellowship.

Familiarize, *v. t.* To make familiar or intimate ; to habituate ; to inure ; to make fully : ربط کرنا - هلانا - آسان کرنا - خوگر کرنا - عادي کرنا - خوب شنا سا واقف يا ماهر کرنا

Familiarly, *ad.* In a familiar manner ; commonly : بلا تکلف - بے باکانا - اکثر اوقات - عموما

Family, *n.* A household ; a generation ; kindred a lineage ; a class : خاندان - گهرانا - نسب - بال بچے - بهائي بند - سگے سودرے - اقربہ - نسل - فرقہ - حمل سے - پيٿ سے * In the—way, قوم - برادرى - ذات

Famine, *n.* General scarcity of food ; dearth : قحط - اکال - گراني

Famish, *v. i.* To die of hunger : فاقہ کرنا - بهوکهوں مرنا

Famous, *a.* Renowned ; illustrious : مشہور معروف - نامور

Syn.—Noted, signal, remarkable.

Fan, *n.* An instrument to blow and cool the face, and one to winnow grain : پنکها - بادکش - مورچهل - سوپ

——, *v. t.* To cool with a fan ; to winnow ; to blow on : پنکها کرنا - صاف کرنا - دهونکنا * To excite : بهڑکانا * To—the fire, To—the flame, آگ سلگانا - بهڑکانا

Fanatic, *n.* An enthusiast ; a bigot : مجذوب - متعصب

Syn.—Enthusiast, visionary, zealot.

Fanatical, *a.* Wild ; mad ; visionary : متعصبانہ - مجنونانہ - ديوانہ

Fanaticism, *n.* Extravagant notions ; religious frenzy : تعصب - سرگرمي - جوش - مذهبي جنون - نڈر پن

Fancier, *n.* One who has a special liking for anything : شوقين - لہري - موجي - وهمي

Fanciful, *a.* Whimsical ; visionary : وهمي - قياسي - خيالي

Fancy, *n.* The power of forming images in the mind ; whim ; notion ; liking; capricious inclination : قياس - وهم - خيال - پسند - اُمنگ - موج - ترنگ * After one's—, اپنے خيال کے موافق * To take a—to, دل دينا - چاهنا - من بسنا

Syn.—Imagination, conception, thought.

Fancy, *v. t.* or *i.* To imagine ; to conceive : تصور کرنا - گمان کرنا

Fane, *n.* A temple ; a church : مندر - گرجا - مسجد - شوالہ - مقدس مکان

Fang, *n.* The tusk of an animal ; a claw or talon : لمبا دانت - پنجہ - چنگل - زهرريز دانت

Fantastic, *a.* Irrational ; capricious ; imaginary : خیالي - وهمي - متلون مزاج - لهري

Fantastical, *a.* Existing only in the imagination : محض خیالي (وجود)

Fantasy, *n.* Fancy ; imagination ; a curious decoration or pattern وهم - خیال - نرالا نقش و نگار

Fap, *a.* Drunk ; fuddled : پئے هوئے - مخمور - مدهوش

Far, *a.* Distant ; remote : دور - بعید

——, *ad.* At or to a great distance ; very remotely ; very much : فاصلے سے - دوري سے * بهت زیادہ * By—, in a great degree : بدرجۂ کمال * From—, from a great distance : بهت فاصلہ سے *—and wide, all around : چاروں طرف

Farce, *n.* A ridiculous show ; a low style of comedy : خندہ انگیز سوانگ - نقل - ادنی قسم کا سوانگ

Syn. Burlesque, caricature.

Farcic-l, *a.* Belonging to a farce ; ludicrous : سوانگ - متعلق - هنسي کا

Fardel, *n.* A little pack ; a bundle : بقچه - پوٹري - گٹهري

Fare, *v. i.* To go ; to travel ; to be in any state, good or bad ; to happen well or ill ; to feed : جانا - سفر کرنا - کسي حالت میں هونا - گذرنا - * واقع هونا - پڑنا - کهانا - اوقات بسري کرنا - گذران کرنا

Let us see how it fares with him, دیکهئے اُسکے ساتھ کیسا کچهه گذرتا هے * *n.* Price of conveyance ; the person conveyed ; food ; the state of things : کرایه - سواري - اجرہ - خوراک - صورت حال

Farewell, *n.* A wish of welfare at parting : الوداع - خدا حافظ

Farina, *n.* Flour ; starch or fecula : آٹا - پهولوں کي رج

Farm, *n.* Land occupied by a tenant ; a landed estate : زمینداري - کهیت - کاشت * *v. t.* To let to a tenant on rent ; to cultivate land : ٹهیکه یا لگان پر اسامي کو دینا - جوتنا

Farmer, *n.* One who cultivates a farm : کاشتکار - کسان - ٹهیکه دار

Faro, *n.* A gambling card game : گنجفه کا ایک کهیل

Farrago, *n.* A medley ; a confused mass : پچمیل - کهچڑي - گڈمڈ

Farrier, *n.* One who shoes horses ; a horse doctor : نعلبند - سلوتري - گهوڑوں کا علاج کرنے والا

Farriery, *n.* The business of a farrier : سلوتري کا کام - نعلبندي

Farrow, *n.* A litter of pigs : سور کا جهول

Farther, *a.* More remote : زیادہ دور

Farthing, *n.* The fourth part of a penny : پیني کا چوتها حصه

Farthingale, *n.* A hoop to spread the petticoat ; a hoopskirt ; a crinoline : سایا پهیلانیکا چکر

Fascinate, *v. t.* To enrapture ; to captivate ; to bewitch : فریفته کرنا - موہ لینا - جادو کرنا بس میں کرنا

Fascination, *n.* Act of bewitching ; a charm ; inexplicable influence : جادوگري - فریفتگي - سحر - نظر بندي - دلکشي

Fash, *v. t.* To vex ; to annoy : دق کرنا - چهیڑنا - ستانا

Fashion, *n.* Form ; custom ; style of dress : شکل - صورت - دستور - رواج - وضع - طور - طریقه - پهنانا * *v. t.* To mould ; to adapt : ڈهالنا - بنانا - موافق کرنا

Fashionable, *a.* Conforming to the fashion ; well-bred ; genteel : رواج کے مطابق - وضع دار - شریف - خلیق

Fast, *v. i.* To abstain from food : فاقه کرنا - روزہ رکهنا - برت کرنا

Fast, *n.* Abstinence from food : فاقه کشي - روزہ - برت

——, *a.* Firmly fixed ; strong ; steadfast; swift; faithful ; deep ; immutable : جکڑا هوا - استوار - مستقل - کسا هوا - تیز رفتار - سچا - شرع - همیشه کے لئے

Fasten, *v. t.* To fix firmly ; to hold together : جکڑنا - کسنا - باندهنا

Fastidious, *a.* Difficult to please ; squeamish ; delicate to a fault : تنک مزاج - مدمغ - عالي دماغ - باریک بین - نک چڑها - نازک پسند - مرزا پهریا —temper : نازک مزاج

Syn.– Squeamish, over-delicate.

Fastidiousness, *n.* Over-niceness : تنک مزاجي - باریک بیني - عالي دماغي

Fasting, *n.* Abstaining from food : روزہ داري - برت

Fastness, *n.* Firmness ; a stronghold : مضبوطي - اُستواري - قيام - پختگي - کوٹ - گڑھ - قلعہ

Fat, *a.* Plump ; greasy ; rich ; dull ; fertile : فربہ - موٹا - چربي دار - روغني - سست - زر خيز

Fat, *n.* Oily part of animal bodies : چربي * A large tub or cistern : حوض - کٹھرا - کونڈہ * The best part, پيداواري - زرخيزي - سير حاصل * To live on the fat of the land, پانچوں انگلياں گھي ميں

Fatal, *a.* Destructive ; deadly ; unlucky : مہلک - مضر - قاتل - کمبخت

Fatalism, *n.* The doctrine of fate ; or inevitable necessity : قضا و قدر کا عقيدہ - تقدير کي تعليم

Fatality, *n.* Invincible necessity ; mortality ; that which is decreed by fate : تقدير - قسمت - هلاکت - نوشتہ ازل - حکم - قضا - مقسوم

Syn.—Destiny, fate, mortality.

Fate, *n.* A decree pronounced by God ; destiny : قسمت - تقدير - سر نوشت - قضا - مرت - بھا بھي

Syn.—Destiny, doom, fortune, death.

Father, *n.* A male parent : باپ - پدر - والد * First ancestory : مورث اعلی - دادا پر دادا - بزرگ * Dignitary or authority in the church : پادري * Almighty Father of all : خدا - پر ميشور * Originator : موجد - باني اصل و نسل

——, *v. t.* To adopt ; to acknowledge one's self author of ; to own : متبنی کرنا - کسي تصنيف کو کسي شخص سے منسوب کرنا - قبول کرنا

Fatherhood, *n.* State of being a father ; paternity : پدريت - ابويت

Father-in-law, *n.* Father of one's husband or wife : خسر - سسر - سسرا

Fatherless, *a.* Having no father : بے باپ کا - يتيم

Fatherly, *a.* Paternal ; tender ; kind : پدرانہ - پدري - شفيق - مہربان

Fathom, *n.* A depth of 6 feet : ٦ فٹ گہرائي * *v. t.* To sound the depth of ; to penetrate : تھاہ لينا - پيٹھنا - خوض کرنا

Fathomless, *a.* Incapable of being fathomed : عميق - اتھاہ - اگم

Fatigate, *n.* Weary : تھکا - ماندہ

Fatigue, *n.* Great weariness ; toil : تکان - ماندگي - تھکائي - محنت * *v. t.* To weary with exertion ; to tire : تھکانا - ماندہ کرنا

Fatling, *n.* A young animal fattened for slaughter : جانور جو ذبح کرنے کے لئے فربہ کيا جاے - حلوان

Fatness, *n.* Plumpness ; fertility : موٹائي - فربہي - زرخيزي

Fatten, *v. t.* To make fat ; to enrich : موٹا کرنا - زرخيز کرنا * *v. i.* مٹاپا چھانا - فربہ ہونا - گدرانا

Fatty, *a.* Containing or like fat ; greasy : چربي دار - روغني - موٹا

Fatuity, *n.* Weakness of mind ; foolishness : حماقت - بيوقوفي - سادہ لوحي - بيعقلي

Fatuous, *a.* Silly ; illusory : احمق - نادان - بے جڑ - بے بنياد - بے اصل * Ignis fatuus, چھلاوہ - بے اصل اگ

Fauces, *n.* The posterior part of the mouth : حلق - کنٹھہ

Faugh, *inter.* An exclamation of contempt or abhorrence : کلمہ تحقير - تف - چھي چھي

Fault, *n.* A defect : عيب * An offence : قصور - تقصير * Mistake : بھول - چوک - غلطي - سہو * A moral failing : غفلت - قصور - خطا - تقصير - کھوٹ * Want : کمي - نقص - عيب * To find—with, عيب نکالنا - نکتہ چيني کرنا - قصور وار ٹھہرانا

Faultless, *a.* Without fault ; blameless ; perfect : بے عيب - بے نقص - کامل

Faulty, *a.* Defective ; imperfect ; blameable : زبون - عيب دار - ناقص

Faun, *n.* A rural deity : ايک جنگلي ديوتا - ادھا بکرا آدھا آدمي

Fautenil (*fo-tey*), *n.* An armchair esp. a president's chair : آرام کرسي - مسند

Favour, *v. t.* To regard with kindness ; to support ; to facilitate : مہرباني کرنا - مدد دينا - رعايت کرنا - موقع دينا

——, *n.* Kind regard : شفقت * Countenance : کرم - عنايت - پچھداري * Regard : لحاظ * Good will : نيک انديشي * Befriending : اعانت - ياوري - حمايت

التفات * To be in—with, مونهه لگا هوا * In—of, بحق - به نام * Under—of darkness, تاریکي کي پناه میں

Syn.—Kindness, support, grace, gift, mercy, regard.

Favourable, *a.* Indicating partiality ; kind ; friendly ; advantageous ; suitable : – طرفدار - مددگار - مهربان - مفید - موافق - معقول

Favoured, *a.* Treated with special kindness ; especially liked or approved : منظور نظر - معقول برگزیده - پسندیده - خاص طور سے - خاطر پزیر یا مستحسن هو جانا * Hard—, course visaged : درشت صورت * Ill—, ugly ; ill-looking : - بدصورت - زیشت رو * Well—, goodlooking : خوش شکل

Favourite, *n.* A person or thing regarded with favour ; loved or preferred above others ; pet ; darling particularly liked. : – عزیز - دلپسند - مقرب - منظور نظر - دوست - دلارا - لاڈلا - منه لگا - ناک کا بال

Favouritism, *n.* The act of showing favour ; partiality : پاسداري - طرفداري - مهرباني - رعایت

Fawn, *n.* A young deer : هرن کا بچه - آهو - بره * *v. i.* To court favour by cringing ; to toady or play the sycophant : - خوشامد کرنا - عاجزي کرنا - چاپلوسي کرنا - کچهه فیض حاصل کرنے کے لئے تعلق کرنا

Fay, *n.* A fairy ; an elf : پري - جن * Faith : ایمان * By my—, اپنے ایمان کي قسم - ایمان سے

Fealty, *n.* Fidelity ; loyalty : فرمان برداري - وفا داري - نمک حلالي - ایمانداري

Syn.—Homage, loyalty, fidelity.

Fear, *n.* Apprehension of danger ; dread ; anxiety : دهشت - خوف - ڈر - اندیشه - دغدغه * *v. t.* To be afraid of ; to dread : ڈرنا - خوف کرنا - رعب ماننا - اندیشه کرنا

Fearful, *a.* Timorous ; afraid ; dreadful : دهشت انگیز - خوفزده - مهیب - خوفناک

Fearfully, *ad.* Timorously ; frightfully : - خوف سے - هیبت سے

Fearless, *a.* Free from fear ; bold ; undaunted ; intrepid ; daring : بلاخوف - بیباک - نڈر - دلیر

Feasibility, *n.* Practicability : – امکان - سهولیت - آساني - عمل پزیري - هونهاري

Feasible, *a.* That may be done ; practicable : قابل تعمیل - ممکن - قابل عمل درآمد - هونهار

Feast, *n.* A banquet ; a festival ; feasting : ضیافت - دعوت - تقریب

Syn.—Entertaining, treat.

——, *v. t.* To entertain sumptuously : - دعوت کرنا - ضیافت کرنا - فرحت بخشنا * To—one's eyes : آنکهیں سیکنا

——, *v. i.* To eat sumptuously ; to be highly delighted : عمده کهانا کهانا - حظ اٹهانا - مزه لینا

Feasting, *n.* An entertainment ; a treat : - دعوت - مهمانداري - تواضع

Feat, *n.* An act ; a deed ; an exploit ; a trick : کام - فعل - مهم - بازي گري - کرتب - چالاکي

Feather, *n.* The plume of birds : پر - پنکهه * Species : قسم - جنس * An ornament : – کلغي - زیبایش * Birds collectively : پرند * Down : - بال - رونگٹا - روان * —in the cap, a mark of honor : عزت یا ناموري کا نشان * To show the white—, to show signs of cowardice : - دم دبا کر بهاگ جانا - پیٹهه دکهانا * In full—, خوب سج دهج کے - اراسته و پیراسته هو کے * To be in high—, خوش و خرم نظر انا - کریز میں انا - مگن هونا

——, *v. t.* To furnish or adorn with feathers : پروں سے اراسته کرنا - پر لگانا * To—one's nest : اپنا گهر بهرنا - تونگر یا مالا مال کرنا

Feathery, *a.* Covered with or like feathers : پردار - پر لگا هوا

Featly, *ad.* Gracefully : دهج سے - خوش ادائي سے

Feature, *n.* Form of the face ; a lineament ; marked peculiarity : - شکل - صورت - خال و خط - نقشه - حلیه

Febrifuge, *n.* A medicine serving to remove fever : بخار کي دوا

Febrile, *a.* Pertaining to or indicating fever : بخار کے متعلق

February, *n.* The 2nd month in the year : انگریزي سال کا دوسرا مهینه - فروري - پهاگن

Fecul, *a.* Pertaining to feces or excrement : متعلق گاد یا گوبر - آلایشي

Feculent, *a.* Foul ; muddy ; turbid : – گنده - میلا - گدلا - مکدر

Fecundity, *n.* Quality or power of producing fruit or young ; power of germinating ; fertility : قوت تولید - بار آوري - طاقت بچه کشي - زر خیزي * —of imagination, تصور کي کثیر الثمري

Federal, *a.* Pertaining to a league or contract : متعلق اتفاق - پابند عہد و پیمان - شرطی

Federate, *a.* Leagued ; confederate ; عہد و پیمان میں شریک - معاہدہ - رفیق

Federation, *n.* Act of uniting in a league ; confederacy : موافقت - اتفاق - شرکت - عہد و پیمان

Fee, *n.* A reward for service ; a tenure : محنتانہ - اجرت - تعلقہ - جاگیر * —simple, معافی دوام * Conditional—, معافی میعادی * Customary—, رسوم

——, *v. t.* To reward ; to bribe ; to hire : اجرت دینا - رشوت دینا - کرایہ پر لینا - محنتانہ یا حق الخدمت دینا

Feeble, *a.* Weak ; infirm , show : ناتواں - کمزور - ضعیف - سست * —style, لچر یا پوچ عبارت

Syn.—Infirm, imbecile, languid.

Feebleness, *n.* Infirmity ; weakness : نقاہت - ضعف - ناتوانی - کمزوری

Feed, *v. t.* To supply with food ; to nourish : غذا دینا - پرورش کرنا - پیٹ بھرنا * To graze : چرانا - چگانا * To cherish : پالنا * To delight : خوش کرنا * To—the fire, آگ لہکانا - بھاڑ جھونکنا * To—with hopes, امیدوار کرنا - دم دلاسہ میں رکھنا

——, *n.* That which is eaten ; act of eating : خورش - غذا - چارا

Feeder, *n.* One who gives food : کھلانے والا - پالنہار - رازق * One who eats : کھانے والا - کھاؤ - خورندہ * One who fattens cattle for slaughter : جو مویشیوں کو ذبح کے لئے پالتا اور موٹا کرتا ہے * A fountain ; tributary : رج بہا - کھال - معاون دریا * A branch railroad : ریل کی سڑک کی شاخ

Feed-pipe, *n.* A pipe for supplying water to a steam engine boiler, or to a pump : وہ نلی جو انجن کے دیگ میں پانی پہونچاتی ہے

Feel, *v. t.* or *i.* To perceive by the touch ; to experience ; to test ; to suffer ; to have a sense of : چھونا - ٹٹولنا - معلوم کرنا - مس کرنا - سمجھنا - قیاس کرنا - امتحان کرنا - دکھ اٹھانا * To—for others, غمگساری کرنا - ہمدردی کرنا

——, *n.* The sense of feeling ; the touch : لمس - چھونا

Feeler, *n.* An antenna ; any device for ascertaining the feelings or views of others : کیڑوں کا مونچھہ یا سینگ - اوروں کے خیالات دریافت کرنے کی آلت

Feeling, *n.* Sensibility ; touch ; consciousness ; emotion ; sentiment ; tenderness : لمس - حس - مس - چھونا - علم - دریافت - جوش - لطف و کرم - دقت - دلی خیال - دل * To sound one's—, دل لینا

Syn.—Sensation, pathos, emotion, passion, agitation.

Feign, *v. t.* To assert by a fiction ; to pretend ; to counterfeit : دروغ بیان کرنا - باندھنا - بناوٹ کرنا - حیلہ کرنا - تقلید کرنا

Feint, *n* A false show ; a mock attack : بناوٹ - بہانہ - دھوکھا - نمایشی حیلہ - مغالطہ - بہلاوا

Felicitate, *v. t.* To make happy ; to delight ; to congratulate : خوش کرنا - رجھانا - مسرور کرنا - مبارکباد دینا - خجستہ یا خوش نصیب سمجھنا

Felicitous, *a.* Happy ; prosperous ; aptly used : شادمان - خوش - خرم - فرخندہ - مبارک - برجستہ - معقول

Felicity, *n.* State of being happy ; happiness ; prosperity : شادمانی - خرمی - اقبالمندی - بختاوری - خوش اسلوبی - خوش صنعت

Syn.—Bliss, blessedness, happiness.

Feline, *a.* Pertaining to or resembling a cat : بلی کا - گربہ مثال

Fell, *v. t.* To knock or cut down ; to prostrate : گرانا - کاٹ ڈالنا - بچھاڑنا

——, *a.* Cruel ; savage ; bloody : بے رحم - سنگ دل - ظالم - وحشی - خونی - مہلک - جلاد * Fellest foes, بے رحم دشمن * Fell disease, مہلک بیماری * —lurking, خون کرنے کے ارادہ سے گھات میں بیٹھا ہوا

——, *n.* A skin or hide of a beast : چرم - کھال * A barren or stony hill : ویران پہاڑی

Fell-monger, *n.* A dealer in hides : چرم فروش

Fellow, *n.* A companion ; an associate ; a person : ہمسر - ہمجولی - رفیق - ہم صحبت - ساتھی - شخص

Fellowship, *n.* State or relation of being a fellow ; companionship ; partnership : اختلاط - رفاقت - صحبت - شراکت

Felon, *n.* One who is guilty of felony ; a malefactor : گنہگار - قصوروار - مجرم

Syn.—Culprit, criminal, malefactor, outlaw.

Felonious, *a.* Villainous ; malignant ; criminal ; culpable : بدکار - شریر - فاسد - مجرم

Felony, *n.* A capital offence ; a heinous crime : جرم شدید - جرم سنگین - کبیرہ

Felt, *n.* A woollen stuff or cloth ; skin : لوني کپڑا - نمدا

Female, *n.* The sex that bears young : - عورت - زن - مادہ * *a.* Feminine : مونث *—craft, تریا چرتر - استري وید

Feminine, *a.* Pertaining to women ; womanly ; effeminate : مادہ - زنانہ - مونث - نازک

Femoral, *a.* Belonging to the thigh : - جانگھ کا - ران کے متعلق

Fen, *n.* Boggy land ; moor ; marsh : - دلدل - جوہر - دھسان

Fence, *n.* A guard ; security ; enclosure ; fencing ; adroitness in debate or repartee : حفاظت - پناہ - پٹہ بازي - چہار دیواري - احاطہ - باڑا - طراري - حاضر جوابي * On the—, کسي فریق کا نہیں - معلق * *v. t.* To enclose with a fence ; to guard; to fortify : مینڈھ باندھنا - محفوظ رکھنا - احاطہ بندي کرنا * *v. i.* To practise the art of manual defence : پٹہ بازي کرنا - لکڑي پھیکنا * To —with foils, لکڑي پھیکنا - پٹہ پھیکنا

Fencing, *n.* Art of self defence with the sword : پٹہ بازي

Fencing-master, *n.* One who teaches the use of weapons : پٹہ بازي و لکڑي کا اُستاد

Fend, *v. t.* To keep off . to shut out ; to dispute : باز رکھنا - روکنا - آنے نہ دینا - کاٹنا - ڈٹنا

Fender, *n.* A utensil placed before the fire : آتش خانہ کے سامنے کي آڑ

Fennel, *n.* An aromatic plant with yellow flowers : سونف - سوا

Fenugreek, *n.* میتھي - شمبلید - هلیت

Feodary, *n.* An accomplice : مشارک

Froff, *n.* A fief : جاگیر - پرگنہ * *v. t.* To grant possession of a fief : جاگیر دینا - دخل دینا

Froffee, *n.* Person invested with the fief : جاگیر دار

Feracious, *a.* Fruitful : باردار

Ferine, *a.* (*pl.* Feræ) Wild ; savage : - جنگلي - وحشي - درندہ

Ferment, *n.* That which causes fermentation ; commotion ; tumult : - خمیر - حرکت - جوش - هنگامہ - بلوہ * *v. t.* To excite internal motion : جوش دیکر اٹھانا

Fermentation, *n.* A gaseous change that takes place in certain substances : جوش - ابال - تخمیر

Fermentative, *a.* Causing fermentation ; fermenting : ابال لانیوالا - مخمر - خمیر اٹھانیوالا

Fern, *n.* A flowerless plant : ایک قسم کا پودہ جسکو ھنسراج کہتے ھیں

Ferocious, *a.* Indicating cruelty ; ravenous ; savage : بے رحم - خونخوار - وحشي

Syn.—Savage, fierce, wild.

Ferocity, *n.* Savageness ; cruelty : - وحشت - سنگدلي

Ferreous, *a.* Made of or pertaining to iron : لوہے - کا آهني

Ferret, *n.* An animal of the weasel kind : نیولے کي قسم کا ایک جانور * *v. t.* To drive out of a hiding place : کمین گاہ سے نکالدینا * To search carefully : خوب تلاش کرنا - ڈھونڈھنا

Ferriage, *n.* The fare, or price paid at a ferry : ناؤ کي اُترائي

Ferrule, *n.* An iron ring at the end of a stick to keep it from cracking : چھلا جو لکڑي کے سرے پر لگایا جاتا ھے اسے پھٹنے سے روکنے کے لئے - شام

Ferry, *n.* A passage across a river or stream : a boat : ناؤ - معبر - گھاٹ x Beach of—laws, حرکات خلاف قانون معبر ناؤ

Ferryman, *n.* One who keeps or rows a ferry : مانجھي - گھاٹوال

Fertile, *a.* Fruitful ; abundant : - زرخیز - سرسبز - بارآور - جیّد

Syn.—Fruitful, productive, rich, luxuriant, exuberant.

Fertility, *n.* Fruitfulness ; productiveness ; richness : زرخیزي - بارآوري - کثرت - پیداوار * —of resource, حکمت عملي

Fertilize, *v. t.* To make fertile or productive ; to enrich : زرخیز کرنا - زرریز کرنا - قابل زراعت کرنا

Ferule, *n.* A rod to punish children at school ; a cane : قمچي - چھڑي - بید

Fervency, *n.* Ardour ; extreme eagerness ; zeal : جوش - سرگرمي - دلسوزي - شوق - تيزي

Fervent, *a.* Ardent ; eager : سرگرم - پر جوش - شوقين - دمکتا هوا - تابناک - سوزناک

Fervently, *ad.* Warmly ; eagerly : سرگرمي سے - دلسوزي سے

Fervid, *a.* Very hot ; vehement ; zealous : سوزنده - تيز - تند - سرگرم

Fervour, *n.* Heat ; excessive warmth ; zeal : حرارت - گرم جوشي - سرگرمي - رغبت

Fescue, *n.* A wire or straw to point out letters to learners : وه تار يا تنکا جس سے مبتديونکو حروف بتلاتے هيں

Festal, *a.* Relating to a feast : ضيافتي * Joyous : مسرور - خوش - شاد - خرم

Fester, *v. i.* To grow virulent ; to rankle ; to corrupt : کهوڑ پکنا يا سڑنا - گلنا - ناقص هونا

Festival, *n.* A day of civil or religious joy : تيوهار - تقريب - پرب

Festive, *a.* Pertaining to a feast ; joyous : gay : تيوهار کا - خوش - خرم

Festivity, *n.* Festive or social joy ; a festival شادي - جشن - عيد

Festoon, *n.* A garland, wreath, &c., hanging in a curve : سهرا - بيل بوٹا - هار

Fetch, *v. t.* To go and bring ; to sell for , to obtain : لے آنا - قيمت پانا - وصول پانا * To—a turn, چکر کرنا * *n.* A trick ; a stratagem ; an artifice : چال - فريب - عياري

Fete, *n.* A festival : تيوهار - پرب

Fetid, *a.* Having an offensive smell ; stinking : گنده - متعفن - بدبو دار - سڑا هوا

Fetlock, *n.* A tuft of hair growing behind a horse's pastern joint : گهوڑے کے ٹخنے کے اُلٹي طرف کے بال * *n.* A chain for the feet ; restraint . بيڑي - زنجير - روک - جولان * In—s, پا به جولان - پا به زنجير

Fetter, *v. t.* To bind ; to shackle ; to confine : پابند کرنا - بيڑي ڈالنا - قيد کرنا - روکنا

Fetter, *n.* Restraint : بيڑي - روک

Fetus, *n.* An animal in the womb : پيٹ کا بچه

Feud, *n.* A deadly quarrel ; contention ; fief : فساد - جهگڑا - خانه جنگي - جاني دشمني - جاگير

Feudel, *a.* Held by tenure . متعلق جاگير جو بشرط خدمت ملک رياست کے هو

Feudalism, *n.* The ancient system of holding lands on military service : جاگير داري بعوض کار فوج

Feudalist, *n.* One versed in the laws of feudalism : وه شخص جو جاگيرداري بعوض کار فوج کے قانون سے ماهر هو

Feudatory, *n.* One who holds not in chief, but by some conditional tenure : جاگيردار جسکو جاگير بشرط خدمت جنگي دي گئي هو

Feudejoie, *n.* (*Fr. pro.* Fu-de-zhwa) A discharge of musketry in honour of any important event : کسي بڑے معرکه کي خوشي ميں سلامي - شلک - توپوں کا فير جس سے خوشي کي علامت ظاهر هو

Fever, *n.* A disease marked by heat, thirst and accelerated pulse : بخار - تپ - حرارت

Feverish, *a.* Affected by fever ; hot ; fickle : بخار سا - مايل به حرارت - سوزان - چنچل

Few, *a.* Not many ; small in number : تهوڑے - چند - قليل - معدود * In—, مختصر طور سے - چند الفاظ ميں - قصه کوتاه * A good—, خاصي تعداد

Fey, *n.* The Moorish or Turkish cap - : ترکي ٹوپي - تربوش

Fiance, *n.* A betrothed man : منگيتر

Fiasco, *n.* A signal failure : خطا - غلطي - چوک - ناکاميابي

Fiat, *n.* A command to do something ; a decree : حکم - فرمان - ارشاد - فتوي

Fib, *n.* A lie ; a falsehood : جهوٹ

Fibre, *n.* A slender thread of an animal or plant : نس - ريشه - تار

Fibrous, *a.* Consisting of fibres : ريشه دار - نسدار

Fickle, *a.* Changeable ; inconstant ; unsteady : متلون - تلون مزاج - بے قرار - ناپائدار - بوالهوس - بے قول

Syn.—Wavering, irresolute, unsettled, unsteady.

Fiction, *n.* A feigned story ; a romance : a falsehood : حکايت - داستان - فسانه - جهوٹ - بناوٹ - فسانه سازي

Syn.—Fabrication, falsehood.

Fictitious, *a.* Feigned ; counterfeit ; false : نقلي - مصنوعي - جهوٹا

Fiddle, *n.* A stringed instrument ; a violin : سارنگي - کنگري - چکارا * *v. t.* To play on a violin ; to trifle : سارنگي بجانا - هاتهه نچانا

Fiddle-de-dee, *intj.* : کیا کهنا هے

Fiddle-faddle, *n.* A trifling talk : فضول باتیں - لغو - غپ - بکواس

Fidelity, *n.* Faithfulness ; loyalty ; veracity ; honesty : وفاداري - نمک حلالي - راستي - ايمانداري - عفت - عشمت

Fidget, *v. i.* To move about uneasily : چلبلانا - کلبلانا - بيکل هونا

Fidgety, *v.* Restless ; uneasy : مضطرب - بيکل - پريشان

Fiducial, *a.* Confident : معتقد - مستحکم

Fie, *interj.* An exclamation denoting contempt or dislike : کلمه تحقير - چهي - تف

Fief, *n.* An estate held under condition of military service : جاگير جو فوج کا کام کرنے کي شرط پر عطا هو - تعلقه

Field, *n.* Felled ground : کشت - کهيت * Cleared land : ميدان * A battle ground : ميدان جنگ * Extent : وسعت - پهيلاو * To be in the—, جنگ پر هونا * To gain in the—, لڑائي فتح کرنا * To keep the—against the enemy, دشمن کے مقابله ميں جمے يا قدم رهنا * —book, a book used by surveyor : پيمايش کي کتاب - خسره * —day, a day when a regiment is taken to the fields for practice : قواعد کا دن * To win the—, to gain a victory : فتح پانا - لڑائي جيتنا

Field-marshal, *n.* An officer of the highest military rank : سپه سالار

Field-piece, *n.* A field-gun · سفري توپ - رهکله

Fiend, *n.* An implacable foe : devil ; an infernal being : دشمن جاني - شيطان - جهنمي

Fiendish, *a.* Like a fiend ; malignant : بهوت سا - شيطان سيرت - بدخواه - بدکينه

Fierce, *a.* Savage ; ferocious , easily enraged : وحشي - خونخوار - تند - غضبناک - درنده

Fiery, *a.* Consisting of fire ; ardent : irritable : آتش - پر شوق - آتشي مزاج - زود رنج

Fife, *n.* A pipe used as a wind instrument : بانسلي - مرلي - الغوزه

Fifteen, *a.* Five and ten : پندره

Fifth, *a.* Next after the fourth : پانچواں - پنجم

Fiftieth, *a.* The ordinal of fifty : پچاسواں

Fifty, *a.* five times ten : پچاس

Fig, *n.* The fruit of the fig tree : انجير - گولر * Also used as a term of contempt ; as, " I don't care a fig for you ", ميں تمهاري رتي بهر پرواه نهيں کرتا

Fight, *v. t.* To contend with ; to war against : جنگ کرنا - لڑنا * *n.* A battle ; an engagement ; combat : جنگ - لڑائي - معرکه * In the heat of the—, عين لڑائي ميں - بحالت جنگ

Syn.—Battle, engagement, combat, struggle.

Figment, *n.* An invention ; a fiction : ايجاد - بناوٹ - ساخت

Figurative, *a.* Representing by figure ; typical ; used in a metaphorical sense ; flowery : مشبه - * تمثيلي - مجازي - اصطلاحي - رنگين - استعارے والي —style, رنگين عبارت

Figure, *n.* A character denoting a number : هندسه - عدد * Form ; shape ; resemblance : شکل - صورت - شبيه * Image : بت - مورت - تصوير * Price : مول - دام - قيمت * Type : نمونه - مثال - علامت * (*Gram.*) A peculiar expression used for impressiveness, as a metaphor, &c. : سياق - کلام - استعاره - محاوره * To cut a—, شان شوکت بنانا

——, *v. t.* To form into any shape ; to show by a resemblance : شکل بنانا - تشبيه دينا * To imagine : خيال کرنا * To indicate by numerals ; to calculate : هندسه لکهنا - شمار کرنا * To—up, گننا

Filament, *n.* A slender thread ; a fibre : سوت - ريشه - نس

Filch, *v. t.* To steal ; to rob ; to pilfer : چرانا - اڑا لينا - چهوٹي چوري کرنا

File, *n.* A collection of papers, arranged for preservation and reference : مسل * A wire on which paper are strung : تار کي نتهي * A list : فهرست * A line of soldiers : صف - قطار . An instrument for reaping : ريتي

Filial, *a.* Befitting a child : فرزندي - فرزندانه - پسري * —love, محبت فرزندي * —obedience, فرزندانه اطاعت

Filings, *n.* (*pl.*) Particles rubbed off by a file : چور - برادہ

Fill, *v. t.* To make full ; to supply abundantly ; to satisfy ; give to drink : پورا کرنا - لبریز کرنا - بھرنا - آسودہ کرنا - سیر کرنا - تشنہ پوری کرنا - انبار یا انالہ لگانا - پلانا * Things that are sweet and fat are more filling, میٹھی اور ثقیل چیز سے جلد جی بھر جاتا ہے

——, *n.* As much as fills or satisfies ; a full supply : سیری - بھر پیٹ * To weep one's—, دل کھولکر رونا * To eat one's—, پیٹ بھر کھانا * —me some wine, تھوڑی شراب پلاؤ * To—in, درج کرنا - داخل کرنا * To—out, انڈیلنا - ڈالنا * To—up to the brim, مونھا منھ بھرنا - لبریز کرنا - لبا لب بھرنا

Fillet, *n.* A head band : سربند - موباف * Fleshy part of the thigh : پٹھے کا گوشت * Meat rolled together and tied round : گوشت کی گُڑیا

Fillibuster, *n.* A free booter ; a sea robber : لٹیرا - سمندری ڈاکو

Filly, *n.* A young mare : بچھیری

Film, *n.* A thin skin or pellicle on the eye : جھلی جالا

Filmy, *a.* Composed of films : جھلی دار

Filter, *n.* A strainer for clearing liquids : صافی - چھنا * *v. t.* To purify by passing through a strainer : چھننا - صاف کرنا * *v. i.* To pass through ; to percolate : چھاننا - رسنا

Filth, *n.* Foul matter ; dirt ; nastiness : میلا - گندگی - کدورت

Filthiness, *n.* Dirtiness : غلاظت

Filthy, *a.* Dirty ; foul ; polluted : نجس - غلیظ - میلا

Syn.—Foul, dirty, obscene, impure.

Filtrate, *v. t.* To strain ; to percolate : چھاننا - نتھرانا - صاف کرنا

Filtration, *n.* Act or process of filtering : چھنائی - نتھرائی

Fimbriate, *v. t.* To fringe : جھالر لگانا

Fin, *n.* The wing-like organ of a fish : مچھلی کا بازو یا پر

Final, *a.* Conclusive ; ending ; last ; destructive : قطعی - ناطق - اخیر - مہلک - قاتل * —cause, علت غائی منشا

Syn.—Conclusive, utlimate.

Finally, *ad.* Lastly ; in conclusion ; completely : آخرش - پس - تمامی - محض

Finance, *n.* Public revenue ; income : مالگذاری - آمدنی - خزانہ

Financial, *a.* Pertaining to finance : مالگذاری یا آمدنی کے متعلق - خزانہ کا - مالکا

Financier, *n.* One skilled in financial matters : دیوان دار المال - خزانچی - روکڑیا - پوت دار

Finch, *a.* A small singing bird : ایک چڑوٹی گانیوالی چڑیا

Find, *v. t.* To light upon ; to discover : دریافت کرنا - ظاہر کرنا - معلوم کرنا * To determine by verdict : تجویز کرنا * To supply : مہیا کرنا * To come upon by seeking : پانا - تلاش سے پانا * To provide for : مہیا کرنا - باہم پہنچانا * To—fault with, عیب نکالنا - دوش لگانا * To—oneself, ہونا - رہنا - پانا

Finding, *n.* A discovery ; the verdict of jury : دریافت - کھوج - تجویز - فیصلہ

Fine, *a.* Thin ; delicate ; keen ; nice ; pure ; handsome ; showy : باریک - تیز - ذکی - دقیق - عمدہ - صاف - خالص - لطیف - جلادار - بھڑکیلا * —fellow, عجیب آدمی - طرفہ معجون * *n.* Penalty ; forfeiture ; the end : جرمانہ - مصادرہ - تاوان - اخر - انجام * In—, الغرض - قصہ کوتاہ - اخر میں * *v. t.* To purify ; to refine , to conflict a penalty : صاف کرنا - میل چھانٹنا - جرمانہ کرنا

Fineness, *n.* Elegance ; delicacy ; purity ; subtility : خوبی - عمدگی - باریکی - صفائی - پاکیزگی

Finery, *n.* Decoration ; show ; splendour : زیبایش - رونق - آرایش - گہنا - چھوٹے زیورات

Finesse, *n.* Sutblety ; artifice : زیرکی - فطرت - حکمت - جگت - حرفت

Finger, *n.* One of the 5 terminating members of the hand : ہاتھ کی انگلی - انگشت * To burn one's—, to fall into trouble : تکلیف میں مبتلا ہونا * To have a—in, to be concerned in : کسی معاملہ میں دخل رکھنا * To have at one's—

ends. To be quite familiar with : خوب یاد ہونا * To let slip through the—s, ہاتھ سے نکل جانے دینا - کھونا

Finger, *v. t.* To handle ; to touch lightly : چھونا - ٹٹولنا * To perform on, or with, the fingers : اُنگلیاں چلانا - بجانا * To pilfer : چوری کرنا

Finical, *a.* Nice in trifles ; fastidious ; foppish : نازک - باریک بین - چھیل چھبیلا

Finis, *n.* (*Lat.*) The end ; conclusion : خاتمہ - اختتام

Finish, *v. t.* To complete ; to make perfect : پورا کرنا - تمام کرنا - مکمل کرنا * *n.* The last touch to a work ; polish ; careful elaboration : صنعت کاری کا کمال - تکمیل - جلا - صیقل شستگی - تکمیل باتدریج و با احتیاط

Finished, *a.* Completed ; perfected ; highly wrought ; polished : مکمل - مکلف - نہایت شستہ - مصقل

Finite, *a.* Limited ; bounded ; terminable : محدود - مقید

Finny, *a.* Having wings : پردار (مچھلی)

Fir, *n.* A tree allied to the pines, valuable as timber : صنوبر

Fire, *n.* Heat and light ; combustion : آگ - شعلہ - جلن * Light : روشنی - پرتو - نور - تجلی * Heat : سوزش - گرمی * Enthusiasm ; passion : سرگرمی - شوق * On—, آگ لگا ہوا - مشتعل * To take—, جلنے لگنا - آگ ہو جانا

——, *v. t.* To set on fire ; to inflame ; to irritate ; to discharge : آگ لگانا - سلگانا - غصہ دلانا - داغنا * To—away, to begin : شروع کرنا * To—up, to fly into a passion : غصہ سے بھڑک اُٹھنا * No smoke without—, to every scandal there is some foundation : تانہ بود چیز کے مردم نگویند چیزہا

Fire-arms, *n.* (*pl.*) Guns, muskets, &c. : توپ - بندوق وغیرہ - حربہ - آتش افگن

Firebrand, *n.* A piece of wood kindled : جلتی لکڑی * An incendiary : آتش زن * One who inflames factions : فتنہ انگیز

Fire-engine, *n.* A machine for pumping water to extinguish fire : آگ بجھانے کی کل

Fire-fly, *n.* A winged luminous insect : کرم شب تاب - جگنو - پٹبیجنا

Firelock, *n.* A musket : پتھر کلا بندوق

Fireman, *n.* A man who extinguishes fires or tends engine fires : انجن میں آگ بجھانے یا جلانے والا - جلائی

Fire-pan, *n.* A pan for holding fire : آتش دان - انگیٹھی

Fireside, *n.* The hearth or space about the fireplace ; chimney ; home : آگ کے قریب کی جگہ - آتش دان - خانہ - گھر - عیال اطفال

Fire-works, *n.* Preparations of powder for brilliant display : آتش بازی

Firk, *v. t.* To beat : مارنا - پیٹنا

Firkin, *n.* A vessel of 9 gallons : ایک پیمانہ ۳۲ سیر اور ۱۰ چھٹانک کا

Firm, *a.* Strong ; hard ; solid ; fixed ; steady : مضبوط - سخت - ٹھوس - مستحکم - مستقل - پائدار

——, *n.* A partnership business : کارخانہ شراکتی - مکان تجارت - کوٹھی

Syn.—Concern, house, company.

Firmament, *n.* The region of the air ; sky or heavens : آسمان - فلک - چرخ

Firmly, *ad.* Strongly ; steadily ; constantly : مضبوطی سے - پائداری سے - بالاستقلال

Firmness, *n.* State or quality of being firm ; solidity : پائداری - مضبوطی - سنگینی

First, *a.* Earliest ; foremost ; chief ; eminent or exalted : اول - اگلا - سابق - مقدم - بڑا - اونچا - اعلیٰ تر - بزرگ * In the—place اول تو - پہلے

Syn.—Primary, original, chief, principal.

First-born, *n.* The eldest child : پہلوٹی کا بچہ

First-hand, *a.* Obtained direct from the factory : کوٹھی یا تجارت گاہ سے سیدھا لایا ہوا - نیا * At—, فوراً - اسیوقت

Firstling, *n.* First produce : پہلا پھل - جانور کا پہلا بچہ

Firstly, *ad.* In the first place : پہلے سے - پہلے - اولاً - پیشتر

Firth, *n.* A narrow passage of the sea ; an estuary : کھاڑی - ناکا یا مہانہ

Fisc, *n.* State treasury ; public revenue : سرکاری خزانہ - بیت المال

Fiscal, *a.* Pertaining to the public treasury or revenue : سرکاري خزانه يا خراج کے متعلق

Fish, *n.* An animal that lives in water : مچھلي - ماهي

——, *v. i.* To try to catch fish : مچھلي کا شکار کرنا * To—in the air, to try at impossibilities : ناممکن کام کرنے کي کوشش کرنا * To—in troubled waters, to strive against hope : نا اُميدي ميں اُميد رکھنا - درهمي برهمي ميں هاتهه مارنا * To have the—to fry, have something else to do : اور کام هونا

Fisherman, *n.* One who catches fish : مچھوا - ماهي گير

Fishery, *n.* The business or place of fishing : ماهي گيري - مچھلي کے شکار کي جگهه

Fish-hook, *n.* A hook for catching fish : بنسي - مچھلي پکڑنے کا کانٹا

Fishmonger, *n.* A dealer in fish : ماهي فروش - مچھلي بيچنے والا

Fissile, *n.* That can be cleft : شگاف پذير - پھاڑے جانے کے قابل

Fissure, *n.* A cleft ; a narrow chasm : درز - شگاف - دراز

Fist, *n.* The human hand clenched : مشت - گھونسا - مٹھي

Fistula, *n.* A reed : نے - سرکنڈا * Pimple ; a deep, narrow, chronic abscess : ناسور - بھگندر

Fit, *n.* A paroxysm ; a convulsion ; a disorder ; a sudden effort or motion ; a passing humour : بيماري کا غلبه - غش - دوره - اينٹھن - جوش - چکر - غش - دهن - امنگ - اچنگ * A fainting—, ضعف * By—s and starts, marked by sudden impulses : ٹهر ٹهر کے - دم لے لے کے

——, *a.* Adapted to an end ; suitable ; sudden impulses : موافق - لايق - مطابق - بے قرار - لهري - متلون - جوش ميں

Syn.—Suitable, proper, appropriate ; desultory ; whimsical.

——, *v. t.* To suit ; to adapt ; to qualify : ٹهيک کرنا - موافق کرنا - معقول کرنا - درست کرنا * To—into, to adjust : ٹهيک هونا * To—out, to equip : تيار کرنا * To—up, to furnish : اراسته کرنا

Fit, *v. i.* To be suitable : مناسب هونا - زيب دينا

Fitch, *n.* A kind of pea : مٹر کي ايک قسم

Fitness, *n.* Propriety ; suitableness : مطابقت - لياقت

Five, *a.* One more than four ; half of ten : پانچ - پنج

Five-fold, *a.* Five times as much : پانچ گنا

Fix, *v. t.* To make firm ; to transfix : to establish : مضبوط کرنا - گاڑنا - متعين يا مقرر کرنا - قايم کرنا * To prepare : تيار کرنا * To stitch : ٹانکنا - چڑهانا * To—a charge, درش الزام يا علت لگانا - ملزم ٹهرانا * To be—ed on anything, ٹهاننا - کمر باندهنا - گهر کرنا - جمنا * To—one's habitation, جهونپڑا ڈالنا - سکونت اختيار کرنا

Syn.—Arrange, adjust, place, settle.

Fix, *n.* A difficulty : مشکل - دقت - حيراني - بھونر جال * To be in a fix, مشکل ميں پڑنا

Fixation, *n.* Act of fixing ; stability ; firmness : استحکام - پايداري - مضبوطي

Fixity, *n.* Permanence ; stability : پايداري - استقلال - قيام

Fixture, *n.* Any article fixed to a house, &c. : کوئي چيز جو کسي مکان ميں جوڑ دي جائے

Flabby, *a.* Soft ; loose ; easily shaking : پلپلا - ڈهيلا - پچپچا - لچيلا

Flaccid, *a.* Flabby ; easily yielding ; soft and weak : پلپلا - ملايم - پولا - ڈهيلا - نرم - کمزور

Flag, *v. i.* To grow spiritless ; to lose vigour : پژمرده هونا - ضعيف هونا - ڈهل ڈهل کرنا

Syn.—Droop, decline, pine, fail, languish.

Flag, *n.* A flat stone used for paving : پٹيا - چٹان * An aquatic plant : هوگلا * Colours or an ensign : جهنڈا - نشان * To hang out the white—, صلح يا ملاپ چاهنا * To hang the flag half-mast high, ماتمي جهنڈا آدهے مستول تک کرنا * To strike or lower the—, اطاعت کے واسطے جهنڈا جهکانا

Syn.—Banner, pennon.

Flageolet, *n.* A small wooden flute : الغوزه

Flagitious, *a.* Extremely wicked ; guilty of enormous crimes : بدذات - زبون - شرير - مردود

Flagon, *n.* A vessel with a narrow mouth for holding liquors : جهجهر - قرابه - صراحي

Flagrancy, *n.* Notoriousness ; enormity : بدذاتي - شرارت - زبوني

Flagrant, *a.* Burning ; glowing ; ardent ; notorious : سوزان - ظاهر - سر گرم - مشهور

Syn.—Atrocious, glaring, flagitious.

Flagstone, *n.* A large paving stone : فرش بندي کا بڑا پتھر

Flail, *n.* An instrument for threshing grain : خرمن کوب - ایک حربه جنگ

Flake, *n.* A scale ; a thin stratum ; flock : پرت - طبق - پھل - گالا - پھاھا

Flambeau, *n.* A lighted torch : مشعل - فلیته

Flame, *n.* Light emitted from fire ; a blaze ; ardour ; love ; object of love : شعله - لو - سرگرمي - دلسوزي - عشق - معشوق - پیارا - سنم * *v. i.* To blaze ; to be enkindled ; to break out in passion : شعله اوٹھنا - دھدھکنا - مہکنا - بھڑک اٹھنا - طیش میں آنا - جوش میں هونا

Flamingo, *n.* A flame-coloured genus of birds : ایک قسم کي سرخ چڑیا - لال لمٹانگو

Flange, *n.* A projecting edge or rim on a wheel to keep it on the rails : پہیئے کي دونو طرف کي باڑ - اٹھا هوا کناره * *n.* Side of the body or of an army or fleet : بغل - بازوے لشکر یا بیڑا - پہلو

Flank, *v. t.* To pass round the side of ; to attack : بازو پر هونا - پہلو پر هونا - بغلي مارنا

Flannel, *n.* A woollen cloth : فلالین - ایک قسم کا اوني کپڑا

Flap, *n.* Anything that hangs broad and loose : ڈھیلي لٹکتي هوئي چیز * The motion of it or the noise made by it : پھٹکار - پھڑپھڑاهٹ * Flap jack, پپڑ - پوري

——, *v. t.* To ply the wings with noise : پر جھاڑنا یا پھڑپھڑانا

Flare, *v. i.* To glitter with transient lustre : دمکنا - چمکنا * *n.* An unsteady, broad, offensive light : لو - دمک - چمک

Flash, *n.* A sudden blaze ; a sudden burst of light : چمک - کوند * *v. i.* To glitter with a quick and transient flame ; to burst out into flames : کوندنا - دمکنا - چمکنا - بھڑکنا - آگ لگ اٹھنا

Flashy, *a.* Dazzling ; showy ; tasteless : چمکیلا - بھڑکیلا - نمایشي - بے مزه - اترا هوا

Flask, *n.* A bottle ; a vessel ; a powder horn : کپا - صراحي - شیشه - سینگرا

Flat, *a.* Level ; even ; without elevation : هموار - چورس - برابر - زمین دوز * Smooth : چکنا * Fallen : گرا هوا * Downright : کھلا - صاف * Cast down ; spiritless : دلگیر * Low : دھیما * Not sharp ; dull : کند - منڈا * Insipid : بے مزه - بے لطف * To fall—, بے اثر هونا

——, *n.* An extended plain : میدان * A shoal : پاني کے نیچے کي تري * A mark of depression in music : نیچا سر * A floor in a building : گچ

Flatly, *ad.* Horizontally ; peremptorily : همواري سے - صاف صاف - دوٹوک

Flatness, *n.* Evenness ; dulness ; insipidity : همواري - سستي - بے مزگي - بے لذتي - سیٹھا پن

Flatten, *v. t.* or *i.* To make or grow flat ; to depress ; to render stale : هموار کرنا - چپٹا کرنا یا هونا - دبنا - افسرده کرنا - پژمرده کرنا - سست کرنا - باسي کرنا - بے مزه کرنا

Flatter, *v. t.* To soothe with praises ; to praise falsely : خوشامد کرنا - چاپلوسي کرنا - پھسلانا

Flatterer, *n.* One who flatters :- خوشامدي - چاپلوس - دمباز

Flattery, *n.* False praise : خوشامد - چاپلوسي - للو پتو - میٹھي باتیں

Flatulence, Flatulency, *n.* Windiness in the stomach : نفخ - بادي - ریح

Flatulent, *a.* Windy ; puffy ; empty : بادي سے پھولا هوا - نفخ - خالي

Flaunt, *v. i.* Flutter ; to display ostentatiously ; to carry a pert or saucy appearance : پھڑپھڑانا - اکڑنا - اینٹھ کر چلنا - بھڑک دکھلانا - نمایش دینا * One flaunts in rags, one flutters in brocade, کوئي گدڑي میں مست کوئي دوشالے میں مست

Flavour, *n.* Relish ; taste ; odour : مزا - ذایقه - خوشبو

Syn.—Smell, odour, fragrance, taste.

Flavour, *v. t.* To give taste or odour : مزه دار بنانا - خوشبودار کرنا - معطر کرنا

Flaw, *n.* A crack ; a blemish ; a defect ; a fault : دراز - شگاف - شق - عیب - نقص - قصور

Syn.—Break, crack, cleft, rent, blemish.

Flawless, *a.* Free from crack or defect: بے درز - بے عيب

Flawy, *a.* Full of flaws or cracks; defective: شگافدار - ناقص

Flax, *n.* Plant of which linen is made: سن کا پيڑ - سن - کتان

Flaxen, *a.* Made of flax; like flax: سن کا بناهوا - سن سا

Flay, *v. t.* To strip off the skin: کهال کهينچنا - چمڑا اوتارنا

Flea, *n.* An insect: پسو * A mere—bite, a trivial pain: چند لمحوں کي تکليف * A—in the ear, an annoying hint or reply: ناگوار إشارہ يا جواب * To have a—in the air, ناکامياب هونے پر هنسي اڑانا - تالي پٹوانا

Fleam, *n.* An instrument for opening veins; a lancet: نشتر

Fleck, *n.* A spot; streak; speckle: دهبہ - لکير - داغ - چتّي

Flecker, *v. t.* To spot; to streak: داغدار کرنا - دهاري ڈالنا

Fledge, *v. t.* To furnish with wings or feathers: پردار کرنا - اوڑنے کے لايق کرنا - سبزہ لانا

Fledgeling, *n.* A young bird just fledged: پٹها - بچّہ

Flee, *v. i.* To shun or avoid: بچنا - بهاگنا - گريز کرنا - دور رهنا * *v. i.* To run away; to escape: بهاگنا - چلدينا

Fleece, *n.* The wool shorn from a sheep: بهيڑ کا اون - پشم * *v. t.* To strip or plunder: کترنا - مونڈنا - لوٹنا

Fleecy, *a.* Covered with wool: پشم دار - اوني

Fleer, *v. t.* To gibe; to mock; to deride: منهہ چڑهانا - هنسي کرنا - ٹهٹها کرنا

Fleet, *n.* A number of ships in company: جهازوں کا بيڑا * A navy: محکمہ بحر * —marriage, گاندهرو بواہ

——, *a.* Swift in motion; nimble: تيز رو - بادپا - چالاک - جلد باز

——, *v. t.* To fly swiftly: تيزي سے اوڑنا - جلد گذر جانا

Fleeting, *a.* Passing rapidly; transient: رواں - عارضي - بے بقا

Syn.—Transient, transitory.

Fleetness, *n.* Swiftness; speed: تيز روي - جلدبازي - شتابي

Fleg, *v. t.* To affright: خايف کرنا - ڈرانا - دهشت دلانا

Flesh, *n.* The muscular part of an animal body; animal food; human nature; mankind; carnality: جسم - بدن - گوشت - انسانيت - بني آدم - انسان - خواهش نفساني يا حيواني - نفس امارہ * —and blood, human nature: بشريت - آدميت - جسم إنسان

Flesh-monger, *n.* One who deals in flesh: قصاب - قصائي - گوشت بيچنے والا

Fleshy, *a.* Full of flesh; corpulent; plump: جسيم - پر گوشت - فربہ - موٹا

Fletcher, *n.* A maker of bows and arrows: تير و کمان بنانيوالا

Flex, *v. t.* To bend: جهکانا - لچانا - موڑنا - خم کرنا

Flexibility, *n.* The quality of being easily bent; pliability: لچلچاهٹ - ملايميت - نرمي

Flexible, *a.* Pliant; manageable; not stiff: لچيلا - جهکنے کے قابل - ملايم - نرم

Syn.—Tractable, yielding.

Flexure, *n.* A bending to one side; bend or crevice; a bow; joint: ايک طرف جهکاو - خمي - بانک - کجي - کورنش - فراشي سلام - لچک - موڑ - خم

Flicker, *v. i.* To flutter; to blaze fitfully; to fluctuate: پوت پهٹانا - ٹمٹمانا - ڈلملانا - لهرانا

Syn.—Flutter, fluctuate, waver.

Flight, *n.* Fleeing: فرار * Flying: پرواز * Removal: نقل مکان * Flock of birds: پرندوں کا جهنڈ - غول - پراول * Set of stairs: زينہ * Sally: حملہ * Wandering: سير - گشت * Volley: باڑہ * Height of imagination: ترنگ * —of steps, سيڑهياں * —of fancy, خيال کي بلند پروازي

Flightness, *n.* Capricious feeling: بيقراري - بے خودي - وهم

Syn.—Levity, giddiness, volatability.

Flighty, *n.* Transitory; indulging in wild sallies of imagination; giddy-headed; eccentric; swift in its flight: چپل - ناپايدار - لهري - سبک مزاج - بکر چاليا - تيز پرواز - چنچل - وهمي

Flimsy, *a.* Thin; weak; feeble; unsubstantial: پتلا - کمزور - بودا - ناپايدار - حبابي - جهر جهرا

Flinch, *v. i.* To draw back; to shrink: هٹنا - هچکنا - جي چرانا - کهسيانا - ڈر سے سمٹنا

Fling, *v. t.* To cast ; to hurl ; to throw : پھینکنا - پٹکنا - بکھیرنا - چھٹکانا * To—open a door, اچانک یا زور سے کھول دینا * To—out, جھٹک جھٹک کے درشتي سے بولنا یا منہہ سے نکالنا * To—down, ڈھانا - مسمار کرنا * To—in, مفت دینا - دے ڈالنا

——, *v. i.* To act in a violent and irregular manner ; wince ; sneer : تنکنا - هلنا - دولتي چلانا - طعنہ دینا - بولي مارنا

——, *n.* A throw or cast ; a gibe ; a sneer : پھینک - انداخت - بولي ٹھولي - آوازہ کشي - طعنہ

Flint, *n.* A hard stone : سخت پتھر - چقماق - پتھري

Flinty, *a.* Made of flint ; hard : چقماق کا بنا هوا - سخت

Flip, *n.* A drink made of beer and spirits : شراب کا شربت

Flip-flap, *ad.* پھڑ پھڑ - ٹھپ ٹھپ

Flippancy, *n.* Talkativeness ; petness : طراري - چرب زباني - لساني - بے امتیازي

Flippant, *a.* Nimble of speech ; talkative ; pert: چرب زبان - طرار - شوخي - بکي - بکواسي

Flirt, *v. t.* To throw with a jerk or quick effort ; to toss about : پھینکنا - جھکا دینا - اوچھالنا - هلانا - جھولانا * *v. i.* To coquet ناز و نخرہ کرنا - چوچلے بازي کرنا - ادا دکھانا * *n.* A sudden jerk ; a jeer : جھٹکا * A pert girl ; a coquette : عشوہگر یا نخرہ باز عورت - عیار - چلبلي

Flirtation, *n.* Act of flirting ; coquetry : چلبلا پن - ناز - نخرہ - اچپلاهٹ

Flit, *v. i.* To fly away ; to move ; to flutter : اُڑ جانا - جلدي سے گذر جانا - نقل مکان کرنا - پھٹ پھٹانا

Flitch, *n.* The side of a hog salted and cured : سور کے پہلو کا نمکین گوشت

Flitting, *n.* A fluttering ; a removal from one house to another : پرواز - اڑان - نقل مکان

Float, *v. i.* To be borne on the water ; to move lightly : تیرنا - پاني کے اوپر رهنا - چلنا * *n.* Something that swims ; a raft : تیرنے والي چیز - بیڑا

Floatage, *n.* Anything that floats on the water : وہ چیز جو پاني پر تیرے

Floating-bridge, *n.* A bridge formed of beams of timber or boats : بلیوں کا پل

Floating-capital, *n.* Capital employed in business, but of uncertain amount free to be used as occasion requires : پونجي جو هر وقت اِستعمال میں آسکے

Floating-debt, *n.* Debt not funded : قرض جو ادا نهیں هوا

Flock, *n.* A company of birds, sheep, or beast ; a lock of wool : غول - جھنڈ - گلہ - اون کي جٹا * —paper, دیواروں پر چپکانے کي چھینٹیں یا اُبري وغیرہ

——, *v. i.* To gather in a crowd ; to assemble : هجوم هونا - جمع هونا - اکٹھا هونا

Floe, *n.* A large mass of floating ice in the ocean : سمندر میں برف کا بہتا هوا تودہ

Flog, *v. t.* To strike with rod ; to whip ; to lash : تازیانہ مارنا - کوڑے پھٹکارنا - بید مارنا

Flogging, *n.* A whipping ; castigation : کوڑے کي مار - سزاے تازیانہ

Flood, *n.* A great overflow of water ; the flowing in of the tide ; a great quantity ; a great body or stream of any fluid substance : طغیاني - سیلاب - باڑہ - جوار - چڑھاو - کثرت - ریل پیل - افراط - دریا - ندي - نالا - رو * *v. t.* To inundate : سیلاب زدہ کرنا - غرق کرنا - طوفان آنا

Flood-gate, *n.* A gate for regulating the flow of water : پاني کے نکاس کا پھاٹک

Flood-mark, *n.* A high water mark : وہ نشان جہانتک کہ جل بڑھکر پہونچے

Floor, *n.* The bottom of room ; a story : فرش - سطح - گچ

Floor, *v. i.* To cover with floor : فرش بنانا - گچ کرنا * To lay level with the floor : دے مارنا - شکست کرنا

Floor-cloth, *n.* An oil-cloth for the floor : فرش - جاجم

Flop, *v. t.* To clap or strike the wings : بازو پھٹپھٹانا - پھڑپھڑانا

Flora, *n.* The goddess of flowers : پھول دیوي * The plants belonging to a country and their description : کسي ملک کے اقسام نباتات اور اُنکا بیان

Floral, *a.* Pertaining to flowers : گل سے منسوب - پھولوں کا

Florescence, *n.* The season of flowering in plants ; a bursting into flower : پھولنے کا موسم - بہار - شگفتگی - پھول لانا - بہار پر آنا

Floret, *n.* A small flower : چھوٹا پھول - گلچہ

Floriculture, *n.* The culture of flowers : پھولونکا چمن لگانا - چمن سازی - باغبانی - پھولوں کی زراعت

Florid, *a.* Flowery ; red ; highly decorated : گلزار - گلفام - سرخ - آراستہ - چمکدار

Floriferous, *a.* Producing or bearing flowers : پھولدار - گلدار

Florin, *n.* An English silver coin worth 2s. : ایک انگریزی چاندی کا سکہ برابر ایک روپیہ کے

Floss, *n.* The down on the husks of plants : کچا بال - بُور - ریشم

Florist, *n.* One who cultivates flowers : مالی - باغبان

Flotation, *n.* Act of floating ; science of floating bodies : بہاؤ - روانی - تیرنے والی چیزوں کا علم

Flotilla, *n.* A small fleet ; a fleet of small vessels : جہازوں کا چھوٹا بیڑا - چھوٹے جہازوں کا بیڑا

Flotsam, *n.* Goods lost by shipwreck and found floating on the sea : ٹوٹے جہاز کا بہتا مال , اسباب

Flounce, *n.* A loose ruffle or flap, around the skirt of a lady's dress ; an impatient gesture : جھالر - سنجاف - تڑپ - تلملاہٹ * *v. t.* To deck with flounce : جھالر یا سنجاف لگانا * *v. i.* To struggle violently : تڑپنا - ہاتھ پاؤں مارنا

Flounder, *n.* A small flat sea-fish : ایک قسم کی سمندری مچھلی * *v. t.* To struggle with violent and irregular motion ; to tumble about : ہاتھ پاؤں مارنا - جہد کرنا - تڑپنا - چھٹپٹانا

Flour, *n.* The edible part of ground corn : آٹا - پسان - میدا * *v. t.* To grind into flour ; to pulverize : آٹا پیسنا - میدا بنانا - سفوف بنانا

Flourish, *v. t.* or *i.* To thrive ; to prosper ; to embellish ; to brag ; to make ornamental strokes with pen : سرسبز ہونا - اقبالمند ہونا - زینت دینا - آراستہ کرنا - شیخی کرنا - لکھنے میں نقش و نگار بنانا * *n.* A fanciful stroke of the pen or graver ; showy ; display ; embellishment : قلم یا کندہ کاری کے نقش و نگار - آرایش - زینت

Flout, *v. t.* To mock or insult ; to sneer at : چھیڑنا - اہانت کرنا - آوازہ کسنا - طعنہ دینا

Flow, *v. i.* To run as water ; to rise ; to melt ; to glide smoothly : بہنا - چڑھنا - جوار آنا - پگھلنا - ڈھلنا * *n.* The rise of water ; a stream ; abundance : سیلاب - جوار - چڑھاؤ - دھار - افراط - کثرت

Flower, *n.* The blossom of a plant ; the prime or basis of anything ; a figure of speech : پھول - کلی - عمدہ چیز - جوانی - عروج - بہار - صنعت - عبارت آرائی * **The—of life,** عالم شباب * **The—of youth,** عنفوان جوانی * *v. i.* To blossom forth ; to flourish : پھولنا - کھلنا - بہار پر آنا - جوبن پر آنا * *v. t.* To adorn with figures : گلکاری کرنا - کشیدہ نکالنا - بیل بوٹے کاڑھنا

Flowery, *a.* Full of flowers ; highly ornamented : گلدار - رنگین

Fluctuate, *v. t.* To waver ; to be unsteady ; to rise and fall : لہرانا - بے قرار ہونا - کم بیش ہونا - گھٹنا بڑھنا

Syn.—Waver, vacillate, hesitate, scruple.

Fluctuation, *n.* Vacillation ; uncertainty ; unsteadiness : بے ثباتی - بے قراری - کمی بیشی - نشیب و فراز

Flue, *n.* A passage for smoke : دھوانرا - دودکش - روشندان * Fur or hair : سمور

Fluency, *n.* Facility of utterance ; command of language ; ready ; facility of expression ; copiousness : فصاحت - لسانی - طاقت گویائی - چرب زبانی - زبان آوری - طراری

Fluent, *a.* Liquid ; flowing ; voluble : رواں - جاری - لسان - فصیح

Fluently, *ad* Volubly : فصاحت سے - صاف

Fluff, *n.* Very light down : ملائم - رواں

Fluid, *n.* Anything that flows readily ; a liquid substance : عرق - پانی - رس

Fluidity, *n.* The quality flowing readily : بہاؤ - رقت - پتلاپن

Fluke, *n.* The part of an anchor which fastens in the ground: لنگر کا وہ حصہ جو زمین میں گڑ جاتا ہے * A small flat fish: ایک قسم کی چپٹی مچھلی

Flume, *n.* The water which drives a mill; channel for water: وہ پانی جو پنچکی کو چلاتا ہے - پانی کی موری یا راستہ

Flummery, *n.* A kind of jelly: لپسی - فالودہ - نمش - فمبری * Empty talk or compliment; flattery: فضول بات - خوشامد - چاپلوسی - بے لطف و بے مغز تحریر یا تقریر

Fluminous, *a.* Abounding with rivers: دریاؤں کا کثرت سے ہونا

Flunky, *n.* A livery servant; lackey; a mean-spirited fellow: چپراسی - پیادہ - خدمتگار - کمینہ شخص - ٹرگا - خوشامدی ٹٹو - قدمبوس

Flurry, *n.* A sudden blast; violent agitation; commotion: جھوکا - ہڑبڑی - گھبراہٹ

Flush, *v. i.* To redden suddenly; to glow; to elate; to flow and spread suddenly: یکایک سرخ ہو جانا - باغ باغ ہو جانا - چہرہ تمتمانا - پھیلنا - بہنا * *v. t.* To redden suddenly; to strike the spirits of; to cause to start, as a hunter, a bird; to wash or cleanse with water: لال یا سرخ کر دینا - خوش کرنا - باغباغ کرنا - شکار جگانا یا چونکانا - دھونا - پانی سے پاک صاف کرنا * *a.* Fresh; vigorous: تازہ - دمکتا ہوا - مقوی * *n.* A flow of blood to the face: شگفتگی چہرہ - گلرنگی - بالیدگی - دمک - جوش * A suit at card: تاش کا رنگ

Fluster, *v. t.* To make hot and rosy: سرخ کرنا - رنگین کرنا - مدہوش کرنا - مست کرنا * To confuse: مضطرب کرنا

Flute, *n.* A musical pipe: بانسلی - مرلی - نے

Flutter, *v. i.* To flap the wings rapidly: پر جھاڑنا یا پھٹپھٹانا * *v. t.* To agitate; to throw into confusion: بے قرار کرنا - گھبرا دینا - مضطرب کرنا * *n.* Rapid motion; hurry; confusion: پھڑپھڑاہٹ - اضطراب - گھبراہٹ - بیقراری

Syn.—Confusion, agitation, disorder.

Fluvial, *a.* Pertaining to rivers: متعلق دریا - دریائی

Flux, *n.* A flowing; looseness; a flow of matter; quick succession: سیلان - بہاؤ - جریان - اسہال - ریزش * **—and reflux of the sea,** جوار بھاٹا - مد و جزر * *v. t.* To melt or fuse: پگھلانا - تگھلانا - گلانا

Fluxibles, *a.* Capable of being melted: تگھلنے کے قابل

Fluxion, *n.* Act of flowing; matter that flows: بہاؤ - روانی - جاری مادہ

Fly, *v. t.* To move with wings: پرواز کرنا - اُڑنا * To pass swiftly: جلدی سے گذرجانا * To escape: بھاگ جانا * To shun: گریز کرنا * To quit: ترک کرنا * **To—at,** to rush on; to fall on suddenly: جھپٹنا - یکایک حملہ کرنا * **To—in the face of,** to act in direct opposition: کسیکے بالکل خلاف کام کرنا * **To—off at a tangent,** to turn aside: پھرنا - تجاوز کرنا * **To—open,** to open suddenly: یکایک کھل جانا * **To let—,** to discharge: چھوڑنا - چلانا * **To come off with—ing colours,** سرکرنا - فتحمند ہونا * **To—in the face of,** to insult; to oppose: بے عزتی کرنا - گستاخی کرنا - مقابلہ کرنا * *n.* A small two-winged insect; a light carriage; a hook; that part of a vane which points out the direction of the wind: مگس - مکھی - ڈانس - ہلکی گاڑی - انکڑا - کانٹا - جھنڈی کا کپڑا - پھریرا * **—of a tent,** قلندرا

Flyblow, *n.* The egg of a fly: بیضہ مگس - مکھی کا انڈا

Flyblown, *a.* Tainted with flyblows; sullied: جسمیں مکھی کے انڈے پڑگئے ہوں - قدرے سڑا - آلودہ - گندہ

Flying-fox, *n.* The bat: چمگادڑ

Flying-leaf, *n.* A blank leaf at the beginning or end of a book: کتاب کے شروع یا آخر میں سادہ ورق

Foal, *n.* The young of a mare or she-ass: گھوڑی یا گدھی کا بچہ - بچھیڑا - بچھیڑی * *v. t.* To bring forth a colt or filly: بچھیڑا یا بچھیڑی بیانا

Foam, *n.* Froth; spume: پھین - جھاگ - کف * Rage: غصہ * *v. t.* To froth; to be in a rage: پھین یا کف لانا - برہم ہونا

Foamy, *a.* Covered with foam: جھاگ دار - کف دار

Fob, *n.* A small pocket for a watch : گھڑي کي جيب * *v. t.* To cheat : فريب دينا - ٹھگنا - دغا کرنا - آنکھوں ميں دھول ڈالنا

Focal, *a.* Belonging to a focus : مرکز شعاع کے متعلق

Focillation, *n.* Comfort : دم دلاسا - تسلي

Focus, *n.* (*pl.* **Foci**, **Focuses**). The point of convergence of rays : مرکز شعاع

Fodder, *n.* Food for cattle : چارا - بھوسا - نيار * *v. t.* To feed as cattle : چرانا

Foe, *n.* An enemy ; an adversary : دشمن - حريف - عدو - مخالف - بيري - غنيم - بدخواہ

Syn.—Enemy, adversary, ill-wisher.

Fog, *n.* A thick mist ; a dense vapour : کوھاسا - کوھرا

Foggy, *a.* Misty ; cloudy ; obscure : کوھر کا - کوھردار - دھندلا

Fogy, *n.* A dull old fellow ; an old-fashioned person : سست ضعيف شخص - پرانے خيالات کا آدمي

Foh, *int.* A term expressive of contempt or dislike : چھي چھي - تف

Foible, *n.* A moral weakness ; a frailty ; a fault : نقص - خطا - قصور - کھوٹ

Syn.—Fault, imperfection, weakness, defect.

Foil, *v. t.* To defeat ; to frustrate ; to blunt : شکست دينا - باطل کرنا - خراب کرنا - رد کرنا - کند کرنا * *n.* A defeat : شکست - ھار * A thin leaf of metal : ورق - پتر * A blunt sword : کند تلوار

Foin, *n.* A thrust : کھونچا - بھونک * *v. t.* To push ; to thrust : کھونچا دينا - دھکيانا - بھونکنا

Foison, *n.* Abundance ; plenty ; rich harvest : بہتايت - کثرت - فصل مالا مال

Foist, *a.* To insert wrongfully ; to interpolate ; to pass off as genuine : ملا دينا - آميزش کرنا - ٹانکنا - الحاق کرنا - اصلي کرکے گلے مڑھنا

Fold, *n.* A pen for sheep ; a doubling ; a plait ; times ; embrace : بھيڑي خانہ - باڑہ - گلہ - تہ - پرت - پيچ - لپيٹ - چند - گنا - لڑ - بار - کولي - گود - آغوش * *v. t.* or *i.* To double over ; to wrap ; to embrace ; to confine in a fold ; دوھرانا - تہہ کرنا - لپيٹنا - بغاگير کرنا - باڑے ميں بند کرنا * With—ed hands, ھاتھہ جوڑ کر

Folder, *n.* An instrument to fold paper : کاغذ کے تہہ کرنے کا اوزار

Foliaceous, *a.* Leafy ; like a leaf : برگدار - ورق سا

Foliage, *n.* Leaves of trees : پتياں - برگ

Foliation, *n.* The leafing of plants : برگ داري * The act of beating metals into thin plates : ورق سازي

Folio, *n.* A book of two leaves to a sheet ; a page : ايک تختہ کے دو ورق - ورق يا صفحہ

Folk, *n.* People in general : اشخاص - مردمان - لوگ

Folk-lore, *n.* Popular tradition ; rural tales : کہاوت - روايت گھريلو - کہانياں - گنوار و مسلہ

Follow, *v. t.* To go or come after : پيچھے جانا * To pursue : پيچھا کرنا - رگيدنا * To obey : پيروي کرنا - فرمانبرداري کرنا * To imitate : تقليد - نقل کرنا * To succeed : جانشين ھونا * To practise : مشق کرنا - عمل کرنا * To result from : نتيجہ نکلنا * As—s, مندرجہ ذيل * Away : I will—instantly, چلو ميں ابھي آتا ھوں

Follower, *n.* One who follows ; a disciple ; an attendant : پيرو - شاگرد - مريد - تابعدار - ملازم - حالي موالي - ھمرکابان

Syn.—Imitator, disciple, adherent, attendant.

Following, *a.* Being next after ; succeeding : دوسرا - ذيل کا

Folly, *n.* Weakness of intellect ; foolish conduct : ابلہي - بيوقوفي - حماقت - ناداني کا کام * —fallen, given to fooling : مسخري کرنے کا عادي

Foment, *v. t.* To bathe with warm lotions : گرم پاني سے دھونا - سيکنا * To encourage ; to abet : ھمت دينا - ترغيب دينا - اُسکانا - برانگيختہ کرنا * To—dissension, پھوٹ ڈالنا - جھگڑا يا لڑائي کروانا * To—mischief, فساد اُٹھانا

Fomentation, *n.* A bathing with warm lotions : گرم پاني کي سينک * Instigation : ترغيب - تحريک

Fond, *a.* Foolish ; silly ; loving : بيوقوف - نادان - شايق - فريفتہ - مائل

Fondle, *v. t.* To treat with tenderness ; to caress : نازبرداري کرنا - پچکارنا - پيار کرنا - بہلانا

Fondling, *n.* Person or thing caressed ; pet ; darling : پيارا - دلارا - عزيز

Fondness, *n.* Partiality ; affection ; inclination ; relish : اشتیاق - پیار - رغبت - شوق

Font, *n.* A baptismal vessel ; (*Print.*) a fountain ; a fount or assortment of printing types of one size : پاني كا برتن جو اصطباغ دیتے وقت كام آتا هے - چشمه - سوتا - منبع - (*Print.*) ایک سانچے کے چھاپے کے حروف معه لوازم

Food, *n.* Anything that nourishes ; victuals ; provision : غذا - خوراک - خورش - چارا * **—and raiment,** نان و نفقه - کھانا کپڑا

Syn.—Sustenance, provision, aliment.

Fool, *n.* One destitute of reason ; an idiot : مسخره - بیوقوف - احمق - گاودي * A jester : مسخره * **And fools rush in where angels fear to tread,** هاتھي گھوڑے بہے جائیں - گدھا پوچھے کتنا پاني * **—'s errand,** بے فایده کوشش * **To put the—on,** * احمق شمار کرنا - بے وقوف سمجھنا *v. t.* To make a fool of ; to cheat : - احمق بنانا - دھوکا دینا * **To make a—of,** to cause to appear ridiculous : - ذلیل یا خفیف کرنا * **To—away,** to waste or spend foolishly : ضایع کرڈالنا - صرف کرڈالنا * **To—one out of his money,** کسي کا روپیه ٹھگ لینا

Foolery, *n.* Acts of folly ; absurdity : - حماقت - بیوقوفي - ناداني

Foolhardy, *a.* Foolishly bold ; reckless ; rash : اوجڈ - اکھڑ - بیھیا - بے وقوف بهادر

Foolish, *a.* Void of understanding ; silly : - نادان - بھولا - بیوقوف - بے معني - لغو

Foolishly, *ad.* Absurdly : بیوقوفي سے - حماقت سے - بیھودگي سے

Foolscap, *n.* A kind of paper of a small regular size : ایک چھوٹے تختے کا کاغذ - فاس کیپ

Foot, *n.* The part of leg below the ankle : - قدم - پیر - پا * Lowest part or foundation ; basis : نیچا - تاھتي - بنا - جڑ * 12 inches : باره انچه کي ناپ * Infantry : پیاده * **By—, On—,** walking : پیدل * **To set on—,** to originate ; to begin : ابتدا کرنا - شروع کرنا * **To put one's best—foremost,** to adopt all the means at command : حتي الوسع کوشش کرنا * **A square—,** a square whose side is one foot : فٹ مربع * **To be on—,** چل نکلنا * **To set on—,** - برپا کرنا - جاري کرنا * **—gear,** موزه جوتي بوٹ * **—iron,** گاڑي کا پایدان * **To put one's—down,** مستقل اراده ھونا - کسي بات پر قایم ھوجانا یا جم کر کھڑا ھونا * **To set one on his—,** - کسي کو پیروں پر کھڑا کردینا - مدد کردینا که پھر اپنا کام چلانے لگے

Football, *n.* An inflated ball kicked about in sport ; the game itself : - پانوں سے کھیلنے کا گیند - کھیل جسمیں گیند کو لات سے مارتے ھیں

Foot-boy, *n.* An attendant in livery : - پایک - ھرکاره

Footman, *n.* A soldier who marches and fights on foot ; a servant in livery : پیاده - ھرکاره

Footnote, *n.* A note of reference at the bottom of the page : حاشیه - ٹیکا

Footpad, *n.* A highwayman that robs on foot : راه زن - ٹھگ - بٹ مار - ڈاکو

Footpath, *n.* A way for foot passengers : پگ ڈنڈي

Footprint, *n.* Impression of the foot ; visible ; evident : قدم کا نقش - پیر کا نشان - ظاھره ثبوت

Footstep, *n.* Mark of the foot ; track ; example : نقش پا - علامت - نمونه - ڈھرا

Footstool, *n.* A stool for the feet : پانوں کي چوکي - مونڈھا - مچیا - پیڑھي

Fop, *n.* A vain man fond of dress ; a coxcomb : بانکا - چھیل چکنیا - البیلا -

Syn.—Dandy, beau.

Foppery, *n.* Foolish vanity in dress or manners ; coxcombry ; folly : - خود نمائي - البیلاپن - چھیلاپن - بانکپن - خود بیني

Foppish, *a.* Vain of dress ; ostentatious : رنگیلا - نمایشي - پر تکلف

For, *prep.* or *conj.* In the place of ; instead of ; with regard to ; because of ; in favour of ; towards ; in exchange ; as being ; inspite of ; during : واسطے - بجائے - بابت - بوجھه - بخاطر - طرف کو - پلٹے میں - بمنزلے - باوجودیکه - واسطے - لئے - تک * **—all the world,** in every respect : ھر بات میں * **—as much as,** whereas ; in order that ; since : ازانکه - چونکه - چراکه * **—ever,** eternally : ھمیشه * **—instance,** by way of example : مثلاً * **—the most part,** generally, mostly : اکثر * **Were it not—,** قطع نظر اسکے - اگر یھه نھیں ھوتا

Forage, *n.* Food for horses and cattle ; provisions : چارہ - دانہ

Foray, *n.* A pillaging excursion ; a raid : لوٹ کا دھاوا - حملہ - یورش

Forbear, *v. t.* To refrain ; to cease ; to delay ; to decline ; to restrain one's self under provocation : باز رہنا - تحمل کرنا - توقف کرنا - انکار کرنا - اپنے کو زیر اشتعال ضبط کرنا - غصہ پی جا ا * *v. t.* To abstain from ; to bear with : چھوڑنا - بچا رہنا - درگذر کرنا - برداشت کرنا

Forbearance, *n.* Command of temper ; long-suffering ; mildness : برداشت - تحمل - صبر - حلم

Forbid, *v. t.* To prohibit ; to oppose ; to hinder : منع کرنا - مزاحمت کرنا - روکنا * God—, خدا نہ کرے

Forbidding, *a.* Disagreeable ; repulsive : ناگوار - زشت - مکروہ * A—countenance, زشت رو - کریہ منظر

Force, *n.* Strength ; active power : طاقت - قوت - زور - مبدالحرکت * Violence : تشدد - ظلم - ستم - زبردستی * Efficacy : تاثیر * *pl.* Armament : لشکر - فوج *—s in equilibrium, تلے ہوئے زور * In—, جاری - نفاذ - مجاریہ * No—, کچھ پرواہ نہیں * Of—, خواہ مخواہ

——, *v. t.* To compel ; to constrain ; to urge ; to impel : دبانا - مجبور کرنا - زبردستی کرنا - تنگ کرنا - دھکیلنا * To ravish : بے عزت کرنا * —per—, مجبوراً - چار ناچار * To—upon one, گلے مڑھنا * Forced labour, بے گار

Forceps, *n.* A surgeon's tongs, pincers, &c : جراح ، چمٹی - دست پناہ وغیرہ

Forcible, *a.* Strong ; powerful ; violent ; efficacious : مضبوط - قوی - مجرب - جابرانہ - موثر

Ford, *n.* A shallow part of a river ; a stream : پایاب گھاٹ - ھلور - نالا - دھارا * *v. t.* To pass without swimming ; to wade through : پایاب اوتر جانا - مجھوتا

Fordable, *a.* Passable without swimming : پایاب - ممکن الگذر

Fore, *a.* Anterior ; not behind ; before ; advanced in time : اگلا - اول - پہلا - مقدم

Forearm, *n.* The part of the arm between elbow and wrist : کلائی - پہونچے سے کہنی تک ہاتھ * *v. t.* To arm beforehand ; to prepare for attack : پہلے سے آستین چڑھانا - پہلے سے حملہ کے لئے ہوشیار و مسلح کر دینا

Forebode, *v. i.* To foretell ; to prognosticate : پیشین گوئی کرنا - پہلے سے معلوم کرنا - پیش بینی کرنا
Syn.—Foretell, predict, portend.

Forecast, *v. t.* To contrive beforehand ; to provide against : پیش بندی کرنا - تدبیر کرنا - دوراندیشی کرنا - جگت لگانا * *n.* Contrivance beforehand ; foresight : پیش بینی - دوراندیشی

Forecastle, *n.* The forepart of a ship : جہاز کا اگلا حصہ - اگواڑا

Foreclose, *v. t.* To shut up ; to preclude ; to prevent : بند کرنا - باز رکھنا - روکنا * To—a mortgage, عدالت کے حکم سے بع قطعی کرنا

Foreclosure, *n.* Act of precluding : امتناع - ممانعت - مسدودی حق انفکاک

Foredate, *v. t.* To date before the true time : پہلے کی تاریخ ڈالنا

Foredoom, *v. t.* To doom beforehand : پیشتر سے مقرر کرنا

Forefather, *n.* Ancestor : باپ دادا - آبا و اجداد - بزرگ - مورث - جد

Fore-finger, *n.* The finger next the thumb : انگشت شہادت - سبابہ - ترجنی

Forego, *v. t.* To quit ; to give up : چھوڑنا - ترک کرنا - ھاتھ دھو بیٹھنا

Forehand, *a.* Anticipative ; premature : مناسب وقت سے پہلے کا - پیش از وقت کا * A—shaft, وہ تیر جو نشانے کے بیچ و بیچ لگنے کے لئے رکھا ہو

Forehead, *n.* The upper part of the face : پیشانی - ماتھا - جبین

Foreign, *a.* Belonging to another country ; alien : غیر وطنی - غیر ملکی * Remote ; extraneous ; not to the purpose : بعید - غیر - بے علاقہ - خارج

Foreigner, *n.* One born in a foreign country ; an alien : اجنبی - پردیسی - بدیسی

Forejudge, *v. t.* To judge beforehand : پیشتر سے ٹھہرانا - قبل ثبوت تجویز کرنا

Foreland, *n.* A promontory ; a headland : راس - کوہ بینی

Forelock, *n.* A lock of hair on the head پیشانی کے بال * To take time by the—, to let no opportunity escape : موقع کو ہاتھ سے نہ جانے دینا

Foreman, *n.* The chief man of a jury ; a head workman : میر مجلس - پیش دست - سردار - مہتمم - داروغہ - میر کاریگران - میر کارخانہ

Foremast, *n.* The forward mast of a vessel : اگلا بادبان

Foremost, *a.* First in time, place, rank, &c. : اول - بزرگتر - اعلی - بالاتر

Forenoon, *n.* The former part of the day, from morning to noon : قبل دوپہر

Forensic, *a.* Belonging to courts of law : عدالتوں کا - متعلق عدالت

Foreordain, *v. t.* To determine beforehand : پہلے سے مقرر کرنا

Forepart, *n.* The anterior part or portion : سامنے کا حصہ - آگا

Forepass, *v. t.* To pass unnoticed : بے معلوم گذر جانا

Forerank, *n.* The first or front rank : - اول درجہ صف اول - پیشگاہ

Forerunner, *n.* One sent before ; a messenger : پیش رو - نقیب - پیشوا - ھرکارہ

Foresaid, *p. p.* Spoken of before : مذکورہ بالا - ذکر شدہ

Foresee, *v. t.* To see beforehand ; to anticipate : پیش بیني کرنا - آگے سے دیکھنا - آگے سے سوچنا

Foreshadow, *v. t.* To prefigure : پیشتر سے بتلانا یا دلالت کرنا

Foreshorten, *v. t.* To paint figures as they appear when viewed obliquely : تصویر ترچھے رخ بنانا

Foreshow, *v. t.* To discover before it happens ; to predict : واقع ھونے سے پہلے ظاھر کرنا - پہلے سے دکھلانا - آگم کہنا - جتانا

Foreside, *n.* The front side : سامنے کي جانب

Foresight, *n.* A seeing beforehand ; penetration ; prudence : پیش بیني - دور اندیشي - احتیاط

Forest, *n.* A tract of land covered with trees : جنگل - بیابان - دشت

Forestal, *a.* Belonging to a forest : - جنگل کا دشت کا

Forestall, *v. t.* To anticipate ; to buy goods before they reach the market ; to precede ; to preoccupy : پیش بندي کرنا - چیزوں کو ھاٹ میں جانے سے پیشتر خرید کرنا - سبقت لیجانا - پہلے گھیر لینا یا روک لینا - لے رکھنا * To—the market, آگے سے خرید رکھنا - ناکے ھي پر خرید لینا

Forester, *n.* The keeper of a forest: جنگل کا محافظ

Forestry, *n.* The art of cultivating forests : جنگل کے کاشت کا علم

Foretaste, *n.* A taste beforehand ; anticipation : چاشني - پیش بیني

Foretell, *v. t.* To predict ; to prophesy : پیشین گوئي کرنا - آگم کہنا - پہلے سے جتانا

Forethought, *n.* Anticipation ; provident care : پیش بیني - دوراندیشي - عاقبت اندیشي

Foretooth, *n.* One of the front teeth : سامنے کا دانت

Foretop, *n.* The hair on the front part of the head : پیشاني کے بال

Forewarn, *v. t.* To admonish beforehand : خبردار کرنا - هوشیار کرنا

Forfeit, *n.* What is lost by an offence ; a fine ; a mulct : قرقي - ضبطي - جرمانہ - تاوان * *v. t.* To lose by some fault, crime or offence : - تاوان دینا - جرمانہ دینا

Forfeitable, *a.* Subject to forfeiture : ضبطي یا قرقي کے قابل

Forfeiture, *n.* A loss of property ; a penalty : قرقي - ضبطي - جرمانہ - ڈنڈ

Syn.—Fine, penalty, amercement.

Forge, *n.* A furnace, where iron is wrought ; a smithy : لوھسار - بھٹي - لوھار خانہ * *v. t.* To form by beating and hammering ; to counterfeit ; to falsify ; to fabricate ; to invent. ڈھونک ڈھونک کر بنانا - گڑھنا - جعل کرنا - قالب کرنا - جھوٹا کرنا - جعلسازي کرنا - ایجاد کرنا * To—a signature, جعلي دستخط کرنا

Forgery, *n.* Act of counterfeiting ; or falsifying ; the thing forged : - جعلسازي - تقلید تصنع - بناوٹ

Forget, *v. t.* To lose the remembrance of ; to overlook ; to neglect : بھولنا - فراموش کرنا - خیال نہ رکھنا - غفلت کرنا * To—oneself, اپنے کو بھولنا - اپنے رتبہ کا لحاظ نہ رکھنا - آپے سے باھر جانا

Forgetful, *a.* Apt to forget ; careless : فراموش کار - بھولکڑ - غافل

Forgetfulness, *n.* Aptness to forget ; neglect : فراموشي - نسیان - سہو - غفلت

Forget me not, *n.* A perennial herb bearing blue flowers : ایک ھمیشہ رھنے والا پودھا جسمیں نیلے پھول لگتے ھیں اور وفاداري کي علامت خیال کیا جاتا ھے

Forgive, *v. t.* To pardon ; to remit : معاف کرنا - بخشنا - درگذر کرنا - عفو کرنا

Forgiveness, *n.* Act of forgiving ; pardon : معافي - عفو - مغفرت

Forego, *v. i.* To restrain from ; to quit : باز رھنا - چھوڑ دینا

Fork, *n.* An instrument with prongs ; a point : کھانے کي میز کا کانٹا - دوشاخہ - نوک * To play a good—and knife, خوب ھاتھ مارنا * The—s of a river or road, دوراھا - سنگم * *v. t.* To shoot into blades ; to divide : پھوٹنا - پتي نکلنا - دو شاخہ ھونا - کٹنا

Forlorn, *a.* Deserted ; destitute ; helpless : بیکس - تنہا - لاچار - عاجز - سنسان - متروک - بے قدر * —hope, a body of soldiers selected for some service of uncommon danger : وہ جانباز سپاھي جو زندگي سے ھاتھ دھو کر لڑائي میں آگے جاتے ھیں

Form, *n.* Shape ; elegance ; mode ; order : صورت * شکل - حسن وضع انتظام - تراش - ھیئت - ترتیب Model ; frame ; ceremony : ساخت - ڈھانچہ - بناوٹ - تکلف * A long bench : لنبي بنچ * A class : درجہ * Formula : دستور - ضابطہ * Formality : تکلف - ظاھر داري - رسم * Mould, سانچہ - قالب * The type in a chase : فرما - کتاب کي صورت میں چھپا ھوا جزو * *v. t.* To give shape to ; to construct ; to mould ; to train : بنانا * ساخت کرنا - شکل بنانا - ڈھالنا - ترتیب دینا - سجانا To—an opinion, راے قرار دینا - صلاح دینا

Formal, *a.* Ceremonious ; precise ; methodical ; external ; conventional : باقاعدہ - تکلف مزاج - ظاھر دار - پابند ضابطہ - نمایشي - تکلفي مروجہ - رسمي - قرار یافتہ * —compliments, تکلفات رسمي

Syn.—Precise, ceremonious.

Formalist, *n.* An observer of form : ظاھر دار - پابند رسم - رسم دوست - تکلفي بندہ

Formality, *n.* Observance of form or ceremony; preciseness : تکلف - ظاھرداري - ادا دستور

Formally, *ad.* In a formal manner ; precisely : باقاعدہ - حسب ضابطہ - موافق دستور - ظاھر طور سے

Formation, *n.* Act of forming ; production ; construction : ساخت - ترتیب - پیدایش - بناوٹ

Former, *a.* Preceding in time ; ancient ; foregoing ; first mentioned : اگلا - قدیم - پیشین - سابق الذکر - ماقبل

Syn.—Prior, previous, anterior.

Formerly, *ad.* In time past ; in former times ; heretofore : زمانہ گذشتہ میں - سابق میں - اگلے وقتوں میں

Formidable, *a.* Exciting fear or apprehension ; terrible : ھیبت ناک - مھیب - ھولناک - ھوش ربا

Formidably, *ad.* In a terrible manner : ھولناکي سے

Formless, *a.* Shapeless : بے شکل - بے ڈول - بے ترتیب

Formula, *n.* A prescribed or set form : قاعدہ - دستور - ضابطہ

Forsake, *v. t.* To quit entirely ; to abandon ; to desert : ترک کرنا - قطعاً چھوڑنا - رو گرداں ھونا

Syn.—Abandon, relinquish, renounce.

Forsooth, *ad.* In truth ; in fact ; certainly : درحقیقت - في الواقع - بے شک - بے شبہہ - اس میں کیا کلام ھے (طنزاً یا ھجو ملیح سے)

Forswear, *v. t.* To renounce or deny upon oath ; to swear falsely : قسم پر ترک یا انکار کرنا - دروغ حلفي کرنا

Fort, *n.* A fortified place ; a castle : قلعہ - کوٹ - گڑھ

Syn.—Castle, stronghold, fortification.

Forte, *n.* The strong point ; that in which one excels : مضبوط بات - وہ صفت جسمیں کوئي فضیلت رکھتا ھو

Forth, *ad.* Forward ; away ; abroad : آگے - سامنے - باھر * From this day—, آج ھي سے - اب سے * To step—, آگے بڑھنا * To set—, اظہار کرنا - بیان کرنا

Forthcoming, *a.* Ready to appear : موجود یا حاضر - ھونے کو تیار - آنے والا * To be—, بہم پھونچنا - دستیاب ھونا - ھاتھ لگنا

Forthwith, *ad.* Immediately : في الفور - في الحال - فوراً

Fortieth, *a.* The tenth taken four times : چالیسواں - چہلم

Fortification, *n.* The art of fortifying ; the works constructed for the purpose of strengening a position ; a fort : فن مورچہ بندي - قلعہ بندي - قلعہ

Fortify, *v. t.* To strengthen ; to secure by fort, batteries, &c., to confirm : مضبوط کرنا - قلعہ بندي کرنا - زور دینا

Fortissimo, *adv.* Very loudly : بہت زور سے

Fortitude, *n.* Passive courage ; resolute endurance ; firmness of mind : ہمت - برداشت - دلیري - جوانمردي - استقلال - استحکام

Syn. Resolution, endurance, resoluteness.

Fortnight, *n.* The space of 2 weeks : دو هفتہ - پکھوارا

Fortress, *n.* A fortified place : قلعہ - گڑھ

Fortuitous, *a.* Accidental ; casual : ناگہاني - اتفاقي - عارضي

Fortuity, *n.* Accident ; chance ; casualty : حادثہ - اتفاق - موقع

Fortunate, *a.* Lucky ; happy ; successful : خوش نصیب - خوش قسمت - بخت آور - نیک اختر - خوش - کامران - کامیاب

Syn.—Auspicious, lucky, happy, successful.

Ant.—Ill-starred, unlucky, miserable, wretched, unsuccessful.

Fortunately, *ad.* Successfully : خوش نصیبي سے - کامیابي سے

Fortune, *n.* Chance : اتفاق * Luck : بخت - نصیب - قسمت * Happiness ; success : خوشي - کامیابي - سرخروئي * Event : ماجرا * Wealth ; estate : دولت - ملکیت * Destiny : تقدیر * —to frown on one, قسمت پھوٹنا - تقدیر الٹنا - دن برے آنا * —to smile on one, قسمت کھلنا - چار چاند لگنا

Syn. Chance, luck, fate, accident.

Fortune hunter, *n.* A man who endeavours to marry a woman only for her fortune : وہ شخص جو بہت جہیز کے لالچ سے شادي کرے

Fortune-teller, *n.* One who pretends to reveal the future events of one's life : رمال - فال گو - جوتشي

Forty, *a.* and *n.* 4 times 10 : چالیس - چہل

Forum, *n.* (*Lat.*) A market place ; a tribunal ; a court : چوک - چبوترہ - بازار - اجلاس - عدالت

Forward, *ad.* Onward ; advance ; progressively : آگے - پیش - سامنے

——, *a.* Near or at the forepart : اگلا - پیشین * Ready ; prompt ; eager : مستعد - آمادہ - شایق - شوخ - گستاخ * Bold : دلیر * Impudent : بے شرم

Forward, *v. t.* To advance ; to promote ; to quicken : آگے کو چلتا کرنا - روانہ کرنا - بڑھانا - ترقي دینا - مدد کرنا - تیز کرنا

Forwardness, *n.* The quality of being forward ; want of modesty ; eagerness ; readiness : پیش دستي - چالاکي - چستي - سرگرمي

Fosse, *n.* A ditch ; a moat : خندق - کھائي

Fossil, *a.* Dug out of the earth ; petrified : جماداتي - معدني - کاني - پتھر بنگیا ہوا * *n.* A substance dug from the earth : شے معدني

Fossilize, *v. t.* or *i.* To petrify ; to render antiquated : پتھر بن جانا - پرانا ہو جانا

Foster, *v. t.* To nurse ; to feed ; to cherish ; to support : پرورش کرنا - غذا دینا - پالنا - مدد دینا - سرپرستي کرنا

Foster-child, *n.* A child brought up by a stranger : لے پالک - پروردہ

Foster-father, *n.* One who brings up a child in place of its father : وہ شخص جو غیر لڑکے کي پرورش کرتا ھے

Foul, *a.* Dirty ; filthy ; impure ; wicked ; cloudy : میلا - گندلا - ناپاک - گالي گلوج کي - سخت - بے ایماني کا کھیل - خراب - دھندلا * —play, زبون روشني کا کھیل * A—copy, مسودہ * To fall—, لڑنا - جھگڑنا

——, *v. t.* To make dirty ; to daub ; to besmear : to entangle : میلا کرنا - دھبے ڈالنا - کیچڑ میں بھرنا - گلجھٹي ڈالنا - اٹکانا * To run or fall—of, to rush or stumble against : بھڑ پڑنا - ٹکر کھا جانا

Foul-mouthed, *a.* Addicted to the use of profance language : منھہ پھٹ - بد زبان - بد کلام - دریدہ دھن - کل موھنا - کلنک لگانے والا

Foulness, *n.* The state of being foul ; unfair action in any game ; dishonest dealing : گندگي - میلاپن - غلاظت - الٹے زبون کھیل - حیلہ بازي - بے ایماني

Found, *v. t.* To lay a basis ; to build ; to establish ; to cast : بنیاد ڈالنا - عمارت بنانا - قایم یا مقرر کرنا - ڈھالنا

Foundation, *n.* The basis of an edifice ; first principles ; establishment ; an endowment : بنیاد - نیو - جڑ - اصل - ابتدا - تقرر عطیہ * —wheel of a well, کنوئیں کي کوٹھي - پروٹھي

Founder, *n.* One who founds; a caster of metal: بانی - موجد - دھات ڈھالنیوالا * *v. t.* To sink; to fail; to trip: غرق ہونا - بیٹھ جانا - چوکنا - لنگڑانا - ڈوبنا

Foundry, *n.* A place for casting metals: دھات ڈھالنے کا کارخانہ

Foundling, *n.* A deserted infant: پڑا پایا بچہ - لاوارث بچہ - طفل افتادہ - شیر خوار - متروک - لقیط

Fount, *n.* A fountain: چشمہ * A complete assortment of printing types of one size or body: چھاپے کے ایک ہی قد کے حروف

Fountain, *n.* A spring; an artificial jet: چشمہ - فوارہ - حوض * Origin; source: اصل بنیاد - جڑ

Four, *a.* Twice two: چار - چہار * On all—s, on hands and knees: چوپائے کی طرح کھڑا - گھٹنیوں

Fourfold, *a.* Four times as much: چوگنا - چہار چند

Fourscore, *a.* Four times twenty; eighty: چار کوڑی - اسی

Fourteen, *a.* Four and ten: چودہ - چہاردہ

Fourteenth, *a.* The ordinal of fourteen: چودھواں

Fourth, *a.* The ordinal of four: چوتھا - چہارم

Fowl, *n.* Winged animal; a bird: پرند - مرغ - چڑیا

Fowler, *n.* A sportsman who catches birds: چڑی مار - صیاد

Fowling-piece, *n.* A gun for shooting birds: چڑیوں کے شکار کی بندوق

Fox, *n.* An animal remarkable for cunning: لومڑی - روباہ * A sly cunning fellow: حیلہ باز - مکار

Foxy, *a.* Like a fox; wily; reddish-brown: مثل روباہ - چالباز - حیلہ ساز - سرخ بھورے رنگ کا

Fracas, *n.* An uproar; a noisy quarrel: شور - فساد - رولا - بلوا

Frack, *a.* Strong; vigorous; firm: مضبوط - زوردار - قوی

Fraction, *n.* A piece; a part of an integer: جز - ٹکڑا - کسر * Decimal—, کسور اعشاریہ * Vulgar—, کسور عام

Fractional, *a.* Belonging to fractions; broken: مکسور - کسری

Fractious, *a.* Cross, peevish; fretful; snappish; unruly: چڑچڑا - جھگڑالو - تنک مزاج - فتنہ انگیز * *a.* ضدی - بد مزاج - منہ زور - متمرد

Fracture, *n.* A breach; separation: a rupture: ٹوٹ - علاحدگی - ترک - دراز - ہڈی ٹوٹنا

Syn.—Rupture, crack, breach, cleft.

Fracture, *v. t.* To break as a bone &c.: توڑنا یا ٹوٹنا ہڈی وغیرہ کا

Fragile, *a.* Easily broken; brittle; weak: نازک - بودا - کمزور

Fragility, *n.* Brittleness; frailty: نزاکت - بوداپن - کمزوری

Fragment, *n.* A part broken off: a detached portion: ٹکڑا - جز - پارچہ - ریزہ - پرزہ

Fragmentary, *a.* Composed of fragments: ٹکڑوں سے بنا ہوا - بے ربط - بے سلسلہ - نا مکمل

Fragrance, **Fragrancy**, *n.* Sweetness of smell; perfume: خوشبو - سوگندھ - مہک

Fragrant, *a.* Sweet of smell; odorous: خوشبودار - مہکیلا - معطر

Frail *a.* Weak; infirm; liable to error: نازک - کمزور - ناپائیدار - بے استقلال - خطاوار

Frailty, *n.* Weakness; infirmity: نزاکت - ضعف - کمزوری - خطاواری

Frame, *v. t.* To construct; to fabricate; to devise: بنانا - تعمیر کرنا - گھڑنا - تجویز کرنا * To—a lie, جھوٹی بات بنانا * To—a picture, تصویر میں چوکھٹا لگانا * *n.* A fabric: structure: ڈھانچہ - قالب * Order: ترتیب - وضع * Temperament: مزاج - حالت * Scheme: نقشہ * Apparatus for holding a picture: چوکھٹہ * An unhappy—of mind, دل کی ناخوش حالت

Franc, *n.* A French silver coin: فرانس کا ایک چاندی کا سکہ

Franchise, *n.* A privilege; immunity: استحقاق - حق معافی

Franchisement, *n.* Release; freedom: رہائی - آزادی

Syn.—Right, privilege, exemption, immunity.

Frangibility, *n.* State of being frangible: کمزوری - نزاکت - بوداپن

Frangible. *a.* Easily broken: fragile: نازک - کمزور - بھربھرا - تنک

Frank, *a.* Liberal ; candid ; ingenuous ; sincere : - فياض - صاف - بے تکلف - کشادہ دل - پاک راست باز

Syn.—Open, undisguised.

——, *v. t.* To exempt from charge or postage : محصول سے بري کرنا - بے محصول خط بهيجنا

Frankincense, *n.* A fragrant resinous substance : لوبان

Franklin, *n.* A free-holder ; a yeoman : - معافيدار - داروغہ - اهتمامچي : آسودہ حال - کسان * A steward

Frankly, *ad.* Without reserve ; openly : بے تکلفي سے - آزادانہ - صاف

Frankness, *n.* Openness ; ingenuousness : صاف دلي - سادگي

Frantic, *a.* Mad ; furious : ديوانہ - سودائي - جنوني

Fraternal, *a.* Brotherly : برادرانہ

Fraternity, *n.* A brotherhood : برادري - بهائي چارہ

Fraternize, *v. i.* To associate as brethren : بهائي بندي کرنا - بهائي چارہ رکهنا

Fratricide, *n.* The murder or murderer of a brother : برادر کشي - برادر کش

Fraud, *n.* Deceit ; trick ; artifice . - فريب - حيلہ دغاباز

Syn.—Deceit, deception, guile, trick.

Fraudulence, Fraudulency, *n.* Deceitfulness ; trickery : دغابازي - حيلہ سازي - مکاري

Fraudulent, *a.* Using fraud ; treacherous ; dishonest : دغاباز - فريبي - مکار - فاسد * —insolvency, مال هضم کرکے مفلس بننا - ناداري بہ نيت فاسد

Fraudulently, *ad.* Treacherously : - مکاري سے دغا سے

Fraught, *a.* Loaded ; full : - بهرا هوا - معمور لبريز

Fray, *n.* A broil ; a quarrel ; a contest ; a place injured by rubbing : - جهگڑا - قضيہ - لڑائي - دنگا - فساد - رگڑ - گهسا * *v. t.* To frighten ; to terrify ; to rub : - ڈرانا - خوف دلانا - دهشت دلانا - رگڑنا - کهجانا - گهسنا

Freak, *n.* A whim ; a fancy : - وهم - اُمنگ - لہر - جولاني * —of fancy, موج خيال

Freakish, *a.* Whimsical ; capricious : - وهمي - متلون - لہري

Freckle, *n.* A spot on the skin : - چمڑے پر داغ - چتي - دهبا - لهسن - لهسنيا

Freckle, *ad.* Marked with spots : دهبےدار - چتي دار - داغدار

Free, *a.* Not under restraint ; liberal ; innocent ; open ; frank , exempt ; familiar ; guiltless ; immoderate ; exempt ; gratuitous : کهلے بند - غير تابع - آزاد - خود مختار - سخي - بيگانہ - سينہ صاف - صادق - مبرا - بري - گستاخ - منہ لگا - بے خطا - معصوم - پاک - بے حد - متجاوز - معاف - مفت - بے مول - بے دام * *v. t.* To set at liberty ; to clear ; to absolve ; to keep free ; to remove : آزاد کرنا - رها کرنا - صاف کرنا - بري کرنا - بچا رکهنا - بچانا - پنڈ چهڑانا - دور کرنا - رفع کرنا

Freebooter, *n.* A robber ; a plunderer : - لٹيرا غارت گر - قزاق

Freedom, *n.* Exemption from control ; liberty ; undue familiarity : آزادگي - مخلصي - بے لحاظي - بے باکي

Freehand, *a.* Without the help of guiding and measuring instruments : - بلا آلات پيمائش وغيرہ محض ہاتھ سے

Freehold, *n.* Land held in perpetual right : معافي حين حياتي - لاخراج - زمينداري بري از خدمت

Freely, *ad.* Liberally ; willingly ; profusely : آزادانہ - خوش دلي سے - خاطر خواہ - کثرت سے

Freemason, *n.* A member of a secret friendly society : ايک خفيہ برادرانہ جماعت کا شريک جنکے خاص اصول شايد يہہ هيں : بني آدم بهائي هے - مذهبي تعصب ناجائز هے - مصيبت زدہ بهائي کي دستگيري فرض هے

Freeness, *n.* The quality of being free ; liberality : آزادگي - سخاوت - بخشش - آمرزگاري

Freestone, *n.* A kind of stone that has no grain and cuts freely : بهربهرا پتهر

Freethinker, *n.* One who discards revelation : ملحد - ناستک - دهريا

Free-trade, *n.* Commerce not subject to protective duties : تجارت جو چنگي اور ديگر محصول سے بري هو

Freewill, *n.* Power of acting at pleasure : *خود مختاري - فعل مختاري - رضا آزاد - ارادت وارستہ *a.* Voluntary : اپنے من کا

Freeze, *v. i.* To become congealed by cold ; to become chilled : منجمد هونا - جم جانا - ٹهٹهر جانا - اکڑ جانا

Freight, *n.* The cargo or lading of a ship : بار جہاز * Charge for carrying goods : اسباب کا کرایہ * *v. t.* To load as a vessel : جہاز کي طرح پر بوجھ لادنا

French, *a.* Pertaining to France or its inhabitants : فرانس یا اسکے باشندگان کے متعلق * To take—leave, to depart secretly : خفیہ چلدینا – رفو چکر ہونا * *n.* The language or people of France : فرانس کي زبان یا لوگ

Frenetical, *a.* Distracted ; mad : مجنون - پاگل – سودائي

Frenzy, *n.* Distraction of mind ; madness : جنون - دیوانگي - خبط

Frequency, *n.* Oftenness of repetition ; commonness of occurrences : کثرت - زیادتي

Frequent, *a.* Happening often ; common : اکثر - برابر - عام * *v. t.* To visit often ; to resort to : باربار آنا - آمد رفت رکھنا - منڈلانا

Fresco, *n.* Coolness : ٹھنڈک * A kind of painting on fresh plaster : تازي استر کاري پر تصویر کھینچنے کا ایک طرز

Fresh, *a.* Cool : ٹھنڈا * Not salt : میٹھا - شیریں * Ruddy ; سرخ و سفید * Recent ; unused ; vigorous ; brisk ; new ; unpractised ; renewed in vigour : نیا - کورا - جدید - تازہ دم – پھرتیلا - تازہ - توانا - ہرا - ناتجربہ‌کار - کچا - تر و تازہ - شاداب

Freshen, *v. t.* or *i.* To make fresh ; to grow fresh : تازہ کرنا – تازہ ہونا - بڑھنا

Fret, *v. t.* or *i.* To ornament ; to wear away by rubbing ; to chafe ; to corrode ; to be agitated ; to irritate : رنگین کرنا – رگڑنا - گھسنا - دق کرنا - چڑچڑانا - مضطرب ہونا * *n.* Agitation ; irritation : گھبراہٹ – پریشاني – دقت

Fretful, *a.* Disposed to fret ; peevish ; cross : ناخوش – چڑچڑا

Fret-work, *n.* Raised work in masonry : منبت - ابھرواں کام

Friable, *a.* Easily crumbled : پھسپھسا - بھربھرا - نرم – خستہ

Friar, *n.* A begging monk : فقیر - درویش – گدا – مہنت

Friary, *n.* A monastery : خانقاہ

Fribble, *a.* Frivolous ; trifling ; silly : بیہودہ - ناچیز – سفلہ – اوچھا

Friction, *n.* Act of rubbing one body against another ; attrition : گھساوٹ - رگڑ - مالش - ناچاقي

Friday, *n.* The 6th day of the week : جمعہ - شکروار

Friend, *n.* An intimate associate ; an ally : a companion : * دوست - رفیق - ہمدم - ساتھي - متر
To make—s with, دوست بنانا - دوستي کرنا

Friendless, *a.* Having no friends ; deserted ; forlorn : بے یار - بلا دوست - بلا مددگار - بیچارہ

Friendly, *a.* Kind ; amicable ; favourable : * مہربان - ملنسار - [illegible] - دوستانہ - موافق - شفیق
—breeze, موافق ہوا

Friendship *n.* Friendly relation or intimacy : دوستي - محبت – خیرخواہي - آشنائي

Frieze, *n.* A coarse woollen cloth : موٹا اوني کپڑا

Frigate, *n.* A ship of war, carrying from 30 to 50 guns : جنگي جہاز جسمیں ۳۰ سے لیکر ۵۰ توپ تک رہتي ہیں

Fright, *n.* Sudden terror : دہشت – خوف – ڈر – ہول * To take—, ڈرنا - بھچکنا

Frighten, *v. t.* To terrify ; to intimidate : ڈرانا - دہشت دلانا .

Frightful, *a.* Terrible ; dreadful : ہیبت ناک - خوفناک - مہیب

Syn. -Terrific, fearful, alarming.

Frightfully, *ad.* Dreadfully : دہشت سے - مہیبانہ

Frigid, *a.* Cold ; dull ; insensible : ٹھنڈا – سرد - مردہ - کشیدہ - روکھا * —style, روکھي عبارت

Frigidity, *n.* Coldness ; dulness : خنکي - سردي - روکھائي

Frigorific, *a.* Causing or producing cold : ٹھنڈک پیدا کرنیوالا – سرد کرنیوالا

Frill, *n.* An edging or ruffle of fine linen : سنجاف – لیس - جھالر * *v. t.* To decorate with frills : سنجاف یا لیس لگانا

Fringe, *n.* A trimming consisting of hanging threads : جھالر - آنچل * *v. t.* To adorn or border with fringe : جھالر لگانا

Frippery, *a.* Having litte value ; worthless : ناچیز - کم قدر * *n.* Old clothes ; worthless things ; trumpery ; traffic in cast off clothes : پرانے کپڑے – اترن – ناچیز شے – اترے ہوئے کپڑوں کے بیچنے کا پیشہ - جھوٹي شستگي - ملمع سازي

Frisk, *v. i.* To leap ; to dance ; to gambol : اوچھلنا - ناچنا - کلول کرنا - کودتے پھرنا

Frisket n. A frame to confine sheets of paper in printing : ایک چوکھٹا جو کاغذ کو چھپتے وقت علحدہ ھونے سے روکے رکھتا ھے

Friskiness, n. Liveliness ; gaiety ; wantonness : چلبلاپن - کاول - شوخي - اچپلي

Frisky, a. Frolicsome ; gay ; airy : چنچل - خوش طبع - کھلاڑي

Frith, See **Firth.**

Fritter, n. A small pancake ; a fragment : پارچہ - ٹکڑا - کترن * v. t. To cut into small pieces for frying ; to cut or break in small pieces : بھوننے کے لئے ٹکڑے ٹکڑے کرنا - کترنا * To —away, چورا چورا کرکے اڑا دینا - توڑ تاڑ کرکے گنوانا

Frivolity, n. Triflingness ; folly : levity : - خفت ھلکا پن - سبکي

Frivolous, a. Of little importance : trifling : ادني - ناکارہ - خفیف - ھلکا - بے قدر * —argument, پوچ دلیل

Frizz, v. t. To form into small curls ; to crisp : پیچدار کرنا - اُمیٹھنا

Frizzle, v. t. To curl or crisp, as hair : - پیچدینا اینٹھنا

Fro, ad. From : away ; back or backward : - آگے پیچھے سے - اِدھر او ھر * **To and—**, backward and forward : اِدھر اُدھر - آگے پیچھے

Frock, n. An outer garment ; a dress ; a coat : انگرکھا - لڑکوں کا کپڑا

Frog, n. An amphibious animal : مینڈک - غوک

Frolic, a. Gay ; merry ; full of levity : - خوش چلبلا - کھلاڑ n. A wild prank ; merrymaking : ناچ کود - کویل - کاول * v. i. To play pranks ; to sport : کودنا - کاول کرنا - اچھلنا

Frolicsome, a. Full of gaiety ; playful : - چنچل شوخ - کھلاڑ

Syn.—Playful, gay, lively.

From, *prep.* Out of ; because of ; since : سے * طرفسے - منجانب - ازرو - موافق - چنانچہ - بسبب **—time immemorial,** پرانے وقتوں سے * **—hand to mouth,** جو کمایا سو کھایا ھبہ نہ بچایا - نا عاقبت اندیشي سے

Frond, n. The leaf of a fern or palm : جھاڑي یا تاڑ کے

Frondescence, n. The season when plants unfold their leaves : پتي نکلنے کا موسم

Front, n. The forehead ; the face ; the part of anything directed forward : ماتھا - چہرہ - پیشاني - اگواڑا - سامنا * v. t. To oppose face to face ; to stand opposite : - مقابلہ کرنا - سامنے ھونا - مقابل ھونا

Frontage, n. The front part of an edifice, &c. : مکان کا اگواڑا - سامنا

Frontal, a. Belonging to the front : - مقابل سامنے کا

Frontier, n. The utmost verge of a country ; the limit ; the boundary : سرانہ - حد - سرحد

Frontispiece, n. An illustration fronting the first page of a book : تصویر جو کتاب کے شروع میں لگائي جاتي

Frost, n. Frozen dew ; severe cold : - پالا - سرما جاڑا

Frosty, a. Like frost ; white ; freezing ; gray-haired : ٹھنڈا - سفید - یخ بستہ - سن سفید

Froth, n. Spume ; foam : جھاگ - پھین - بلبلا * Unsubstantial matter : بے اصل چیز

Frothy, a. Full of froth ; foamy : کفدار - جھاگ دار * Soft ; vain : نرم - لغو - بیہودہ

Frounce, v. t. To frizzle ; to curl : اُمیٹھنا - شکن ڈالنا - بل دینا

Froward, a. Peevish ; refractory ; perverse : تنک مزاج - سرکش - ضدي - شریر

Frowardness, n. Perverseness ; peevishness : سرکشي - تنک مزاجي

Frown, v. i. To look stern ; to scowl : آنکھ دکھلانا - گھرکنا - تیوري چڑھانا - ترش رو ھونا * n. A look of displeasure : چڑھي تیوري - گھڑکي - ناراضگي * **The—s of fortune,** قسمت کي برگشتگي

Frowzy, Frouzy, a. Fetid ; musty ; slovenly : سڑا - میلا - گندہ

Frozen, *p.p.* Congealed with cold : منجمد - بستہ - افسردہ

Fructiferous, a. Producing fruit : - بار اور پھلدار

Fructification, n. Act of fructifying ; fecundation ; the production of fruit : باروري - پھلنا

Fructify, v. t. To make fruitful : to fertilize : بارآور کرنا - زرخیز کرنا - اوپجانا

Frugal, a. Thrifty ; sparing : economical : کفایتي - کم خرچ - کفایت شعار - حزرس

Frugality, n. Prudent economy ; thrift : کفایت شعاري

Syn.- Economy, thrift, parsimoniousness.

Ant.- Extravagance, liberality, waste.

Frugally, *ad.* Sparingly : کفایت شعاری سے

Frugiferous *a* Bearing fruit ; fruitful . - پھلدار - بارآور - ثمردار

Fruit, *n.* The product of a tree - پھل - میوہ - Offspring : اولاد * Consequence نتیجہ - انجام

Fruitage, *n.* Fruit in general : - پھل - میوہ جات - پھلواری

Fruiterer, *n.* One who deals in fruit : میوہ فروش

Fruitful, *a.* Yielding fruit ; productive : پھلدار - بارآور - زرخیز

Fruition, *n.* Possession of anything enjoyment : حصول - کامیابی - خوشی - مقصدوری - کامگاری

Fruitless, *a.* Not bearing fruit ; barren ; unprofitable بے ثمر - بے نتیجہ - لاحاصل - برباد

Frumenty, *n.* Food made of hulled wheat boiled : کھانا جو گیہوں کو دودھ میں اوبالکر بنایا جاوے - پیچ دلیا

Frustrate, *v. t.* To disappoint ; to defeat ; to defeat ; to nullify : - مایوس کرنا - شکست دینا - فسخ کرنا - باطل کرنا

Syn. - Baffle, disappoint, balk.

Frustration, *n.* Disappointment ; defeat : مایوسی - ناکامیابی - شکست

Frustum, *n.* The part of a solid next the base, formed by cutting off the top : مخروط ناقص

Fry, *v. t.* To heat or roast in a pan over the fir : بھوننا - تلنا * *n.* A swarm ; a dish of any thing fried : - جونق - ہجوم - زمرہ - بھجیا - بھاجی - پکوان

Frying-pan, *n.* A kitchen utensil : - کڑھائی - ماہی تابہ

Fuddle, *v. t.* To make foolish by drink : مدہوش کرنا - مست کرنا

Fudge, *n.* A made-up story ; nonsense : جھوٹا قصہ - لغویات

Fuel, *n.* Anything that feeds fire : - ہیزم - ایندھن * To add—to the flame, to kindle : بھڑکانا - اُسکانا

Fugacious, *a.* Volatile ; transitory : - اُڑجانیوالی - بے بقا - چند روزہ

Fugitive, *a.* Apt to flee away ; wandering : بھاگنیوالا - روگردان - اُڑجانیوالا * *n.* A runaway ; a deserter : بھگوڑا - فراری

Fulcrum, *n.* A prop or support : - تھونی - ٹیک - کھنبا - سہارا

Fulfil, *v. t.* To accomplish ; to perform ; to complete : پورا کرنا - بجالانا - وفا کرنا - تمام کرنا

Fulfilment, *n.* Accomplishment ; execution : تکمیل - ایفا - بجاآوری

Fulgency, *n.* Splendour ; brightness : - رونق - چمک - روشنی

Fulgent, *a.* Bright ; shining ; dazzling : - روشن - تاباں - چمکدار

Full, *a.* Filled up ; not empty ; replete ; crowded ; perfect ; strong ; abundant ; loud : پورا بھرا - لبالب - معمور - تمام - مکمل - مضبوط - بہت * اونچی (آواز) * To pay in—, کوڑی کوڑی ادا کرنا To receive in—, دام دام وصول پانا

Full, *v. t.* To draw up or pucker the cloth : کف کرنا - کلپ کرنا

Fullage, *n.* Money paid for fulling cloth : دھلائی * *ad.* Quite ; exactly ; directly : - بالکل - بعینہ - صریحاً

Full-blown, *a.* Fully expanded or distended : پھولا ہوا - شگفتہ

Fuller's earth, *n.* A soft clay absorbing grease : ریہہ - سجی مٹی

Fully, *ad.* Completely ; entirely ; clearly : تمام - سارا - بخوبی

Fulminate, *v. i.* To thunder ; to explode ; to thunder forth menaces : - گرجنا - تڑپنا - کڑکنا - گھڑکنا - آڑے ہاتھوں لینا

Fulmination, *n.* Act of fulminating : کڑک - گرج * Censure : ملامت - سرزنش

Fulness, *n.* Completeness ; abundance ; plenty ; satiety : تمامی - بہتات - افراط - آسودگی - سیری

Fulsome, *a.* Offensive ; gross : - مکروہ - ناگوار - نازیبا

Fumble, *v. i.* To grope about ; to seek awkwardly : to handle much : - ٹٹولنا - بے طور ہاتھ ڈالنا - تلے اوپر کرنا - اولٹ پلٹ کرنا - گھال میل کرنا

Fume, *n.* Smoke ; vapour : - دود - بھاپ - بخار * Rage ; idle conceit : غصہ - خام خیالی * *v. i.* To smoke ; to pass off in vapour ; to be in a rage : دھواں اٹھنا - بخار بنکر اُڑ جانا - جذبہ میں آنا

Fumigate, *v. i.* To smoke ; to perfume ; to purify : دھواں دینا - بپھارہ دینا - معطر کرنا - صاف کرنا

Fumigation, *n.* Act of fumigating ; scent raised by fire : دھونی - مہک - خوشبو

Fun, *n.* Sport ; merriment ; frolic : - تماشا - کھیل - سوانگ

Funambulist, *n.* A rope dancer : نٹ - رسن باز

Function, *n.* Employment ; office ; the office of any bodily organ ; power or action : کام - کار گذاري - منصب - عہدہ - جسماني اعضا کا کام - قدرت - اختيار

Functionary, *n.* One who holds an office or trust : عہدہ دار - کار پرداز

Fund, *n.* A stock or capital ; an invested sum ; ample store : جمع - پونجي - سرمايه - مخزن

Fundamental, *a.* Pertaining to the basis ; essential : بنيادي - اصلي - ذاتي - ضروري * The —s of faith, اصول دين

Syn.—Primary, important, indispensable.

Funeral, *n.* The ceremony of burying a dead person ; obsequies ; a burial : تجہيز و تکفين

Fungus, *n.* (*L.*) A mush-room ; an excrescence : کُکرمتّا - مسا - حرام گوشت

Funnel, *a.* An inverted hollow cone with a pipe : a stove : چونگا - ذاي - دود کش

Funny, *a.* Droll ; comical : - خوش گپ - ظريف - لطيفه گو

Fur, *n.* The fine, soft hair of certain animals ; the skins of certain wild animals : - سمور - بال - پشم - پوستين

Furbish, *v. t.* To polish ; to rub or scour to brightness : صيقل کرنا - جلا دينا - ملنا

Furcate, *a.* Forked : شاخدار

Fur-fur, *n.* Bran-like scales of skin ; scurf ; dandruff : پھياس - جلد کي پپڑي

Furious, *a.* Transported with passion ; raging ; violent : تند - خشمگين - غضبناک - برہم - آشفته

Syn.—Vehement, boisterous, fierce, mad.

Furl, *v. t.* To draw or wrap up ; to contract : تہہ کرنا - لپيٹنا - اينٹھنا

Furlong, *n.* The 8th part of a mile : ايک ميل کا آٹھواں حصه

Furlough, *n.* A temporary leave of absence : رخصت - چھٹي - رضا

Furnace, *n.* A place for melting metals ; an inclosed fire-place : بھٹي - بھاڑ - آتش دان

Furnish, *v. t.* To apply ; to store up ; to fit up ; to equip : - مہيا کرنا - موجود کرنا - بہم پہونچانا - سجانا - آراسته يا تيار کرنا

Furniture, *n.* Chattels ; moveables ; goods : اثاث البيت - اسباب - لوازمه - ساز و سامان

Furor, *n.* Fury ; rage ; madness : جذبه - جوش و خروش - غضب - غصه - طيش

Furrier, *n.* A dealer in furs : - سمور فروش - پشم فروش

Furrow, *n.* A trench made by a plough , a hollow ; a wrinkle : - ہرائي - داڑ - دھن - خط - لکير - کونا - جھري

Further, *a.* More remote ; additional : - دور کا - زياده - علاوه * *ad.* To a greater distance ; moreover : فاصلے پر - دور - آگے - ماسوا - مکرر * *v. a.* To advance ; to promote : بڑھانا - ترقي دينا

Furtherance, *n.* Act of furthering ; advancement : ترقي - اعانت - مدد - تقويت

Syn.—Promotion, advancement, helping forward.

Furthermore, *ad.* Moreover ; besides : ماسوا - علاوه بريں - اسکے سوا

Furthermost, Furthest, *a.* Most distant : دور ترين - سب سے دور

Furtive, *a.* Stolen : خفيه - دزديده - مسروقه - چوري کا

Furuncle, *n.* A small tumour ; a boil : - گانٹھ - گانٹھن - پھوڑا

Fury, *n.* Violent passion ; rage ; madness : جذبه - جوش - غضب - غصه - خفگي - جنون

Furze, *n.* A prickly shrub used for fuel : ايک کانٹے دار جھاڑي جو ايندھن کا کام ديتي هے

Fuse, *v. t.* To melt ; to liquefy by heat : - گلانا - پگھلانا - گھلانا * *n.* A firelock : a match ; a cigar light : بندوق - فتيله

Fusibility, *n.* The quality of being fusible ; گل جانے کي خاصيت

Fusible, *a.* That may be melted ; liquefiable : گلنے کے لايق - گداختني

Fusil, *n.* A light musket : ايک هلکي بندوق

Fusileer, *n.* A foot soldier ; a soldier armed with a fusil : برقنداز - پيدل - بندوقچي

Fusillade, *n.* A simultaneous discharge of musketry : بندوقونکي سلاخ - فاير - باڑه

Fusion, *n.* Act or operation of melting ; state of beiny melted ; union : - گھلاؤ - پگھلاؤ - گداز - آميزش

Fuss, *n.* A tumult ; bustle ; annoying ado : شور و غل - ہنگامہ - ہلچل - بے فایدہ کي دوڑ دھوپ - فضول علبلي - توبہ تلا کرنا

Fussy, *a.* Making a fuss, or unnecessary ado about trifles : تھوڑي بات میں غل شور مچانیوالا

Fustic, *n.* Yellow wood used for dying : ایک قسم کي پیلي لکڑي جو رنگنے کے کام آتي ھے - تج

Fustigate, *v. t.* To beat with a stick : لاٹھي سے مارنا - سونٹے سے پیٹنا

Fusty, *a.* Ill-smelling : بدبودار - پھپھوندي دار

Futile, *a.* Of no importance ; trifling ; worthless : ناکارہ - ناچیز - مہمل - سبک

Syn.—Trifling, frivolous, worthless, trivial.

Futility, *n.* Want of importance or effect ; uselessness : ھلکاپن - سبکي - بیقدري - اوچھا پن

Future, *n.* About to be ; liable to be or come hereafter : اگلا - مستقبل - آیندہ * *n.* Time to come : استقبال - زمانہ آیندہ

Futurity, *n.* Future time ; time to come : زمانہ آیندہ - عالم غیب - ھونہار - عاقبت

Fuze, *n.* A tube used in blasting : پھوڑ کر اُڑانیکا نل - فتیلہ

Fuzz, *v. i.* To fly off in minute particles : ذرہ ذرہ ھوکر اُڑجانا * *n.* Fine, light particles : باریک - ھلکے ذرے

Fy, Fie, *interj.* A word expressing blame, dislike or contempt : تف - چھي - لاحول ولاقوت - توبہ توبہ

G

Gab, *n.* Idle prate ; loquacity : بک بک - غپ شپ - بکواد * The gift of the—, the power of eloquence : فصاحت و بلاغت * *v. i.* To talk idly : بڑبڑانا - بیہودہ بکنا

Gabardine, *n.* A long coarse cloak : چوغہ - جبہ - انگرکھا - فرغول

Gabble, *v. i.* To talk without meaning ; to prate : بک بک کرنا - بڑبڑانا - گیں پیں کرنا * *n.* Loud or rapid talk without meaning : بک بک - بڑبڑاھٹ

Gabion, *n.* A wicker basket in fortification : ڈلیا - ٹوکري

Gable, *n* The triangular end of a house : مکانکے چھت کا نوکدار حصہ

Gad, *n.* The point of a spear ; a wedge : برچھي کي نوک - پچڑ * *v. i.* To rove or ramble idly : آوارہ گھومنا - سیل سپاٹے کرنا

Gadfly, *n.* A fly that stings cattle : ڈانس - گؤمکھي

Gaffer, *n.* An old fellow ; an aged rustic : ایک بڑھا گنوار

Gag, *v. t.* To stop the mouth : منہ بند کرنا - بولنے ندینا * *n.* Something thrust into the mouth to hinder speaking : ڈاٹ

Gage, *n.* A pledge or pawn ; security : گروي - رھن - ضامني * A challenge to combat : کشتي کي للکار * *v. t.* To bind by pledge ; to engage ; to measure : مکفول کرنا - گروي رکھنا - شرط کرنا - قول و قرار کرنا - ناپنا

Gaiety, *n.* Cheerfulness ; finery : خوشي - چہل - زیب زینت - سجاوٹ

Gaily, *ad.* Merrily : خوشي سے

Gain, *n.* Thing gained ; profit ; advantage ; acquisition : یافت - منفعت - حاصل - فائدہ - توقیر * *v. t.* To obtain ; to acquire ; to attain ; to reach : تحصیل کرنا - پیدا کرنا - نفع اوٹھانا - حاصل کرنا - پہونچنا * *v. i.* To advance : آگے بڑھنا * To—over, to win over : ملالینا * [illegible] کرنا * To—ground, to advance : بڑھنا * To—on or upon, to advance nearer to : پاس پہونچنا

Gainful, *a.* Profitable : مفید - سودمند

Gainless, *a.* Unprofitable : بے سود - لاحاصل

Gainsay, *v. t.* To contradict ; to deny ; to oppose : خلاف کہنا - رد کرنا - انکار کرنا - بات کاٹنا

Gait, *n.* Manner of walking ; bearing : رفتار - چال - ڈھنگ

Gala, *n.* Pomp ; show or festivity : شان و شوکت - نمود - جشن * —day, a festive day : خوشي کا دن - روز عید

Galaxy, *n.* The milky way : کہکشاں * An assemblage of notable persons : مجمع نامي اشخاص - انجمن

Gale, *n.* A strong wind ; breeze : آندھي - جھوکا - نسیم - بادصبا

Gall, *n.* The bile ; rancour ; malignity : - صفرہ - پت - کینہ - تلخی - بغض * *v. t.* To fret and wear away by friction ; to tease ; to vex : - رگڑنا - گھسنا - چھیڑنا - دق کرنا

Gallant, *a.* Gay ; heroic ; courageous ; courtly : خوش طبع - دلیر - جانباز - صاحب اخلاق - اعلی حوصلہ *—springing, grownig up in youthful beauty ; full of the promise of youth : جو اپنے شباب کی بہار میں ہے - جوانی میں لہلہاتا * *n.* A fashionable man ; a suitor ; a lover : - وضعدار - عشق باز - آشنا - بانکا

Gallantly, *ad.* In a polite manner : - شریفانہ - تکلف سے

Gallantry, *n.* Bravery ; intrepidity ; attention to ladies : عالی ہمتی - جانبازی - بہادری - خاتون نوازی

Gallery, *n.* A long and narrow corridor ; a balcony round a building ; collection of paintings, &c : لمبا کمرہ جس سے اور کمروں میں راستہ ہو - برامدہ - بالا نشستگاہ - رنگ محل - تصویر خانہ

Galley, *n.* A low, flat vessel with one deck ; (*Print.*) flat oblong tray : - ایک قسم کا جہاز - چھاپے کے حروف بٹھانے کا تختہ

Galliard, *n.* A gay, sprightly man : خوش طبع یا زندہ دل آدمی

Galligaskins, *n.* Leg guards ; loose breaches : چمڑے کا موزہ - جانگیا - غراریدار پائجامہ

Gallipot, *n.* A small earthen pot painted and glazed : چینی کا برتن - مرتبان

Gallon, *n.* A liquid measure of 4 quarts : ۳ سیر ۱۰ چھٹانک کا پیمانہ - گیلان

Gallop, *v. i.* To run with leaps as a horse ; to move very rapidly : - سرپٹ دوڑنا - پوئیوں دوڑنا - تیزی سے چلنا * *n.* The swiftest motion of a horse : سرپٹ - پویہ

Galloway, *n.* A horse of small size : چھوٹے قد کا گھوڑا - ٹٹو - ٹانگن - اسپ میانہ

Gallow, *v. t.* To terrify : ڈرانا - خوف دلانا - دہشت زدہ کرنا

Gallows, *n.* A frame for the execution of criminals : پھانسی - سولی - ٹکٹی * **—bird,** A person who has the appearance of a condemned criminal : خبیس

Galvanic, *a.* Relating to galvansim : کہربائی

Galvanism, *n.* A species of electricity : ایک قسم کی برقی یا کہربائی قوت

Galvanize, *v. t.* To affect with galvanism : برقی اثر پیدا کرنا * **—d iron** قلعی دار لوہا

Gamble, *v. i.* To play for money : جوا کھیلنا - قمار بازی کرنا * *v. t.* To squander by gaming : جوئے میں ہار جانا

Gambling, *n.* The practice of gaming for money : قماربازی - جوا

Gambol, *n.* A skip ; a leap for joy ; a frolic : کھیل - کود - کلول

Syn.—Frolic, prank.

——, *v. i.* To dance ; to skip ; to frisk : - ناچنا - کودنا - اُچھلنا - پھدکنا - کلولیں کرنا

Game, *n.* Sport : کھیل * Play : کھیل * Scheme : تدبیر * Animals hunted : شکار * Jest : - مذاق - مضحکہ * **To make—of,** ٹھٹھے میں اڑانا - اُلو بنانا * *a.* Brave ; resolute : بہادر - مستقل

Game-cock, *n* A cock bred to fight : لڑائی کا مرغ

Game-keeper, *n.* One who has care of game : محافظ شکار

Gamesome, *a.* Frolicsome ; gay : چنچل - کھلاڑی

Gamester, *n.* One addicted to gaming : - جواری - قمار باز

Gammon, *n.* The thigh of a hog smoked or dried : سور کی خشک ران * *v. t.* To salt and dry : گوشت میں نمک لگاکر سکھانا * To hoax : - ٹھٹھا کرنا - بیوقوف بنانا

Gamut, *n.* A scale of notes in music : راگ کے سروں کی علامت - سرگم

Gander, *n.* The male of the goose : - ہنس - بط نر - قاز

Gang, *n.* A company ; a band ; a troop : - گروہ - غول - طائفہ - ٹولی - دھاڑ

Gangrene, *n.* Mortification of flesh : گوشت کی سڑن - داد

Gangrenous, *a.* Mortified : مردہ

Gangway, *n.* A narrow passage way on a ship's side : جہاز کے کنارے کنارے کا تنگ راستہ

Gaol, (*jel*), *n.* A prison ; a place for confinement : زندان - قیدخانہ

Gaoler, *n.* A jailer : قید خانہ کا داروغہ

Gap, *n.* An opening ; a cleft ; a vacnity : - شگاف - شق - خالي - جگهه * To stand in the—, اوروں کي حفاظت کے واسطے اپني جان دينا * To stop a—, رخنه بند کرنا - نقص رفع کرنا

Syn.—Cleft, crevice, crack.

Gape, *v. i.* To open the mouth wide ; to yawn ; to stare : * منهه پهاڑنا - جمهوئي لينا - هکا بکا رهنا To—for or after, مانگنا - چاهنا

Garb, *n.* Clothes ; dress ; fashion, or mode of dress : پوشاک - لباس - وضع - پهناوا

Garbage, *n.* The bowels of an animal ; refuse : اوجهڑي - فضله

Syn.—Offal.

Garble, *v. t.* To pick out what may suit a purpose ; to sift : چن لينا - چهانٹنا - تحريف کرنا - کاٹنا - چهانٹنا

Garden, A piece of ground for cultivating flowers, or vegetables, &c. : باغ - چمنزار - گلستان حديقه - گلزار - پهلواري

Gardener, *n.* One who makes and tends a garden : باغبان - مالي

Gargarize, *v. t.* To wash the mouth with medicated liquors : پاني ميں دوا ڈالکر کلي کرنا

Gargle, *v. t.* To wash the mouth and throat : کلي کرنا - غرغره کرنا - مزمزه کرنا

Garland, *n.* Wreath of flowers ; a crown : - مالا - هار - گجرا

Garlic, *n.* A strong scented plant of the onion kind : لهسن

Garment, *n.* An article of clothing ; dress : کپڑے - پوشاک

Garner, *n.* A place where threshed corn is stored ; a granary : غله کا گودام انبار خانه * *v. t.* To store in a granary : ناج بهرنا - غله خانه ميں رکهنا

Garnet, *n.* A precious stone of a red colour : ياقوت - تامڑا

Garnish, *v. t.* To adorn ; to embellish : آراسته کرنا - زيب و زينت دينا - سنوارنا

Garniture, *n.* Furniture ; embellishment : اسباب - زيبايش

Garret, *n.* A room directly under the roof :- اٹاري - اوپري کوٹهري - بالا خانه

Garrison, *n.* Soldiers for the defence of a town or fort : قلعه کي فوج * *v. t.* To place soldiers in a fortress for defence : حفاظت کے ليئے قلعه ميں فوج متعين کرنا

Garrotte, *v. t.* To strangle and rob : گلا گهونٹکر لوٹنا

Garrulity, *n.* Talkativeness : ياوه گوئي - بک بک

Garrulous, *a.* Talkative ; loquacious : - بکي - گپي - بڑبڑيا

Garrulousness, *n.* Talkativeness : گپ - بک بک

Garter, *n.* A band to hold up stockings on the leg : موزه بند پٹي * The highest order of knighthood in England and the badge of it : انگلستان ميں اعلى درجه کا بهادري کا خطاب اور اُسکا تمغه

Gas, *n.* An æriform fluid : هواے بسيط - گاس - هوائے سوزنده (جو روشني کے کام آتي هے)

Gasalier, *n.* A gas-burning chandelier : گاس کا جهاڑ

Gasconade, *n.* A boast or boasting ; a bravado : شيخي - لاف - گذاف - لنتراني - ڈينگ * *v. t.* To boast ; to brag : شيخي مارنا - لمبي هانکنا

Gaseous, *a.* In the form of gas : گاس کي صورت

Gash, *n.* A deep and long cut : - گهرا گهاؤ - غار - زخم کاري * *v. t.* To cut deep : گهرا زخم لگانا گهرا گهاؤ کرنا

Gaskins, *n.* Loose breeches : ڈهيلا جانگهيا - گهٹنا

Gasometer, *n.* A place where gas is prepared : وه مقام جهاں گيس طيار کي جائے

Gasp, *v. i.* To pant for breath : - هانپنا - دم لينا - سانس بهرنا * *n.* A laboured respiration : دم واپسين - سانس - دم مرگ * At the last—, at the point of death : دم مرگ - بدرگور - قريب از مرگ

Gast, *v. t.* To frighten : ڈرا دينا

Gastric, *a.* Pertaining to the stomach : شکم يا معده کے متعلق

Gastritis, *n.* Inflammation of the stomach : پيٹ کي سوجن

Gastronomy, *n.* The science of good eating : علم لذت - شکم پرستي

Gate, *n.* A large door ; a way or passage : - پهاٹک - دروازه - در

Gather, *v. t.* To bring together ; to collect ; to plait ; to pluck . - اکٹها کرنا - فراهم کرنا - بٹورنا

چننا - توڑنا * *v. i.* To infer : نتیجہ نکالنا * *n.* A plait or fold in cloth : شکن - چنٹ

Gathering, *n.* An assembly of people ; a collection : جماعت - مجلس - اجتماع

Gaud, *n.* Ornament ; trinket : زیور - کھلونا

Gaudery, *n.* Finery ; ornaments : آرایش - زیب و زینت

Gaudily, *ad.* Showily ; splendidly : بھڑک سے - چمک سے

Gaudiness, *n.* Showiness : بھڑک - چمک - آرایش

Gaudy, *a.* Ostentatiously fine ; showy : زیبایشي - نمایشي - بھڑکیلا

Gauge, *v. i.* To measure or ascertain the contents of : ماپنا - اندازہ کرنا - پیمایش کرنا * *n.* A measure ; a rod for measuring : ماپ - پیمانہ - پاني ناپنے کا گز

Gaunt, *a.* Lean ; meagre ; thin : دبلا - لاغر - پتلا
Syn.—Thin, lean, slender.

Gauntlet, *n.* An iron glove : دستانہ آهني * To throw the—, to offer a challenge : جنگجوئي کرنا - کھم ٹھوکنا - بیڑا ڈالنا * To take up the—, بیڑا اٹھانا - میدان میں آنا

Gauze, *n.* A thin silk or linen : باریک ریشمي کپڑا - گاچھہ

Gawk, *n.* A simpleton : گاؤدي - بیوقوف

Gay, *a.* Cheerful ; merry ; playful : دلشاد - شادمان - باغ باغ - خوش * Showy : نمایشي
Syn.—Merry, blithe, frolicsome.

Gayety, See **Gaiety**. **Gaze,** *v. t.* To look steadily ; to look fixedly : گھورنا - ٹکٹکي لگانا - شوق سے دیکھنا * *n.* A fixed or eager look : ٹکٹکي - نظر

Gazelle, *n.* A species of Arabian deer : غزال - ہرن - مرگ - چکارا

Gazette, *n.* An official newspaper : سرکاري اخبار - گزٹ * *v. t.* To publish officially : شایع کرنا - درج اخبار سرکاري کرنا

Gazetteer, *n.* A writer of news : اخبار نویس - مہتمم گزٹ * A geographical dictionary : لغت جسمیں شہروں اور ملکوں کا بیان ہو

Gear, *n.* Goods ; harness : مال و اسباب - ساز و سامان

Gelatine, *n.* An animal substance which dissolves in hot water, and forms a jelly on cooling : جانوروںکا وہ چپچپا مواد جو پاني میں گھل کر لسلسا ہو جاتا ہے

Gelatinous, *a.* Like gelatine : چپچپا - لسلسا

Geld, *v. t.* To castrate : آختہ کرنا - بدھیا کرنا - خصي کرنا

Gelding, *n.* A castrated animal : آختہ جانور - خصي - بدھیا

Gelid, *a.* Extremely cold : نہایت سرد

Gem, *n.* A precious stone ; a jewel : گوہر - جواہر - من * A bud : شگوفہ - کلي

Gemini, *n.* (*pl.*) The twins ; a sign in the zodiac : توام - متھن راس - جوڑا - جوڑہ

Gemmy, *a.* Glittering or adorned with gems : جواہرات سے چگمگاتا - مرصع

Gendarme (*zhandarm*), *n.* فرانسیسي رسالہ کا سوار

Gender, *n.* Sex, male or female : نوع تذکیر و تانیث - مذکر - مونث

Genealogical, *a.* Pertaining to genealogy : نسبي - نسلي

Genealogist, *n.* One who traces pedigrees : نسب دان - شجرہ نویس

Genealogy, *n.* An account of the descent of a person or family from an ancestor ; lineage : نسب نامہ - شجرہ خاندان - بنساولي

Genera, *n. pl.* of **Genus**. Kinds ; species : اقسام - اجناس

General, *a.* Common ; public ; usual ; not specific : عام - کلیہ - اکثریہ * A—term, اسم جنس * A—dealer, ہر جنس فروش * In—, کل پر لحاظ کیا جاوے - في الجملہ - اکثر - عموماً
Syn.—Common, universal.

General, *n.* The whole ; the main part : کل - تمام * The commander of an army : سپہ سالار - سیناپتي

Generalize, *v. t.* To arrange under general heads : جنس جنس یا قسم قسم کرنا - ترتیب دینا

Generallissimo, *n.* A commander-in-chief : سپہ سالار - سالار جنگ

Generality, *n.* The state of being general ; the greatest part ; majority : عمومیت - کلیت - جمہور - زیادہ حصہ - بہت آدمي - عام تصور

Generally, *ad.* Commonly : عموماً - اکثر - علي العموم * —to say, عموماً کہنے کو

Generalship, *n.* Skill and conduct of a general-officer : سپہ سالاري

Generate, *v. t.* To beget ; to bring into life ; to produce : پیدا کرنا - جننا - نمودار کرنا - نکالنا

Generation, *n.* Offspring ; breed : اولاد - نسل * A race : قوم * An age : زمانہ - پشت

Syn.—Progeny, offspring.

Generative, *a.* Able to produce ; prolific : پیدا کرنیوالا - مولد - اوپجاؤ

Generator, *n.* One who produces : پیدا کرنیوالا - اوپجانیوالا

Generic, *a.* Pertaining to a genus or kind ; very comprehensive : جنس کا - قسم وار - بہت چیزوں یا خصوصیتوں پرحاوی

Generosity, *n.* Quality of being generous ; magnanimity : کشادہ دلی - سخاوت - فیاضی - بخشش - فیض

Syn.—Munificence, benevolence.

Generous, *a.* Magnanimous ; honourable ; munificent ; liberal : سخی - عالی منش - بلند حوصلہ - کشادہ دل - فیاض - مالامال وافر - صاحب ہمت

Genesis, *n.* The first book of the Old Testament : پرانے عہد نامے کی پہلی کتاب - * Origination : پیدایش - ابتدا - آغاز

Genet, *n.* A small Spanish horse : اسپین کا ٹٹو

Geneva, *n.* Holland gin : ہالینڈ کی شراب

Genial, *a.* Generative : پیدا کرنے والا * Gay : cheering ; friendly : خوشدل - دلپسند - فرح افزا

Geniality, *n.* Sympathetic ; cheerfulness : انسیت - میل - خوش طبعی

Genially, *ad.* Cheerfully : خوشطبعی سے - بخوشی

Genital, *a.* Pertaining to generation : نسل کے متعلق - اصلی - پیدایشی

Genitals *n.* The external organs of generation : اعضاے تناسل - شرمگاہ

Genitive *n.* The second case in Latin grammar : مضاف الیہ

Genius, (*pl.* Geniuses) Intellect : ادراک - عقل - فہم * A man of genius : ذہین یا صاحب طبع * *n.* (*pl.* Genii) Spirits ; demons : جن - بھوت

Genteel, *a.* Well-bred ; polite ; graceful in mien, or form : خوش اخلاق - مہذب - خوش وضع - آراستہ

Syn.—Polite, well-bred, refined, polished.

Gentile, *n.* One of a non Jewish nation : وہ شخص جو یہودی قوم کا نہو * A heathen : بت پرست - کافر

Gentility, *n.* Politeness of manner : شرافت - انسانیت - مروت

Gentle, *a.* Well-born, mild, meek ; docile ; balmy ; peaceful : شریف - نیک - حلیم - حلیم الطبع - تربیت پزیر - مسکین - ہلکی - میٹھی

Syn.—Tame, mild, meek.

Gentlefolk, *n.* Persons of good breeding and family : شریف لوگ

Gentleman, *n.* A man of good family ; a well-bred man : عالی خاندان - شریف - خلیق - خوش خلق

Gentlemanly, *a.* Becoming a gentleman ; polite : شریفوں کا سا - خلیق - حلیم

Gentleness, *n.* Sweetness of disposition : mildness : شفقت - حلم - ملائمیت

Gentlewoman, *n.* A woman of good breeding ; a lady : نیک بخت عورت - صاحبہ

Gently, *ad.* Meekly ; softly : بملائمیت - باہستگی - دھیمے سے

Gentry, *n.* A class of people above the vulgar : شرفا - روسا

Genuflect, *v. i.* To kneel as in worship : عبادت کے وقت جھکنا

Genuflection (*Jen-yu-flec-shun*), *n.* The act of kneeling : زانو کا جھکانا عبادت کے وقت

Genuine, *a.* Not adulterated ; real ; pure ; not spurious : بے میل - اصل - حقیقی - خالص - سچا - نا مقلد

Genuineness, *n.* Freedom from adulteration ; purity : اصلیت - چوکھاپن - کھرائی - صحت

Genus, *n.* A distinct class or group : جنس - نوع - قسم

Geographer, *n.* One versed in geography : جغرافیہ دان

Geography, *n.* A description of the earth : جغرافیہ

Geographical, *a.* Pertaining to geography : متعلق جغرافیہ

Geological, *a.* Pertaining to geology : علم طبقات ارض کے متعلق

Geologist, *n.* One versed in geology : ماہر علم طبقات ارض

Geology, *n.* The science which treats of the formation and structure of the earth : علم طبقات - کرہ ارض - ارضیات علم ترکیب زمین

Geomancy, *n.* Fortune telling by lines or figures : زائچہ دانی - رمل

Geometrical, *a.* Pertaining to geometry : علم اقليدس كے متعلق

Geometrician, *n.* One skilled in geometry : اقليدس داں - مهندس

Geometry, *n.* The science which treats of the relation, properties and measurement of solids, surfaces, lines and angles : تحرير اقليدس - مساحت - ريكها گنت

Germ, *n.* The rudimentary form of a living thing (*animal or plant*) a sprout or shoot ; origin : جاندار شئي كي ابتدائي صورت - كلا - انكهوا اصل - اغاز

German, *a.* Closely allied : نزديكي * *n.* نزديكي رشتيدار

Germinate, *v. i.* To sprout ; to bud ; to put forth : كلا پهوٹنا - اوگنا - نكلنا

Germination, *n.* The act of sprouting or shooting ; growth : اگنا - اگساؤ - نمود

Gerund, *n.* A kind of verbal noun, which governs cases like a verb : اسم فعل كي ايک قسم

Gestation, *n.* Act of bearing young in the womb : حمل ركهنا - آبستني - گربهه

Gesticulate, *v. i.* To show postures ; to make gestures ; to play antie tricks : صورت بنانا - حركت كرنا - بهاؤ دكهانا * *v. t.* To represent by gesture ; to act : بهاؤ بتانا - نقل كرنا

Gesticulation, *n.* Act of making gesture : حركات جسماني - نقل

Gesture, *n.* A motion of the body or limbs expressing sentiment or passion : حركات جسماني - وضع

Get, *v. t.* To procure ; to acquire ; to procure ; to gain possession ; to win ; to learn ; to prevail on : پيدا كرنا - حاصل كرنا - هاتهه لگنا - قبضه ميں انا - جيتنا - سيكهنا - اماده كرنا - ترغيب دينا * **To—about,** to circulate : پهيلنا * **To—abroad,** to become known : كهلجانا - فاش هونا **To—at,** to reach : پهونچنا * to gain : حاصل كرنا * **To—away,** to go away : to depart : چلا جانا * to remove ; to carry off : هٹا ليجانا * **To—back,** to return : واپس آنا * **To—down,** to descend : اترنا * **To—in,** to enter : داخل هونا * To bring : لانا * **To—off,** to escape : بهاگكر نكل جانا - فرار هوجانا * to remove : دور كرنا * to alight : اترنا * **To—on,** to make progress : ترقي كرنا * To put on : پهن لينا * **To—out,** to extricate one's self : چهڑانا * **To—over,** to overcome : غالب آنا * To cross : پار هونا * To make ready : تيار كرنا * **To—through,** to traverse or pass through : گذرجانا * To accomplish : انجام دينا * **To—to,** arrive at : پهونچنا * **To—together,** to assemble ; to convene : جمع كرنا * **To—up,** to rise from a seat or bed : اوٹهه كهڑا هونا * To prepare : تيار كرنا * To concoct : بنا لينا * **To—about one's business,** to be off ; to go away : دفع هونا - چل دينا * **To—by heart,** to commit to memory : حفظ كرنا * **To—clear of,** to escape unhurt : صاف بچ جانا * **To—drunk,** to become intoxicated : نشه ميں هونا * **To—rid of,** to get quit of : چهٹكارا پانا * **To—scent of,** to get an inkling of : اشارة پانا * **To—the better,** to gain advantage : غالب آنا * **To—the start of,** to gain advantage over : بڑهه جانا * **To—wind,** to become known : فاش يا ظاهر هوجانا * **To get up a suit,** مقدمه كهڑا كرنا * **To—by heart,** حفظ كرنا - برزبان كرنا * **To—the better of,** غالب رهنا - فرق لے جانا - دباليتا

Get, *v. i.* To gain ; to become : لينا - پهونچنا - هونا - هو جانا * **To—above,** سركرنا **To—along** بڑهنا - چلنا - گذران كرنا * **To—clear** اپنے كو چهڑا لينا * **To—on,** ترقي كرنا * **To—through,** كسي كے بيچ سے هوكرنكلنا

Gewgaw, *n.* A showy trifle ; a toy : كهلونا - كٹهه پتلي

Syn.—Toy, plaything, bauble.

Geyser, (Pr. *gui-ser*) *n.* A fountain which spouts boiling water : گرم چشمه جسميں سے فواره نكلتا هو

Ghastliness, *n.* Frightful aspect ; paleness : خوفناک صورت - زرد روئي

Ghastly, *a.* Death-like ; pale ; dreadful : مرداني - زرد - خوفناک - مهيب - هيبت ناک

Gherkier, *n.* Any small cucumber used for pickling : چهوٹي ككڑي - كهيرا

Ghost, *n.* An apparition ; the spirit : بهوت پريت - روح - همزاد * The Holy Spirit : روح القدس * **To give up the—,** مرجانا - جان بحق تسليم كرنا

Ghostly, *a.* Relating to apparitions : آسیبی * Spiritual : روحانی

Syn.—Spiritual, spectral, phantomlike.

Giant, *n.* A man of extraordinary stature : خوب لمبا چوڑا آدمی - دیو

Gib, *n.* An old worn out animal : بوڑھا اور نہایت ضعیف جانور * A part of machinery : کل کا ایک پرزہ

Gibber, *v. i.* To speak rapidly and inarticulately : جلدی میں صاف نہ بولنا - گلبل غلبل کرنا - گپڑ سپڑ بولنا

Gibbet . (*pr. Jibet*) A gallows : پھانسی کی ٹکٹی * *v. t.* To hang on a gibbet ; to expose to infamy : پھانسی دیکر لٹکا رکھنا - رسوا کرنا - رو سیاہ کرنا

Gibbous, *n* Protuberant ; convex ; humped : اُبھرا ہوا - خمیدہ - کبڑا

Gibe, *v i.* To rail , to mock ; to sneer : - چڑھانا - آڑے ہاتھہ لینا - طعن تشنیع کرنا

Syn.—Sneer, scoff.

Giblets, (*pl.*) The parts of a goose which are cut off before it is roasted : پرند کے وہ اعضا جنکو کباب کرنے سے پہلے کاٹ ڈالتے ہیں

Giddily, *ad.* Carelessly ; unsteadily : - غفلت سے - مضطربانہ - بیقراری سے

Giddiness, *n.* The sensation of reeling ; levity : دوران سر - تیور - گھُمری - ہلکاپن

Syn.—Vertigo, dizziness.

Giddy, *a.* Dizzy ; unstable ; flighty ; heedless : سرگرداں - چکراتا - گھومتا - بے قرار - چنچل - متلون غافل

Gift, *n.* Anything given ; a present : - عطیہ - بخشش - نذرانہ * A faculty : وصف خداداد * — of the gale, fluency of speech : - فصاحت - خوشگوئی

Gifted, *a.* Endowed with a faculty : - وصف خداداد رکھتا ہوا - ہوشیار

Syn.—Talented, intelligent.

Gig, *n.* A top or whirlgig : لٹو - پھرکی * A light carriage drawn by one horse : ہلکی گاڑی - ٹم ٹم * A ship's boat : جہاز کی کشتی - ڈونگی * — lamps, spectacles : چشمہ - عینک

Gigantic, *a.* Of extraordinary size ; mighty : عفریت صورت - قوی ہیکل - عظیم الجثہ - مہیب - بڑی

Giggle, *n.* A kind of laugh : - کھلکھلاہٹ - ہنسی * *v. i.* To laugh ; to titter : کھلکھلانا - ٹھلٹھلانا

Gild, *v. t.* To overlay with gold ; to illuminate ; to brighten : سونا چڑھانا - جلادینا - چمکانا

Gilder, *n.* One who gilds : طلا کار - ملمع ساز

Gill, *n* The respiratory organ in fishes : مچھلی کا گلپھڑا * A sportive or wanton girl : کھلاڑ عورت * The fourth part of a pint : ایک پیمانہ قریب آدھہ پاؤ کے

Gillie, *n.* A man servant : خدمتگار - خادم * The man who leads a pony about when a child is riding : وہ نوکر جو لڑکے کو ٹٹو پر سوار کراکر سیر کرائے

Gimlet, *n.* A small borer : چھوٹا برما - برمی

Gimp, *n.* A kind of silk lace : ایک قسم کا ریشمی گوٹا

Gin, *n.* An alcoholic liquor : جین شراب * A machine for separating the seeds from cotton. روئی اوٹنے کی کل * A trap ; a snare : دام - پھندا * *v. t.* To clear cotton of its seed ; to catch in a trap : روئی اوٹنا - بنولے نکالنا - دام میں پھنسانا

Ginger, *n.* A plant and its hot and spicy root : * زنجبیل - سونٹھہ * Dry—, ادرک - سونٹھہ **—bread work,** نقشین اور نازک کام

Gingerly, *a.* Cautiously ; nicely : - ہوشیاری سے - خوبی سے - عمدہ طور سے

Syn.—Fastidiously, carefully.

Gipsy, *n.* One of a vagabond race : ایک خانہ بدوش قوم

Giraffe, *n.* An African quadruped whose forelegs are much longer than the hind ones ; the camelopard : زرافہ - شتر گاؤ

Gird, *v. t.* To bind ; to tie round ; to encircle ; to seize باندھنا - کسنا - گھیرنا - پکڑنا * To—up the lions, to get ready for hard work : کمر کسکر طیار ہونا (کسی مشکل کام کے واسطے) * To—one's self, کمر بستہ ہونا - تیار ہونا

Girder, *n.* One who girds : باندھنے والا * A main beam resting upon a wall at each end : دھرنی یا کڑی جو دو ستونوں پر ہموار پڑی ہو

Girdle, *n.* A band for the waist ; a belt : - کمر بند - پٹکا - پیٹی * To turn one's—, to challenge : لڑائی مانگنا - مقابلہ چاہنا - کشتی کے لئے تیار ہوجانا

Girl, *n.* A female child : دختر - چھوکری - لڑکی - کنیا

Girlhood, *n.* The early stage of maidenhood : کنوارا پن - بالا پن

Girt, *v. t.* To gird ; to surround : لپیٹنا - گھیرنا - کسنا * *a.* Bound by a cable : رسی سے جکڑا ہوا

Girth, *n.* A strap for a saddle ; circumference : پشت تنگ - محیط - حلقہ - گھیرا

Gist, *n.* The main point of a question or action ; that on which it rests or turns ; point to arrive at ; pith : منشاء سوال - اصل مطالب - بنا امر

Give, *v. t.* To bestow ; to confer ; to grant ; to pay ; to yield ; to utter : عنایت کرنا - بخشنا - عطا کرنا - دینا - حوالہ کرنا - بیان کرنا * **To—away,** to part with : دے ڈالنا * **To—back,** to restore : واپس دینا - لوٹانا * To reflect : عکس یا پرتو ڈالنا * **To—forth or out,** to publish ; to announce : مشہور کردینا * **To—in,** to yield : اطاعت قبول کرنا * To tender : داخل کرنا * **To—off** to emit, to exhale : نکالنا - چھوڑنا * **To—out,** to announce : مشہور کردینا * To emit ; to send forth : چھوڑنا - پھینکنا * **To—over,** to abandon : ترک کردینا *To despair of one's recovery: ہاتھ دھو بیٹھنا * **To—up,** to abandon : ترک کردینا * **To—birth,** to be delivered of : جننا - پیدا کرنا * **To—chase,** to pursue : پیچھا کرنا * **To—one's self, airs,** to assume an affected or haughty manner : مغرور ہونا - تمکنت دکھلانا * **To—one's self up for lost,** اپنے تئیں ہلاکت کا لقمہ سمجھنا - بچنے کی امید نہ رکھنا *To—one the go-by, to pass one over : آنا کانی کرنا - ٹرکا دینا * **To—one the slip,** to steal off : چھوٹ یا نکل بھاگنا * **To—one's word,** to declare solemnly : زبان دینا * **To—the cold shoulder to,** to show deliberate neglect or contempt to : بے التفاتی کرنا * **To—the cue,** to give one a hint : اشارہ دینا * **To—the lie to,** to show the falsehood of : جھٹلانا * **To—up the ghost,** to die : مرجانا * **To—vent to,** to pour forth : دل کا غبار نکالنا - ظاہر کرنا * **To—way,** to fall back : پس پا ہونا - ہٹ جانا * To break : ٹوٹ جانا * **To—way to,** to make room for : جگہ دینا - راہ دینا * **He giveth twice that gives intrce,** ترت دان مہا کلیان

Gizzard, *n.* The stomach of a bird : پوٹہ - سنگدان - پتھری

Galcial, *a.* Consisting of ice ; icy ; frozen : یخ دار - برف کا - منجمد

Glaciate, *v. i.* To turn into ice : یخ بن جانا - برف ہوجانا

Glacier, *n.* A field or mass of ice : برف کا میدان - یخ تودہ

Glacis, *n.* A sloping bank : ڈھال - پشتہ

Glad, *a.* Cheerful ; joyous ; pleased : دلشاد - مسرور - خوشحال - خوش - خرسند

Gladden, *v. t.* To make glad ; to cheer : خوش کرنا - مسرور کرنا

Glade, *n.* An opening through a wood or ice : جنگل یا برفستان میں گذرگاہ یا صاف میدان

Gladiator, *n.* A sword-player : سیف پھیکنے والا - شمشیر باز

Gladly, *ad.* Cheerfully : با خوشی - شوق سے

Gladness, *n.* Joy ; cheerfulness ; exhilaration : خوشی - فرحت - شادمانی - انبساط

Gladsome, *a.* Pleased ; joyful ; cheering ; causing joy : خوش - خرم - مسرور - فرحت بخش

Glair, *n.* The white of an egg ; anything slimy ; a halbert : انڈے کی سفیدی - لسدار شے - گنڈاسا

Glamour, *n.* Enchantment : ڈھیٹھ بندی

Glance, *n.* A sudden shoot of light ; a darting of the eye ; a glimpse : کرن - جھلک - نظر - نگاہ

——, *v. t.* To dart a ray of light ; to look with a rapid cast of the eye ; to allude to : کرن ڈالنا - نظر پھینکنا - سرسری دیکھنا - اشارہ کرنا

Gland, *n.* A soft fleshy organ in animals and plants : گانٹھ - گلٹی - غدود

Glanders, *n.* (*pl.*) A contagious disease in horses : گھوڑوں کی ایک بیماری جو ہوا سے پھیلتی ہے

Glandular, *a* Consisting of glands : گلٹی دار

Glare, *n.* A bright, dazzling light ; a fierce ; piercing look : جھلک - چمک - جگمگاہٹ - تابش - جوت - گہری نظر * *v. t.* To shine with a clear ; dazzling light ; to look with fierce ; piercing eyes : چمکنا - دمکنا - تکنا - غور سے دیکھنا

Glaring, *a.* Shining brightly ; clear ; notorious : چمکیلا - صاف - ظاہر - معروف - مشہور

Glass, *n.* A hard, brittle transparent substance ; a mirror ; a telescope ; a drinking vessel : شیشہ - آئینہ - دور بین - آبگینہ - جام

Glass-blower, *n.* One who fashions glass : شیشہ گر - منہار

Glassy, *a.* Made of glass ; like glass ; smooth : کانچ کا - شیشہ سا - چکنا

Syn.—Vitreous, crystal, crystalline.

Glave (*glaiv*), *n.* A broadsword ; a falchion : چوڑی تلوار - تیغہ

Glaze, *v. t.* To furnish with glass ; to render smooth : شیشہ جڑنا - روغن کرنا - گھوٹنا - مہرا کرنا کاغذ کو

Glazier, *n.* One whose business is to set glass : شیشہ جڑنے والا - دروازوں میں

Gleam, *n.* A shoot of light ; ray ; brightness : شعاع - کرن - روشنی - چمک

——, *v. i.* To cast light ; to shine ; to glimmer : شعاع یا کرن ڈالنا - چمکنا - جگمگانا

Gleamy, *a.* Sending forth rays : - کرن ڈالتا ہوا چمچماتا

Glean, *v. t.* To gather what reapers leave behind : خوشہ چینی کرنا - بیننا - یہاں وہاں سے چن لینا

Glebe, *n.* Turf ; soil ; sod : - زمین - اراضی - کھیت دب چورا - مٹی

Glee, *n.* Joy ; merriment ; a song in parts : خوشی - شادمانی - ٹپہ - خیال - گیت

Gleeful, *a.* Gay ; merry ; joyous : - شادمان خوش - مگن

Glen, *n.* A secluded and narrow valley ; a dale : درہ - وادی - گھاٹی

Glib, *a.* Smooth ; slippery ; voluble : - چکنا پھسلنا - چرب

Glibly, *ad.* Smoothly ; volubly : - چکناہٹ سے چرب زبانی سے

Glide, *v. i.* To flow gently ; to slide : آہستہ سے گذرنا - بہنا - پھسلنا

Glimmer, *v. i.* To shine faintly : ٹمٹمانا - جگمگانا

Syn.—Shine, gleam, glitter.

Glimmer, *n.* A faint light ; feeble, scattered rays of light : ٹمٹماہٹ - جھلملاہٹ - دھندلی روشنی

Glimmering, *p.p.* Shining faintly : - جھلملاتے ہوئے جگمگاتے ہوئے

Glimpse, *n.* A sudden flash ; a short, hurried view : جھلملاہٹ - کوند - چلتی نظر - جھپک

Glisten, *v. i.* To sparkle with light ; to shine : جھلملانا - دمکنا - چمکنا

Glister, *n.* Lustre ; brightness : - جھلک - چمک تجلی

Glitter, *v. i.* To shine brightly : - دمکنا - چمکنا جھلکنا * *n.* A bright sparkling light ; brilliancy ; lustre : جھلک - چمک - تاب - جلو - درخشانی

Gloat, *v. i.* To stare with eagerness or desire : بڑے شوق یا خواہش سے دیکھنا - تکنا - گھورنا

Syn.—Stare, gaze.

Globate, *a.* Globe-shaped round ; spherical : مدور - گول - کروی

Globe, *n.* A round or spherical body ; a ball ; a sphere ; the earth : گول چیز - گولا - کرۂ زمین

Globular, *a.* Spherical ; round : گولا سا - گول

Globule, *n.* A little globe ; a small round particle : گول دانہ - گولی

Glomerate, *v. t.* To gather into a ball : گولی باندھنا

Glomeration, *n.* The act of winding into a ball : گولا باندھنا

Gloom, *n.* Darkness ; obscurity ; heaviness of mind : دھندھلاپن - تاریکی - ظلمات - ملال اداسی

Syn.—Darkness, heaviness, depression, sadness.

Gloomily, *ad.* Obscurely ; sullenly : - تاریکی سے ملال سے - اداسی سے

Gloominess, *n.* Obscurity : * تاریکی - ظلمات Melancholy : ملال - کلفت

Gloomy, *a.* Dark ; dismal ; sullen : - دھندلا تاریک - دلگیر - ملول - افسردہ

Glorify, *v. i.* To make glorious to exalt : حمد و ستایش کرنا - عظمت دینا - تعریف کرنا

Glorious, *a.* Noble ; illustrious ; magnificent : جلیل - ذوالجلال - عظیم - نامی

Glory, *n.* Praise ; honor ; splendour ; renown : * توصیف - تعریف - عزت - جلال - نور - شان - شہرت *v. i.* To exult ; to rejoice ; to boast : شادمانی کرنا - خوش ہونا - فخر کرنا - ناز کرنا

Gloss, *n*. Brightness : چمک - جھلک * A specious appearance : نمایشي رونق * A comment ; explanation : شرح - ٹیکا * *v.t.* To make smooth and shining ; to explain : - گھوٹنا - جلا دینا شرح کرنا

Glossarist, *n*. A writer of a glossary : - شارح حاشیہ نویس

Glossary, *n*. A vocabulary of words requiring elucidation : فرھنگ لغات - تشریح الفاظ

Glosso-graphy, *n*. The writing of commentaries : شرح نویسي

Glossy, *a*. Smoothly polished ; bright · - چمکیلا جلادار

Glove, *n*. A cover of the hand : دستانہ * Hand and—, sworn friends : دلي دوست - جگري یار

Glow, *v. t.* To shine with intense heat ; to burn : دھکنا - بلنا - جلنا * To rage with passion : طیش میں آنا

Glow, *n*. Shining heat : دھک - تابش * Brightness of colour : جھلک - دمک - سرخي - لالي * Intense excitement اُمنگ - طیش - لہر

Glowing, *a*. Shining with heat ; ardent ; inflamed : روشن - تابدار - ولولہ انگیز

Syn.—Vehement, exciting.

Glow-worm, *n*. The fire fly : کرم شب تاب - جگنو

Gloze, *v. t.* To flatter ; to wheedle ; to misinterpret : چاپلوسي کرنا - خوشامد کرنا - غلط بیاني کرنا

Glue, *n*. A viscous substance ; a cement : سریش - لس دار چیز * *v. t.* To join with glue ; to unite : سریس لگانا - سٹنا - جوڑنا

Gluey, *a*. Viscous ; adhesive : لسلسا - چپچپا

Glum, *a*. Sullen ; gloomy : - ترش رو - اداس - ناخوش - مکدر - خاموش و بیزار

Glume, *n*. The husk or chaff of grain : - بھوسي اناج کا چھلکا

Glut, *v. t.* To swallow greedily ; to satiate ; to overfill : بھکوسنا - ٹھونسنا - سیر کرنا - بھرمار کرنا

Gluten, *n*. The sticky substance which makes dough tough : نشاستہ - میدا - آٹا کا لس

Glutinate, *v. t.* To join with glue : سریس سے جوڑنا

Glutinous, *a*. Tenacious ; viscous : چپچپا - لسدار

Glutton, *n*. One who eats to excess ; a gormandizer : بسیار خوار - پیٹو - کھاؤ جوالبقر

Gluttonous, *a* Given to excessive eating : بسیار خوار - پیٹو

Gluttony, *n*. Excess in eating : بسیار خوراي

Glycerine, *n*. An extract from fatty matter : چربیدار چیزونکا عرق - گلیسرین

Gnarl, *v. t.* To growl ; to snarl : غُرّانا - گُرگُرانا

Gnarled, *a*. Knotty ; full of knots : - گٹھیلا گرہ دار

Gnash, *v. t.* To grind or strike together the teeth : دانت پیسنا - دانت کچکچانا

Gnat, *n*. A small insect that bites : - مچھر - کٹکي پشہ

Gnaw, *v. t.* To bite off little by little ; to corrode : کترنا - دانت سے کاٹنا - کھا جانا - گھس ڈالنا * Gnaw the bone which is fallen to thy lot : قسمت میں جو لکھا ھے سو بھوگنا ھوگا

Gnome (Pr. *nom*), *n*. A fabulous race of people who inhabit the inner parts of the earth : ایک قسم کے لوگ جنکي نسبت خیال کیا جاتا ھے کہ زمین کے اندر رھتے ھیں

Gnomon, *n*. The style or pin of a sun dial : دھوپ گھڑي کا کانٹا - مقیاس

Gnostics, *n*. One of a sect, which maintained that knowledge and not faith was the way of salvation : عیسائیوں کا ایک فرقہ جسکا اعتقاد تھا کہ گیان سے نہ کہ ایمان سے نجات ملتي ھے اور کہ تمام خلقت دیدني و نا دیدني ظہور الہي ھیں

Go, *v. i.* To move ; to walk ; to travel : - جانا - چلنا - روانہ ھونا - سفر کرنا * To advance ; to proceed : آگے جانا - بڑھنا * To pass : گذر جانا * To follow : پیچھے ھونا * To have currency or use : جاري ھونا * To be taken ; accepted, or regarded ; رواج ھونا - دستور ھونا - مشہور ھونا - قدر کرنا * To depart, رخصت ھونا - الگ ھونا - گریز کرنا * To be lost, or ruined, مرنا - فنا ھونا - برباد ھونا * To—about, to move from place to place : ادھر اودھر پھرنا * To endeavour : کوشش کرنا * To—about one's business, to atter one's duties ; to be off : - میں لگنا

چلا جانا * To—abroad, to walk out : گھومنا * To become public : مشہور ہوجانا * To—against, to oppose : برخلاف ہونا * To be disagreeable : ناموافق ہونا * To—ahead, to advance : آگے بڑھنا * To—astray, to wander : بھٹکنا * To—between, to interpose or mediate between : بیچ بچاؤ کرنا - درمیان میں پڑنا * To—by, to pass away unnoticed : گذر جانا * To act by ; to follow : کسی قاعدہ کے مطابق چلنا * To—down, to fall down : گر پڑنا * To fall in value : قیمت گھٹ جانا * To sink : ڈوب جانا * To set : غروب ہونا * To—for nothing, to have no value : کسی قیمت کا نہونا * To—forth, to become published : مشہور ہوجانا * To—off, to depart : روانہ ہونا * To be discharged : دغ جانا * To pass off : گذر جانا * To—on, to continue : جاری رہنا * To—on one's way, اپنا راستہ لینا * To—out, to become extinguished as a lamp : بجھ جانا یا گل ہو جانا * To be extinct as life : نکلجانا یا پرواز کر جانا * To become public : پھیل جانا * To—over, to change sides : سازش کرنا * To read or revise : پڑھنا یا نظر ثانی کرنا * To—through, to finish : ختم کرنا * To endure or suffer : برداشت کرنا * To go through fire and water, اپنے مطلب کے لئے ہر تکلیف یا خطرے اٹھانا * To—up, to rise in price : گراں ہوجانا * To—against the grain, to cause trouble : مضر ہونا * To—all lengths, to go to the utmost extent : کوشش بلیغ کرنا * To—halves, to share equally : آدھا آدھا بانٹ لینا * To—hand in hand with, to come along with : لازم و ملزوم ہونا * To—hard with, to fare ill with : بڑی آفت میں آنا * To—on all fours, to move on hands and feet : گھٹنوں چلنا * To—with the stream, to follow the multitude : دیکھا دیکھی کام کرنا * To—well, to prosper : اقبالمند ہونا - کامیاب ہونا * To—without saying, to be plainly self evident : صریح ہونا - خود ظاہر ہونا To— the way of all flesh, to go the way of all the earth ; to go to one's account : رحلت کرنا - راہی ملک بقا ہونا - خدا کو اپنا حساب دینے کوجانا *

Go, *n.* A circumstance ; the fashion or mode : حالت - حقیقت - طور - وضع - چال - ماجرا - سر گذشت * On the—, ادھر اودھر پھرتا - ناقرار یہ تہ * Here's a pretty—, کیا عجب ماجرا یا کیفیت ہے

Goadsman, *n.* An ox-driver : بیل ہنکانیوالا

Goad, *n.* A pointed instrument to urge on a beast : آنکس - پینا - گردی * *v. t.* To drive with a goad ; to instigate : آنکس مارنا - گودنا - اکسنا

Goal, *n.* The point set to bound a race ; the final purpose : گھوڑ دوڑ کے حد کا نشان - منزل مقصود

Goat, *n.* A quadruped with horns and long hair : بکرا - چھیری

Goatee, *n.* A trimmed beard like that of a goat : بکرے کے سی ڈاڑھی

Goat-herd, *n.* One who tends goats : گڈریا - چرواہا - گلہ بان

Gobbet, *n.* A mouthful , a lump : نوالہ - لقمہ - ٹکڑا - ڈلا

Gobble, *v. t.* To swallow hastily : بھکوسنا - ہڑپ کرجانا

Goblet, *n.* A drinking vessel without a handle : ساغر - پیالہ - جام - قدح - کاسہ

Goblin, *n.* An evil spirit ; a frightful phantom : بھوت - پریت - آسیب - جن

Go-by, *n.* Evasion ; a passing without notice : ٹال مٹول - حیلہ حوالہ - در گذر - اغماز - جان کے انجان ہوجانا - تغافل دانستہ

Go-cart, *n.* A wheeled apparatus for teaching children to walk : پہئے دار کل جس سے بچے چلنا سیکھتے ہیں - گڈولنا

God, *n.* The Supreme Being : خدا - پرمیشور - بھگوان * God before, خدا کی قسم - خدا کے آگے * God's penny, بیانہ کا روپیہ - سودے کا کھوٹا ہوں پیسہ

God's acre, A church yard : قبرستان

God child, *n.* A child for whom one becomes sponsor : دھرم کا بچہ

Goddess, *n.* A female deity : دیبی

Godfather, *n.* A man who becomes sponsor : دھرم کا باپ

Godhead, *n.* The divine nature ; divinity : الوہیت - خدائی

Godless, *a.* Ungodly ; irreligious ; wicked : ملحد - بے دین - منکر - کافر - ناستک

Godlike, *a.* Resembling God ; divine : خدائي - رباني - رحماني

Godliness, *n.* Piety ; a religious life : تقوى - خدا پرستي - دينداري

Godly, *a.* Pious ; righteous ; religious : خدا پرست - دیندار - بھگت

Godmother, *n.* A woman who becomes sponsor : دھرم کي ماں

Godown, *n.* A goods warehouse : گودام - محل - گدام

Godsend, *n.* An unexpected gift : نعمت غير مترقبه - بخشش - خدا داد - هديه اسماني

Hate, *v. t.* To dislike greatly ; to abhor : نفرت کرنا - مکروہ جاننا * *n.* Great dislike ; aversion : نفرت - حقارت - کراہیت

Hateful, *a.* Detestable ; abominable : کریہ - مکروہ - ناگوار

Hatred, *n.* Very great dislike ; antipathy ; enmity : نفرت - کراہیت - بغض - عناد - دشمنی - خصومت

Syn.— Odium, ill-will, animosity.

Hatter, *n.* A maker or seller of hats : کلاہ ساز - کلاہ فروش - ٹوپی بنانے یا بیچنے والا

Hauberk, *n.* A coat of mail : زرہ بکتر

Haughtily, *ad.* Arrogantly : متکبرانہ - مغروری سے - نخوت سے

Haughtiness, *n.* Arrogance ; pride ; loftiness : تکبر - خودبینی - عالی دماغی - گھمنڈ

Haughty, *a.* Proud, arrogant ; insolvent : مغرور - گھمنڈی - متکبر - خود بین - بددماغ - شوخ

Haul, *v. t.* To pull ; to draw ; to drag by force گھسیٹنا - کھینچنا *n.* A pulling ; a draught, as. of fishes : کھینچ - کھینچ - کشش - کل مچھلیاں جو ایک جال میں پکڑی جاویں

Haulm, *n.* The stalk of corn : کھیت کی سوکھی ٹھونٹیاں

Haunch, *n.* The thigh ; the hip ; the hind quarter : جانگھ - پٹھا - کولا

Haunt, *v. t.* To frequent ; to resort to : آمد و رفت رکھنا - آنا جانا - جن یا بھوت آنا * *n.* A place much frequented : نشست گاہ - اڈا - اکھاڑا

Haunted, *a.* Inhabited or frequented by a ghost: بھتہا - بھتیرا - بھتیلا - جس جگہ بھوت کا اصرار ہو

Hautboy (*ho boi*), *n.* A wind instrument : شہنائی - نفیری

Hauteur, (Fr. *n. oter*) Haughtiness ; insolence : کبر و غرور - زعم

Have, *v. t.* To hold ; to possess ; to win ; to obtain regard ; to accept ; to take ; to be impelled by duty : رکھنا - پکڑنا - قبضہ میں رکھنا - لحاظ کرنا - پاس کرنا - قبول کرنا - لے لینا - لینا - اٹھا لینا - مجبور ہونا - ضرورت پڑنا - حاصل کرنا * To—away, to remove : ہٹا لیجانا * To—in, to contain : شامل رکھنا * To—a care, to be on guard : ہوشیار رہنا * To—it out of a person, to retaliate on a person : کسی سے بدلا لینا * To—on, پہن لینا * To—it out, تصفیہ کرنا * To—rather, ترجیح دینا

Haven, *n.* A harbour ; a port ; a place of safety : بندر - بندر گاہ - حفاظت کی جگہ - امن کی جگہ

Haversack, *n.* A bag for soldier's provisions : سپاہیوں کا - جھولا

Havoc, *n.* Wide and general destruction ; waste : تباہی - خرابی - بربادی - ویرانی

Haw, *n.* The berry and seed of the hawthorn : ایک کٹیلے درخت کا تخم اور پھل * *v. i.* To speak with hesitation : پس و پیش کے ساتھ بولنا

Hawk, *n.* A bird of prey : شکرہ - باز - جرہ * *v. t.* To sell by outcry : پکار پکار کر چیز کو بیچتے پھرنا * *v. i.* To force phlegm up the throat : کھنکارنا - کھانسنا

Hawker, *n.* A pedler : پھیري والا - خوانچہ والا

Hawser, *n.* A small cable ; a large rope : جہاز کا رسا

Hawthorn, *n.* A thorny flowering shrub or tree : پھولدار کٹیلي درخت یا جھاڑي

Hay, *n.* Grass dried for fodder : سوکھي گھاس - کاہ * Make—while the sun-shines, seize a favourable opportunity : موقع کو غنیمت جاننا

Hazard, *n.* Chance ; accident ; risk ; casualty : خطرہ - اُفتاد - اتفاق - حادثہ * Game : جوا - قمار - بازي - ہار جیت * *v. t.* To put in danger ; to risk : خطرہ یا اندیشہ میں ڈالنا - مخاطرہ میں پڑنا

Hazardous, *a.* Exposed to hazard ; risky ; precarious : خطرناک - اندیشہ ناک

Syn.—Perilous, dangerous, bold, daring.

Haze, *n.* A thin mist or fog ; dimness : کوہر - غبار - دھند

Hazel, *n.* A nut-bearing shrub : ایک مغز دار پھل والا درخت * *a.* Of the colour of hazel ; brown : بھورے رنگ کا

Haziness, *n.* The state of being hazy : دھندلاہٹ - تاریکي

Hazy, *a.* Misty ; obscure : دھندلا - تاریک - کوہر دار

He, A pronoun of the 3rd person masculine : ضمیر مذکر في روح واحد غایب - وہ

Head, *n.* The top part of the body ; the brain : سر - دماغ * Understanding : ذہن * Chief : سردار * Spring : سر چشمہ - منبہ - مبدا - منبع * An individual : شخص - نفر * Front : سامنا * A chapter : صیغہ - خانہ - باب * Culminating point : انتہا - پرلادرجہ * —and ears, wholly : بالکل - سرتاپا * —and shoulders, by force : زبردستي * Neither—nor tail, سر نہ پیر - اغاز نہ انجام * Per—, في کس - ادمي پیچھے * To come to a—, پھوڑے کا پک جانا * To his—, منہہ در منہہ - روبرو - منہہ پر * To speak over the—s, ایسي تقریر کرني کہ بولنے والوں کے بعید الفہم ہو * —foremost, سر کے بل *—over heals, قلا بازي * Out of one's—, خود بخود - آپہي آپ * Over—and ears, completely engrossed : محو - غرق * To make—against, to resist with success : مقابلہ کرنا - سامنا کرنا * To come to a—, to ripen ; to mature : پکنا - پختہ ہونا * To hit the nail on the—, to do the right thing : مناسب کام کرنا * To lose the—, to get muddled and confused : گڑبڑا جانا - دماغ میں خلل آنا * To make neither—nor tail of anything, to be unable to understand the meaning of a statement : کسي بیان یا تذکرہ کا مطلب نہ سمجھنا

Head, *a.* Chief ; principal ; first : خاص - اعلی - اول * *v. t.* To lead ; to direct ; to govern : سردار ہونا - اول ہونا - پیش قدمي کرنا - پیشوائي کرنا

Headache, *n.* Pain in the head : درد سر - صداع

Headiness, *n.* Rashness ; obstinacy : بے باکي - بے تاملي - شتاب کاري - ضد - اوچھا پن

Heading, *n.* Enumeration of subjects : خانہ - مد - باب - فصل - پیشاني - سرنامہ

Headland, *n.* A promontory : راس زمین

Headless, *a.* Having no head : سر بریدہ - بے سرکا * Without sense : بے عقل * Rash : بے عقل شتابکار

Headlong, *ad.* With the head foremost ; rashly : سر کے بل - سرنگوں - بے احتیاطي سے - بلاتامل

Headman, *n.* A chief ; a leader : سردار - چودھري - مکھیا

Headmost, *a.* Most advanced : اگلا

Headsman, *n.* An executioner : جلاد - پھانسي دینے والا

Headquarters, *n.* The residence of the principal officer : صدر مقام

Headstrong, *a.* Stubborn ; obstinate : سرکش - منہ زور - گستاخ - سرچڑھا - بد لگام

Headway, *n.* Progress made by a ship in motion ; success : ترقي بڑھتي

Head-work, *n.* Mental labour : دماغي محنت

Heady, *a.* Rash ; unruly ; violent : جلد باز - بے احتیاط - اوڑولا - تیز * The liquor is too heady, یہ شراب بہت نشیلي ہے

Heal, *v. t.* To cure : چنگا کرنا - شفا بخشنا - علاج کرنا

Health, *n.* Sound state of body or mind welfare ; a pledge drunk to one's health : - تندرستي - صحت - خيريت - جام صحت - شراب

Healthful, *a.* Free from sickness ; salutary ; wholesome : صحيح و سلامت - تندرست - بهلا چنگا

Healthy, *a.* Hale ; sound ; wholesome ; conducing to health ; salubrious : - بهلا - چنگا - تندرست - صحت بخش - صحت افزا

Syn.—Vigorous, hale.

Heap, *n.* A pile or mass ; a crowd : ڈهير - انبار - تودہ - هجوم * *v. t.* To pile ; to mass ; to accumulate : ڈهير کرنا - تودہ کرنا - انبار کرنا - اکٹها کرنا

Hear, *v. t.* To perceive by the ear ; to listen to : سننا - کان دهرنا - توجہ کرنا - سماعت کرنا - لحاظ کرنا * To—a bird sing, پوشيدہ يا خانگي خبر پانا - خفيہ معلوم کرنا * To—say, چرچہ کے ذريعہ سننا

Hearing, *n.* Act of perceiving sound ; attention ; presence ; judicial investigation : استماع - شنوائي - توجہ - سماعت - موجودگي يا حضوري - پيشي

Hearken, *v. t.* To hear with attention ; to heed ; سننا - سن لينا - متوجہ هونا

Syn.—Listen, attend, hear.

Hearsay, *n.* Report ; rumour ; common talk : افواہ - سماعي بات - شهرت - سني سنائي بات - زبان زد خلايق

Hearse, *n.* A carriage for conveying the dead to the grave : مردہ کو قبر تک ليجانے والي گاڑي

Heart, *n.* The seat of life in the animal body : دل - قلب - جگر - من * Spirit ; courage : جگر - دليري * Memory : حافظہ - ياد * Conscience : ضمير * The part nearest the middle or the centre : بيچ کا حصہ - مغز - گودا * At—, at bottom ; really : دراصل * To break the—of, to cause grief to : دل دکهانا * To get or learn by—, to commit to memory : حفظ کرنا - ذرک، زبان کرنا - ازبر کرنا * To have the—in the mouth, to be terrified خوف زدہ هونا - سهمنا - کليجہ منہ کو آنا * To set the—at rest. دلجمعي رکهنا - بے قرار نہ هونا * To set the—upon, دل دينا - عاشق هونا - مرهنا *—broken, intensely afflicted : دل شکستہ - از حد مغموم *—rending, agonising ; very distressing : درد ناک - نهايت دلآزار *—Sick, deeply depressed, very despondent : آزردہ خاطر *—whole, not affected with love : بري از عشق * After one's own—, حسب دلخواہ - دل کے موافق * To take to—, to be much affected by : اثر پڑنا يا دل پر اثهرنا * To take—, to feel encouraged : دل يا همت بڑهنا - جرات پانا

Heartache, *n.* Deep sorrow : درد دل - اندوہ - خطر - غم

Heart-broken, *a.* Deeply affected or grieved : دل شکستہ - غمگين

Heart-burn, *n.* An uneasy, burning sensation in the stomach : کليجہ کي جلن - وجع الفواد

Hearth, *n.* A fireplace : آتش دان * The family circle : بال بچے

Heartily, *ad.* From the heart ; sincerely : دل سے - بدل - جانفشاني سے

Heartless, *a.* Spiritless ; cruel : بے دل - بے رحم

Heart-rending, *a.* Very distressing : دل ريش - دل دکهانيوالا

Hearty, *a.* Proceeding from the heart ; sincere : سچا - راست - دلسوز - صادق - سرگرم

Heat, *n.* Great warmth ; glow : گرمي - طپش - حرارت - جلن * Passion : غصہ * *v. t.* To make hot ; to excite : گرم کرنا - تيز کرنا - اکسانا

Heath, *n.* An evergreen plant : ايک قسم کا درخت - بيزہ - جسکي جهاڑو بنتي هے

Heathen, *n.* A pagan ; an idolator : بت پرست - کافر - بيدين - مشرک

Heathenism, *n.* Paganism ; gentilism ; idolatory : بت پرستي - کفر - دير پوجا

Heating, *a.* Importing heat : گرمي دينے والا - حرارت پيدا کرنے والا

Heave, *v. t.* To lift ; to raise ; to cause to swell ; to paint : اوٹهانا - اوکسانا - پهولانا - هانپنا * *n.* A rising of the breast سينہ کي ابهار - آہ سرد

Heaven, *n.* The sky ; the abode of the blessed ; the Supreme Being - آسمان - چرخ - آکاش - بهشت - خداوند - الله

Heavenly, *a.* Pertaining to heaven ; celestial blissful : آسماني - فلکي - جنتي - بهشتي - متبرک

Heavenward, *a.* and *ad.* Towards heaven : آسمان کي طرف

Heavenly, *ad.* Laboriously ; sorrowfully : سختي سے - بدشواري - اداسي سے

Heaviness, *n.* Weight ; depression : بوجھ - وزن - بھاري پن - اداسي - غمگيني

Heaving, *n.* A motion of the heart ; a rising or swelling : دل کي حرکت - سينه کي ابھار - آه سرد

Heavy, *a.* Weighty ; ponderous : وزني - بھاري * Oppressive : سخت - دشوار * Incumbered : زير بار * Slow : سست * Expensive : قيمتي * Indigestible : سخت - کڑا * Pregnant : حامله * Gloomy : غمگين

Hebetate, *v. t.* To blunt ; to stupefy : کند کرنا - کند ذهن کرنا

Hebetude, *n.* Bluntness ; obtuseness : کندي - کند ذهني

Hebrew, *n.* A Jew ; the Hebrew language : عبراني - عبراني زبان

Hebrican, *n.* One skilled in Hebrew : عبراني زبان دان

Hecatomb, *n.* A sacrifice of a hundred oxen : سو بيل کي قرباني

Hectic, *a.* Habitual ; constitutional : عادي - معمولي * Consumptive : مدقوق - دقي

Hector, *n.* One who teases or vexes ; a bully : چھيڑنے والا - رستم خان - اکڑباز - شيخي باز - بڑبولا

Hedge, *n.* A fence made of shrubs : جھاڑي - ٹٹي - باڑ * *v. t.* To inclose or separate with a hedge ; to obstruct : احاطه بندي کرنا يا روکنا - باڑ لگانا

Hedge-hog, *n.* A kind of pig covered with spikes or prickles on the back : خار پشت - ساهي

Heed, *v. t.* To take notice of ; to attend to ; mind : خيال کرنا - متوجه هونا - دهيان کرنا * *n.* Care ; attention ; notice : اعتنا - دهيان - خيال

Syn.—Care, caution, attention, observation.

Heedful, *a.* Attentive ; watchful : هوشيار - خبردار

Heedless, *a.* Inattentive ; careless : بيخبر - غافل - بے فکر

Heedlessly, *ad.* Carelessly : غفلت سے - بيخبري سے

Heedlessness, *n.* Negligence : غفلت - بے پرواهي

Heel, *n.* The hind part of the foot : ايڑي - پاشنه * A spur : کانٹا - مهميز * To be at the—s, to pursue closely : سايه کي طرح پيچھے هونا * To be down at—, to be slipshod : شکسته حال هونا - پھوهڑ - حال زبوں هونا * To go—s over head, سر پر پانو رکھکر بھاگنا - اندھا دھند بھاگنا * To lay the—s, پا بجولان کرنا * To tread upon one's—s, کسي کے بهت قريب پيچھے پيچھے آنا * To show the—s, to run away : بھاگ جانا * To take to the—, to take to fight : فرار هونا - چل دينا

Heel-piece, *n.* A piece fixed on the heel of a shoe : وه چمڑے کا ٹکڑا جو جوتے کي ايڑي پر لگايا جاتا هے

Heifer, *n.* A young cow : بچھيا

Height, *n.* Elevation ; eminence ; summit : بلندي - اونچائي - ارتفاع * In the—of, عين - درميان - بيچ ميں

Heighten, *v. t.* To raise high ; to enhance : اونچا يا بلند کرنا - بڑھنا - بهتر کرنا

Heinous, *a.* Atrocious ; wicked : زبون - سخت - شديد - بڑا

Syn.—Enormous, hateful, odious, atrocious.

Heir, *n.* One who inherits the property of another : وارث - ولي - حقدار *—presumptive, ولي عهد فرضي

Heir-apparent, *n.* The next heir to a crown : ولي عهد

Heiress, *n.* A female heir : وارثه

Heirless, *a.* Without an heir : لاوارث

Heirloom, *n.* Any moveable property which descends to the heir : اسباب يا مال منقوله جو ورثه ميں آئے

Heir-ship, *n.* The state of an heir : وراثت - ميراث

Helical, *n.* Having many circumvolutions : پيچدار - پيچ در پيچ

Heliolatry, *n.* The worship of the sun : پرستش آفتاب - سورج کي پوجا

Hell, *n.* The place of punishment for the wicked after death : دوزخ - جهنم - نرک * Go to—, جهنم ميں جاو - بھاڑ ميں پڑو - چولھے ميں جاو * To play—, قيامت مچانا - غل شور کرنا *—cat, چڑيل - ڈاين

Hellenic *n.* Greek ; Grecian . یونانی

Hellenism, *n.* An idiom of the Greek : یونانی زبان کا محاورہ

Hellish Internal ; wicked : دوزخی - جہنمی - شریر

Helm, *n.* The instrument by which a ship is steered : پتوار

Helmet, *n.* Defensive armour for the head ; head-piece : لوہے کا ٹوپ - مغفر - خود

Helmsman (*Helmz'man*), *n.* The man at the helm . مانجھی - سکانی

Helotry, *n.* Serfdom ; slavery : غلامی

Help, *v. t.* To aid ; to assist ; to support ; to prevent ; to remedy : مدد کرنا - اعانت کرنا - دستگیری کرنا - علاج کرنا - چارا سازی کرنا - روکنا - باز رکھنا * To —on, چلتا کرنا - بڑھانا - دستگیری کرنا * This cannot be—ed, اسکا کچھ چارہ نہیں

Syn.—Assist, succour, relieve, aid, serve.

Help, *n.* Assistance ; support ; relief : مدد - دستگیری - تقویت - سہارا - آرام

Helpful, *a.* Affording aid : مددگار - ممد - مفید

Helpless, *n.* Destitute of help ; feeble : بے بس - بے اختیار - کمزور

Helplessness, *n.* Want of help or support : بیقدری - ناچاری - عاجزی - درماندگی

Helpmate, *n.* An assistant ; a companion : مددگار - ساتھی

Helter-skelter, *ad.* In hurry and confusion : گرتے پڑتے - ہڑبڑی میں

Helve, *n.* The handle of an axe or hatchet : کلہاڑی کا دستہ - بینٹ

Hem, *n.* The border of a garment doubled and sewed : گوٹ - مغزی - سنجاف * *v. t.* To fold and sew down the edge of ; to shut in : سنجاف یا مغزی لگانا - حاشیہ لگانا - بند کرنا * To—in, to surround : گھیر لینا * To—out, باہر نکالنا - دور کرنا

Hemicrania, *n.* ادھ کپالی - درد شقیقہ - آدھا سیسی

Hemiplegia, *n.* Paralysis of one side of the face or body : لقوہ - فالج

Hemisphere, *n.* The half of a sphere : نصف کرہ - نصف دنیا

Hemispherical, *n.* Shaped like half a globe : نصف الکرہ

Hemistich, *n.* An uncompleted verse : نصف بیت - مصرعہ ناتمام - تک

Hemlock, *n.* A poisonous plant : ایک زہردار درخت

Hemorrhage, *n.* A flowing of blood from a rupture : جریان خون

Hemorrhoids *n.* The piles : خونی بواسیر

Hemp, *n.* A plant whose fibres are used for cloth and cordage : پٹ سن

Henbane, *n.* A herb : بھنگ - کانبھا

Hempen, *a.* Of hemp : پٹسن کا

Hen, *n.* The female of the domestic fowl : مرغی - ککڑی

Hence, *ad.* From this place or time : یہاں سے - اب سے - اسواسطے - لہذا - پس * —away, دور ہو - دفع ہو - نکل جا

Henceforth, **Henceforward**, *ad.* From this time forward : اب سے - اسوقت سے - بعدازیں

Henchman, *n.* A page ; a servant ; a follower : نوکر - خدمتگار

Hen-coop, *n.* A cage for confining hens : مرغیونکا پنجرا

Hen-hearted, *a.* Cowardly : بزدل - کم ہمت

Hen-pecked, *a.* Governed by one's wife : جورو کا غلام - زن مرید

Heptagon, *n.* A plane figure consisting of seven sides and seven angles : مسبع - سبعۃ الاضلاع

Heptagonal, *a.* Having seven angles or sides : ہفت پہلو

Heptarchy, *n.* A government by seven persons : سات بادشاہونکی حکومت - ہفت مملکت انگلستان

Her, *pron.* The objective and the possessive case of the personal pronoun **she**, ضمیر مونث واحد غائب اضافی

Herald, *n.* An officer of arms, a forerunner : ایلچی - پیشرو * Proclaimer : منادی کرنیوالا

Heraldry, *n.* The art or office of a herald : ایلچی گری - ہراولی - نقابت

Herb, *n.* A plant with a succulent stalk : جڑی بوٹی - نبات

Herbaceous, *a.* Relating to herbs : نباتاتي - بوٹي کا

Herbage, *n.* Herbs collectively ; grass ; pasture : نباتات - جڑي بوٹي - بناس پتي - گھاس پات - هریالي

Herbarium, *n.* A collection of dried plants : سوکھے پودے

Herbivorous, *a.* Eating herbs : - نباتات کھانے والا چرندہ

Herculean, *a.* Having extraordinary strength : بہت زوري * Very difficult : دشوار - مشقت طلب

Herd, *n.* A number of beasts assembled together ; a collection : گلہ - غول - جوق * *v. i.* To unite or associate, as beasts : غول میں ملنا یا پھرنا

Herdsman, *n.* The owner or keeper of herds : چرواھا - گلہ بان

Here, *ad.* In this place or state : اِس جگہ یا اِس حالت میں - یہاں

Hereabout, *ad.* About this place : یہاں کہیں-اس گرد نواح میں

Hereafter, *ad.* In time to come : - بعد ازیں - آگے - آیندہ - اب سے

Hereat, *ad.* At or by reason of this : اسپر - اِس سے

Hereby, *ad.* By means of this : ازروے اسکے - اِس سے

Hereditable, *a.* That may be inherited : قابل ارث

Hereditament, *n.* Any property that can be inherited : مال موروثي - میراث

Hereditary, *a.* Descended by inheritance : - موروثي - پشتیني - آبائي

Syn.—Ancestral, patrimonial, inheritable.

Herein, In this : اس میں

Heresy, *n.* An unorthodox opinion in religion ; hertrodoxy : دین سے گمراھي - الحاد - بدعت

Heretic, *n.* One who errs in religious faith : - ملحد - کافر - بدعتي

Heretical, *a.* Containing or pertaining to heresy : متعلق الحاد - کفر آمیز - عبرت انگیز

Heretofore, *ad.* Formerly ; anciently : - سابق میں - پیشتر

Hereupon, *ad.* Upon this : اِسپر

Herewith, *ad.* With this : اسکے ساتھہ - منسلک

Heritage, *n.* Thing inherited ; inheritance : - ورثہ - میراث

Hermaphrodite, *n.* An animal in which two sexes are united : هیجڑا - مخنث - آختہ

Hermetic, *a.* Chemical ; perfectly close : - کیمیائي - بالکل بند

Hermetically, *ad.* Closely ; chemically ; in an airtight manner : - چاروںطرف سے بخوبي (بند) - کیمیائي طور سے (بند) - اس طرح سے بند کہ ھوا اندر داخل نہ ھو سکے

Hermit, *n.* A recluse : گوشہ نشین - زاھد - بان پرست - تارک الدنیا

Hermitage, *n.* A hermit's dwelling : - حجرہ - تکیہ - کٹي

Hernia, *n.* Unnatural protrusion of any internal organ : مرض فتق - باد خایہ

Hero, *n.* A brave man : شجاع - بہادر - سورما - غازي مرد

Heroic, *a.* Becoming a hero ; brave : دلیرانہ غازیانہ بہادرانہ

Syn.—Brave, intrepid, courageous, daring.

Heroine, *n.* A female hero : بہادر عورت - مردانی

Heroism, *n.* Valour ; gallantry : - شجاعت - بہادري - جرات

Syn.—Courage, fortitude, bravery, valour.

Heron, *n.* A wading bird that feeds upon fish: بگلا - بوتیمار

Herring, *n.* A small sea-fish : ایک قسم کي چھوٹي مچھلي

Hers, *pron.* The possessive form of she : - اُسکا - اُسکي

Herself, *pron.* The emphatic form of she and her : اپنے تئین - آپ خود

Hesitancy, *n.* Act of hesitation or doubting ; uncertainty : شش و پنج - تامل - شک - تذبذب

Syn.—Dubiousness, suspense, indecision.

Hesitate, *v. i.* To pause in deciding or acting ; to be doubtful ; to stammer : - پس و پیش کرنا - تامل کرنا - شک میں ھونا - ھچکچانا

Syn.—Doubt, waver, scruple, deliberate, falter.

Hesitation, *n.* Act of hesitating ; doubt : شش و پنج - پس و پیش - توقف - شک - دبدھا

Hesper, *n.* The evening star : شام کا ستارا

Hesperian, *a.* Western : مغربي

Hest, *n.* Command : فرمان - حکم * Precept : نصیحت - پند * (Poet.)

Heterodox, *a.* Not orthodox ; heretical : ملحد - خلاف دین - کافر - گمراہ

Heterodoxy, *n.* An opinion or doctrine contrary to some established standard ; heresy : الحاد - کفر

Heterogenous, *a.* Differing in kind ; dissimilar : غیر جنس - بے میل - نامطابق - مختلف - نامطابق اجزا یا غیر جنس چیزوں کا بنا ھوا

Hew, *v. t.* To cut with an axe ; to hack ; to chop : کلھاڑي سے کاٹنا - تراشنا - چور چور کرنا - چھانٹنا

Hewer, *n.* One who hews wood or stone : ھیزم کش - لکڑھارا - سنگتراش

Hexagon, *n.* A figure of six sides and six angles : مسدس - شش پہلو - شش گوشہ

Hexagonal, *a.* Having six sides and angles : مسدسي - چھہ گوشہ والا

Hexahedron, *n.* A solid body with six sides : مکعب - شش پہلو

Hexameter, *n.* A verse of six metrical feet : چھہ رکن کے وزن کا شعر

Hexangular, *a.* Having six angles : چھہ کونیا - کھٹ کون

Hexapede, *n.* An animal with six feet : چھہ پانووالا جانور

Hey, *interj.* An exclamation expressive of joy or exhortation : ادھر - آھا

Hiatus, *n.* An opening ; a chasm : سوراخ - رخنہ - چھید

Hibernal, *a.* Belonging to winter : سرمائي - جاڑیکا

Hibernate, *v. i.* To pass the winter in a torpid state : جاڑا گذارنا یا کاٹنا

Hibernian, *n.* A native of Ireland : اھل آیر لینڈ * *a.* Relating to Ireland ; Irish : متعلق آیرلینڈ - آیر لینڈ کا

Hiccough, *n.* A spasmodic affection of the stomach : ھچکي - فواق

Hidden, *p. p.* Concealed ; mysterious : چھپا ھوا - پوشیدہ - پنہاں

Hide, *v. t.* To keep secret ; to conceal ; to defend : چھپانا - مخفي رکھنا - محفوظ رکھنا * *v. i.* To lie concealed or secreted : پوشیدہ ھونا - چھپنا *—and seek, a children's game : لڑکونکا کھیل - آنکھہ مچولي * *n.* The skin of a beast : کھال - چام - چمڑا

Hideous, *n.* Horrible ; frightful : ھیبت ناک - مہیب

Syn.—Dreadful, terrible, ghastly, shocking.

Hideousness, *n.* Frightfulness : ھیبت ناکي - وحشت انگیزي

Hiding, *n.* Act of hiding ; a concealment : پوشیدگي - چھپاؤ

Hie, *v. i.* To hasten ; to repair to : جلد چلنا - جانا

Hierarch, *n.* The chief of a sacred order : پیر - مہنت - مرشد

Hierarchy, *n.* An ecclesiastical government : دیني بزرگونکا انتظام

Hieroglyphic, *n.* A sacred character, especially the picture-writing of the ancient Egyptian priests : قدیم مصریوں کي تحریر جنمیں حروف کي جگہ تصویریں لکھي جاتي ھیں

Hieromancy, *n.* The act of divining or observing things offered in sacrifice : چڑھاوے سے پیشین گوئي کرنا

Hierophant, *n.* A chief priest : پادري اعظم

Higgle, *v. i.* To use many words in bargaining : لین دین میں حجت کرنا

Higgledy-piggledy, *ad.* In utter confusion : درھم برھم - گڈبڈ - ابتر - گھال میل

High, *a.* Elevated ; lofty ; tall : بلند - اونچا - لمبا * Exalted : اعلی * Superior : برتر * Boastful ; proud : متکبر - مغرور * Difficult ; abstruse : سخت دشوار * Dear : گراں * Full ; complete : پورا * On—, aloft : بلندي پر *—and dry, out of water : پاني سے باھر - خشکي میں *—day, a festival : تیوھار کا دن *—life, the style of living of the upper classes : امیرانہ طرز *—and low, اعلی و ادنی - چھوٹے بڑے *—handed, oppressive : سخت - جابر *—time, full time : ٹھیک وقت *—

words, angry words : غصه کے الفاظ *—liver, عمده کهانے پہننے والا *—treason, بادشاه کي نمک حرامي - بدخواهي سرکار * In—feather, خوش * With a—hand, نخوت سے

Syn.—Tall, lofty, elevated, exalted, supercilious.

Ant.—Short, low, depressed, ignoble, inferior.

High, *ad.* Aloft ; eminently ; profoundly : اونچا - بلند - زور سے

High-bred, *v.* Of noble breeding, or pure blood : عالي خاندان ميں پرورش يافته - نهايت مهذب - غير مخلوط نسل کا

Highland, *n.* Elevated land ; a mountainous region : پهاڑي ملک - کوهستان

Highly, *ad.* In a high degree of manner : بهت - نهايت

High-mettled, *a.* High-spirited ; courageous ; fiery ; mettlesome : جانباز - بهادر - شعله خو - بڑا تيز

Highness, *n.* Elevation : بلندي - ارتفاع * A title of honour given to princes : مهاراج - حضور

Highroad, *n.* A public road or passage : شارع عام - شاهراه

Highschool, *n.* Chief school : بڑا مدرسه

High-seasoned, *a.* Enriched with spices ; piquant : خوب مصالح دار - چهل - چٹپٹا

Highsounding, *a.* Bombastic : پر آواز - بڑے الفاظ کا

Highway, *n.* A public road : عام راسته

Highwayman, *n.* One who robs on the public road ; a highway robber : قزاق - رهزن - لوٹيرا

Hilarity, *n.* Mirth ; glee ; gaiety. خوشي - خرمي - چهل

Syn. Merriment, gaiety.

Hill, *n.* An eminence less than a mountain : پهاڑي - کوه - پربت

Hillock, *n.* A little hill : ٹيلا - پهاڑي

Hilly, *a.* Abounding with hills : کوهستاني - پهاڑي

Hilt, *n.* The handle of a sword : موٹهه - دسته - قبضه

Him, *pron.* The objective case of he : اُسے - اُسکو

Himself, *pron.* The emphatic form of he : خود - آپ * By—, اکيلا - تنها - اپ هي * Of—, اپنے تئيں آپ سے آپ - خود بخود

Hind, *a.* Backward ; back : پچهلا

Hind, *n.* The female of the stag : ماده باره سنگا - هرني

Hinder, *v. t.* To impede progress ; to prevent ; to interrupt ; to retard : روکنا - مزاحمت کرنا - منع کرنا - اٹکانا

Syn.—Stop, interrupt, oppose, debar.

Hinderance, Hindrance, *n.* Act of hindering ; obstacle : ممانعت - مزاحمت - امتناع - روک

Syn.—Impediment, obstacle, difficulty.

Hindmost, Hindermost, *ad.* The last : سب سے پچهلا

Hinge, *n.* The joint on which a door turns : قلابه - قبضه - چول * *v. t.* To furnish with hinges : قلابه لگانا - چول لگانا * *v. i.* To turn as on a hinge ; to depend on : اٹکنا - مدار هونا - منحصر هونا

Off the—es, in a state of confusion : گڑبڑي ميں - حالت ابتري ميں

Hint, *v. t.* To suggest ; to allude ; to intimate : اشاره کرنا - کنايه کرنا - مطلع کرنا - کنايتن بيان کرنا * *n.* A distant allusion ; slight mention : اشاره - ايما - رمز

Hip, *n.* The thigh joint : کولا - چوتڑ - پٹها * *v. t.* To sprain or dislocate the hip : کولا اتارنا

Hippodrome, *n.* A circus in which horse races are performed : گهوڑدوڑ کا چکر

Hippopotamus, *n.* The river horse : ايک سمندري جانور - دريائي گهوڑا - اسپ نيلاب

Hire, *v. t.* To engage for pay : کرايه کرنا - اجرت پر رکهنا - بهاڑے پر لينا * To bribe : رشوت دينا * *n.* Wages ; reward ; recompense : کرايه - اُجرت - محنتانه

Syn.—Salary, stipend, pay, allowance.

Hireling, *n.* One hired ; mercenary : مزدور - اجوره دار

His, *pron. poss.* of he. Belonging to him : اُسکا - اپنا

Hiss, *v. t.* To condemn by hissing : سسکار سے حقارت ظاهر کرنا * *v. i.* To make a sound like that of s, as a goose or a serpent : سنسنانا - پهپهکارنا

Hissing, *n.* A hiss : حقارت کي آواز - چهي

Historian, *n.* A writer or compiler of history : مورخ - راوي - ناقل - واقع نگار

Historical, *a.* Relating to or containing history : تواريخي - روايتي

History, *n.* A narrative of past event : تواريخ - اتهاس - روايت

Historionic, *a.* Theatrical : نقل خانه سے متعلق - نقل اور سوانگ سے منسوب

Hit, *v. t.* To strike ; to reach ; to suit : مارنا - ضرب لگانا - پهونچنا - ٹهيک بيٹهنا * To—on or upon, to light on : پانا - معلوم کرنا * To—the mark, تير بهدف هونا * To—the right nail on the head, to find out the real meaning : صحيح مطلب دريافت کرلينا

Hit, *n.* A strike or blow ; a lucky chance ; a happy thought or expression : مار - ضرب - حسن اتفاق - خيال يا بات جو يکايک سوجهه پڑے * Lucky—, حسن اتفاق - اچها موقع

Hitch, *v. i.* To become entangled ; to be caught ; to move by jerks : پهنس جانا - اٹکنا - اُلجهنا - اٹک اٹک کے چلنا * *n.* A catch or hook ; sudden halt ; an impediment : گرفت - کانٹا - هچک - روک - اٹکاؤ

Hither, *ad.* To this place : ادهر - اسطرف *— and thither, back and forward ; to and fro : ادهر اودهر

Hitherto, *ad.* To this time ; as yet : اب تک - هنوز - اسوقت تک - يهاں تک

Hitherward, *ad.* Toward this place ; this way : اسطرف - ادهر

Hive, *n.* A box for bees ; a swarm of bees : زنبور خانه - چهته - مکهيوں کي جهونق

Ho, *interj.* A sudden exclamation to stop : هو - هرت - ٹههرانے کي آواز

Hoar, *a.* Gray or white with age : پيري سے سفيد (بال)

Hoard, *n.* A store of anything laid up ; treasure : ذخيره - جمع - پونجي - خزانه

Hoard, *v. t.* To store secretly ; to accumulate : جوڑنا - جمع کرنا - بٹورنا - اکٹها کرنا

Hoarfrost, *n.* Dew frozen : پالا - کوهرا

Hoariness, *n.* A gray colour : دهولا پن - پيري - کوهن سالي - سفيدي

Hoarse, *a.* Having a rough deep voice : بهاري بيٹهي هوئي آواز والا - گلو گرفته - صدا گرفته - کرخت اواز * To become—, گلا پڑنا - اواز بيٹهنا

Hoarseness, *n.* Roughness of voice : گلو گرفتي - آواز کا بيٹهنا

Hoary, *a.* Gray ; white : بهورا - سفيد

Hoax, *n.* A deceptive trick or story ; a practical joke; a waggish deception : دهوکها - مسخرے کي اڑائي هوئي بات - شطر گوز - پهير پهند - چهل بازي - عملي دللگي * *v. t.* To impose on : دهوکها دينا - جل دينا - پهير پهند کرنا

Hobble, *v. i.* To walk lamely : لنگڑانا - مٹک کر چلنا * *n.* A halting walk : لنگڑاهٹ

Hobble-de-hoy, *n.* A youth between boyhood and manhood : چهوکرا جسکے ريکهيں نکلتي هوں - نيم جوان

Hobby, *n.* A child's horse : بچوں کي لکڑي کا گهوڑا * A kind of hawk : ايک قسم کا باز * A favourite pursuit : منظور نظر - شوق کي چيز

Hobgoblin, *n.* An apparition : بهوت - پريت - پشاچ

Hobnail, *n.* A nail with a thick head ; used in the shoes of horses and of men : کلميخ - موٹے سر کي کيل

Hock, *n.* The posterior part of the knee joint : گهٹنے کا پچهلا حصه * A light sort of wine : ايک قسم کي هلکي شراب

Hockey, *n.* A game at ball played with a curved stick : ايک کهيل جو گيند اور تيڑهي لکڑيوں سے کهيلا جاتا هے

Hocus-pocus, *n.* A juggler ; juggler's stick : نٹ - بازيگر - بهان متي کا کهيل - چهو منتر

Hod, *n.* A bricklayer's trough : راج يا معمار کي گارے کي ٹوکري

Hoe, *n.* An instrument for cutting up weeds and loosening the earth : پهاوڑا - کدالي * *v. t.* To dig with a hoe : کدالي سے کهودنا

Hog, *n.* A swine ; a pig : سور - خوک

Hog-cot, *n.* A house for hogs : سور باڑا - خنزير خانه

Hoggish, *a.* Like a hog ; filthy : سور کے ايسا - نجس - ميلا

Hogshead, *n.* A measure of 63 gallons : ايک پيمانه قريب پانچ من کے

Hoiden, *n.* A romping girl : بلي لڑکي - شوخ بتميز لڑکي

Hoise, *v. t.* To lift : اوٹهانا

Hoist, *v. t.* To raise ; to lift : اوٹهانا - کهڑا کرنا - چڑهانا * To—the sail, پال اٹهانا * *n.* Act of rising up : چڑهاؤ * A machine for elevating goods : اسباب چڑهانے کي کل

Hoity toity, *inter.* An exclamation of surprise : کلمه تعجب وتحقير

Hold, *v. t.* To grasp : پکڑنا - گرفت کرنا * To maintain : ماننا - قبول کرنا * To restrain : روکنا * To receive : پانا * To consider : خيال کرنا - سمجهنا - سوچنا * To contain : گنجايش رکهنا - سمانا * To bind : لازم ولابد جاننا * To celebrate : رچانا - منعقد کرنا - اجلاس کرنا

Hold, *v. i.* To endure ; to refrain : قايم رهنا - ڈٹ رهنا * To—fast, to stand firmly to : مضبوط پکڑے رهنا * To—forth, to put forward to view : ظاهر کرنا * To harangue : وعظ دينا * To—good, to be applicable : صادق آنا * To—in play, to keep occupied : مشغول رکهنا * To—on, to continue ; to last : قايم رهنا - چلنا * To—out, to extend : پهيلانا * To last : جاري رهنا * To give : دينا * To—over, to put off : ملتوي رکهنا * To—to, to cling to : جما رهنا * To—one's own, not to lose ground : اپني جگه پر قايم رهنا * To compete successfully : همسري کرنا * To—one's peace, چپ رهنا * To—up, حوصله قايم رکهنا * To—water, to be consistent or logically sound : معقول هونا * To—with the hare and run with the hounds, to play a double and deceitful game ; to be with both sides at once : دورنگي کرنا - دغابازي کا کهيل کهيلنا - رياکاري سے طرفين کو خوش رکهنا

——, *n.* Catch ; seizure : گرفت - قبضه * Support : سهارا * The bottom of a ship : جهاز کا پيندا * Confinement : قيد - حوالات * A fort : قلعه - گڑه * To lay—upon, گرفتار کرنا - قبضه کرنا - دخل کرنا

Holdback, *n.* A check : روک - مزاحمت

Holdfast, *n.* A long nail ; a catch : کانٹا - انکڑا - گرفت کي کوئي چيز

Holding, *n.* Tenure ; hold ; influence : دخل قبضه - ميعاد ٹهيکه - اختيار - کاشت - پٹي - علاقه * —over, اجاره گذرنے کے بعد بهي زمين پر قبضه رکهنا

Hole, *n.* A hollow place ; a perforation ; a cell : روزن - رخنه - غار - چهيد - سوراخ * To pick a—in one's coat, عيب نکالنا - رخنه ڈالنا * A—to creep out of, a plea : عذر

Holiday, *n.* A festival day : تهوار

Holiness, *n.* Sanctity ; piety : تقدس - پاکيزگي - تقوي * The title of the pope : پوپ کا خطاب

Hollo, Holloa, *v. i.* To cry out loudly : للکارنا - پکارنا * *n.* A shout ; a loud call : للکار - پکار

Hollow, *a.* Excavated ; vacant ; not sincere : کهوکهلا - خالي - بے وفا - ريا کار - دورنگا * *n.* A cavity ; a space between hills or elevations : خندق - غار - جرف - دره

Hollow-hearted, *a.* Dishonest ; incincere : بے ايمان - بے وفا - کپٹي

Hollowness, *n.* State of being hollow : خلو - گهرائي * Insincerity : ناراستي

Holly, *n.* An ever green tree : ايک قسم کا درخت جو هميشه سبز رهتا هے

Holocaust, *n.* A whole burnt sacrifice : هوم يا قرباني جسے آگ ميں بالکل جلاديں - سوختني قرباني - هون

Holster, *n.* A leather case for a horseman's pistol : پستول رکهنے کي چمڑيکي تهيلي - قبور

Holt, *n.* A woody hill : جنگلي پهاڑي - کنج - بن

Holy, *a.* Perfectly pure ; consecrated ; pious : پاک - گناه سے مبرا - پارسا - ديندار - مقدس * —Ghost, The Divine Spirit : روح القدس

Homage, (*Fr.* Hom'aj) *n.* Fealty ; obeisance ; respect : اطاعت - فرمانبرداري - تسليم * To pay—to, اطاعت کرنا - مطيع هونا - سرجهکانا

Home, *n.* One's dwelling house ; one's country : گهر - مکان - وطن * One's long or last—, the grave : قبر - گور * To beat—with, واقف يا محرم هونا * To bring—to, to prove : ثابت کرنا * To pay—, to retaliate : بدلا لينا

Home, *a.* Domestic ; close ; severe : ديسي - ولايتي - قريب - سخت

Home bred, *a.* Native ; plain ; artless ; domestic : وطني - ذاتي - اصلي - ديسي - خانگي - پالتو

Homeless, *n.* Destitute of a home : لامكان

Homeliness, *n.* Plainness ; rudeness : سادگي - ناتراشيدگي

Homely, *a.* Plain ; coarse ; poor ; سادہ - ناتراشيدہ - غريب - روكھا سوكھا

Homeopathy, *a.* The system of medicine founded upon the belief that drugs have the power of curing diseases similar to those they excite in healthy persons : هوميوپيتھك علاج - آگ كا جلا آگ سے اچھا هوتا هے اس مسئله کے موافق علاج كرنا

Homesick, *a.* Grieved at separation from home ; longing to return home : گھر سے جدا هونے سے غمگين - گھر جانيكا آرزومند

Homespun, *a.* Spun at home ; plain ; coarse : خانه باف - سادہ - بھدا - گھر كتي كا - موٹا

Homestead, *n.* A farm with its buildings : زميندار كا ضلع - مسكن

Homeward, *a.* Toward home : گھر كي طرف - گھر كو

Homeward-bound, *a.* Destined for home : گھر يا وطن جانيكو طيار

Homicidal, *a.* Pertaining to homicide ; murderous : قاتل - خوني

Homicide, *a.* Manslaughter : مردم كشي - قاتل همجنس

Homiletic, *a.* Relating to homilies : وعظ يا نصيحت کے متعلق

Homily, *a.* A plain and familiar sermon ; a serious discourse : مذهبي نصيحت - وعظ - گفتگو

Hominy, *a.* Maize coarsely ground and boiled : دليا - مهيري

Homocentric, *a.* Having the same centre : هم مركز

Homogeneous, *a.* Of the same nature or kind : هم جنس - موافق - هم قسم - مشابه الاجزاء

Homologous, *a.* Of the same typical structure : هم مقدار - هم وزن - يكسان - هم متناسب

Homonym, *n.* A word which agrees with another in sound and spelling but differs in meaning : الفاظ جو مشابه هوں ليكن مختلف معني ركھتے هوں

Hone, *a.* A stone for sharpening : سلي - سان لگانے كا پتھر

Honest, *a.* A fair in dealing with others ; upright ; sincere : ديانتدار - راستباز - كھرا - سچا

Syn.—Upright, just, true, sincere faithful.

Honesty, *a.* Plain dealing ; integrity ; uprightness : ديانت داري - راست بازي - ايمانداري - صدق

Honey, *n.* Sweet juice collected by bees from flowers : شهد - عسل * **Honey in the mouth saves the purse.** گڑ نه دے گڑ كي سي بات تو كهے

Honeycomb, *n.* The cells in which bees store honey : شهد كي مكھيوں كا چھتا

Honey-moon, *n.* The first month after marriage : شادي کے بعد كا پهلا مهينه

Honorarium, *n.* An extra fee tendered to a professional man ; a present : نذرانه - محنتانه - انعام

Honorary, *a.* Conferring honour ; holding a title or office without performing services or receiving a reward : عزت بخش - فاخرہ - بلا تنخواہ

Honour, *n.* Dignity ; high rank ; fame ; reputation ; reverence ; an ornament ; proper spirit ; *pl.* privileges of rank or birth ; title of respect : شان - مرتبه - عزت - عظمت - وقر - شهرت - ادب - تعظيم - وقار - شرف - زينت - آرايش - ان بان - فضيلت - سربلندي - خود بدولت - حضرت - جناب - حضور * **An affair of—**, a duel : دو شخصوں كي لڑائي * **On or upon one's—**, truthfully : آبرو كي قسم * **A point of—**, پاس عزت * **An affair of—**, عزت كا معامله * **Last—s**, obsequies : تجهيز و تكفين

Honour, *v. t.* To respect ; to revere : عزت كرنا - تعظيم و تكريم كرنا * To accept and pay : هنڈي سكارنا

Honourable, *a.* Worthy of honour ; estimable ; illustrious : صاحب آبرو - معزز - شريف - ذي حوصله - عالي همت - صاحب جاہ وجلال

Honourably, *ad.* With honour ; reputably : آبرو سے - حرمت سے - مردانہ

Hood, *n.* A covering for the head : ٹوپ - اوڑھني - گاڑي کي چھتري *(of carriage)* - پھن *(of snake)*.

Hoodwink, *v. t.* To bind by covering the eyes ; to hide ; to impose on : آنکھوں میں دھول ڈالنا - چھپانا - جل دینا - چھلنا

Hoof, *n.* The horny part of a beast's foot : کھر - سم

Hook, *n.* A bent piece of iron : انکڑا - کانٹا - قلابہ * **By—or by crook**, by some means or others : طوعاً و کرہاً - جبراً - جیسے تیسے - جس طرح بن پڑے * **On one's own—**, on one's own account : خود اپنے طرف سے - اپني ذمہ واري پر * *v. t.* To catch with a hook ; to entrap : کانٹے یا انکڑے سے پکڑنا - اٹکانا - دام میں لانا * *v. i.* To be curved ; to land : ٹیڑھا ہونا - جھکنا

Hoop, *n.* A metal band to confine staves ; a ring : حلقہ - چھلا - کنڈلي - گھیرا

Hooping-cough, *n.* A convulsive cough : کوکر کھانسي

Hoot, *v. t.* To shout at in contempt : تالي بجانا - ہو ہو کرنا - دھتکارنا * *v. i.* To cry as an owl : اُلو کا بولنا * *n.* A cry in contempt : دھتکار * Cry of an owl : اُلو کي آواز

Hop, *v.* To lap on one leg ; to skip lightly ; to limp : ایک ٹانگ سے کودنا - پھدکنا - کدکنا - لنگڑانا * *n.* A jump on one leg ; a spring ; a dance : ایک ٹانگ کي کود پھاند - ناچ کود * A bitter plant used in brewing : ایک تلخ پودا جو شراب اُتارنے کے کام آتا ہے

Hope, *n.* Anticipation ; belief ; confidence ; اُمید - توقع - آشا - آسرا * **—of the family**, چراغ خاندان - عصائے پیري

Hope, *v. t.* or *i.* To desire with expectation : امید کرنا - توقع رکھنا

Hopeful, *a.* Full of hope ; encouraging : اُمیدوار - متوقع

Hopeless, *a.* Destitute of hope ; despairing : مایوس - نا اُمید - نراس

Hopelessly, *ad.* Without hope : نا اُمیدي سے - مایوسي سے

Hopelessness, *n.* Despair : نااُمیدي

Hopper, *n.* One who hops : کودنے والا * A funnel by which grain passes into a mill : چکي کا گلہ

Hopple, *v. t.* To fetter the legs of : پیر میں زنجیر باندھنا

Horary, *a.* Hourly ; continuing an hour : گھنٹے بھر کا - ساعتي

Horde, *n.* A migratory body of men ; a clan : خانہ بدوش فرقہ - گروہ

Horizon, *n.* The apparent junction of the earth and sky : دائرہ - اُفق

Horizontal, *a.* Parallel to the horizon ; on a level : اُفق کے متوازي - سطح کے ہموار - پٹ

Horizontally, *ad.* In a horizontal direction : افق کے متوازي

Horn, *n.* A hard-pointed substance on an animal's head : قرن - شاخ - سینگ * A wind instrument of music : نرسنگھا * A drinking cup of horn : جام شراب * **To pull in the—s**, دم دبا کر دب جانا - ٹھنڈے پڑ جانا * **To draw in the—s**, بھاگ جانا - شیخي بھول جانا * **The—s of a dilemma**, ادھر کنوا ادھر کھائي - حالت متضاد جس سے بچ نکلنا محال ہے

Horn book, *n.* The first book for children : بچونکي پہلي کتاب

Hornet, *n.* A large, strong, venomous wasp : زنبور - اکھیڑي - برني

Horn pipe, *n.* A kind of single dance : ایک قسم کا ناچ جسمیں ناچنے والا اکیلا ناچتا ہے

Horologe, *n.* A timepiece of any kind : گھڑي - گھڑیال - ساعت نما

Horoscope, *n.* The aspect of planets at the hour of one's birth : جنم لگن - کنڈلي - جنم پتري - زائچہ

Horrible, *a.* Dreadful ; awful ; hideous : دہشت ناک - ہیبت ناک - بھیانک - مکروہ

Syn.— Frightful, fearful, terrible, hideous.

Horribly, *ad.* Frightfully : خوفناکي سے - مہیبانہ

Horrid, *a.* Frightful ; horrible ; hideous ; shocking : وحشت ناک - خوفناک - زشت - زبون

Syn.--**Dreadful, frightful, awful, terrific, hideous.**

Horrific, *a.* Causing ; dread ; terrible : - خوفناک - وحشت انگیز

Horrify, *v. t.* To impress with dread : - دہشت دلانا - ڈرانا

Horror, *n.* Dreadful sensation ; terror : - لرزہ - دہشت - خوف - کپکپی

Horse, *n.* A hoofed quadruped : گھوڑا - اسپ * Cavalry : سوار * *v. t.* To mount upon a horse : گھوڑے پر سوار ہونا

Horse-breaker, *n.* A trainer of horses : چابک سوار - گھوڑا نکالنے والا

Horse-dung, *n.* The dung of a horse : لید

Horse-laugh, *n.* A loud laughter : قہقہہ - کھلکھلاہٹ

Horseman, *n.* One skilled in riding : شہسوار - سوار

Horsemanship, *n.* Art of managing a horse : چابک سواری

Hortative, *a.* Encouraging ; advising : - تقویت دہ - نصیحت آمیز

Horticultural, *a.* Pertaining to garden culture : متعلق نخلبندی و باغبانی

Horticulture, *n.* Art of cultivating gardens : فن باغبانی - نخلبندی

Hose, *n.* Stockings : موزہ * A flexible pipe to convey water : چمڑے کا نل

Hosier, *n.* One who deals in stockings, &c. : موزہ فروش

Hosiery, *n.* Knitted goods : بنی ہوئی چیزیں مثلاً موزے وغیرہ - موزہ سازی

Hospitable, *a.* Kind to guests ; attentive to strangers : مہمان نواز - مسافر نواز

Hospitably, *ad.* In a hospitable manner : خاطر داری سے - غریب نوازی سے - مہمانداری سے

Hospital, *n.* A building in which the sick are treated : شفاخانہ - دارالشفا - اسپتال

Hospitality, *n.* Kindness to strangers ; friendly welcome and entertainment of guest : - مہمانداری - مہمان نوازی - مسافر پروری - تواضع - مدارات

Host, *n.* One who entertains others : - مہماندار - میزبان - صاحب خانہ * A landlord : مسافر خانہ کا مالک * An army ; any great number : لشکر - گروہ - انبوہ - ہجوم - بھیڑ

Hostage, *n.* A person given as a security for the performance of conditions : کفیل - یرغمال

Hostelry, *n.* An inn ; a hotel : سرائے - ہوٹل - مسافر خانہ

Hostess, *n.* A female host ; a landlady of an inn : عورت میزبان - مہربانہ - بھٹیاری

Hostile, *a.* Inimical ; adverse ; repugnant : عداوت کا - مخالف - مکروہ - بد اندیش - دشمن

Syn.—**Warlike, inimical, unfriendly, adverse.**

Hostility, *n.* Active opposition ; animosity : خصومت - عداوت - مخالفت - بغض - دشمنی

Hostler, *n.* One who has the care of horses at an inn : مسافر خانہ کا سائیس - چاروے دار

Hot, *a.* Having beat : گرم - سوزاں * Fiery ; lustful ; violent ; acrid : - سرگرم - تیز - پر شہوت - مست - سخت - تلخ

Syn. – **Burning, glowing, fiery, eager.**

Ant. - **Freezing, frozen, cool, bleak, chilly.**

Hot-bed, *n.* A heated bed of earth for rearing early plants : باغ کی کیاری جو غیر فصل پودوں کی پرورش کے لئے گرم کی جاتی ہے

Hotch-potch, *n.* A mixture ; a confused mass : کھچڑی - ملغوبا

Hotel, *n.* An inn or public house : سرائے - مسافر خانہ

Hot headed, *a* Violent ; rash : - تیز مزاج - غصہ ور - مغارب الغضب

Hotspur, *n.* A rash person : تیز مزاج شخص

Hough (*hok*), *n.* The ham : جانور کی پچھلی ٹانگ کا جوڑ ران سے ملا ہوا

Hound, *n.* A hunting dog : شکاری کتا

Hound, *v. t.* To set on ; to incite ; to chase : للکارنا - ہلکارنا - پیچھے دوڑنا

Hour, *n.* The space of sixty minutes : ۶۰ منٹ کا وقت - ساعت - گھنٹہ * To keep good—s, to go to bed and to rise early : سویرے سونا اور سویرے جاگنا * The small—s of the morning, رات کے دو تین بجے * At the eleventh—, اخیر وقت میں جب کچھ ہونا محال ہے * —s of pleasure are short, خوشي کي گھڑیاں چھوٹي ہوتي ہیں

Hourglass, *n.* A glass containing sand for measuring time : بالو کي گھڑي

Hourly, *n.* Happening every hour ; frequent : ساعت بساعت - گھڑي گھڑي - اکثر

House, *n.* A dwelling place ; a mansion ; a family : گھر - مکان - محل - گھرانا - خاندان * A branch of the legislature : واضعان قانون کي مجلس * A firm : کوٹھي - کارخانہ * —of call, جس جگہہ مسافر اور بیکار اہل حرفہ رہتے ہیں * —of correction, تازیر خانہ - مقام سیاست * *v. t.* To protect by covering ; to shelter : زیر سایہ رکھنا - پناہ دینا - ٹھہرانا - ٹکانا - اوتارنا

Housebreaking, *n.* Act of feloniously entering a house : سیند - نقب زني

House-hold, *n.* A family living together : خاندان - گھرانا - گرہستي - کٹمب

House-holder, *n.* The master of a house : صاحب خانہ - مالک مکان

Housekeeper, *n.* A superior female servant : خانہ دار - خادمہ - چاکرني - نوکرني

Housekeeping, *n.* Domestic management : گھر کا انتظام - گرہستي

Houseless, *a.* Without shelter : بے گھرکا - خانہ بدوش

Housemaid, *n.* A female servant : خادمہ - ٹہلني - چاکرني

Housewife (*huzif*), *n.* The mistress of a family : عورت - بي بي - گھروالي * A little case for materials used in sewing : تلے داني - کیسہ - تھیلي

Housing, *n.* Putting under shelter ; a saddle-cloth ; (*Pl.*) trappings : پناہ دہي - زین پوش - جھول اور دیگر آرایش

Hovel, *n.* A shed ; a cottage : سائبان - جھونپڑا - چھپر * *v. t.* To shelter in a hovel : کھڑک میں بند کرنا

Hover, *v. i.* To hang fluttering in the air ; to move to and fro in the neighbourhood of : منڈلانا - پر مارنا - نزدیک پھرنا - جھومنا

How, *ad.* In what manner ; to what degree or extent : کیسا - کسطرح - کتنا - کسقدر

Howbeit, *ad.* Nevertheless : تاہم - باوجود - مگر - بہرکیف

However, *ad.* Nevertheless ; at least ; yet : تاہم - پھر بھي - و لیکن - توبھي - پر - کتنا ہي کیوں نہ - خواہ کیساہي

Howitzer, *n.* A short piece of ordnance : ایک قسم کي چھوٹي توپ

Howl, *v. i.* To cry as a dog or wolf : بھونکنا - چلانا * *n.* The cry of a dog or wolf : کتے یا بھیڑئے کي آواز

Howlet, *n.* An owl ; an owlet : چغد - اُلو - بوم

Howsoever, *ad.* In whatever manner ; notwithstanding : کیساهي - کتناهي - باوجودیکہ

Hoy, *n.* A coasting vessel : ایک چھوٹي - کشتي

Hoy, *int.* Ho ; hallo : ہو - ہا

Hub, *n.* The nave of a wheel . پہیئے کي ناہ

Hubbub, *n.* Uproar ; tumult : غوغا - شور - ہانک پکار - ہڑبڑي

Syn.—Tumult, uproar, riot.

Huckster, *n.* A retailer of small articles ; a peddler : خردہ فروش - پھیري والا - بساطي

Huddle, *v. i.* To press or hurry in disorder ; to crowd together : کچھ بیچ کھڑے ہونا - ہجوم کرنا - مغلوطا کرنا - جلدي کرنا * *n.* A confused crowd of persons or things ; confusion : بھیڑ - ہجوم - گروہ - ابتري

Hue, *n.* Colour ; tint ; shade : رنگ - لون - صورت

Huff, *n.* A swell of anger : طیش - خفگي - غصہ - کھسیاہٹ * *v. t.* To swell ; to bully : پھولنا - خفا ہونا - چڑچڑانا

Hug, *v. t.* To embrace closely ; to treat with fondness ; to keep close to : چھاتي سے لگانا - گود میں لینا - پیار کرنا - نزدیک رکھنا * *n.* A close embrace ; a clasp ; a gripe : بغلگیري - ہم آغوشي

Huge, *a.* Very great ; vast ; immense : عظیم - وسیع - کلاں

Syn.—Enormous, gigantic, colossal, immense.

Hugger-mugger, *n.* Secret ; sly ; slovenly : پوشیدہ - گپ چپ - گڑبڑ * *n.* Secrecy ; privacy ; disorder : پوشیدگي - گپ چپ - گڑبڑي

Hulk, *n.* The body of an old ship : پرانے جہاز کا ڈرتھا ڈھول

Hull, *n.* The outer covering of a nut : پوست - چھلکا * The frame of a ship : جہاز کي کوٹھي يا پيٹ

Hum, *v. i.* To sing low ; to buzz : گنگنانا - بھنبھنانا * **To—and haw,** to hesitate in giving a plain answer : صاف جواب دينے ميں پس و پيش کرنا * *n.* A buzzing sound : بھنبھناهٹ - گنگناهٹ

Human, *a.* Pertaining to mankind ; not divine : انساني - فرطي

Humane, *a.* Kind ; benevolent ; tender ; merciful : مہربان - دردمند - رحيم - نرم دل

Syn - Kind, sympathising, mild, benevolent.

Humanely, *ad.* With kindness : مہرباني سے - ملايميت سے

Humanity, *n.* Mankind collectively : بني آدم - جنس آدم * Benevolence : دردمندي - رحم دلي

Humanise, *v. t.* To render humane : انسان بنانا - نرم دل کرنا

Humankind, *n.* Mankind : بني آدم - آدم زاد - نوع انسان

Humble, *a.* Low ; modest ; submissive ; meek : خاکسار - فروتن - حليم - غريب - عاجز - مطيع * **To eat—pie,** ذلت اٹھانا

Syn.—Low, insignificant, modest, mild.

Humble, *v. t.* To bring low ; to make submissive : حليم کرنا - خاکسار کرنا - عاجز کرنا - مطيع کرنا

Humblebee, *n.* A large kind of bee : بھونرا - زنبور

Humbleness, *n.* Absence of pride ; humility : عاجزي - حلم - مسکيني - خاکساري - غربت

Humbly, *ad.* Without pride : غريبي سے - عاجزانہ

Humbug, *n.* An imposition ; a hoax ; a deceiver : فريب - جھوٹھہ - ڈھونگ بديا - مکر - دغا باز * *v. t.* To deceive : فريب دينا

Humdrum, *a.* Dull ; stupid : کند - بےوقوف - احمق

Humid, *a.* Moist ; damp : مرطوب - نم - تر - گيلا

Humidity, *n.* Moisture ; dampness : رطوبت - سيل - تري

Humiliate, *v. t.* To humble ; to depress ; to mortify : عجز کرنا - شرمسار کرنا - ذليل کرنا

Humiliation, *n.* Act of humbling ; mortification ; meekness : ذلت - خفت - عجزي - غريبي - فروتني

Humility, *n.* Lowliness of mind ; modesty : انکساري - حليمي - عاجزي - خاکساري

Humming, *n.* Noise of bees or flies : بھنبھناهٹ * **—bird,** شکر خورہ بھنگ

Humorist, *n.* A whimsical person ; a wag ; a droll : ظريف - مسخرہ

Humorous, *a* Whimsical ; jocular ; playful : متلون مزاج - ظريف - خوش طبع - هنسوڑ - منموجي - ٹھٹھے باز

Syn. – Whimsical, jocose, witty, merry.

Humour, *n.* Moisture : رطوبت - نمي - تري * Mood ; temper : طبيعت - مزاج * Whim : خيال * Wit : مذاق * Habit : عادت - لت - خو * **Morbid—s,** اخلاط فاسدہ - اخلاط رديہ * *v. t.* To comply with the humour of ; to gratify : نازبرداري کرنا - خاطر کرنا - خوش کرنا - مہرباني کرنا

Hump, *n.* A protuberance ; a hunch : کب - کوبڑ - کوز - کوهان

Hump back, *n.* Having a crooked back : کوزہ پشت - کبڑا

Hunch, *n.* A protuberance ; a hump : کب - کوبڑ * A push with the elbow : کہني کا دھکا

Hunch-back, *n.* A humpbacked person : کبڑا شخص جسکے کوبڑ هو

Hundred, *n.* Ten times ten : سو - صد - سيکڑا

Hundred-fold, *n.* A hundred times as much : سوچند

Hundredth, *a.* The ordinal of a hundred : سوواں

Hunger, *n.* A craving for food : بھوک - گرسنگي * A strong desire : اشتياق - خواهش - آرزو * **Hunger is the best sauce,** بھوک ميں کواڑ پاپڑ * *v. t.* To crave food ; to long for : بھوکا هونا - ترسنا

Hungrily, *ad.* With a keen appetite : گرسنگي سے - بے صبري سے

Hungry, *a.* Feeling hunger : بھوکا - گرسنا * **A hungry man is an angry man,** بھوکا سو روکھا

Hunt, *v. t.* To chase ; to search diligently after ; to pursue : شکار کرنا - جستجو کرنا - تعاقب کرنا - پيچھا کرنا - رگيدنا * **To—down,** to pursue and kill or capture ; to exterminate : پیچھا کرکے مارنا - پیچھا کرکے پکڑنا - نیست و نابود کرنا * To—up or out, to search for : تلاش کرنا

Hunt, *n.* A chase ; pursuit ; search ; a body of huntsmen : شکار - پیروی - تعاقب - تلاش - شکاریوں کا گروہ

Hunter, *n.* One that hunts : صیاد - شکار باز - جریاں

Huntress, *n.* A woman that follows the chase : شکارن

Huntsman, *n.* A man who hunts : شکاری - شکار باز

Hurdle, *n.* Sticks woven together for enclosure : &c. : ٹٹی - ٹٹر

Hurdy-gurdy, *n.* A stringed instrument : ایک سارنگی کی قسم کا تانت کا باجا

Hurl, *v. t.* To throw violently ; to cast : اُچھالنا - پھینکنا

Hurly-burly, *n.* Tumult ; bustle ; confusion : کھلبلی - ھڑبڑ - غل غپاڑا

Hurrah, *interj.* A shout of joy or exultation : واہ واہ - جے جے - شاباش

Hurricane *n.* A violent storm of wind : - طوفان - آندھی

Hurriedly, *ad.* In a hurried manner : - عجلت سے - جلدی سے

Hurry, *v. t.* To hasten ; to urge onward : عجلت کرنا - جلدی کرنا - پیش کرنا * *v. i.* To move or act in haste : جلدی چلنا - تعجیل کرنا

Hurry, *n.* Act of hurrying ; haste ; speed : - اضطرابی - جلدی - تیزی

Syn. Haste, speed, despatch, expedition.

Hurt, *v. i.* To harm ; to injure ; to damage : نقصان پہونچانا - تکلیف دینا - چوٹ دینا - ضرر دینا * *n.* A wound or bruise ; mischief : زخم - چوٹ - نقصان

Syn. —Wound, harm, mischief, damage, loss.

Hurtful, *a.* Mischievous ; injurious : مضر - نقصان پہونچانیوالا - زبون - فاسد - تکلیف دہ

Hurtle, *v. t.* To move with violence ; to push forcibly : دھکا دینا - ڈھکیلنا

Husband, *n.* A married man : خاوند - شوہر - خصم * *v. t.* To manage frugally ; to cultivate : کفایت شعاری یا احتیاط سے چلانا - کاشتکاری کرنا

Husbandless *a.* Without a husband : بلاشوہر کے

Husbandman, *n.* A tiller of the ground ; a farmer : کاشتکار - کسان

Husbandry, *n.* A care of domestic affairs ; domestic economy ; tillage :- خانہداری - گرھستی - کفایت شعاری - زراعت - کاشتکاری

Hush, *a.* Silent ; still ; quiet : خاموش - چپ - چپ چاپ * *n.* Stillness : خاموشی - سکوت * *v. t.* To still ; to calm : خاموش کرنا - سنسان کرنا * *interj.* Be silent : خاموش ھو - چپ رھو

Hush-money, *n.* A bribe to secure silence : رشوت منھہ بھری - چپ کرائی

Husk, *n.* The covering of certain fruits : - چھلکا - پوست - چھال - بھوسی

Husky, *a.* Consisting of husks ; rough in tone ; hoarse : پوست دار - روکھی یا بھاری (آواز)

Hussar, *n.* A mounted soldier : ولایتی رسالہ کا سپاھی

Hustings, *n.* The place where the election of a member of Parliament is held : وہ جگہہ جہاں پارلیمنٹ کے میمبر کا انتخاب ھوتا ھے

Hustle, *v. t.* To push rudely : دھکیانا

Hut, *n.* A poor cottage ; a lodge : جھونپڑا - کٹی

Hutch, *n.* A box or chest ; a rat trap : - صندوق - پنجرہ

Huzza, *n.* A shout of joy : جے جے

Hyacinth, *n.* A beautiful flowering Dutch bulb : سنبل

Hyades (*Hai-a-tiz*), *n.* A cluster of stars in the head of Taurus : ستاروں کا ایک گچھا جسکے نکلنے پر مینھہ برسنے کا اندیشہ ھوتا ھے

Hybrid, *a.* Of different species ; mongrel : مخلوط النسل - دوغلا

Hydrant, *n.* A pipe of discharging water : پانی کا نل

Hydraulics, *n.* (*pl.*) The science which treats of fluids in motion : علم قوت آب

Hydrocele, *n.* Serious fluid in the testicle : آب نزول

Hydrogen, *n.* A gas which is one of the elements of water : وہ ھوائے لطیف جو پانی کا ایک جز ھے

Hydrography, *n.* Art of measuring and describing the seas, lakes, rivers, &c., or of forming charts of the same : بحر جهيل دريا وغيره کے ناپ اور بيان کا علم

Hydromancy, *n.* A prediction by water : پاني سے شگون لينے کا طريق

Hydrometry, *n.* The art of measuring the density of fluids : عروق کي تيزي اور گراني معلوم کرنے کا علم

Hydropathy, *n.* Treatment of diseases with cold water : ٹهنڈے پاني سے بيماريوں کے علاج کا طريقه

Hydrophobia, *n.* The dread of water ; canine madness : نفرت آب - ديوانگي جو باؤلے کتے کے کاٹنے سے پيدا هو

Hydroscope, *n.* A clock set in motion by water : پاني کي گهڑي

Hydropic, *a.* Dropsical : مستسقي - جلندري

Hydrostatics, *n.* The science which treats of the properties of fluids at rest : علم مائيات

Hyena, *n.* A fierce animal : چرخ - لکڑبگها

Hygiene, *n.* The sanitary science : علم يا قواعد حفظ صحت

Hymen, *a.* The god of marriage : شادي کا ديوتا

Hymeneal, *a.* Pertaining to marriage : شادي کے متعلق

Hymn, *n.* A song of adoration : - حمد - بهجن - گيت * *v. t.* To praise in songs : بهجن کرنا - حمد گانا

Hymnist, *n.* A writer of hymns : بهجن لکهنے والا

Hyperbole, *n.* A figure of speech, which expresses more or less of the truth ; exaggeration : ايک صنعت جس ميں حق سے زيادہ يا کم ظاهر کيا جاتا هے - مبالغه

Hyperbolize, *v. t.* To speak or write exaggeration : مبالغه کرنا

Hyperborean, *a.* Very cold ; northern . نهايت سرد - شمالي

Hypercritic, *n.* An unreasonable critic : - نقطه چين حرف گير

Hyphen, *n.* A mark (-) joining syllables or words : يه نشان (-) جو مرکب الفاظ کے اجزاء کے بيچ ميں لکها جاتا هے

Hypnotic, *a.* Causing sleep : - نيند لانے والي سلانے والي

Hypnotism, *n.* A sleeplike condition brought on by artificial means : وه خواب کي حالت جو مصنوعي طور سے پيدا هو

Hypochondria, *n.* A mental disorder caused by indigestion : خلل دماغ جو بدهضمي سے پيدا هو

Hypocrisy, *n.* False profession ; pretence : - مکر فريب - ظاهر داري - بناوٹ - رياکاري

Syn.- Dissimulation, pretence, affectation, sham.

Ant.- Candour, frankness, openness, truth, sincerity.

Hypocrite, *n.* A pretender to virtue or piety which he has not : - ديني ريا کار يا مکار - منافق جو فروش - گندم نما

Hypocritical, *a.* Dissembling ; insincere : مکر آميز - ظاهر پرست

Hypostasis, *n.* A distinct substance ; personality : شے - وجود

Hypotenuse, *n.* The line that subtends the right angle : وتر مثلث قايم الزاويه

Hypothecate, *v. t.* To mortgage : گرو کرنا - رهن رکهنا

Hypothecation, *n.* Act of pledging as security : کفالت - استغراق رهن - گرو

Hypothesis, *n.* A supposition : فرض - قياس - دعوى

Syn.- Theory, supposition, assumption.

Ant.- Fact, supposition, proof.

Hypothetical, *a.* Supposed ; conditional : - فرضي قياسي - شرطيه

Hypothetically, *ad.* Conditionally : فرضاً - شرطيه

Hyssop, *n.* An aromatic plant : ايک خوشبودار پودا - ذوفه

Hysteria, **Hysterics**, *n.* A nervous disease, confined to woman : مرچها روگ جو عموماً عورتوں کو هوتا هے

Hysteric, **Hysterical**, *a.* Troubled with fits : [illegible] - مبتلاء مرض باؤ گولا

I, Stands for one : رومن ایک کا ھندسہ

I, *pro.* The pronoun of the first person : میں

Iambus, *n.* A poetic foot of a long and a short syllable : انگریزي شعر کا وہ وزن جس میں ایک لنبا اور دوسرا چھوٹا رکن ھو

Ibex, *n.* A species of goat : ایک قسم کا بکرا

Ibis, *n.* A bird of Egypt : ملک مصر کي ایک چڑیا

Ice, *n.* Frozen water : برف - یخ * To break the —, to open the way : راہ نکالنا - شروع کرنا - حجاب توڑنا

Ice, *v. t.* To cover with ice : برف سے ڈھکنا

Ice-berg, *n.* A floating mountain or great mass of ice : برف کے ٹیلے جو سمندر میں تیرتے رھتے ھیں

Icebound, *a.* Totally surrounded with ice : یخ بستہ

Ice-cream, *n.* Cream flavoured and congealed : قلفي

Ichneumon (*Ik-nu-mon*), *n.* A sort of weasel : ایک قسم کا نیولا

Ichnograpy, *n.* A ground plan ; a platform : نقشہ سطح - چبوترہ

Ichorous, *a.* Like ichor ; thin : زرداب کا سا - پتلا

Ichthylogy, *n.* The natural history of fishes : علم حوت - وہ علم جسمیں مچھلي کا بیان ھو

Icicle, *n.* A pendent conical mass of ice : برف کا قلم یا ریزہ

Icily, *ad.* In an icy manner ; coldly : سردي سے - سردمہري سے

Icing, *n.* A coating of something resembling ice : پاک - کوئي سفید چڑھاو جو مٹھائي وغیرہ پر چڑھاتے ھیں

Iconoclast, *n.* A breaker or destroyer of images : بت شکن

Iconography (*I-ko-nog-ra-fi*), *n.* A description of statues : بتوں کا تذکرہ

Icteric, *a.* Affected with jaundice : مریض یرقان - کنول کا روگي *n.* * A remedy for jaundice : یرقان کي دوا

Ictus, *n.* A blow : ضرب

Icy, *a.* Composed of ice ; abounding in ice ; cold ; frosty : برف کا بنا ھوا - یخدار - سرد - پالا سا

Idea, *n.* A mental image ; notion ; opinion ; thought : تصور - وھم - راے - خیال

Ideal, *a.* Existing in idea ; mental ; visionary : وھمي - خیالي - قیاسي

Syn.—Mental, intellectual, visionary, fanciful.
Ant.—Substantial, real, actual.

Ideal, *n.* A model of perfection ; a type : کمال کا نمونہ

Idealism, *n.* The doctrine of ideal existence : یہ عقیدہ کہ دنیا خواب و خیال ھے - مایا

Idealize, *v. i.* To form ideas : تصور کرنا - خیال باندھنا

Ideally, *ad.* In an ideal manner ; mentally : خیال سے - ذھن میں - معناً

Identical, *a.* The same ; not different : وھي - ھمشکل - مطابق - بجنسہ - ایک ھي

Identically, *ad.* With sameness ; exactly : ویسے ھي - بعینہ - بہ مطابقت

Identification, *n.* The act of identifying : شناخت - پہچان

Identify, *v. t.* To make to be the same ; to prove to be the same : مطابق کرنا - شناخت کرنا - پہچاننا

Identity, *n.* Sameness : یکسانی - مطابقت

Ides, *n.* The fifteenth day of March, May, July and October, and the thirteenth day of the other months : رومیوں کي تقویم میں مارچ - مئي - جولائي اور اکتوبر میں ۱۵ اور دوسرے مہینوں کي ۱۳ تاریخ

Idiocy, *n.* Natural absence and intelligence ; imbecility : پیدایشي خبط - سودا - جنون

Idiom *n.* A peculiar mode of expression in a language : محاورہ - اصطلاح - طرز کلام - بول چال

Idiomatic, *a.* Peculiar to a language ; phraseological : بامحاورہ - اصطلاحي یا مجازي

Idiopathy, *n.* A primary disease : اصلي بیماري

Idiosyncracy, *n.* A peculiarity of constitution and susceptibility : مزاج یا طبیعت کا خاصہ

Idiot, *n.* One without reason ; a simpleton : مخبوط العقل - خبطي یا بیوقوف شخص

Idiotic, *a.* Foolish ; sottish : بے وقوف - بے عقل - کند ذھن

Idiotism, *n.* An idiom : محاورہ - اصطلاح * Foolishness : بیوقوفی

Idle, *a.* Useless ; trifling ; unemployed ; lazy : بیکار - بیہودہ - بے شغل - کاہل - سست - نکھٹو

Syn.—Inactive, unemployed, indolent.

Idle, *v. t.* To spend in idleness : سستی یا کاہلی میں بسر کرنا - گنوانا

Idle-headed, *a.* Foolish ; unreasonable : - بے وقوف - بے مغز

Idleness, *n.* Laziness : سستی

Syn.—Indolence, inaction, sloth.

Ant.—Diligence, activity, industry.

Idle-pated, *a.* Idle-headed ; stupid : - کند ذہن - بے وقوف - احمق

Idler, *n.* A lazy person ; a sluggard : - سست آدمی - کاہل - آرام طلب - آوارہ

Idly, *ad.* Ineffectually ; lazily ; carelessly : - بے فایدہ - کاہلی سے - بے پروائی سے

Idol, *n.* An image employed as an object of worship : بت - مورت * A person or thing greatly loved : صنم - معشوق

Idolator, *n.* One who worships idols ; an admirer : بت پرست - عاشق - گرویدہ

Idolatress, *n.* A female idolater : بت پرست عورت

Idolatrize, *v. i.* To worship idols ; to admire : بت پرستی کرنا - پوجنا

Idolatrous, *a.* Pertaining to idolatry : بت پرستی کے متعلق

Idolatry, *n.* The worship of idols or images ; excessive attachment : بت پرستی - عشق - غایت درجہ کا اعتقاد

Idolize, *v. t.* To reverence to adoration ; to love to excess : - پوجنا - پرستش کرنا - عزیز جاننا - لٹو ہونا - فدا ہونا - مرنا

Idoneous, *a.* Adequate ; fit ; proper : - ٹھیک - درست - مناسب

Idyl, *n.* A short pastoral poem : - چھوٹی کسانی گیت - قصیدہ مکالف

If, *conj.* In case that ; allowing that ; supposing that ; whether or not : جو - اگر - جس حال میں کہ - بشرطیکہ - بالفرض - گویا - جو ایسا نہو

Igneous, *a.* Consisting of fire ; containing fire ; resembling fire : آتش کا بنا ہوا - آتشی

Ignescent, *a.* Emitting sparks of fire when struck with steel : - لوہے سے مارنے پر آگ نکالنےوالا آتش ریز - شرر افشاں

Igniferous, *a.* Producing fire : آگ پیدا کرنے والا

Ignify, *v. t.* To form into fire : آگ بنانا - آتش کرنا

Ignipotent, *a.* Presiding over fire : آگ پر قدرت رکھنےوالا

Ignis-fatuus, *n.* Will-o'-the wisp ; fiery meteor ; a delusion : - شیطانی آگ - شہابہ - غول بیابانی - دھوکا - چھلاوا - ارک

Ignite, *v. t.* or *i.* To set fire ; to kindle ; to take fire : آگ لگانا - جلنا - اٹھنا - سلگنا

Ignitible, *a.* Capable of taking fire : جلنے کے قابل

Ignition, *n.* The act of setting on fire : - آتش زنی - سوختگی

Ignivomous, *a.* Vomiting fire : آتش فشاں - جوالا مکھی

Ignoble, *a.* Of low birth ; mean ; worthless : کمینہ کم ظرف - کم اصل - رذیل - نکما - سفلہ

Syn.—Degenerate, degraded, base, infamous.

Ignobly, *ad.* Dishonorably ; basely : - بے حرمتی سے - کمینگی سے

Ignominious, *a.* Dishonorable ; shameful : بے آبرو - بے حرمت - بےشرم - بدنام - رسوا - ناشایستہ - معیوب

Syn.—Infamous, shameful, despicable.

Ignominy, *n.* Shame ; reproach ; infamy ; disgrace : شرم - فضیحت - بدنامی - بے حرمتی - رسوائی

Ignoramus, *n.* An ignorant person : - جاہل - احمق - مورکھ

Ignorance, *n.* Absence of knowledge : جہالت - بے علمی

Ignorant, *a.* Destitute of knowledge ; unacquainted : - لاعلم جاہل - بے وقوف - نا واقف - بے خبر - انجان * *n.* A person untaught : جاہل شخص

Ignorantly, *ad.* Without knowledge : - جہالت سے - ناواقفیت سے

Ignore, *v. t.* To set aside ; to disregard : نا منظور کرنا - کچھہ خیال نہ کرنا

Ilk, *a.* (*Scot.*) The same ; each : وهي - هرايک

Ill, *a.* Bad : بد - خراب * Disagreeable : ناموافق * Evil : زبون * Sick ; diseased : بيمار - عليل - ناساز - مانده * Not accordant with rule : غلط - ناموزون - نازيبا - بيجا - ناجايز * Cross : چڑچڑا - تنک مزاج - نک چڑها - بد خلق

Ill, *n.* Misfortune ; wickedness ; depravity : بدبختي - عيب - شامت - کمبختي - برائي قباحت * *ad.* With pain ; not easily ; not rightly : به تکليف - به مشکل - به خرابي - بدقت

Illapse, *n.* A sliding in ; sudden attack : سرک جانا - يکايک حمله

Illaqueate, *v. i.* To insnare ; to entangle ; to catch : پهنسانا - دام ميں لانا - پکڑنا - گرفتار کرنا

Illation *n.* Inference ; deduction : نتيجه - حاصل

Illative, *a.* Inferential ; conclusive : منتج - حاصل يا نتيجه ظاهر کرنيوالا * *n.* That which denotes conclusion : جو نتيجه ظاهر کرے

Illaudable, *a.* Not worthy of approbation ; worthy of censure : نا قابل تحسين - قابل نفرين

Ill-blood, *n.* Resentment ; enmity : غصه - دشمني - عداوت - لاگ

Ill-bred, *a.* Impolite ; uncivil : بے ادب - بداخلاق - کج خلق

Ill-breeding, *n.* Unpoliteness ; indecorum : بے ادبي - ناشايستگي - بد اخلاقي

Illegal, *n.* Contrary to law : خلاف آئين - خلاف قانون

Illegality, *a.* Contrariety to law : مخالفت شرع - نادرستگي

Illegally, *ad.* In an illegal manner : برخلاف قانون

Illegible, *a.* Not readable ; indistinct : جو پڑها نه جائے - بد خط

Illegibly, *ad.* In a manner not to be read : ايسے طور پر جو پڑها نه جائے

Illegitimacy, *n.* The state of bastardy : کم اصلي - دوغله پن - حرامي پن

Illegitimate, *a.* Improper ; unlawfully begotten ; illogical ; improper ; born out of wedlock : نا مناسب - نا روا - نا جايز - خلاف قانون غير منکوحه عورت سے پيدا - حرام زاده - خلاف منطق

Ill favoured, *a.* Ill-looking ; deformed ; ugly : بد صورت - بد شکل - کريه منظر - زشت

Illiberal, *a.* Not generous ; niggardly ; base : کنجوس - بخيل - کمينه - تنگ دل - بے فيض - پست حوصله

Illiberality, *n.* Meanness ; parsimony : کمينه پن - کنجوسي - بخيلي

Illiberally, *ad.* Uncharitably ; parsimoniously : کنجوسي سے - بخيلي سے

Illicit, *a.* Prohibited ; unlawful : ممنوع - نا مشروع - خلاف قانون - نا جايز *—Imitation, جعل —* trade تجارت ممنوع سرکار

Illimitable, *a.* Incapable of being bounded : بے حد - بے پاياں - بے انتها

Syn.– Boundless, limitless, infinite, vast, immense.

Illimited, *a.* Unbounded : بے حد - بے انتها

Illiteracy, *n.* Ignorance ; want of learning : جهالت - ناخواندگي

Illiterate, *a.* Unlettered ; untaught ; unmistrusted : جاهل - نا خوانده

Syn.– Ignorant, untaught.

Ant.– Literate, educated.

Ill-judged, *a.* Not well judged ; injudicious : خلاف مصلحت - بے سليقه

Ill lived, *a.* Leading a wicked life : بدکار

Ill nature, *n.* Bad temper ; malevolence : بد مزاج - بد طينت - شرارت

Ill-natured, *a.* Peevish ; fractious ; surly : بدباطن - بد مزاج - چڑچڑا - بد خو - خبيث

Illness, *n.* Disease ; indisposition : مرض - بيماري - ناسازي * Wickedness : خباثت - شرارت

Syn.—Disease, sickness, indisposition, wickedness, iniquity.

Illogical, *a.* Contrary to the rules of logic خلاف منطق - بے دليل - خلاف عقل

Ill-omened, *a.* Unfortunate : بد بخت - بد شگون

Ill starred, *a.* Fated to be unfortunate : بداختر

Ill-tempered, *a.* Sour ; peevish ; fretful : ترشرو - بد مزاج - تيز مزاج - نا خوش

Ill-treat, *v. t.* To treat in a cruel manner : بری طرح سے پیش آنا یا سلوک کرنا

Illude, *v. t.* To deceive ; to mock ; to play upon by aritfice : فریب دینا - چھل کرنا - دھوکا دینا

Illume, *v. t.* To illuminate ; to enlighten : روشن کرنا - جلانا

Illuminate, *v. t.* To enlighten ; to adorn ; to illustrate : - روشن کرنا - مرتب کرنا - آراستہ کرنا - نقش و تصویر سے ظاہر کرنا

Illuminate, *a.* Enlightened : روشن - منور - چمکتا ہوا

Illumination, *n.* The act of illuminating ; display of lights : دیپ دان - چراغدان - روشنی * Inspiration : الہام * Brightness : - درخشنی - پرکاش - تجلی

Illumine, *v. t.* To enlighten ; to adorn : - روشن کرنا - زیب دینا

Illusion, *n.* A deceptive appearance : - دھوکا - فریب - تضحیک - نقل * Mockery ; error : - جعل - مایا - غلطی

Syn.—Delusion, mockery, deception, error.

Illusionist, *n.* One given to illusion : - دھوکے باز - فریبی

Illusive, *a.* Deceitful ; false ; unreal : - دھوکے کا - پرفریب - باطل

Illusory, *a.* Fraudulent ; fallacious : دغا کا - باطل

Illustrate, *v. t.* To make intelligible ; to explain ; to adorn ; to brighten : - شرح کرنا - مبین کرنا - زیب دینا - آرایش کرنا - روشن کرنا - مثال دینا - نقش و تصویر سے ظاہر کرنا

Illustration, *n.* Explanation ; a making clear : تشریح - بیان توضیح - تمثیل

Illustrative, *a.* Explaining ; serving to illustrate : مبین - مظہر - روشن کرنے والا - مشرح

Illustrator, *n.* One who illustrates : - کاشف - شارح - مفسر

Illustrious, *a.* Luminous : روشن * Eminent ; renowned : مشہور - نامور - نامی گرامی - صاحب مرتبہ

Syn. Eminent, distinguished, celebrated, glorious.

Ant.—Ignominous ; disreputable, disgraceful, degraded, inglorious.

Illustriously, *ad.* Eminently ; nobly : شان سے - ناموری سے - شرافت سے

Ill-will, *n.* Enmity ; malevolence : - عداوت - دشمنی - بدخواہی - بداندیشی

Image, *n.* A copy ; an idol ; idea ; likeness ; a picture in the imagination : - تصویر - نقل - بت - خیال - تصور * *v. t.* To form a mental likeness of : خیال میں نقشہ باندھنا - تصور کرنا

Imagery, *n.* Imitation ; sensible representation ; forms of fancy picture ; a figure of speech : نقل - نقشہ - تصویر - خیالی تصاویر - صنعت - استعارہ و تشبیہہ وغیرہ

Syn.—Phantom, vision, dream.

Imaginable, *a.* Capable of being imagined : خیال کرنے کے قابل

Imaginary, *a.* Existing only in fancy ; not real : خیالی قیاسی - بے اصل - وہمی - فرضی

Imagination, *n.* The power of forming mental images ; idea ; conception ; conceit : - قوت متخیلہ - قوت متصورہ - خیال - تصور - قیاس - غرور

Syn.—Conception, idea, conceit, fancy, device.

Imaginative, *a.* Full of imagination ; fantastic : پر فکر - پرخیال - مضمون خیز - وہمی - من موجی

Imagine, *v. i.* or *v. t.* To conceive ; to scheme ; to think : خیال کرنا - قیاس کرنا - تصور کرنا - بندش کرنا - تجویز کرنا - سوچنا

Imbank, *v. t.* To inclose with a bank ; to defend by mounds : پشتہ بندی کرنا - پشتہ سے گھیرنا - بند باندھنا

Imbathe, *v. t.* To bathe all over : غوطہ لگانا - غسل کرنا

Imbecile, *a.* Weak ; destitute of strength, either of body or of mind : ضعیف - ناتواں - ضعیف العقل - ضعیف الذہن

Syn.—Weak, debilitated, feeble, infirm.

Imbecility, *n.* Weakness ; feebleness of body or of mind : ضعف - ناتوانی - ضعف عقل - ضعف جسم

Syn.—Debility, impotence, infirmity, weakness

Imbed, *v. t.* To lay, as in a bed : پلنگ یا بستر پر لٹانا - زمین کی مٹی میں گاڑنا

Imbibe, *v. t.* To drink in ; to admit into the mind and retain : پي لينا - جذب كرنا - سوكھ لينا - ذهن نشين كرلينا

Imbiber, *n.* One who imbibes : جذب كرنيوالا - پينے والا - سوكھنے والا

Imbitter, *v. t.* To make bitter ; to make grievous ; to exasperate : تلخ كرنا - كڑوا كرنا - منغص كرنا - دق كرنا - كھجانا

Imborder, *v. t.* To adorn with a border : گوٹ لگانا - كنارہ لگانا

Imbosk, *v. t* To conceal : چھپانا - پوشيدہ كرنا

Imbrangle, *v. t.* To entangle : اُلجھانا - پھنسانا

Imbricated, *a.* Lying over each other like tiles : كھپريلكے طرح اوپر نيچے ركھا هوا - تہہ بہ تہہ

Imbrication, *n.* Overlapping of the edges : محراب دار - مقوس

Imbroglio (*Im-bro-lyo*), *n.* An intricate plot ; a complicated state of things : پيچيدہ بندش - گڈري سازش - پيچيدہ معاملہ

Imbrown, *v. t.* To make brown ; to obscure : بھورا كرنا - تاريک كرنا

Imbrue, *v. t.* To wet ; to soak : تر كرنا - ڈبونا

Imbrute, *v. t.* or *v. i.* To degrade or sink to the state of a brute : ذليل كرنا - جانور بنانا

Imbue, *v. t.* To tinge deeply ; to cause to imbibe ; to moisten : گاڑھا رنگ دينا - بلانا - تر كرنا

Imburse, *v. t.* To supply with money : روپيہ دينا

Imitability, *n* The quality of being imitable : قابليت تقليد

Imitable, *a.* Capable of being copied ; worthy of imitation : نقل يا تقليد كے قابل

Imitate, *v. t.* To follow as a pattern ; to copy ; to mimic ; to counterfeit : تتبع كرنا - نقل كرنا - تقليد كرنا

Imitation, *n.* The act of imitating ; resemblance : تقليد - نقل

Syn.—Copy, likeness, resemblance, counterfeit.

Imitative, *a.* Aiming at resemblance : نقلي - تقليدي - تقليد كي خاصيت ركھنے والا

Imitator, *n.* One who imitates : مقلد - نقال - پيرو

Imitatorship, *n.* The office of an imitator : فن نقالي

Immaculate, *a.* Spotless ; without blemish ; بے دھبہ - بے داغ - صاف - بے جرم - بے عيب

Immaculateness, *n.* State of being immaculate : بے عيبي - صفائي - طھارت - پاكيزگي

Immailed, *a.* Wearing armour : مسلح - ذرہ پوش

Immalleable, *a.* Unhammerable : جو هتوڑي سے نہ بڑھ سكے - كڑا

Immanacle, *v. t.* To fetter ; to confine : بيڑي ڈالنا - قيد كرنا

Immane, *a.* Very great ; huge ; monstrous : بہت بڑا - عظيم - كلاں - درشت - هوائي

Immanent, *a.* Inherent ; internal :- اندروني - اصلي - ذاتي - طبعي

Immanity, *n.* Vastness ; ferocity ; barbarity : عظمت - وسعت - درشتگي - وحشت

Immanuel, *n.* [*Heb.*—*im*, with, *anu*, us, and *El*, God.]—God with us ; an appellation of Jesus Christ : حضرت عيسى كا ايک خطاب

Immartial, *a.* Not warlike : غير جنگانہ - خالي از پيكار

Immaterial, *a.* Spiritual ; unimportant : - روحاني - غير مادي - غير ضروري - خفيف

Immaterialism, *n.* Doctrine of spiritual existence : عقيدہ وجود ارواح - روحاني هستي

Immaterialist, *n.* One who believes in immaterialism : معتقد وجود - ارواح مجردہ

Immaterially, *ad.* In a manner unimportant : غير ضروري طورسے - خفيف طور سے

Immature, *a.* Unripe ; crude ; premature : كچا - خام - ناپختہ - نا مكمل - نا قص - پيش از وقت

Syn.—Imperfect, premature, untimely.

Immaturity, *n.* Unripeness ; incompleteness : نارسيدگي - خامي - نا تمامي - ناپختگي

Immeasurable, *a.* That cannot be fathomed ; immense : بے ناپ - بے اندازہ - بے انتہا - بے حد

Immeasurably, *ad.* Beyond all measure : بے پاياني سے - بے اندازگي سے

Immediate, *a.* Without a medium ; proximate ; instant : بلا توسط - بلا واسطہ - قریب - بلاواسطہ - بلا توقف

Immediately, *ad.* Proximately ; instantly ; directly : عنقریب - بہ مجرد - فوراً - بلاواسطہ

Syn. Directly, instantly, presently, quickly.

Immedicable, *n.* Incurable : لادوا - بے علاج - لاعلاج

Immelodious, *a.* Unmelodious : نا ہموار - بے سر - ناموزوں

Immemorial, *a.* Beyond memory ; out of mind : یاد سے باہر - جسکا خیال نہیں - قدیم

Immense, *a.* Unlimited ; very great ; huge ; vast : بے حد - بہت بڑا - بے پایان - عظیم

Syn.—Infinite, illimitable, monstrous.

Immensely, *ad* Infinitely ; vastly : بے حد - حد سے زیادہ - بکثرت - بہت

Immenseness, *n.* Unbounded extent ; immensity : بے پایاني - عظمت - کلاني

Immensity, *n.* Infinity ; unlimited extension : بے پایاني - عظمت - کلاني

Immensurable, *a.* Immeasurable : بے حد - بے پایاں - لاانتہا

Immensurate, *a.* Unmeasured : بے حد - بے ناپ

Immerge, *v. t.* To plunge into a fluid ; to dip : غرق کرنا - غوطہ دینا - ڈبونا

Immerse, *v. t.* To plunge into a fluid ; to dip ; to engage deeply : غرق کرنا - ڈبونا - نہایت مصروف کرنا

Immersion, *n.* The act of immersing ; a dipping ; absorption : غرق - غوطہ - مشغولي - مصروفیت

Immethodical, *a.* Without order ; confused : بے ترتیب - ابتر

Syn. Irregular, confused, disorderly.

Immethodically, *ad.* Irregularly : بے ضابطگي سے - بے ترتیبي سے

Immigrant, *n.* One who immigrates : غیر ملک میں جانے والا - غریب الوطن - پردیسي

Immigrate, *v. i.* To pass into a country for permanent residence : غیر ملک میں جا بسنا - جلا وطن ہونا

Immigration, *n.* Removing into a country for permanent residence : غیر ملک کي سکونت پذیري

Imminence, *n.* Impending evil : نازل ہونے والي بلا - آنے والي آفت

Imminent, *a.* Threatening ; impending : سر پر کھڑا ہوا - شدني

Syn.—Impending, threatening, near at hand.

Imminution, *n.* Diminution : تخفیف - منہائي - کمي

Immission, *n.* The act of sending ; injection : اندر پہنچنا - دخول - ادخال

Immit, *v. t.* To inject ; to infuse : اندر داخل کرنا - چڑھانا

Immitigable, *a.* Not capable of being mitigated : ناتخفیف پذیر

Immix, *v. t.* To mix ; to mingle : آمیز کرنا - ملانا

Immobility, *n.* Fixedness in place ; immovableness : سکون - عدم حرکت - قیام

Immoderate, *a.* Exceeding usual bounds ; extravagant : بے اندازہ فضول - بے حساب - زاید افزون - نامعتدل

Syn.—Excessive, intemperate.

Immoderately, *ad.* Excessively ; unreasonably : از حد - بے اعتدالي سے - زاید

Immodest, *a.* Immoderate ; arrogant ; unchaste ; obscene : بے قاعدہ - خود نما - بے عصمت - ناپاک

Syn.—Indecorous, shameless, impudent.

Immodestly, *ad.* Indecently : ناشایستگي سے - بے حیائي سے - بے غیرتي سے

Immodesty, *n.* Indecency ; unchastity : بے حیائي - بے عصمتي

Immolate, *v. t.* To sacrifice ; to offer up : قرباني کرنا - ذبح کرنا - بل دینا - چڑھانا

Immolation, *n.* An act of sacrificing ; sacrifice : قرباني - چڑھاوا - بلدان

Immolator, *n.* One who offers in sacrifice : قرباني کرنے والا

Immoral, *a.* Not moral ; wicked ; unjust : نا مہذب - فاجر - برا - بد - زبون - بدکردار - غیر انصاف - خلاف شرع

Syn.—Vicious, vile, depraved, dissolute.

Immorality, *n.* Vice ; wickedness : بدکرداري - بدي - فاجري - بدعت

Immorally, *ad.* Wickedly ; viciously : - زبوني سے فاجرانہ

Immortal, *a.* Not mortal ; lasting for ever ; eternal : - ابناشي - غير فاني - دائمي - امر - قديم لازوال - باقي - پايدار

Syn.—Eternal, everlasting, unending, deathless.

Ant.—Transitory, transient, moral, perishable.

Immortality, *n.* Exemption from death ; perpetuity : حيات ابدي - بقا - حيات جاوداني

Immortalise, *v. t.* To render immortal : - لازوال كرنا حيات جاوداني دينا - امر كرنا

Immortification, *n.* Want of subjection of the passions : پيروي نفس - نفس پرستي

Immovability, *n.* Steadfastness : - استقلال - سكون قرار

Immovable, *a.* Incapable of being moved ; firmly fixed ; steadfast ; unchangeable ; impassive : غير متحرک - اچل - اٹل - غير منقولہ (جايداد) - مستحکم - مضبوط - قايم - ثابت قدم - نا اثرپذير

Immovably, *ad.* Unalterably ; unchangeably : مضبوطي سے - استقلالي سے - بے حركتي سے

Immunity, *n.* A particular privilege ; freedom ; exemption : - خاص طورکي آزادي - استحقاق - إجازت بريت

Immure, *v. t.* To enclose within walls ; to shut up ; to imprison : - ديوار سے گهير لينا - بند كرنا قيد كرنا

Immusical, *a.* Not harmonious : بے سر - بدالحان بے راگ

Immutability, *n.* Unchangeableness ; invariableness : ثبات - عدم تبديلي - غير تغيري

Immutable, *a.* Unchangeable ; invariable : بلا تغير - بے تبدل - يكساں

Immutably, *ad.* Unchangeably : بلا تبديل - بلا تغير

Imp, *n.* A young or little devil ; a mischievous child : شيطان خرد - شرير لڑكا

Impact, *v. t.* To drive close : - دابنا - سانٹنا - ملانا جكڑنا * *n.* Collision ; touch : ٹكر - ملاپ - داب

Impair, *v. t.* To make worse ; to enfeeble ; to diminish : خراب كرنا - كمزور كرنا - گهٹانا - بگاڑنا

Syn.—Diminish, decrease, injure, weaken, enfeeble.

Impale, *v. t.* To fix on a stake ; to put to death ; to enclose ; to surround : ميخ پر چڑهانا - سولي دينا

Impalement, *n.* The act of enclosing with stakes : كٹكهرا بندي

Impalpable, *a.* Extremely fine ; unperceivable ; immaterial : نا قابل اللمس - نا معلوم - نرچوراؤ نهايت باريک - غير محسوس - غير مادي

Impalpably, *ad.* In a manner not readily felt or apprehended : نا معلوم طور سے

Impanel, *v. t.* To enrol the names of a jury : اهل جوري كے نام فهرست ميں لكهنا

Imparity, *n.* Inequality ; disparity : - نا موافقت تفاوت

Imparl, *v. i.* To have delay for mutual adjustment : باهم فيصلہ كرنے كے لئے ٹالنا

Imparlance, *n.* License for delay of trial : مهلت كا پروانہ

Impart, *v. t.* To give ; to disclose ; to communicate : دينا - ظاهر كرنا - بتلانا - مطلع كرنا

Syn.—Share, yield, confer, grant, reveal.

Impartial, *a.* Unprejudiced ; disinterested ; just : غير تعصب - بے غرض - بے طرفدار - عادل - منصف عادلانا - كسي طرف نهيں

Syn.—Unprejudiced, just, equitable.

Impartiality, *n.* Disinterestedness ; equitableness : بے غرضي - بلاطرفداري - انصاف - نياؤ

Impartially, *ad.* Without bias ; justly : بے رو رعايت - بے غرضي سے - انصاف سے - منصفانہ - حق حق

Impartible, *a.* Not partible ; capable of being imparted : ناقابل تقسيم - بتلائے جانے كے لايق

Impartment, *n.* Communication ; disclosure : إطلاع - إظهار - انشا

Impassable, *a.* Impenetrable ; impervious : ممتنع الدخل - بند - ناممكن الگذر

Syn. Impenetrable, pathless, impervious.

Impassibility, *n.* Exemption from pain or suffering : رنج وتكليف سے بريت

Impassible, *a.* Incapable of suffering ; inaccessible to pain : رنج و تكليف سے مبرا

Impassion, *v. t.* To affect strongly with passion : خشم آلودہ كرنا - نفس كو بر انگيختہ كرنا - اشتعال دينا

Impassive, *a.* Not susceptible of pain ; insensible : دردسے بري

Impassiveness, *n.* Insensibleness : درد سے بریت - بے حس

Impaste, *v. i.* To kneed : گوندھنا

Impatience, *n.*. Uneasiness under pain or suffering ; restlessness ; fretfulness : درد سے بیقراري - بیصبري - بے چیني

Impatient, *a.* Not patient ; intolerant ; restless ; hasty ; eager : بے صبر - بے تاب - بے قرار - جلد باز - بہت خواهش مند - اتاولا - مضطرب

Syn.—Hasty, eager.

Impatiently, *ad.* With uneasiness : بیصبري سے - بے قراري سے

Impawn, *v. t.* To pledge ; to deposit as security : رهن رکھنا - گرو رکھنا

Impeach, *v. t.* To impede ; to accuse ; to call in question : باز رکھنا - روکنا - الزام لگانا - متهم کرنا - باز پرسي کرنا - جواب طلب کرنا

Impeachable, *a.* Accusable ; liable to impeachment : اتہام کے قابل - الزام لگانے کے قابل - ماخوذي کے لایق

Impeachment, *n.* Hindrance ; a calling to account ; accusation : روک - باز پرسي - استغاثه - ماخوذي

Syn.—Accusation, indictment, charge, censure.

Impearl, *v. t.* To form into pearls ; to decorate with pearls ; to adorn : موتي کي شکل میں بنانا - موتیوں سے آراسته کرنا

Impeccable, *a.* Not subject to sin ; perfect ; immaculate : معصوم - بے گناه - بے خطا - بے داغ - بے عیب

Impeccancy, *n.* Sinlessness : معصومیت - بے گناهي - بے تقصیري

Impeccant, *a.* Sinless ; impeccable : بے گناه - معصوم - بے خطا

Impeccunious, *a.* Poor ; penniless : غریب - مفلس - کنگال

Impede, *v. t.* To hinder ; to obstruct : باز رکھنا - روکنا - بند کرنا - انسداد کرنا

Impediment, *n.* Hindrance ; obstruction : روک - انسداد

Syn.—Hindrance, obstruction, difficulty.

Ant.—Aid, relief, assistance.

Impeditive, *a.* Impeding : روکنے والا - سد راه

Impel, *v. t.* To drive forward ; to instigate : ٹهیلنا - ریلنا - ڈهکیلنا - مجبور کرنا - ترغیب دینا

Syn.—Incite, move, excite.

Impellent, *n.* A power that drives forward : ڈهکیلنے والي یا چلانے والي طاقت

Impeller, *n.* One who impels : ڈهکیلنے والا - چلانے والا

Impen, *v. t.* To shut in a narrow place : گهیرنا - بند کرنا

Impend, *v. i.* To hang over ; to be imminent : آویزاں هونا - سر پر چهانا - قریب هونا

Impendence, *n.* The state of impending ; near approach: سر پر چهائے هوئے رهنے کي حالت - نزدیکي

Impending, *a.* Hanging over ; near : سر پر چهائے هوئے - نزدیک

Impenetrability, *n.* The quality of being impenetrable : عدم تداخل

Impenetrable, *a.* Incapable of being penetrated : بے گذر - جس میں دخل یا تاثیر غیر ممکن هو

Impenetrably, *ad.* So as to be impenetrable : دشوار گذاري سے

Impenitence, *n.* Obduracy ; hardness of heart ; سختي - سنگدلي

Impenitent, *a.* Not penitent : گناه کي معافي نه چاهنے والا - توبه نکرنے والا - کٹر - سخت * *n.* A hardened sinner : سخت گنهگار - سرکش

Impenitently, *ad.* Without repentance : بغیر توبه - بے تاسفي سے

Impennous, *a.* Having no wings : بے پرکا

Imperative, *a.* Expressive of command ; authoritative : تاکیدي - تحکم امیز - حکمیه - ضروري - لازمي - ناطق * The form of a verb which expresses command, &c. : فعل کي صورت امریه

Imperatively, *ad.* Authoritatively : امرانه - حاکمانه

Imperceptible, *a.* Not to be apprehended ; not discernible ; insensible : نا معلوم - غیر محسوس - غیر نمود - نا قابل دید

Imperceptibleness, *n.* The quality of being imperceptible : غیر محسوسیت

Imperceptibly, *ad.* In a manner not to be perceived : بے معلوم طور سے

Imperdible, *a.* Not destructible : بے زوال - نا ممکن الفنا - اٹل

Imperfect, *a.* Not perfect ; defective ; weak : نا مکمل - ناقص - ناتمام - کمزور - خام

Syn.—Unfinished, incomplete, defective, impaired.

Ant. Finished, complete, entire, full.

Imperfection, *n.* Defect ; fault ; blemish : - نقص - قصور - عیب - خطا - خامي

Imperfectly, *ad.* Not fully ; not completely : ناتمام طور سے - ناقص طور پر - بلا تکمیل - خامي سے

Imperforable, *a.* Incapable of being perforated : جس میں سوراخ نہو سکے -

Imperforate, *a.* Not pierced through : - ناسفتہ - ان بیدھا - بے سوراخ

Imperial, *a.* Pertaining to an empire, or to an emperor ; royal : * بادشاہي - شہنشاهي - خسروانہ Of superior size or excellence : عظیم - بڑا * *n.* A tuft of hair on a man's lower lip : موے لب زیرین - بچھي

Imperialism, *n.* The power of an emperor : اختیار شاہي - حکومت خسروي

Imperil, *v. t.* To endanger : خطرہ میں ڈالنا - بلا میں مبتلا کرنا

Imperious, *a.* Commanding ; haughty : حکومتي - تحکمانا - مغرور - متکبر - شدید - تیز

Syn.—Lordly, haughty, tyrannical, despotic.

Ant.—Lowly, meek, humble, submissive, lenient.

Imperiously, *ad.* With arrogance : - غرور سے - تکبر سے

Imperiousness, *n.* Authority ; arrogance : - تحکم - غرور - تکبر

Imperishable, *a.* Not liable to perish ; indestructible ; enduring : everlasting : - غیر فاني - لازوال - دائم - جاوداني

Impermeable, *v.* Impenetrable : - نا ممکن الدخل - بے گذار - بند

Syn.—Impassable, impenetrable, pathless.

Impersonal, *a* Not varied according to the persons : فعل ناقص - بلا شخصیت - فاعل معین یا معلوم

Impersonalty, *n.* Want of individuality ; anonymous character : غیر تشخیص - بے نامي

Impersonally, *ad.* Without personality : بے تشخیص

Impersonate, *v. t.* To personify ; to act ; to represent or assume the character of : فرضي شخص بنانا - شخص مجازي ٹھہرانا - نقل کرنا - کسي کے بھیس میں ہونا - اپنے تئیں دوسرا دکھانا

Impersonation, *n.* Personification : تشخیص - انسان قرار دینا

Imperspicuity, *n.* Vagueness : نا صافي - ابہام

Imperspicuous, *a.* Not clear ; vague : - ناصاف - کثیف - مبہم -

Impertinence, *n.* Irrelevance : - مغایرت - بے تعلقي - گستاخي - بے ادبي - شوخي

Impertinent, *a.* Irrelevant ; meddling ; rude : بے محل - خارج البحث - دخل دینے والا - شوخ - بے ادب - گستاخ - ادني - نا قابل لحاظ * *n.* An intruder : بیجا مداخلت کرنے والا

Impertinently, *ad.* Officiously ; rudely : خوامخواہ کي مداخلت سے - بے ادبي سے

Imperturbability, *n.* Coolness ; self-possession : برودت - اطمینان - استقلال

Imperturbable, *a.* Incapable of being disturbed : مستقل - قایم مزاج

Imperturbation, *n.* Calmness : اطمینان - مستقل مزاجي

Imperviability, *n.* Impenetrability : دشوار گذاري

Impervious, *a.* Impenetrable ; impassable : نا ممکن الدخل - دشوار گذار نا ممکن العبور

Syn.—Impassable, impenetrable, pathless, impermeable.

Impetrate, *v. t.* To obtain by request : منت سے حاصل کرنا - مانگ لینا

Impetration. *n.* The act of obtaining by petition : منت اور سماجت سے حاصل کرنا

Impetuosity, *n.* Violence ; vehemence : - سختي - تیزي - شدت

Impetuous, *a.* Violent ; furious ; forcible ; vehement : - سخت - غضب ناک - خشمناک - پرزور - شدید - تیز - تند

Syn.- Forcible, rapid, hasty, furious, violent.

Impetuously, *ad.* Violently ; forcibly ; vehemently : سختی سے - خشمناکي سے - تیزی سے - تندي سے

Impetus, *n.* Force of motion ; violent tendency to any point : حرکت کا زور - قوت - تیزروي

Impierce, *v. t.* To pierce through : چھیدنا - آرپار کرنا - بیدھنا

Impiety, *n.* Ungodliness ; profaneness : ناخدا ترسي - ناپاکي - ناپارسائي - کفر - عیب - بدي

Impinge, *v. t.* To dash against ; to clash ; to infringe : اوپر گرنا - لگنا - ٹکر کھانا - توڑنا

Impious, *a.* Not pious ; irreligious ; profane ; wicked : - فاسق - فاجر - بے مذہب - بے دین - ناپاک - شریر - رند

Impiously, *ad.* Profanely ; wickedly : - ناپاکي سے - کافرانہ

Implacability, *n.* Irreconcilable enmity : - خصومت - عداوت - دشمني - سنگدلي - لاگ

Syn.- Malice, rancour, cruelty.

Ant.- Placability, tenderness, forgiveness.

Implacable, *a.* Not to be appeased ; inexorable : بے تسکین - بے رحم - سخت - سنگدل

Implacably, *ad.* With enmity not to be pacified : سخت دشمني سے - سنگدلي سے

Implant, *v. t.* To infix ; to set ; to ingraft : نصب کرنا - قایم کرنا - گاڑنا - بیٹھا لانا - جمانا - قلم لگانا

Implantation, *n.* The act of implanting : - جمارت - قلم بندي - دل نشیني

Implausible, *a.* Not plausible ; spacious : نا خوشنما - ناپسندیدہ - نا قابل اطمینان

Implead, *v. t.* To accuse ; to prosecute : - الزام لگانا - ماخوذ کرنا

Implement, *n.* An instrument ; a utensil : - اوزار - ھتیار - الا - اسباب - سامان

Impletion, *n.* The act of filling ; a filling : - بھراؤ - پري

Impex, *a.* Intricate : پیچدار - دقیق - پیچیدہ

Implicate, *v. t.* To involve ; to entangle : - پھنسانا - ماخوذ کرنا - اُلجھانا - لپیٹنا - شامل کرنا

Implication, *n.* Involution ; entanglement : اُلجھاؤ - لپیٹ

Implicative, *a.* Tending to implicate : - پیچدار - کنایہ دار - پھانسنے والا

Implicit, *a.* Tacitly comprised ; implied ; trusting to the word or authority of another : کامل - پورا - مرادي - اعتباري - بسواسي - دوسرے پر بھروسہ رکھنے والا

Implicitly, *ad.* By implication ; unreserved'y : ضمنا - مراداً - بے کم وکاست - بے شبہہ

Syn.—Virtually, unreservedly, assuredly.

Implore, *v. t.* To beseech ; to entreat : - منت کرنا - استدعا کرنا - التماس کرنا - التجا کرنا - مانگنا

Syn.—Beg, crave, entreat.

Imploringly, *ad.* In an imploring manner : التجا سے - منت سے

Implunge, *v. t.* To immerse : - غرق کرنا - ڈبا دینا - ڈبونا

Imply, *v. t.* To involve ; to mean ; to signify : لپٹنا - معني رکھنا - مفہوم رکھنا - مراد رکھنا - دلالت کرنا

Syn. Include, comprise, import, signify, mean.

Impoison, *v. t.* To imbitter ; to impair : - تلخ کرنا - زہر آلودہ کرنا - منغص کرنا - خراب کرنا

Impolicy, *n.* Inexpedience : - نا مناسبت - بے حکمت - بد تدبیري

Impolite, *a.* Not polite ; rude : ناشایستہ - ناتراشیدہ - بے ادب

Impolitely, *ad.* Uncivilly : ناشایستگي سے

Impoliteness, *n.* Want of politeness ; incivility : نا شایستگي - بے ادبي

Impolitic, *a.* Inexpedient ; imprudent : - نا معقول - خلاف مصلحت - بے موقع - بیجا - نامناسب - غیر مہذبانہ - نا تراشیدہ

Imponderable, *a.* That cannot be weighed : جو وزن نہ کیا جاسکے

Imponderous, *a.* Void of perceptible weight ; light : غیر وزن - ھلکا

Imporosity, *n.* Closeness ; compactness : اتصال اجزاے - بستگي - ٹھوس پن - انجماد

Imporous, *a.* Destitute of pores ; solid : - بے مسام - ٹھوس - [illegible]

Import, *v. t.* To bring in from abroad ; to signify ; to imply : - باھر سے لانا - معني رکھنا - دلالت کرنا - ظاھر کرنا - مراد رکھنا

Syn.—Denote, mean, signify, concern.

Import, *n.* Anything imported : اشياء درآمد - مال آمدني * Weight ; moment : وزن - قدر - وقعت

Importable, *a.* Capable of being imported : اندر ليجانے کے قابل - لادنے کے لايق

Importance, *n.* Consequence ; weight ; moment ; importunity ; the question at issue : - ضرورت - قدر - وقعت - وزن - منزلت - رتبه - لحاظ - وقر

Important, *a.* Weighty ; momentous ; of great weight ; consequential ; pompous ; urgent : بڑا - وزني - ضروري - مقدم - متقاضي - تاکيدي - قابل لحاظ

Importantly, *ad.* Weightily ; forcibly : - وزن سے قدر سے - بزور

Importation, *n.* The act of importing ; commodities imported : در آمد - اشياء در آمد

Importer, *n.* One who brings from abroad : غير ملک سے مال لانيوالا

Importunate, *a.* Incessant in solicitations ; exacting ; very pressing : منت و سماجت کرنے والا - دق يا تنگ کرنے والا - متقاضي - ضدي - غرض باؤلا

Importune, *v. t.* To solicit earnestly ; to press by entreaty ; to request with great pertinacity ; to dun : سماجت کرنا - اصرار کرنا - باربار کهنا - بجد ملتمس هونا * *a.* Vexatious ; unreasonable : تنگ کرنے والا - بے سمجهه

Importunity, *n.* Urgent request ; pressing solicitation : - اصرار - تقاضا - اڑ - سماجت - جد و جهد - درخواست با اسرار

Impose, *v. t.* To lay on ; to levy ; to pass off : سرپر رکهنا - ذمه کرنا - لگانا - دهوکا دينا - ٹهگنا

Imposing, *a.* Impressive ; commanding : - موثر رعب دار

Imposition, *n.* The act of laying on ; injunction ; deception ; penalty ; command : - لگانا يا دهرنا - محصول - حکم - حکم امتناعي - فريب - دهوکا - مطالبه - گراں بار - فهمايش - ارشاد - حکم سزا - گنهگاري

Impossibility, *n.* Impracticability : - عدم امکان ناممکن هونا محال

Impossible, *a.* Not possible ; impracticable : نا ممکن - غير ممکن - محال

Impost, *n.* A tax ; a toll ; custom ; duty : محصول - خراج - کر - راه داري

Syn.—Tax, duty, custom, tribute.

Imposthumate, *v. t.* To form an abscess : - پهوڑا هونا - پکنا

Imposthumation, *n.* The act of forming an abscess : دمل - پهوڑا - پهوڑے کي پکاوٹ

Imposthume, *n.* A collection of pus ; an abscess : مواد يا پيپ کا جمع هونا - پهوڑا

Impostor, *n.* A deceiver ; a pretender : - دغاباز فريبي - دهوکے باز - مکار

Syn.—Deceiver, pretender.

Imposture, *n.* Fraud or imposition : - فريب دغابازي - فطرت - فن وفريب - عياري - تلبيس

Impotence, *n.* Weakness ; inability ; inbecility : کمزوري - ضعف - ناتواني

Impotent, *a.* Weak ; feeble ; wanting competent power : ضعيف - ناتوان - کمزور - کم طاقت - بے مقدور

Syn.—Disabled, weak, feeble, infirm.

Ant.—Potent, strong, firm.

Impotently, *ad.* Without power ; weakly : نا تواني سے - کمزوري سے

Impound, *v. t.* To put in a pound ; to confine : گهيرنا - احاطه ميں رکهنا - قيد کرنا - بند کرنا - مويشي خانه ميں رکهنا

Impoverish, *v. t.* To make poor ; to exhaust fertility : غريب کرنا - محتاج کرنا - کمزور کرنا (زمين کو) نا طاقت کردينا

Impoverishment, *n.* Exhaustion ; reduction to poverty : کمزوري - افلاس

Impracticability, *n.* Impossibility : - غير امکاني دشواري - عدم امکان - ناقابليت تعميل

Impracticable, *a.* Impossible ; untractable ; unmanageable ; unpassable : - ناممکن - محال - دشوار - منهه زور - نا قابل عمل درامد - ناممکن الگذر

Syn.—Untractable, stubborn, unmanageable, unreasonable.

Ant.—Practicable, manageable, feasible, possible.

Impracticably, *ad.* In an impracticable manner : ناممکن طور سے

Impractical, *a.* Not practical ; visionary : نا ممکن - خيالي

Imprecate, *v. t.* To call for evil ; to invoke a curse : کوسنا - لعنت کرنا - بددعا دينا

Imprecation, *n.* Prayer for evil ; curse ; malediction : بد دعا - لعنت - سراپ

Syn.—Curse, execration.

Ant.—Blessing, benediction.

Imprecatory, *a.* Invoking evil ; maledictory : لعنتي

Imprecision, *n.* Want of precision : عدم صحت يا درستي

Impregnable, *a.* Not to be taken ; invincible ; incorruptible : - جو ليا نه جاسکے يا قبضه ميں نه آسکے نا ممکن التسخير - نا بگڑنے يا خراب هونے والا * An—fortress, قلعه جوسر نه هوسکے * An—resolution, مستحکم اراده - قصد مصمم * An—virtue, نا قابل تخريب عصمت - ست جو بگڑنے والا نهيں

Impregnability, *n.* State of being invincible : غير مفتوح هونے کي حالت

Impregnably, *ad.* So as not to be taken : به استحکام - اسطرح پر کہ قبضه نه کيا جاسکے

Impregnate, *v. t.* To make pregnant : حامله کرنا * To infuse ; to fill ; to imbue : - باردار کرنا - بهرنا پلانا - ڈالنا

Impregnation, *n.* The act of impregnating : حمل - باربرداري

Imprescriptible, *a.* That cannot be lost by neglect : - جو عدم توجهي سے زايل نه هوسکے - صريحي بديهي

Impress, *v. t.* To stamp ; to imprint : - مہر کرنا چھاپنا * To force into service : زبر - بيگار پکڑنا دستي خدمت لينا * To make a serious effect : بڑا اثر کرنا * To fix deep : ذهن نشين - خرب گاڑنا کرنا * To compel to enter public service ; to take for public use by force : بجبر ملازمت سرکاري ميں داخل کرنا - سرکاري کام کے لئے بيگار پکڑنا * *n.* Seal ; stamp ; device : مہر - ٹهپه - نشان

Impressible, *n.* That may be impressed ; susceptive : نقش پذير - تاثير پذير

Impression, *n.* Mark ; image in the mind ; influence ; effect ; idea ; slight remembrance : نقش - نشان - اثر طبع - تصور - خيال - اثر - تاثير - گمان * A single edition : جس قدر ايک مرتبه هو

Impressive, *a.* Capable of being impressed ; earnest ; solemn : - نقش پذير - موثر - خواهش مند - مشتاق - سنجيده

Impressively, *ad.* In an impressive manner : موثرانه - دل نشين طور پر

Impressment, *n.* Act of forcing into service : جبراً کام لينا - بيگار

Impressure, *n.* Impression ; indentation : - نقش داب - نشان

Imprest, *n.* Loan ; money advanced ; earnest money : قرض - پيشگي - بعانه

Imprimatur, *n.* (*L.* Let it be printed) A license to print : چھاپنے کي اجازت

Imprimis, *ad.* In the first place ; first in order : اولاً - پہلے

Imprint, *v. t.* To impress ; to stamp ; to fix on the mind : چھاپنا - مہر کرنا - دلنشين کرنا * *n.* Name of the publisher ; time and place of publication of a book, etc., printed on the title page of a book : کتاب کے شايع کرنے والے کا نام معه تاريخ و مقام

Imprison, *v. t.* To put into prison ; to confine : قيد ميں رکھنا - قيد کرنا - بند کرنا - اسير کرنا

Imprisonment, *n.* Confinement or restraint : قيد - اسيري - حبس * —with labour, قيد با مشقت * —wthout labour, قيد بلا مشقت * —with irons and labour, قيد با مشقت و جولان

Syn.—Incarceration, custody, duress.

Improbability, *n.* Unlikelihood ; something not likely to happen : عدم امکان - امرنا ممکن

Improbable, *a.* Not likely : - خلاف قياس - ناممکن قرين قياس نهيں

Improbably, *ad.* Without likelihood : خلاف قياسي سے

Improbabity, *n.* Dishonesty : بے ايماني - بدديانتي

Impromptu, *ad.* or *a.* Off hand ; extempore ; without previous study : بر جسته - بے غور - بے تامل - بے ساخته - بر محل

Improper, *a.* Not proper; unsuitable inaccurate: بیجا - غیر مناسب - غیرواجب - ناروا - نادرست

Syn.—Unsuitable, unfit, unbecoming, indecent; inaccurate.

Improperly, *ad.* Unsuitably; inaccurately: غیر مناسب یا غیر واجب طور سے - بیجا طور سے

Impropriety, *n.* Want of propriety; indecorum; an unsuitable act: نا مناسبت - غیر معقولي - نا شایستہ کام - حرکت بیجا

Improsperous, *a.* Unfortunate: بد بخت - نا مراد - بد نصیب - ناکامیاب

Improvable, *a.* Susceptible of improvement; able to be improved: ترقي پذیر - بہتري کے لایق

Improve, *v. t.* To make better; to use to good purpose; to advance in value or excellence; to correct: – بہتر کرنا - درست کرنا - ترقي دینا - سدھارنا - کام میں لانا * *v. i.* To grow better; to increase: – اچھا ہونا - روبہ شفا ہونا - بہتر ہونا - بڑھنا - ترقي کرنا

Syn. Amend, ameliorate, advanced.

Improvement, *n.* Progress from good to better; melioration; instruction: ترقي - بہتري - بڑھتي - اصلاح - تعلیم - تہذیب * *n.* (*pl.*) Valuable additions: ازدیاد حیثیت

Improvidence, *n.* Want of forethought: نا عاقبت اندیشي - کوتہ اندیشي - بے احتیاطي

Improvident, *a.* Wanting forethought; thriftless: بے احتیاط - ناعاقبت اندیش - بے تدبیر

Improvidently, *ad.* Without foresight: ناعاقبت اندیشي سے - بے احتیاطي سے - غافلانہ

Improvisation, *n.* An impromptu: بر محل یا برجستہ کلام یا تصنیف

Improvise, *v. t.* To speak or compose without preparation: برمحل یا برجستہ بولنا یا تصنیف کرنا

Improviso, *a.* برجستہ - برمحل

Imprudence, *n.* Indiscretion; rashness: نا عاقبت اندیشي - بے احتیاطي - عدم لحاظي - تیزي - جلدي

Syn.—Indiscretion, heedlessness, carelessness, rashness.

Ant. Discretion, watchfulness, carefulness, caution.

Imprudent, *a.* Indiscreet; injudicious; rash: بے احتیاط - بے تامل - بے شعور - بے وقوف - بے تمیز - تیز - جلد باز

Impudence, *n.* Shamelessness; effrontery: - بے حیائي - بے شرمي - گستاخي - شوخي - بے ادبي

Syn.—Impertinence, rudeness, insolence.

Ant.—Modesty, meekness, coyness.

Impudently, *ad.* Shamelessly: بے حیائي سے - بے شرمي سے

Impugn (*im-pun*), *v. t.* To contradict: دلیل سے رد کرنا - کاٹنا

Impulse, *n.* Force communicated suddenly; thrust; push; sudden thought or determination; influence; motive: – دفعتاً پہونچائي ہوئي تحریک - چوٹ - دھکا - ایکا ایکي خیال

Impulsive, *a.* Impellent: محرک - ڈھکیلنے والا * Under the sway of one's emotions: - جلد باز - ناتابکار

Syn.—Thrust, push.

Impunity, *n.* Exemption from punishment; exemption from injury: - معافي سزا - بریت - بے سیاستي - بے مضرتي - عدم نقصاني

Impure, *a.* Not pure; unholy; unchaste; foul: ناپاک - نجس - فاسق - فاحش - گندہ - میلا - غلیظ

Impurity, *n.* Foulness; obscenity; any foul matter: غلاظت - میلا پن - نجاست - گندگي - ناپاکي

Imputable, *a.* Ascribable; attributable: منسوب کئے جانے کے قابل - جو کسي پر لگایا جا سکے

Imputation, *n.* Act of imputing; censure: - لگاؤ - تہمت - الزام

Impute, *v. t.* To charge upon; to ascribe: - لگانا - علت لگانا - نام دھرنا - تہمت لگانا - منسوب کرنا

In, *prep.* Within; inside of; during; by or through; on account of: اندر - درمیان - بیچ - بھیتر - سے یا ذریعہ سے - بوجہہ

In, *ad.* Within some place: اندر * **Inasmuch as**, considering that; since: چونکہ - چنانچہ - باین خیال x—spite of, notwithstanding: باوجودیکہ * **To breed—and—**, to breed among members of the same family: ایک ہي گھر میں پرورش پانا **To keep one's hand—**, to maintain one's skill by practice: ربط یا مشق رکھنا * **Ins and outs**, all the details and intricacies of a matter کسي معاملہ کي جملہ کیفیت - اونچا نیچا x—that, کیونکہ - اسلئے کہ * **To be—for it**, - پھنس جانا - نکل بچ نہ سکنا * **To take—the situation**, حالت موجودہ کو سمجھ جانا * **In re**, درحقیقت

—time, عین وقت پر * —truth, سچ سچ * —as far as, یہاں تک * To be—with, دوستی رکھنا

Inability, *n.* Want of power; impotence; weakness: کم طاقتی ـ ناتوانی ـ ناقابلیت ـ کمزوری

Inaccessible, *a.* Not to be approached; unobtainable: رسائی سے باہر ـ پہنچ سے باہر ـ ناممکن الحصول

Inaccuracy, *n.* Want of accuracy; mistake; error: نادرستی ـ نقص ـ غلطی

Inaccurate, *a.* Not correct; erroneous: ـ غلط نادرست ـ ناقص

Inaccurately, *ad.* Incorrectly; erroneously: غلطی سے

Inaction, *n.* Want of action; idleness; rest: بیکاری ـ سستی ـ بے شغلی ـ آرام ـ فرصت

Inactive, *a.* Not active; inert; indolent; sluggish: بے حرکت ـ کاہل ـ سست ـ مجہول ـ آلسی

Inactivity, *n.* Rest; idleness; sluggishness: ـ آرام سکون ـ سستی ـ کاہلی ـ آلس

Inadequacy, *n.* Insufficiency; inequality: عدم اکتفا ـ کوتاہی ـ کمی ـ ناموافقت ـ نابرابری

Inadequate, *a.* Not adequate; defective; unequal: غیر کافی ـ کم ـ ناقص ـ برابر ـ ادھورا

Syn.—Unequal, incompetent, insufficient, defective.

Ant.—Equal, competent, adequate, sufficient.

Inadequately, *ad.* Not sufficiently: ـ کمی سے کوتاہی سے

Inadhesive, *a.* Not adhering: جو چسپیدہ نہ ہو

Inadmissibility, *n.* The quality of being inadmissible: ناقابل قبول ـ ناقابل منظوری

Inadmissible, *a.* Not proper to be admitted: ناقابل منظوری ـ ناقابل سماعت ـ نامسموع

Inadvertence, *a.* Carelessness; inattention; negligence: بے پروائی ـ غفلت ـ بے خبری ـ بے لحاظی ـ سہو ـ بھول

Inadvertent, *a.* Heedless; careless; inattentive: بے پروا ـ غافل ـ بے فکر ـ بے خبر

Inadvertently, *ad.* Inconsiderately; carelessly: بے خبری سے ـ بے پروائی سے ـ غفلت سے

Inaffable, *a.* Reserved: کم سخن ـ کم گو

Inalienable, *a.* That cannot be alienated or transferred: ناقابل انتقال ـ ناممکن التبدیل ـ ناممکن الانفکاک

Inalienably, *ad.* In a manner that forbids alienation: منتقل نہوسکنے کے طریق سے

Inamorato, *n.* A lover: عاشق

Inane, *a.* Empty: تہی ـ خالی * Void of sense: بے عقل ـ تہی مغز

Inanimate, *a.* Lifeless; dead: ـ بے روح ـ بے حیات بے جان ـ مردہ

Syn.—Lifeless, dead.

Inanition, *n.* Want of fulness; emptiness; exhaustion from want of food: ـ خلا ـ خلو ـ تہی مغزی اوچھا پن ـ غیر معموری

Inanity, *n.* Void space; vanity: ـ خلا ـ خلو اوچھاپن ـ تہی مغزی

Inappetence, *n.* Want of appetite: عدم اشتہا ـ خواہش نہ ہونا ـ سیری ـ آسودگی

Inapplicable, *a.* That cannot be applied; unfit: ناموافق ـ بے موقع ـ نامناسب ـ انمیل

Syn.—Unsuitable, unadapted, inappropriate.

Ant.—Suitable, fit, appropriate.

Inapplication, *n.* Negligence; indolence: ـ غفلت سستی ـ کاہلی

Inappreciable, *a.* That cannot be duly valued; too small or slight to be perceived: جسکی قدر نہ کیجاسکے ـ اتنا تھوڑا کہ معلوم نہ ہوسکے

Inapprehensible, *a.* Not intelligible: ـ ناقابل فہم مہمل ـ سمجھ سے باہر ـ مغلق

Inapproachable, *a.* Inaccessible: جسکے قریب پہنچ نہ سکیں

Inappropriate, *a.* Unsuitable: ناموافق ـ نامناسب ناموزوں ـ بے محل

Inaptitude, *n.* Unfitness: ـ ناموافقت ـ نامناسب مغایرت

Plaster, *v. t.* To cover with plaster : پلستر کرنا - استر کرنا - لیپنا - پوتنا - کہگل کرنا

Plastic, *a.* Giving form ; susceptible of being moulded ; pertaining to moulding : شکل دینے والا - بنانے یا ڈھالنے کے قابل - ڈھالنے کے متعلق - نقش بند - شکل پذیر

Plat, *v. t.* To interweave : بننا - گوندھنا - گوتھنا * *n.* A small piece of even ground : قطع زمین - هموار میدان

Plate, *n.* A flat piece of metal : پتر - تختي * Wrought gold or silver articles for domestic use ; a dish ; a trencher : چاندي یا سونے کے ظروف - رکابي - تھالي - چادر - پتر - باسن * *v. t.* To cover with metal ; to adorn with plate : ملمع کرنا - طبق چڑھانا - سونا یا چاندي چڑھانا - چار آئنہ لگانا

Plateau, *n.* A table-land : حدب - بلند هموار میدان

Platform, *n.* A floor of timber, stone, etc., raised above the usual level : چبوترہ - تخت - مچان

Platinum, *n.* A metal : ایک سفید رنگ کي دھات

Platitude, *n.* Insipidity ; a weak remark ; staleness of ideas and thought ; triteness : پھیکا پن - سیٹھا پن - بے نمکي - کمزور رائے - لچرپن - بے لطفي - بے معني بات

Syn.—Flatness, dulness.

Platonic, *a.* Relating to Plato : متعلق بہ افلاطون * Spiritual ; intellectual : روحاني - عقلي - ذهني * **Platonic love,** pure passionless love : پاک غیر نفساني محبت

Platter, *n.* A large flat dish : - پرات - تھال - طشت - خوانچہ

Plaudit, *n.* Praise bestowed : شاباشي - آفرین - واہ واہ - تحسین

Plausibility, *n.* Speciousness : - نمایش - ظاهري دکھاوٹ - چرب زباني

Plausible, *a.* Fitted to gain favour ; specious : چرب زبان - ظاهردار - نمایشي - دکھاوٹ - ظاهر میں اچھا

Play, *v. t.* or *i.* To sport ; to act ; to mock ; to trifle : to practise a trick ; to wanton ; to move ; to game : - کھیلنا - داؤ چاو کرنا - گذرانا - کھیل سمجھنا - جل دینا - دھوکھا دینا - دللگي کرنا - کھلاڑیاں کرنا - چلنا - کام دینا - بازي کھیلنا - نقل کرنا - سوانگ بھرنا - منہ چڑھانا * **To—fast and loose,** to feign, to pass off for : حیلہ یا مکر کرنا - بننا - کہنا کچھہ اور کرنا کچھہ * **To—one false,** to deceive one : چھلنا - دغا کرنا - دھوکا دینا * **To—on or upon,** to perform on an instrument : بجانا * To delude : دھوکا دینا - هنسي اڑانا - ٹھٹھا کرنا * **To—with,** to trifle with : کھیلنا - بھکانا * To gamble with : جوا کھیلنا * **To play on one's credulity,** الو بنانا کسي کي زود اعتقادي پر کھیلنا * **To—off,** دکھانا * **To—into a person's hand,** جیسا دوسرا چاهتا هے ویساهي کرنا - دوسي کي گوں کي کرنا * **To—out the play,** کھیل یا لیلا کو خاتمے تک پہونچانا * Any exercise for diversion : لهو * و لعب * Recreation : تفریح - دل لگي * Jest : مذاق * A dramatic play : نقل * Freedom of action : آزادي - اختیار * Frolic : کلول - چوچلا * **To hold in—,** to keep occupied : مشغول رکھنا * **To give—to,** to bring into action : کام میں لانا * **—upon words,** a pun : تجنیس - جگت - ذو معني * **Fair—,** راستبازي * **Foul—,** دغابازي

Play-bill, *n.* A printed advertisement of a play : نقل کا اشتہار - تماشہ کي چھپي هوئي تفصیل

Player, *n.* One who plays ; a musician ; an actor : کھیلنے والا - کھلاڑي - سماجي - ساز نواز - نقال - سوانگیا

Playfellow, *n.* A companion in diversions : همجولي یار - لنگوٹیا یار

Playful, *a.* Sportive ; full of levity ; humorous : کھلاڑي - شوخ - چنچل - خوش طبع - ظرافت پسند

Playfulness, *n.* Sportiveness : کھلاڑي پن - شوخي

Playmate, *n.* A companion in sports : کھیل کا ساتھي - لنگوٹیا یار

Plaything, *n.* A toy : کھلونا

Plea, *n.* What is alleged in defence or justification ; a lawsuit ; an apology ; an excuse (*pl.*) lawsuits : دلیل - حجت بحث - مقدمہ . التماس - عذر نالشات - مقدمات * **—in law,** عذر قانوني * **Bad—,** دلیل ناقص - عذر بیجا * **Good—,** دلیل واجب

Plead, *v. t.* or *i.* To argue in support of a claim ; to defend ; to supplicate earnestly ; to admit or deny a charge : - بحث کرنا - دلیل لانا - وکالت - کرنا - جواب دینا - التجا کرنا - عذر پیش کرنا - جرم کا اقبال یا انکار کرنا * **To—ignorance,** لاعلمي بیان کرنا

Pleader, *n.* One who pleads ; one who speaks for or against : وکیل

Pleading, *n.* The act or form of pleading : - دليل - بحث - سوال و جواب

Pleasant, *a.* Agreeable ; delightful ; gay ; sportive : مرغوب - خوش آيند - خوش - شادمان - بشاش - خوش طبع - دلچسپ

Pleasantly, *ad.* Happily ; gaily : خوشي سے - هنسي سے

Pleasantry, *n.* Gaiety ; cheerfulness ; lively talk ; a jest : خوشي - بشاشت - مسرت - ظرافت - دل لگي - خوش طبعي

Please, *v. t.* To gratify ; to satisfy ; to content : خوش كرنا - محظوظ كرنا - راضي كرنا * *v. i.* To like ; to choose ; to comply : خوش هونا - پسند كرنا - چاهنا - منظور كرنا

Pleasing, *a.* Giving pleasure ; delightful ; acceptable : دلچسپ خوشگوار - دل پسند - فرح بخش - مقبول - پسنديده - مزا لانا - قبول صورت

Pleasure, *n.* Delight ; gratification ; indulgence ; will : preference ; a choice ; a favour : - خوشي * تفريح طبع - عيش و عشرت - مرضي - پسند - مهرباني *v. t.* To gratify ; to please : محظوظ كرنا - خوش كرنا - خاطر كرنا

Plebeian, *a.* Common ; vulgar ; low : - عوام - گنوار - نيچ - دهقاني - ادنى - بازاري * *n.* One of the common people : عوام ميں سے كوئي شخص

Pledge, *n.* Security ; pawn ; a surety : - ضمانت - كفالت - رهن - گرو - ضامن - كفيل * A drinking to the health of : * كسي كي صحت كے واسطے سے نوشي **To hold in pledge,** ضمانت ميں ركهنا * **To take the—,** شراب نوشي سے پرهيز كے اقرار نامه پر دستخط كرنا * *v. t.* To pawn ; to give as security ; to drink the health of : گرو ركهنا - ضمانت دينا - سے نوشي كے ساتهه بهبودي كي دعا كرنا - جام صحت پينا * **To pledge one's self,** اپنے اوپر كسي بات كا ذمه لينا - زبان دينا

Pledgee, *n.* The person to whom anything is pledged : مرتهن - گروي ركهنے والا

Pleiades, *n. pl.* A cluster of seven small stars : سپت رشي - پروين - ثريا - كچپچيا

Plenary, *a.* Full ; entire : پورا - بهرپور - كل - كامل - تمام

Plenipotence, *n.* Fulness of power : - پوري طاقت - اختيار كامل

Plenipotent, *a.* Possessing full powers : كل اختيار والا

Plenipotentiary, *n.* An ambassador invested with full powers : مختار يا ايلچي جسكو غير سلطنت سے عهد و پيمان وغيره كرنے كے كل اختيارات حاصل هوں - وكيل مطلق

Plenitude, *n.* Fulness ; abundance : - كمال - كثرت - فراواني - زيادتي - بهر پوري

Plenteous, *a.* Copious ; fully sufficient ; rich : بهت زياده - پورے طور پر - كافي - وافر - كثير

Plentiful, *a.* Copious ; fruitful ; exuberant ; extravagant : - بهت زياده - زر خيز - وافر - فراوان - كثير - فضول خرچ

Plentifulness, *n.* Abundance ; copiousness : كثرت - افراط - زيادتي

Plenty, *n.* Exuberance ; copiousness ; fruitfulness : بهتايت - افراط - زيادتي - كثرت - زرخيزي *a.* Abundant : بكثرت - به افراط

Pleonasm, *n.* Redundancy of expression : بيان زائد

Plethora, *n.* Fulness of blood : افراط خون - جوش خون

Pleurisy, *n.* An inflammation of the membrane that covers the inside of the thorax : - ذات الصدر - سينه كي بيتري جهلي كا آماس

Pliable, *a.* Flexible ; yielding readily : - لچكدار - ملائم - نرم - دينے كے قابل

Pliability, *n.* Flexibility : لچك - ملايمت - خم و چم - نرمي

Pliancy, *n.* Flexibility : ملائميت - لچكداري

Pliant, *a.* Flexible ; easily influenced ; docile : لچكيلا - نرم - تربيت پذير

Pliers, *n. pl.* An instrument to hold and bend small things : سنسي - چمٹي - چهوٹي چيزونكے پكڑنے اور جهكانے كا اوزار

Plight, *v. t.* To pledge ; to betroth : رهن يا گرو ركهنا - زبان هارنا - مانگني كرنا - منسوب كرنا * *n.* Pledge ; predicament : رهن - گرو - گت - دشا - حالت - پيچ - پهساؤ - وعده - بچن

Plinth, *n.* The flat square member at the base of a column : ستون كا چوگوشه پايه - پيل پايه كي كرسي

Plod, *v. i.* To toil heavily; to travel or work slowly but steadily : مشقت کرنا - سستي سے چلنا یا کام کرنا - ربڑنا

Plodding, *n.* Slow motion or study : آهسته چال یا پڑهائي

Plot, *n.* A small extent of even ground : هموار قطعه زمین - خسره * A secret design; an intrigue; a conspiracy : تدبیر - بندش - سازش * *v. t.* or *i.* To devise; to conspire : * تدبیر کرنا - بندش کرنا - سازش کرنا * To delineate : نقشه بنانا - خانه اوتارنا

Plotter, *n.* A contriver; a conspirator : بندش کرنیوالا - سازشي - منصوبه باز

Plough, *n.* A well-known implement to turn and break the soil; tillage : هل - قلبه - تردد زمین - جوت * **To put one's hand to the—,** to begin an undertaking : کسي کام کو شروع کرنا * **To—up or out,** کهود کر نکال دینا * *v. t.* To trench and turn up the ground with a plough; to furrow : قلبه راني کرنا - هل چلانا - جوتنا - باهنا - چیرنا - پهاڑنا

Ploughman, *n.* One who manages a plough : هرواها - قلبه ران - هل جوتا - کسان

Ploughshare, *n.* The iron blade of a plough which cuts the ground : هل کا پهار

Plover, *n.* The name of a bird : ایک قسم کي چڑیا - کاکنا

Pluck, *v. t.* To pull with sudden force; to twitch; to pull off : توڑ لینا - نوچنا - کهسوٹنا - جهٹکنا - کهینچنا * To reject at an examination : امتحان سے خارج کرنا * **To—up courage or spirit,** همت باندهنا - دلیري پکڑنا * *n.* The heart, liver and lungs of an animal; spirit; courage : دل و جگر و شش جانوران - دل - همت - حوصله - جگر

Plug, *n.* A stopple; a piece of wood or other substance used as a stop : : ڈاٹ - ڈٹّا - کاگ * *v. t.* To stop with a plug : ڈاٹ لگانا - کاگ لگانا

Plum, *n.* A well-known tree and its fruit : کنار - بیر - درخت بیر - درخت کنار

Plumage, *n.* The feathers of a bird : بال و پر

Plumb, *n.* A mass of lead attached to a line; an instrument to show the perpendicular position : سیسه کا ساهل - شاقول - لنگر * *a.* Perpendicular : عمودي * *v. t.* To adjust by a plumb line; to sound : ساهل کرنا - پاني کي تهاه لینا

Plumber, *n.* One who works in lead : سیسه کا کام کرنیوالا - پاني کے نل لگانیوالا

Plume, *n.* A feather : بال و پر * A token of honour; a crest; pride : تمغه امتیاز - کلغي - فخر * *v. t.* To pick and adjust feathers; to pride; to value : پرونسے آراسته کرنا - کلغي لگانا - فخر کرنا - قدر کرنا * **To—one's self,** طرا لگانا - فخر کرنا

Plummet, *n.* A piece of lead attached to a line for sounding; plumb-line : تهاه لینے کا لنگر - پنسال - ساهول معه ڈور - خط کهینچنے کي سیسے کي سلائي

Plump, *a.* Fat; full; round : فربه - موٹا - گداز - بهرا هوا - چوکور

Syn.—Stout, fat, fleshy.

Ant.—Lean, scraggy.

——, *v. t.* To fatten; to dilate : فربه کرنا - موٹا کرنا - چوڑا کرنا - پهیلانا * *v. i.* To fall suddenly : یک به یک گر پڑنا - دهڑ سے گرنا * *ad.* With a sudden fall; heavily : یک به یک - زور سے

Plumpness, *n.* Fulness; fatness; distention : پهولا پن - موٹاپا - فربهي - جسامت - پهلاؤ

Plunder, *v. t.* To pillage; to rob : لوٹنا - غارت کرنا - چرانا - موسنا - زبر دستي لینا

Plunder, *n.* Booty; pillage; spoil : تاراج - غارت - غنیمت - لوٹ

Plunderer, *n.* A pillager; a robber : غارتگر - لوٹیرا - ڈاکو - چور - رهزن

Plunge, *v. t.* or *i.* To force into; to drive; to fall into; to distress : ڈبونا - بورنا - ڈبکي لگانا - تکلیف میں پڑنا * *n.* The act of plunging : بڑکي - ڈبکي - غوطه

Plunger, *n.* A diver : غوطه خور - ڈبکي لگانیوالا

Pluperfect, *a.* & *n.* (*Gram.*) That tense of a verb which denotes that an action was finished before another past action took place : ماضي بعید

Plural, *a.* Expressing more than one : جمع - صیغه جمع - بهو بچن - ایک سے زیاده

Pluralist, *n.* One who holds more than one office at a time : ایک سے زیاده وجه معاش رکهنے والا

Plurality, *n.* Consisting of more than one; the majority : کثرت - جمعیت - تعداد

Pluralize; *v. t.* To make plural : جمع بنانا

Plus, *n.* This sign + of addition : جمع کي علامت

Plutocracy, *n.* Government by the rich classes : دولتمندونکي حکومت

Pluvial, *a.* Of rain ; rainy ; humid : برساتي

Pluviometer, *n.* A rain-gauge : برساتي پاني ناپنے کا آله

Ply, *v. t.* or *i.* To work closely ; to keep busy ; to practise diligently ; to yield ; to urge : محنت کرنا - مشغول رکھنا - مشقت کرنا - جھکنا - تاکید کرنا * **To—for,** to work for hire : اجرت پر کام کرنا * **To—with,** to keep constantly going : برابر چلتے رهنا *n.* A fold ; a twist ; bent : تهه - پرت - لڑ - موڑ - خم - پیچر - میل * Bias : رغبت * **To take the—,** خم کھانا - مڑنا

Pneumatic, *a.* Of air ; moved by means of air : هوائي - بادي - هوا سے هلتا هوا - هوا سے چلنے والا

Pneumatics, *n.* That branch of science which treats of air and other elastic fluids : علم باد

Pneumonitis, *v.* Inflammation of the lungs : پھیپھڑیکا ورم - شش کي سوزش

Poach, *v. t.* or *i.* To stab : بهوکنا - چبیدنا * To boil aegg : انڈے کو نیم پخت کرنا * To be damp : نم هونا - تر هونا * To intrude and steal game : شکار کے جانور چرانا

Poacher, *n.* One who steals game : شکار کے جانور چرانیوالا

Poachy, *a.* Soft ; swampy ; damp : نرم - تر - نم

Pock, *n.* A pustule on the skin in an eruptive distemper : دانه - چیچک - چھالا - آبله - پھنسي - پھڑیا

Pocket, *n.* A small bag attached to a garment : جیب - خریطه - پاکٹ * **Pocket-picking,** جیب کترنا * *v. t.* To put in the pocket : جیب میں رکھنا * **To—an insult,** to submit to an insult without apparent displeasnre : کسي چیز چھاڑ کو بلا ناخوشي ظاهر کئے هوئے برداشت کرنا

Pocket-book, *n.* A small book to be carried in the pocket : گٹکا - جیبي کتاب - حمائل - بیاض

Pocket-money, *n.* Money to meet occasional expenses : جیب خرچ

Pocky, *a.* Full of pocks : سیتلاها - چیچک والا - آتشکي

Poculent, *a.* Fit for drink : پینے کے لایق - نوشیدني

Pod, *n.* Capsule ; seed-vessel : ڈهونتري - پهلي * *v. t.* swell : پھولنا

Poem, *n.* A metrical composition : نظم - کبت - غزل - قصیده

Poesy, *n.* The art of writing poems ; poetry : فن شاعري - هنر نظم نویسي - نظم - شعر

Poet, *n.* One who writes poetry ; author of a poem : شاعر - کب

Poetaster, *n.* A petty poet : کچا شاعر

Poetess, *n.* A female poet : شاعره

Poetical, *a.* Of poetry ; figurative - شاعرانه - رنگین - پر از استعاره

Poetise, *v. i.* To compose verse : نظم لکھنا - شعر بنانا

Poetry, *n.* Metrical composition ; rhyme : نظم - اشعار - قافیه بندي

Poignancy, *n.* Keenness ; asperity ; sharpness : تیزي - حدت

Poignant, *a.* Acute ; piercing ; irritating ; pungent : تیز - پینا - تکلیف ده - تند - تلخ : چرپرا

Point, *n.* The sharp end of any thing : نوک - بھال - پیکان * (*Geom.*) That which has no magnitude : نقطه * A mark of punctuation : ٹھهراؤ کا نشان * Direction : طرف * A cape : راس * Degree : درجه * Characteristic : خصوصیت * Aim, purpose : مقصد - مراد * Moment : وقت - لمحه * The end or verge : خاتمه * Example : نمونه * Matter : بات * Nicety : دقیقه * A mark in certain games to denote the degree of progress : کھیل کا نشان * **Cardinal—s,** the four quarters : ربع مسکون * **—device,** nice to excess : تکلف مزاج * **On the of death,** at the last gasp : جاں بلب * **Vowel—s,** marks representing the vowels : اعراب * **To miss the—,** اصل بات کو نه پهونچنا * **At—,** completely : پوري طرح - سرتاپا * **At a—,** prepared : کمر بسته * **At all—s,** هر طرح سے * **Points at issue,** امور تصفیه طلب * **—of order,** ضابطه - دستور یا ضابطه کي بات * **To stand up on—s,** تکلف کرنا - ذره ذره بات پر ناک چڑھانا * **To—,** exactly : ٹھیک - بعینه جیسا کها گیا * **To carry one's—,** غرض حاصل کرنا * **To strain a—,** حدود معینه سے باهر جانا

Point, *v. t.* or *i.* To sharpen ; to aim ; to hint ; to punctuate : تیز کرنا - پیناکرنا - نشانہ لگانا - صاف ظاهر کرنا - اِشارہ کرنا - عبارت میں وقف کي علامت لکھنا

Point-blank, *a.* Explicit ; express ; straight : صاف - ظاهر - سیدھا

Pointer, *n.* An index : نشان * A variety of dog : شکاري کتے کي ایک قسم

Pointsman, *n.* A man who has charge of the points or switches on a railway : وہ شخص جسکے ذمہ ریل گاڑي کا ایک راستہ سے دوسرے راستہ پر لیجانیکا کام سپرد رهتا هے

Poise, *n.* Weight ; equilibrium : وزن - بوجھ - هم وزني - موزوني

Poise, *v. t.* To balance ; to examine ; to oppress ; to weigh down : وزن کرنا - جانچنا - تکلیف دینا - دبانا

Poison, *n.* Venom ; anything deadly or malignant : زهر - کوئي مہلک شے - سم * *v. t.* To infect with poison ; to taint : زهر دینا - زهر آلودہ کرنا - خراب کرنا - بگاڑنا

Poisonous, *a.* Having the qualities of poison ; deadly : زهریلا - زهردار - مہلک

Poke, *n.* A sack ; a pouch ; a thrust : تھیلا - جھولا - هول - بھونک

Poke, *v. t.* or *i.* To thrust against ; to grope ; to feel : بھونکنا - هول مارنا - ٹٹولنا - معلوم کرنا * **To —fun at a person,** کسي کي کھلي کرنا - کسي کو حدف مذاق بنانا * **To buy a pig in a—,** کسي چیز کو بن دیکھے خرید لینا

Poker, *n.* A bar of iron for stirring fire : آگ کرودنے کا کرچھا

Polar, *a.* Of the pole ; near the pole : قطبي - قطب کے نزدیک کا

Pole, *n.* A long slender piece of wood : بلي - چوب * A measure of length of 5½ yards : ساڑھے پانچ گز کا ناپ * One of the extremities of the earth's axis : قطب * A Polander : ملک پولینڈ کا رهنے والا

Pole-axe, *n.* An axe fixed on a long handle : پھرسا - گنڈا سا

Polemic, *n.* A disputant ; a controvertist : حجت کرنیوالا - بکوادي

Pole-star, *n.* A star vertical to the pole of the earth ; guide : ستارہ قطب - دھرو تارا - رهنما - رهبر - اگواني - هادي

Police, *n.* The government of city or district : بندوبست شہر * The body of civil officers for the preservation of good order, etc., in a town or country : پولیس

Policeman, *n.* One of the ordinary police in a town or country : پولیس

Police-station, *n.* The head-quarters of a body of police : تھانہ

Policy, *n.* Art or system of management : طریق یا فن انتظام * A stratagem ; prudence : حکمت عملي - جوڑ توڑ - دور اندیشي - فطرت - عیاري - حرفت - حسن تدبیر - حکمت - دور اندیشي - احتیاط * Wit : جگت * A contract of insurance : بیما - معاہدہ - تحریري عہد و پیمان * **Crooked—,** کج تدبیر - کوتاہ معاملہ * **Public—,** رواج ملک - دیس چلن * **Sound—,** راست معاملگي - پکي صلاح - دور اندیشي * **The—of the regulations,** منشاء قوانین * **Policy goes beyond strength,** طاقت وہ کام نہیں دیتي جو تدبیر دیتي * *v. t.* or *i.* To make smooth and glossy ; to refine : چکنا کرنا - پالش کرنا - صیقل کرنا - صاف کرنا - سدھارنا - مہذب کرنا - شستہ کرنا - آراستہ کرنا

Polish, *n.* A smooth glossy surface : چکني چمکتي هوئي سطح - جلا - صیقل - مہرا - گھٹائي - چمک * Refinement : شستگي - آراستگي - سگھڑائي * Elegance of manners : شایستگي - تہذیب

Polite, *a.* Polished ; courteous : شایستہ - خلیق - مہذب

Politely, *ad.* Genteelly ; courteously : شرافت سے - خوش اخلاقي سے - اعلیت سے

Politeness, *n.* Good breeding ; courtesy : خوش اخلاقي - تہذیب خلق

Politic, *a.* Well-devised ; sagacious ; political ; cunning : مصلحت آمیز - عقیل - مدبر ملک - عیار

Political, *a.* Pertaining to public affairs or politics : public : ملکي - عام - سرکاري - اِنتظام ملک کے متعلق - سرکاري - شاهي * **—economy,** علم سیاست مدن

Politician, *n.* One versed in politics : مدبر ملک * A man of deep contrivance : پر فطرت شخص - عیار

Politics, *n. pl.* The science of government : علم سياست مدن

Polity, *n.* The constitution of civil government of a country : - کسي ملک کا دستور - دستور سلطنت - انتظام مملکت - راج ڈھنگ

Poll, *n.* The head ; a person ; a register of persons ; the place of election ; an election : - سر - راس - نفر - کس - فہرست اشخاص - مقام انتخاب - انتخاب عہدہ داران * *v. t.* To lop ; to shear ; to enrol ; to bring to the polls : تراشنا - کاٹنا - داخل فہرست کرنا - بھرتي کرنا * *v. i.* To give votes : راے دينا

Pollard, *n.* A tree lopped ; a stag without horns : تراشا ھوا درخت - کاٹا ھوا درخت - بارہ سنگھا جسکي سينگ گر گئي ھو

Pollen, *n.* Fecundating dust of plants : پھولونکي خاک - پراگ

Poll tax, *n.* A capitation tax : محصول في کس

Pollute, *v. t.* To make foul ; to defile ; to corrupt : نجس کرنا - ناپاک کرنا - خراب کرنا

Syn. - Defile, contaminate, disorder.

Ant.—Clarify, refine, purify, filter.

Pollution, *n.* Uncleanness ; vitiation ; violation : نجاست - ناپاکي - آلودگي - خرابي

Poltroon, *n.* A dastard ; a coward : - ڈرپوک - بزدل

Poltroonery, *n.* Baseness ; cowardice : بزدلي - کم ھمتي - نامردي

Polyandry, *n.* The plurality of husbands : ايک عورت کے کئي شوہر ھونے کا رواج يا چال

Polygamy, *n.* A plurality of wives at the same time : کثيرالازدواجي - کئي عورتوں سے شادي کرنا

Polyglot, *n.* A person who understands many languages ; a book of the same text in several languages : - کئي زبانوں کا جاننے والا - بسيار زبان - ھفت زبان - کئي زبان ميں لکھي ھوئي کتاب

Polygon, *n.* A figure having many angles and sides : شکل کثيرالاضلاع

Polygonal, *a.* Of many angles and sides : کثيرالزاويا

Polyhedron, *n.* A figure having many sides : کثيرالاضلاع

Polysyllable, *n.* A word of many syllables : تہجي ميں کئي زبان کا لفظ

Polytheism, *n.* The doctrine of a plurality of gods : بت پرستي - ديو پوجا - شرک

Pomander, *n.* A scent-ball : - خوشبو کي گولي - عطريات کي گولي

Pomegranate, *n.* A well known tree and its fruit : انار - داڑم

Pommel, *n.* A knob : گھنڈي - گولا * The knob on a sword-hilt ; a knob on a saddle bow : تلوار کے قبضہ کي گرہ - دنبالہ * *v. t.* To beat roughly ; to punch : مارنا - کوٹنا - چھيدنا

Pomp, *n* Display ; parade ; splendour : - نمايش - دھوم دھام - شان و شوکت - طمطراق

Pomposity, *n.* Great show ; ostentation : - نمايش - شيخي - شان - خود نمائي

Pompous, *a.* Showy ; splendid ; ostentatious : نمايشي - با شان و شوکت - با کر و فر

Pond, *n.* A body of stagnant water : - ڈگي - حوض - تليا

Ponder, *v. t.* To weigh in the mind ; to examine ; to consider : - تامل کرنا - فکر کرنا - جانچنا - خيال کرنا - غور کرنا

Ponderosity, *n.* Weight ; heaviness : - گراني - وزن - ثقل بوجھ

Ponderous, *a.* Weighty ; important ; forcible : وزني - بھاري - ضروري - اھم - قوي - طاقتور

Poniard, *n.* A small dagger : چھرا - خنجر - کٹار

Pontiff, *n.* A high priest ; the pope : - سردار پادري - پوپ - روم کا افسر پادري

Pony, *n.* A small horse : ٹٹو - يابو

Poodle, *n.* A lap-dog : بہت چھوٹا کتا جسے گود ميں رکھتے ھيں

Pooh, *interj.* An expression of scorn : ايک تحقير کا کلمہ

Pool, *n.* A small body of still water : - کنڈ - پوکھر - تليا - ڈابر

Poop, *n.* The hindmost part of a ship : جہاز کا سب سے پيچھے کا حصہ

Poor, *a.* Needy ; paltry ; sterile ; emaciated ; trifling ; wretched ; meek ; humble ; worthy of pity : - غريب - محتاج - حقير - اوسر - دبلا - ناچيز - پشيمان - بد بخت - حليم - مساکين - قابل رحم - نگوڑا - بد نصيب

Poorly, *ad.* Without wealth ; meanly : - مفلسي سے - تنگي سے * *a.* Indisposed : بيمار - کسلمند

Poorness, *n.* Poverty ; sterility ; meanness : غریبي - افلاس - کم پیداواري - خفت

Poor-spirited, *a.* Cowardly ; base : - بزدل نامرد - کمینه

Pop, *n.* A small quick report : تڑاکا - دھڑا کا - پٹ پٹ * *v. t.* or *i.* To enter in or go out suddenly ; to thrust suddenly : - یکایک داخل ھونا یا باھر جانا - گھسنا

Pope, *n.* The head of the Roman Catholic Church : رومي کیتھولک گرجے کا انسر اعلی

Popedom, *n.* The dignity or jurisdiction of the pope : روم کے افسر پادري کا عهده

Popery, *n.* The religion of the church of Rome : روم کا عیسائي مذهب

Poplar, *n.* A tree of several species : کئي ذات کا ایک درخت - چنار

Popin, *n.* A cloth of silk and worsted : ایک قسم کا ریشمي کپڑا - پاپ لین

Poppy, *n.* A plant : خشخاش - پوست - کوکنار

Populace, *n.* The common people ; the mob : عوام‌الناس - خلقت - رعایا - ھما شما

Syn.- Commonality, mob, rabble, people, crowd, multitude.

Popular, *a.* Pertaining to the public ; plain ; beloved by the people ; prevailing : - عوام کے متعلق - ساده - عام پسند - عوام دوست - رایج

Popularise, *v. t.* To make suitable and common to the people generally : عام پسند کرنا - رواج دینا

Popularity, *n.* Public favour : شهرت - هر دلعزیزي

Popularly, *ad.* In a popular manner : عام پسند طور سے

Populate, *v. t.* To furnish with inhabitants : آباد کرنا - بسانا

Population, *n.* The whole inhabitants of a place : آبادي - شمار باشندگان

Populous, *a.* Full of people : آباد - خوب بسا ھوا

Porcelain, *n.* Chinaware : چیني کے برتن - ضروف چیني

Porch, *n.* An entrance to a building ; a portico : دھلیز - ڈیوڑھي - پیش گاه

Porcupine, *n.* A small quadruped with erected spines : خار پشت - ساهي

Pore, *n.* A minute orifice in the skin ; a small hole : مسام - سوراخ

Pore, *v. t.* To look steadily and minutely : بغور دیکھنا - دیده ریزي کرنا - مطالعه میں غرق ھونا

Pork, *n.* The flesh of swine : سور کا گوشت

Porker, *n.* A hog : سور

Porous, *a.* Full of pores : سوراخ دار

Porphyry, *n.* A kind of precious stone : سنگ سماق

Porpoise, *n.* The sea-hog : دریائي سور - ایک قسم کي مچھلي

Porridge, *n.* A kind of broth : لپسي - دلیا

Porringer, *n.* A small metallic vessel for holding porridge : کٹورا - شوربا دان - بیلا - تسلا

Port, *n.* A harbour : بندر گاه * An entrance : دروازه * Mien : وضع - چال ڈھال * A kind of wine from Oporto : پرتگیزي شراب

Port, *v.* t. To turn to the left : بائیں طرف موڑنا

Portable, *a.* That may be easily carried : - ھلکا سبک - اٹھانےپھرنے کے لایق

Syn.—Movable, light, handy.

Ant.—Ponderous, weighty.

Portage, *n.* Carriage ; the price of carriage : پہنچائي - اوٹھائي - بار برداري - کرایه بار برداري

Portal, *n.* A small gate ; the arch over a gate : چھوٹا دروازه - پھاٹک پر کي محراب

Porte, *n.* The Turkish court : عدالت عثمانیه - روم دربار

Portend, *v. t.* To forebode ; to augur : - پیش گوئي کرنا - فال کهنا - کسي امر کا شگون ھونا

Portent, *n.* An omen of ill : - فال بد شگون منحوس

Portentous, *a.* Ominous ; monstrous : - منحوس بهت برا

Porter, *n.* A door-keeper : دربان * One who carries load for hire : - بارکش - حمال - مزدور قلي

Portfolio, *n.* A portable case for loose papers : جزدان

Portico, *n.* A covered space inclosed by columns ; a piazza : ستون سے گھري پٹي ھوئي جگهه - پیش طاق - دھلیز

Portion, *v. t.* To divide ; to endow : - تقسیم کرنا بانٹنا - بخشنا - عطا کرنا * *n.* A part ; an allotment : حصه - قسمت - بانٹ - بکھرا

Portliness, *n.* Dignity of personal appearance ; corpulence : شان - سج دھج - رعب - جسامت - متانا - فربهي - تمکنت - بھاري بھرکم پن

Portly, *a.* Of noble appearance ; stately ; corpulent : شاندار - فربه - باتمکین - شهیم - لحیم

Portmanteau, *n.* A leather bag for clothes, etc. : کپڑوں کا صندوق

Portrait, *n.* A picture of a living being : شبیه - تصویر * Any vivid representation in words : نقشه - روشن بیان - تعریف

Portray, *v. t.* To draw ; to describe : تصویر کھینچنا - شبیه اُتارنا - بیان کرنا - درسانا - سما باندهنا

Pose, *n.* Attitude : ڈهنگ - وضع * *v. t.* To put a stop to ; to puzzle by questioning : بند کردینا - سوالوں سے گھبرا دینا

Position, *n.* Site ; attitude ; state ; social condition : مقام - موقع - وضع - حالت - درجه - حیثیت - رتبه

Syn.—**Station, situation, spot, place, locality, post.**

Positive, *a.* Absolute ; real ; clearly expressed ; decisive ; confident ; dogmatical : تمام - بالکل - اصلي - صریح - صاف صاف - قطعي - یقیني - متحقق - هٹي - خود راے * —degree, تفصیل نفسي * —opinion, تحقیق راے * To be—as to a fact, یقین جاننا

Positively, *ad.* Directly ; certainly ; really : في الواقع - یقیناً - حقیقت میں - حقیقتاً

Positiveness, *n.* Reality ; full confidence :- اصلیت - تیقن

Possess, *v. t.* To have as an owner ; to seize ; to acquire ; to accomplish ; to have the mastery over : مالک هونا - قبضه کرلینا - حاصل کرنا - دخل رکھنا - تمام کرنا - مالک هونا - سوار یا غالب هونا * What *possessed* you that you did such thing : تم پر کیا سوار هوا که تم نے ایسي حرکت کي

Possession, *n.* The state of owning ; the thing possessed ; property : قبضه - مال مقبوضه - مالک - مال اسباب - ملکیت * —is nine points of the law, القبض دلیل الملک * Forcible—, قبض بالجبر * Warrant of—, دخل نامه

Possessive, *a.* Having possession : قابض * The genitive case in grammar : مضاف

Possibility, *n.* The power of being ; a contingency : احتمال - امکان - امر ممکن - اتفاق

Possible, *a.* That may be ; that can be done : شدني - ممکن۔

Possibly, *ad.* Perhaps ; perchance : شاید - غالباً

Post, *n.* A pillar : کھمبا - ستون * A station ; employment : مقام - خدمت - کام * A letter carrier : چٹھي رسان * The mail : ڈاک * A sort of writing paper : ایک قسم کا کاغذ * *v. t.* To advertise : مشتهر کرنا * To place : رکھنا * To put in the post office : ڈاک میں ڈالنا * To transfer to the ledger : کھاته میں اُتارنا * *v. i.* To travel with speed : جلد چلنا

Postage, *n.* The money paid for the conveyance of letters : ڈاک کا محصول

Postal, *a.* Relating to posts or the carrying of mails : ڈاک کے متعلق

Post-date, *v. t.* To date after the real time : اصلي تاریخ کے بعد کي تاریخ لکھنا - متي بڑھاکر لکھنا

Poster, *n.* A courier ; a placard : هرکاره - قاصد - تختهٔ اشتهار - اشتهار

Posterior, *a.* Later ; hinder : بعد کا - موخر - پچھلا - پسین

Posterity, *n.* Descendants ; children : نسل - اولاد - لڑکے بالے * To the latest—, نسلاً بعد نسلاً

Postern, *a.* Behind ; private : پچھلا - خفیه * *n.* Any small door or gate : دریچه - چھوٹا پھاٹک - چور دروازه

Postfix, *n.* A suffix : پیچھے لگایا جوڑ - جز * *v. t.* To affix : جوڑنا - پیچھے لگانا

Post-haste, *ad.* With speed : بهت جلد - شتابي سے - تیزي سے

Posthumous, *a.* Born or published after one's decease : بعد وفات پیدا هوا یا بعد انتقال مصنف چھاپا گیا * —child, جو بچه ماں یا باپ کے مرنے کے بعد هو - باپ نہار

Postil, *n.* A marginal note : حاشیه کي شرح

Postillion, *n.* The rider of a coach horse : گاڑي هانکنے والا

Postman, *n.* A courier ; a letter carrier : قاصد - چٹھي رسان

Postmaster, *n.* The officer who has charge of a post-office : ڈاکخانه کا افسر

Postmeridian, *a.* Being in the afternoon ; late : دوپهر ڈهلنے کے بعد کا - دن ڈهلے - بیوقت

Post-mortem, *a.* After death : بعد وفات - بعد مرگ

Post-office, *n.* An office where mail letters are received and distributed : ڈاکخانه

Postpone, *v. t.* To adjourn ; to delay : ملتوي رکهنا - توقف کرنا - هٹا دینا - ٹالنا

Postponement, *n.* The act of postponing to a future time ; delay : التوا - توقف - دیر

Postscript, *n.* A paragraph added to a letter or writing : جو عبارت خط یا نوشته میں بعد کو لکهي جاوے - تتمه خط

Post-town, *n.* A town having a regular post office : قصبه جسمیں ڈاکخانه هو

Postulate, *n.* Anything taken for granted : اصول موضوعه - فرضي دعوی - امر بدیهي - امر مفروضه * *v. t.* To assume ; to solicit : فرض کرنا - مانگنا

Postulation, *n.* An assumption without proof ; supplication : دعوی بلا دلیل - فرض - استدعا - التماس

Posture, *n.* Attitude ; mood ; place ; position : وضع - حالت - صورت - ڈهانچه - جگهه - مقام

Posy, *n.* A motto : کهاوت - مقوله * A bouquet : گلدسته * —ring, یادگاري کا چهلا

Pot, *n.* A metallic or earthen-ware vessel ; a cup : دهات یا مٹي کا برتن - بدهنا * Gone to the—, has become bankrupt : دوالا نکل گیا - برباد هو گیا * *v. t.* To place in pots ; to preserve in pots : برتن میں رکهنا - برتن میں مربا یا اچار ڈالکر رکهنا

Potable, *a.* Drinkable ; fit to drink : پینے کے لائق نوشیدني

Rotash, *n.* The impure alkali obtained from wood ashes : کهار - سجي مٹي

Potation, *n.* A drinking ; a draught ; a drinking bout : جرعه - گهونٹ - شربت - جام سے نوشي

Potato, *n.* A well-known plant and its esculent root : آلو کا درخت - آلو

Potency, *n.* Power ; influence ; efficacy : طاقت - اختیار - اثر

Syn. Might, force, vigour, strength, energy, efficacy.

Ant. Weakness, feebleness, inactivity.

Potent, *a.* Efficacious ; mighty ; influential : موثر - طاقت ور - ذي اختیار - بااختیار

Potentate, *n.* Any one possessing great power ; a sovereign : بڑے اختیار والا شخص - بادشاه - فرمانروا - شهنشاه

Potential, *a.* Existing in possibility, not in act ; efficacious : اختیاري - امکاني - موثر * —mood : صیغه امکانیه

Potentiality, *n.* Inherent capacity for development ; possibility : استعداد ذاتي - جبلي قوت - امکان - احتمال

Potently, *ad.* Powerfully : بزور - طاقت سے

Pother, *n.* Bustle ; confusion : هنگامه - هڑبڑي - جهنجهٹ

Pot-herb, *n.* Any vegetable suitable for cookery : ترکاري - بهاجي - سبزي - ساگ

Pot-house, *n.* A low drinking house : بوزه خانه

Potion, *n.* A draught ; liquid medicine ; a dose : شربت - جرعه - عرق - دوا کي خوراک

Pot-sherd, *n.* A bit of a broken pot : هانڈیکا ٹکڑا - ٹوٹے هوئے برتن کا ٹکڑا

Pottage, *n.* A thick soup : گاڑها شوربا

Potter, *n.* A mark of earthen vessels : کمهار - کوزه گر

Pottery, *n.* The vessels of a potter ; the place, where earthen-ware goods are made : کمهار کے برتن - مٹي کے برتن بنانے کي جگهه

Pottle, *n.* A measure of two quarts ; a small fruit basket : دو سیر کے قریب کا پیمانه - چهبڑي - ٹوکري - چنگیري

Pouch, *n.* A small bag : چهوٹا تهیلا - تهیلي - کیسه * *v. t.* To pocket ; to swallow : جیب میں رکهنا - نگل جانا

Poult, *n.* A young chicken : چوزه - مرغي کا بچه

Poulterer, *n.* One who sells fowls : مرغي بیچنے والا

Poultice, *n.* A cataplasm ; a soft soothing application for tumours, etc. : پلٹس - لیپ - ضماد * *v. t.* To apply a poultice to : پلٹس لگانا - لیپ کرنا

Poultry, *n. pl.* Domestic fowls : پالتو پرند - مرغ - مرغي

Pounce, *n.* The talon of a bird of prey : پنجه - چنگل * A fine powder : باریک سفوف یا بکني

Pounce, *v. t.* To sprinkle with powder ; to perforate : سفوف چھڑکنا - چھیدنا - سالنا * *v. i.* To fall and seize : جھپٹکر پکڑنا - پنجه میں پکڑنا

Pound, *n.* A standard weight : پونڈ - آدھ سیر کا وزن * Twenty shillings : ۲۰ شلنگ یعني ۱۰ روپئه * A pinfold : احاطه - باڑه *v. t.* * To beat with something heavy : بھاري چیز سے کوٹنا * To impound : احاطه میں بند کرنا - گھیرنا

Pour, *v. t.* To discharge in a continuous stream ; to emit ; to utter : انڈیلنا - دھار باندھکر چھوڑنا - * موسلا دھار برسنا - نکالنا - بیان کرنا - منهه سے نکالنا *v. i.* To issue forth ; to flow : نکلنا - بهنا - جھڑنا - اڑڑا پڑنا - پھٹ پڑنا

Pout, *n.* A sullen look : اوداسي * *v. t.* To thrust or push out the lips : منهه پھولانا - هونٹھه نکالنا

Pouting, *n.* Childish sullenness : لڑکوں کي ایسي ضد

Poverty, *n.* Indigence ; need ; defect : مفلسي - احتیاج - کمي - تهي دستي - تنگحالي

Syn.—Penury, want, destitution, need.

Ant. - Plenty, affluence, riches, wealth.

Powder, *n.* A fine dust ; gunpowder : سفوف - براده - بکني - باروت * *v. t.* To pulverize ; to sprinkle with powder ; to salt : پھرولانا - سفوف چھڑکنا - نمک چھڑکنا

Powdered, *a.* Sprinkled with powder ; salted : سفوف چھڑکا هوا - نمک لگا هوا

Powder-flask, *n.* A case in which gunpowder is carried by sportsmen : باروت داني - باروت کي کپي

Powdery, *a.* Dusty ; friable : دھول سا - بھربھرا - سفوف هونے کے قابل

Power, *n.* Capacity ; might ; strength ; sway ; a sovereign ; legal authority ; a host : قابلیت - طاقت - زور - حکومت - قانوني - اختیار - مختار نامه - فوج - لشکر * **—of attorney,** مختار نامه * **Exertion of executive —,** تعمیل اختیارات عهده * **Paramount —,** حاکم اعلی - حکومت بالا * **Summary —,** سرسري اختیار

Powerful, *a.* Mighty ; efficacious ; forcible : طاقتور - موثر - زبردست

Powerless, *a.* Without power ; impotent : کمزور - نامرد

Pox, *n.* An eruptive disease : آتشک - گرمي - چیچک اور اسي قسم کي بیماري

Poy, *n.* A rope dancer's pole : نٹ کا تماشه کرنے کا بانس

Practicable, *a.* That may be done ; feasible : هونے کے قابل - شدني - ممکن

Practical, *a.* Pertaining to practice or action ; that may be turned to use ; gained by practice or experience ; skilled in actual work : مشقي - عملي - جو کار آمد هوسکے یا عمل میں آسکے - مفید - کام کا - عمل یا تجربه سے حاصل کیا هوا - کام کرکے سیکھا هوا

Practically, *ad.* By use ; in real fact : مشق سے - ازروے تجربه - درحقیقت

Practice, *n.* Custom ; habit ; constant use ; action ; art ; profession : دستور - عادت - مزاولت - پیشه - هنر - چالاکي - شغل * **Sharp practice,** knavery : بد معاشي - ڈھونگ ودیا

Practise, *v. t.* or *i.* To do frequently or habitually ; to exercise any profession ; to commit : عادت ڈالنا - عموماً یا عادتاً کچھه کرنا - مشق کرنا - عمل میں لانا - پیشه اختیار کرنا - مرتکب هونا

Practitioner, *n.* One who is engaged in any art or profession : پیشهور - وه شخص جو طبابت یا وکالت کرتا هو

Prairie, *n.* An extensive tract of grass land : گھاس کا بڑا میدان

Praise, *n.* Commendation ; approbation ; fame ; glorification : تعریف - توصیف - شهرت - ثنا - مدح - بکھان - سپاس * *v. t.* To extol ; applaud ; to magnify : تعریف کرنا - تحسین کرنا - سراهنا - حمد کرنا - بڑھانا

Praiseworthy, *a.* Deserving praise ; commendable : قابل تحسین - قابل تعریف - مستحسن

Prance, *v. t.* To bound ; to ride ostentatiously ; to ride pompously ; to strut about : اوچھلنا - کودنا - تڑک سے سوار هونا - اسپ جولان پر سوار هوکر جانا - اتراتے پھرنا

Prank, *v. t.* To decorate : آراسته کرنا - زینت دینا * **To play—with,** چھیڑنا - شرارت کرنا * *n.* A freak ; a trick : بازي - شوخي - کھیل - اٹھکھیلي - چوهلبازي

Prate, *v. t.* or *i.* To talk idly ; to utter foolishly ; to chatter : بیہودہ بکنا - یاوہ گوئي کرنا - فضول گوئي کرنا - گپ مارنا - بکنا - بول اٹھنا * *n.* Idle talk ; unmeaning loquocity : گپ - بکواد - بڑبڑ - بے معني بکراس

Prætor, *n.* A Roman civil officer : زمانہ قدیم میں روم کا سول افسر

Prætorium, *n.* The judgment hall ; a palace : انصاف کا کمرہ ایوان عدالت - محل

Prattle, *n.* Childish talk : لڑکونکي سي باتیں - یاوہ گوئي

Prattler, *n.* An idle talker : بیہودہ بکنے والا - یاوہ گو

Prawn, *n.* A shell-fish like a shrimp : جھینگا مچھلي

Pray, *v. t.* or *i.* To entreat ; to beg ; to address God : منت کرنا - عاجزي کرنا - درخواست کرنا - التماس کرنا - دعا مانگنا

Prayer, *n.* A petition ; supplication ; the form of devotion : درخواست - التماس - استدعا - عرض - دعا - نماز - مناجات

Prayer-book, *n.* A book containing the forms of devotion : ورد وظیفہ کي کتاب - نماز کي کتاب

Prayerful, *a.* Devotional : عبادتي - نمازي

Prayerless, *a.* Habitually neglecting prayers : بے نماز

Prayer-meeting, *n.* A gathering for public prayer : جماعت کي نماز

Preach, *v. t.* or *i.* To pronounce a discourse publicly on religious subjects : وعظ کرنا - تلقین کرنا - خطبہ پڑھنا

Preacher, *n.* One who preaches : واعظ - مناد

Preachment, *n.* A sermon : وعظ - تلقین

Preamble, *n.* Preface ; the introductory part of a statute : دیباچہ - عنوان - تمہید - بھومکا

Prebend, *n* A stipend in a collegiate church : مذہبي کالج کا وظیفہ

Prebendary, *n.* The stipendiary of a collegiate church : گرجے کے کالج کا وظیفہ دار

Precarious *a* Uncertain ; unsettled ; insecure : غیر معین - مشکوک - بے ٹھور ٹھکانے غیر مستحکم - بے ثبات

Syn —Unsteady, doubtful.

Ant —Steady, firm, sure, undeniable.

Precariously, *ad.* Uncertainly ; doubtfully : بلا تعین - شبہہ سے

Precative, *a.* Suppliant ; beseeching : ملتجي - مستدعي

Precaution, *n.* Care beforehand ; a preventive measure ; anticipatory measure of safety : پیش بندي - عاقبت اندیشي - احتیاط - تدبیر - تدارک

Precautionary, *a.* Containing previous caution : احتیاطي - پیشبندي کا

Precede, *v. t.* To go before in time, rank, place or importance : پہلے ہونا - مقدم ہونا - ترجیح رکھنا - بالا نشین ہونا

Precedence, *n.* Priority of time ; superior rank ; the right to a more honourable place : قدامت - ترجیح - حق صدارت یا بالا نشیني

Precedent, *n.* Example ; the thing that is followed or is adduced, as a rule : نمونہ - نظیر جسکي بطور قاعدہ یا نظیر پیروي ہوتي ہے

Precentor, *n.* The leader of a choir : پہلي راگ اٹھانیوالا

Precept, *n.* A commandment ; an injunction ; rule of action ; maxim : فرمان - حکم - حکمنامہ - پند

Preceptor, *n.* A teacher ; an instructor - معلم اوستاد - ادیب

Preceptress, *n.* A female teacher : اوستاني - گروانن - معلمہ

Precession, *n.* The act of going before : پیش روي

Precinct, *n.* An outward limit ; a boundary ; a territorial district or division : حد - میقت - سرحد - سوانہ

Precious, *a.* Valuable ; of great worth : بیش بہا - قیمتي - انمول

Preciously, *ad.* Valuably ; in great esteem : بیش قیمتي سے - بڑي توقیر سے

Precipice, *n.* An abrupt descent ; a headlong steep : ڈھال - نشیب - کراڑا - ٹیلا

Precipient, *a.* Directing : حکم دیتے ہوئے

Precipitance, *n.* Rash haste ; headlong hurry : جلد بازي - شتابي - نہایت جلدي

Precipitant, *n.* Falling headlong ; hasty : سر کے بل گرنے والا - جلد باز

Precipitate, *v. t.* or *i.* To throw headlong ; to hurry rashly ; to throw to the bottom : سر کے بل گرانا - ڈبوئي کرنا - تہہ نشین کرنا یا هونا * *a.* Headlong ; rapid ; incautious ; violent : سرنگوں - سر کے بل - شتابکار جلد باز - تیز - بے تامل - تند - هڑبڑیا

Precipitation, *n.* Great hurry ; rapid movement : شتابي - تیزي

Precipitately, *ad.* Hastily ; rashly : جلدي سے - جلد بازي سے

Precipitous, *a.* Very steep ; abrupt ; headlong : بهت ڈهالو - کهڑ - ناهموار - سر کے بل - اوندها

Precis (*Pre-si*), *n.* A brief abstract ; a summary : خلاصه اختصار - گوشواره

Precise, *a* Accurate : ٹهیک - بعینه - صحیح * Definite : معین - مقرر * Nice : باریک * Formal : باضابطه * Strict : باریک بین

Syn.- Exact, correct, definite, explicit.

Precisely, *ad.* Accurately ; formally : ٹهیک - باضابطه - بعینه *—the same, جیسا کا تیسا - جیوں کا تیوں

Preciseness, *n.* Accuracy ; nicety : صحت - درستي - عمدگي

Precisian, (*Pre-sizhan*) *n.* One who is rigidly exact in the observance of rules or form : ضابطه او قواعد کا سخت پابند - محتاط - منضبط

Precision, *n.* Accuracy ; nicety : صحت - عمدگي

Preclude, *v. t.* To shut off ; to prevent from happening : بند کرنا - روکنا - باز رکهنا - منع کرنا

Syn.- Hinder, prevent.

Preclusion, *n.* The act of shutting out : ممانعت - روک

Preclusive, *a.* Hindering beforehand : مزاحم - روکنے والا مانع - حارج

Precocious, *a.* Ripe before the proper time ; premature ; mature in understanding at an early age : کمسني میں پوري عقل یا ذهانت کو پهونچا هوا وقت سے پهلے پکا - پیش از وقت - بے موسم

Precocity, *n.* Premature growth ; early development of the understanding : پیش از وقت پخته هونا یا پک جانا - کمسني میں عقل کي پختگي

Precognition, *n.* Previous knowledge or examination : جانچ یا علم سابقه

Preconceive, *v. t.* To form an opinion or idea beforehand : پهلے سے راے قائم کرلینا

Preconception, *n.* Opinion or idea previously formed : راے جو پهلے سے قائم کرلي جاوے

Preconcert, *v. t.* To settle by previous agreement : پهلے سے اقرار کرکے تصفیه کر لینا

Precursor, *n.* A forerunner : اگوا - پیشوا * An omen : شگون - فال

Syn.—Messenger, barbinger, herald, forerunner.

Ant.—Follower, retainer.

Precursory, *a.* Forerunning ; preliminary : پیش رو - مقدم - ابتدائي

Predaceous, *a.* Living by prey or plunder : شکار پیشه

Predatory, *a.* Pillaging ; ravenous : لٹیرا - غارتگر

Predecessor, *n.* A person who has gone before in place, position or office : بزرگ جد - مورث - مسابق - پیشین

Predestinarian, *n.* A person who believes in predestination : تقدیر کا قایل - قسمت کا ماننے والا

Predestinate, *v. t.* To preordian ; to decree beforehand : پهلے سے مقرر کر دینا - تقدیر کرنا - مقدر کرنا - سر نوشت لکهنا

Predestination, *n.* The immutable purpose of God : تقدیر - قسمت - مقدر - سر نوشت

Predetermination, *n.* Purpose formed beforehand : پهلے سے مقرر کیا هوا کام - پهلے سے مصمم کیا هوا اراده

Predial, *a.* Belonging to land or farms : متعلق به اراضي

Predicable, *a.* That may be affirmed : ممکن البیان - گفتني

Predicament, *n.* Category : جنس فهرست * Plight ; trying situation : آفت - نازک حالت

Syn.—Class, condition, state.

Predicate, *n.* That which is affirmed or denied ; (*Gram.*) that which is said of the subject : کسي فعل کي نفي یا اثبات - خبر * *v. t.* or *i.* To affirm ; to assert ; to imply : اقرار کرنا - کهنا-بیان کرنا - معني رکهنا - کهنا - مناسب کرنا

Predication, *n.* Affirmation ; assertion or denial : اقرار - نفي یا اثبات

Predict, *v. t.* To prophesy ; to forebode : غیب کي بات کہنا - پیشین گوئي کرنا - آگم کہنا

Syn. Foretell, foreshow, forbode.

Prediction, *n.* Prophesy ; augury : غیب گوئي - آگم - پیشین گوئي

Predictive, *a.* Prophetic : پیشین گو

Predictor, *n.* One who forebodes : پیشین گو - غیب گو

Predigestion, *n.* Digestion too soon performed : غذا کا بہت جلد ھضم ھونا - زودِ ھضمي

Predilection, *n.* A liking beforehand ; partiality : میل خاطر - رغبت - طرفداري

Predispose, *v. t.* To incline or fit previously ; to give a tendency to : پہلے سے مائل کرنا - پہلے سے اثر پذیر کرنا

Predisposition, *n.* Previous propensity or fitness : رغبت - شوق

Predominance, *n.* Prevalence ; superiority : غلبہ - فوقیت

Predominant, *a.* Prevalent ; superior ; ascendant : مروج - غالب - برتر - فایق - بالاتر

Predominate, *v. t.* or *i.* To prevail ; to surpass in strength or influence : غالب ھونا - غلبہ کرنا - فایق ھونا - زور یا اختیار میں زیادہ ھونا

Pre-eminence, *n.* Superiority in excellence ; priority of position or rank : ترجیح - فوقیت - عظمت - فضیلت - رفعت

Pre-eminent, *a.* Highly distinguished in excellence ; surpassing others : برتر - افضل - بڑھکر

Pre-emption, *n.* The act or right of buying before another : حق خریداري - حق شفع

Pre-engagement, *n* A prior attachment : شرط مقدم معاهدہ سابق

Pre-exist, *v. i.* To exist beforehand : پہلے سے موجود ھونا

Pre-existence, *n.* Existence before something else : وجود مقدم

Preface, *n.* An introductory speech or writing ; a preamble : دیباچہ - عنوان - تمہید * *v. t.* To say or write something by way of introduction : تمہید لکہنا - دیباچہ لکہنا

Prefatory, *a.* Introductory : ابتدائي - تمہیدي - عنواني

Prefect, *n.* A governor : a commander or superintendent : حاکم - افسر - ناظم نگران

Prefer, *v. t.* To chose ; to esteem more ; to present ; to raise : پسند کرنا - قدر کرنا - نذر کرنا - عزت کرنا فوقیت دینا - بڑھانا

Preferable *a.* Worthy of preference ; more desirable : قابل ترجیح - زیادہ پسندیدہ - اچھا

Preference, *n.* The choice of one thing rather than another ; choice : ترجیح - فوقیت پسند

Preferential, *a.* Implying preference : اعلی - برتر - قابل ترجیح

Preferment, *n.* Advancement to a higher place or dignity ; promotion : ترقي - سرفرازي - بڑھتي

Prefigure, *v. t.* To exhibit by previous representation : پہلے سے صورت کا اظہار کرنا

Prefix, *v. t.* To put before : آگے لگانا - پیشتر درج کرنا * *n.* A letter, particle, or word prefixed : حرف یا لفظ جو آگے لگایا جاوے

Pregnancy, *n.* The state of being pregnant : حمل - گربھ * Fertility of thought ; fulness of singificance : پر معني ھونے کي حالت

Pregnant, *a.* Great with child : حاملہ - بار دار * Fruitful ; suggestive : مثمر - بارور - معني خیز

Pregustator, *n.* وہ ملازم یا غلام جو بادشاہ کا کہانا پہلے چکھ لیا کرتا تھا - چاشني گیر - نمک چش

Prehensible, *a.* Capable of being seized : گرفت کے لایق

Prehistoric, *a.* Relating to a period antecedent to that described in written history . تواریخي زمانہ سے پہلے کا

Pre-instruct, *v. t.* To instruct previously : پہلے سے سکھلانا یا سمجھانا

Prejudge, *v. t.* To judge before hearing . to condemn unheard : مقدمہ سننے سے پہلے تجویز کرنا - بلا سماعت حکم سزا دینا

Prejudgment, *n.* Decision without trial or full examination : تجویز قبل یا بلا سماعت

Prejudicate, *v. t.* or *i.* To prejudge ; to decide without examination : بغیر سماعت تجویز کرنا - بغیر سنے سمجھے فیصلہ کرنا - کسي امر کا متعصبانہ فیصلہ کرنا

Prejudice, *n.* Prejudgment ; bias ; mischief ; damage : تجویز بلا غور - تعصب - طرفداري - نقصان - ضرر * *v. t.* To bias the mind ; to hurt ; to impair : طرفداري کرنا - پچهه کرنا - نقصان پہونچانا - بگاڑنا

Prejudicial, *a.* Injurious ; detrimental : موجب نقصان - مضر

Prelacy, *n.* The office of a prelate : پادري کا عہدہ

Prelate, *n.* An ecclesiastic of a superior order : مجتہد دين عيسوي

Prelect, *v. i.* To read a lecture or discourse in public : لکچر پڑھنا - وعظ کہنا

Prelection, *n.* A public lecture ; a discourse : لکچر - وعظ - تقرير

Prelibation, *n.* Tasting beforehand : چکھنا - پہلے سے ذايقہ لينا

Preliminary, *a.* Introductory ; prefatory ; prior ; previous : ابتدائي - تمہيدي - مقدم * *n.* Something introductory ; a prelude : تمہيد - عنوان - ديباچہ

Prelude, *n.* An introductory performance ; a preface : شروع - ابتدا - آغاز - تمہيد * *v. t.* or *i.* To precede ; to preface : شروع کرنا - باني هونا - تمہيداً کہنا - تمہيد کرنا

Prelusive, *a.* Introductory ; previous : تمہيدي - مقدم

Premature, *a.* Ripe too soon ; untimely : پيش از وقت - بيوقت - موسم کے آگے

Premeditate, *v. t.* or *i.* To consider or design beforehand ; to deliberate : پہلے سے فکر يا تدبير کرنا - پيش بندي کرنا - غور کرنا

Syn.—Preconcert.

Ant.—Extemporize.

Premeditation, *n.* Previous deliberation ; forethought : پيش بيني - عاقبت انديشي - دور انديشي

Premier, *n.* The prime minister : وزير اعظم

Premier, *a.* First ; principal : اول - اعلى - خاص - مقدم - سب سے قديم الاصل

Premiership, *n.* The office of a prime minister : عہدہ وزارت

Premise, *v. t.* or *i.* To lay down first propositions ; to preface : منطق ميں صغرى يا کبرى قائم کرنا - بطور مقدمہ بيان کرنا - تمہيد کرنا

Premises, *n. pl.* Each of the two first propositions of a syllogism : مقدمات صغرى و کبرى * A building and its adjuncts : عمارت اور اوسکے متعلق آراضي وغيرہ

Premium, *n.* Recompense ; a bounty ; value above the original cost : انعام - بخشش - نفع - اصل قيمت سے زيادہ قيمت - بڑھتي - سود - منفعت

Premonition, *n.* Previous warning or information : اطلاع - نصيحت - پيشتر سے آگاهي يا اطلاع - چتاوني

Premonitory, *a.* Giving previous warning : گاهي بخش - پيشتر سے اطلاع کرنيوالا

Prenotion, *n.* Foreknowledge : پيش بيني - علم غيب

Preoccupancy, *n.* Prior occupation ; previous possession : پہلے کا قبضہ - قبضہ ماسبق

Preoccupy, *v. t.* To take possession of before another ; to engross beforehand : پہلے سے قبضہ کرلينا - پہلے سے برگشتہ کرديا - پہلے سے گهير لينا

Preominate, *v. t.* To prognosticate : پيشين گوئي کرنا - بد شگوني کرنا

Preordain, *v. t.* To ordain beforehand ; to predetermine : پيشتر سے قائم کرنا - پہلے سے ٹهہرا لينا

Prepaid, *a.* Paid beforehand : پيشگي ديا گيا

Preparation, *n.* The act of preparing ; readiness : تياري - مستعدي - آمادگي کمر بندي - * A medical compound : نسخہ

Preparatory, *a.* Introductory ; preparative : ابتدائي - تمہيدي - تيار يا درست کرنيوالا

Prepare, *v. t.* or *i.* To make ready ; to adapt ; to equip ; to provide : تيار کرنا - ٹهيک کرنا - مرتب کرنا - آراستہ کرنا - سر انجام کرنا - ساز و سامان کرنا - مہيا کرنا * To make a beginning : شروع کرنا * To adjust : درست کرنا - ٹهيک کرنا

Prepay, *v. t.* To pay beforehand : پيشگي دينا - پہلے سے دينا

Prepense, *a.* Preconceived : آگے سے سوچا گيا - پہلے سے ٹهانا هوا

Preponderance, *n.* An outweighing ; superiority of power or influence : زيادہ وزن - طاقت اور حکومت ميں برتري - غلبہ

Preponderate, *v. t.* or *i.* To outweigh; to have sway superior to others : زيادہ وزني هونا - حکومت ميں اوروں سے زيادہ هونا

Preposition, *n.* A word put before another to express the relation which one thing bears to another : حرف ربط

Prepositional, *a.* Having the force or character of a preposition : حرف ربط کے متعلق

Prepositive, *a.* Put before : مقدم

Prepossess, *v. t.* To preoccupy; to prejudge; to bias the mind in favour or against : پہلے سے قبضہ کرليا - پہلے سے تجويز کر رکهنا - دل پهيرنا - متعصب کرنا - بدظن کردينا - ايک طرف مائل يا رجوع هونا

Prepossession, *n.* Prior possession : قبضہ سابق * Preconceived opinion : جو بات پہلے سے دل ميں ٹهہرا لي جاوے - حسن يا سوء ظن - پيچ - پاس

Preposterous, *a.* Absurd; foolish; monstrous : بے معني - بيہودہ - لغو - عجيب - مہمل - پوچ

Prerequisite, *a.* Previously required : ضروري - مقدم - لازمي * *n.* Something previously required : ضروري شئے

Prerogative, *n.* An exclusive or peculiar privilege : منصب - استحقاق - ادهکار - حق

Presage, *n.* A prognostic; an omen; foreknowledge : شگون - فال - غيب داني * *v. t.* or *i.* To predict; to foreshow : پيشين گوئي کرنا - آگم کہنا - کسي شدني کي علامت هونا

Presbyter, *n.* An elder; a minister; a parson : بڑا پادري - واعظ

Thump, *v. t.* or *i.* To beat with dull, heavy blows: تهپتهپانا * *n.* A heavy blow, fall or sound: دهول دهماکا

Thunder, *n.* The sound which follows a flash or lightning: رعد - گرج - گڑگڑاهٹ * Denunciation: دهمکي - لعنت - پهٹکار * *v. t.* or *i.* To emit with noise and terror; to sound as thunder: دهمکنا - گڑگڑانا - گرجنا

Thunder-bolt, *n.* A strong flash or shaft of lightning: بجلي - گرج - بجر

Thunder-clap, *n.* A burst or peal of thunder: رعد - گرج - تڑپ

Thunderstruck, *a.* Astonished: متحير - حيرت زده

Thurible, *n.* A censer of metal for burning incense: عود سوز - دهوپ دان

Thurification, *n.* The act of burning incense: لوبان جلانا

Thursday, *n.* The fifth day of the week: جمعرات - برهسپت - پنجشنبه

Thus, *ad.* In this or that manner ; so : اِس طرح - يوں - ايسا - يہاں تک

Thwack, *n.* A heavy hard blow ; a thump : دھول - دھما کا - کرپکاري * *v. t.* To thump : ٹھونکنا

Thwart, *v. t.* To lie or come across ; to oppose ; to hinder : کاٹنا - آڑا هونا - مخالف هونا - روکنا - باطل کرنا * *a.* Transverse : ترچھا - آڑا

Thy, *a.* Of thee or belonging to thee : تيرا - اپنا

Thyme, *n.* An aromatic plant of several species : ايک قسم کا خوشبودار پودا

Tiara, *n.* An ornamental turban ; a diadem : کلغي - مکٹ - طره - سر پيچ

Tibia, *n.* The larger bone of the leg : ٹانگ کي بڑي هڈي

Tick, *n.* Trust ; credit : قرض - اعتبار * The case of a bed : توشک * Beat of a watch : گھڑي کي کھٹ کھٹ * Credit : اودھار * To go on—, اودھار کھانا * *v. i.* To make a slight noise, as a clock : کھٹ کھٹ کرنا (مثل گھڑي کے)

Ticket, *n.* A marked slip of paper or card : پروانه - ٹکٹ * *v. t.* To distinguish by a ticket ; to put a ticket on : ٹکٹ دينا - نشان کے واسطے پرچه لگانا

Tickle, *v. t.* To excite a peculiar thrilling sensation by the touch ; to please : گُدگُدانا - سہلانا - خوش کرنا

Ticklish, *a.* Easily tickled : جسکو گُدگُدي زيادہ لگتي هو * Unfixed : غير مستقل - ناپايدار

Tidbit, *n.* A delicate piece : لطيف ٹکڑا

Tide, *n.* Time ; season : وقت - موسم * Alternate ebb and flow of the waters of the ocean : جوار بھاٹا - مد و جزر * The turn of the—, that which decides a matter : وہ بات جس سے کوئي معامله طے هو جائے * *v. t.* To flow with the tide : طغياني ميں آنا * To—over a difficulty, to be able to get over an evil turn in one's affairs : کسي مشکل سے پار هونا

Tide waiter, *n.* An officer who watches the landing of goods : عہدہ‌دار جو مال کے اوترنے کي نگراني رکھتا هے

Tidings, *n. pl.* News ; intelligence : خبر - مژدہ - اطلاع

Tidy, *a.* Clean and neat : صاف ستھرا

Tie, *v.t.* To bind ; to knit ; to oblige ; to constrain : باندھنا - کسنا - جوڑنا - گانٹھنا - مجبور کرنا * To—on, to fasten : باز رکھنا - اوپر باندھنا * To—up, to confine : قيد کرنا * To restrain : روکنا * To fasten to something : جکڑنا - باندھنا * *n.* A knot ; a bond ; an equality in numbers : گره - گانٹھ - عقد - برابري

Tier, *n.* A row ; rank : صف - قطار - درجه

Tiffin, *n.* Lunch : ناشته - کليوا

Tiger, *n.* A fierce beast of prey : پلنگ - شير - تيندوا - باگھ

Tight, *a.* Tied closely : جکڑا هوا - بند * Compact : کسا هوا - مضبوط * Fitting close to the body : تنگ - چست * Hard : سخت * Somewhat intoxicated : سرشار - تر دماغ

Tighten, *v. t.* To draw together : کسنا - تنگ کرنا - جکڑنا

Tightly, *adv.* Closely ; compactly : مضبوطي سے - کس کے - جکڑ کے * Cleverly : هوشياري سے - چالاکي سے

Tigress, *n.* The female of a tiger : شيرني - باگھن

Tile, *n.* A piece of slate, stone or baked clay for covering buildings : کھپرا - ٹريا * *v. t.* To cover with tiles : کھپريل چھانا

Tiling, *n.* The roof of a house covered with tiles : کھپريل

Till, *n.* A money box ; a drawer : روپيه رکھنے کا صندوق - گولک خانه * *v. t.* To cultivate : جوتنا - زمين کا تيار کرنا * *prep.* To the time of ; until : تا - تاک - تک

Tillage, *n.* Culture ; husbandry : جوت - کاشتکاري - کھيتي

Tilt, *n.* A tent : خيمه - شاميانه * A thrust : ضرب - کونچا * A military exercise : نيزه بازي * Inclination forward ; جھکاؤ * *v.t.* or *i.* To raise one end of, as a cask : ايک کنارے سے اوٹھانا * To ride and thrust as a lance : نيزه بازي کرنا * To lean : جھکنا

Timber, *n.* Wood fit for building ; the trunk of a tree ; a beam : عمارت کي لکڑي - تنا درخت - شہتير

Timbrel, *n.* A kind of drum : پکھاوج - مردنگ - طبله

Time, *n.* A period or part of duration : – وقت - ایام - دن * An opportunity ; موقع * A season : موسم - فصل * Age : عمر * Allotted period : میعاد - مدت - فرصت * Delivery : زادگي * Repetition : مرتبه - نوبت * Musical duration : تال * **At —s,** at distinct intervals of duration : وقتاً فوقتاً * **In—,** in good season : وقت مناسب پر * At the right moment : ٹهیک وقت پر * By degrees : رفته رفته * **Nick of—,** the exact moment : ٹهیک وقت یا لمحه * **—out of mind or—immemorial,** time beyond the memory of man : گذرا زمانه جو یاد سے باهر هو * **The—,** the present age : زمانه موجوده * **To kill—,** to occupy one's self so as to make time pass without much tediousness : اِس طرح مشغول هونا جسمیں وقت جاتے نه معلوم هو * **To have an easy—of it,** چین سے گذرنا * **Time out of joint,** انقلاب زمانه * **To while away—,** وقت گذرانا * **Time hangs heavy on his head,** he has nothing to occupy his attention, – اسکو وقت گذرانا مشکل معلوم پڑتا هے اسے کچهه کرنے کو نهیں هے * *v. t.* To adapt to the occasion ; to mark the time of : وقت کے مطابق کرنا - وقت کا نشان کرنا

Timely, *a.* Seasonable ; early ; opportune ; welcome : - بر وقت - موقع سے - سویرے - عین وقت کا - برمحل - موقع کا - مقبول - خوشگوار * **Timely blossom, timely ripe,** وقت پر پهلیگا تو وقت پر پکیگا

Timepiece, *n.* A watch or clock : گهڑي

Time-server, *n.* One who complies with times : زمانه ساز - دنیا ساز

Timid, *a.* Wanting courage ; cowardly : - بزدل ڈرپوک

Timidity, *n.* Want of courage ; fearfulness : بزدلي - خوف

Timorous, *a.* Fearful ; full of danger ; destitute of courage : خایف - بزدل - ڈرپوک

Tin, *n.* A white soft, non-elastic metal very malleable : ٹین * *v. t.* To cover with tin : ٹین سے منڈهنا - رانگ کي قلعي کرنا

Tincture, *n.* A tingle or shade of colour : هلکا رنگ - جهلک * An extract of the finer parts : عرق * Flavour : چاشني * *v. t.* To tinge ; to imbue the mind ; to impregnate : رنگ دینا - رنگنا - دلپر اثر کرنا - ذهن نشین کرنا

Tinder, *n.* Something very inflammable used for kindling fire from spark : سوخته - شے آتش گیر * **Tinder-box,** دیا سلائي

Tine, *n.* The spike of a fork : کانٹے کي نوک * The tooth of a harrow : هینگے کا دانتا

Tinfoil, *n.* Tin reduced to a thin leaf : – پنّي رانگ کا ورق

Tinge, *n.* A colour ; a tincture ; a stain : - رنگ - داغ - هلکا رنگ * *v. t.* To dye : آلوده کرنا - رنگت دینا - رنگنا

Tingle, *v. i.* To feel a sharp thrilling sensation of sound or pain : سنسنانا - جهنجهنانا - چنچنانا

Tinker, *v. t.* To solder or mend ; to patch : گانٹهنا - سنوارنا - جهالنا * *n.* A mender of old metal ware : کسیرا - ٹهٹهیرا - کسگر-پنجیرا

Tinkle, *v. i.* To make a sharp, quick noise : ٹهنٹهنانا - جهنجهنانا * *n.* A small, sharp, quick sound : جهنجهناهٹ - جهنکار

Tinman, *n.* A manufacturer of tin vessels : ٹین کا برتن بنانیوالا

Tinsel, *n.* A shining dress stuff ; a kind of ornamental lace ; anything showy and of little value : جهل مل - جیوڑا گوٹا یا کناري - کم قیمت اور نمایشي چیز * *v. t.* To adorn with tinsel : جوڑے کام سے رونق دینا - نمایش کرنا - بهڑکدار کرنا

Tint, *n.* A faint dye ; colour : رنگ - هلکا رنگ * *v. t.* To tinge ; to colour : هلکا رنگ دینا - رنگنا

Tiny, *a.* Very small ; little : ننها - چهوٹا - ٹیني

Tip, *n.* End ; point ; extremity : - سرا - نوک - کناره * Gift : انعام * *v. t.* To form a point upon ; cover the tip or end of : سرے پر لگانا - سام لگانا * To tap : ٹهپکنا * To bestow a douceur upon : انعام دینا * **— off,** اوندهانا - اُنڈیلنا - ڈهالنا * **To— the wink,** آنکهه مارنا * **To—up,** ایک سرا جهکانا

Tippet, *n.* A fur covering for the neck : گلوبند

Tipple, *v. t.* or *i.* To drink in small quantities ; to drink habitually or to excess : چوسنا - گهونٹ لینا - بکثرت شراب پینا

Tipsy, *a.* Intoxicated ; fuddled : مست - متوالا

Tiptoe, *n.* The end of the toes : پانوں کي اُنگليونکا سرا * **To stand on—,** (*Fig.*) To be interested or anxious : متردد هونا * **To walk on—,** اترا کر چلنا

Tiptop, *n.* The highest or utmost degree سب سے بلند درجه - چوٹي

Tirade, *n.* A strain of censure or invective : شکايت آميز راگ - ملامت آميز تقرير

Tire, *n.* A row : صف - قطار * A head dress : تاج - کلاه * Attire : پوشاک * A hoop of iron for a wheel : پهيئے کي هال * A chaplet, مور - سهرا * *v.t.* or *i.* To fatigue ; to dress ; to adorn ; to become weary : تهکانا - پوشاک پهنانا - زينت دينا - تهکنا * **Tirewoman,** سنگار کرانے والي

Tiresome, *a.* Wearisome ; tedious : تهکانيوالا - اکتانيوالا

Tissue, *n.* Cloth interwoven with gold or silver : زربفت - بادلا * A connected series : سلسله * Organic substance : رگ * *v. t.* To form tissue : زربافي کرنا - زردوزي کرنا

Tit, *n.* Anything small : کوئي چهوٹي چيز * A small horse : ٹٹو * **Tit for tat,** اڑ کے بدلے تڑ - ادلے کا بدلا - چور کے گهر مور

Tithe, *n.* A tenth ; a small part : دسواں حصه - ده يکي - تهوڑا حصه * *v. t.* To levy a tenth : دهيکي لگانا

Titillate, *v. t.* To tickle : گدگدانا - سهرانا

Titillation, *n.* Act of tickling ; any slight pleasure : گدگداهٹ - گدگدي - سهراهٹ

Title, *n.* An inscription ; an appellation of honour ; a claim ; a right : خطبه - خطاب - دعوى - حق * *v. t.* To name ; to entitle : نام رکهنا - خطاب دينا

Title deed, *n.* Writings evidencing a person's title or right to property : قباله - دستاويز - حقيت

Titmouse, *n.* A small bird : ايک قسم کي چڑيا - پهدکي

Titter, *v. i.* To laugh ; to giggle : هنسنا - کهلکهلانا * *n.* A restrained laugh : دبي هوئي هنسي - مسکراهٹ

Tittle, *n.* A small particle ; a jot ; an iota : رمق - ريزه - ذره

Tittle-tattle, *n.* Idle talk ; empty prattle : گپ شپ - بکواد - بکبک * *v. i.* To gossip ; to prate : گپ شپ کرنا - بکنا

Titular, *a.* Existing in name only ; nominal : برائے نام - نام چارکو - منهه بولا

To, *prep.* Toward, or moving toward ; till ; opposition ; after ; regarding : طرف - جانب - کو - تاک - تک - سامنے - موافق - بموجب - واسطے - درباب * **—and fro,** forward and backward ; up and down : آگے اور پيچهے - اوپر نيچے * **To wit,** يعنے - ارتهات

Toad, *n.* A small reptile : مينڈک يا غوک زهردار

Toad-eater, Toady, *n.* A mean sycophant : چاپلوس - خوش آمدي - پاجي

Toast, *v. t.* or *i.* To dry and scorch by the heat of the fire ; to warm thoroughly : بهوننا - سينکنا - خوب گرم کرنا - برياں کرنا * To drink to the health of : کسي کي سلامتي کا جام پينا * *n.* Bread dried and scorched by the fire : سينکي هوئي روٹي * A drinking pledge : سلامتي کا جام

Tobacco, *n.* A narcotic plant : تنباکو

Tobacconist, *n.* A dealer in tobacco : تنباکو فروش

Tocher, *n.* Dowry brought by a bride to her husband : جهيز

Tocsin, *n.* An alarm-bell : جگانيکا گهنٹا

To-day, *n.* The present day : آج - إمروز * **One to-day is worth two to-morrows,** ايک آج دو کل سے اچهي هے

Toddy, *n.* A juice drawn from various kinds of the palm ; a mixture of spirits and hot water sweetened : تاڑي - سيندهي - شراب شربت آميز

Toe, *n.* One of the extremities of the foot : انگشت پا - پاؤں کي اُنگلي

Toga, *n.* The loose outer garment : چغه

Together, *adv.* In company ; in the same place or time ; in concert : همراه - باهم - ايک هي جگهه يا وقت ميں - مجموعاً - بالاجمال * **To keep the body and soul together,** زندگي قايم رکهنا

Toil, *v. t.* To work hard ; to labour : زور مارنا - مشقت کرنا - محنت کرنا * *n.* Hard labour ; a snare : مشقت - محنت - جال - دام - کمند

Toilet, *n.* A dressing table : سنگار میز * Style or fashion of dress : پوشاک کي وضع - پهناؤ * —glass, سنگار درپن * To make one's—, سنگار کرنا - آراستہ کرنا - کپڑا پهننا

Token, *n.* A sign ; a souvenir : علامت - نشان - يادگار - نشاني

Tolerable, *a.* Sufferable ; passable : برداشت کرنے کے لايق - کاربراري کے لايق - کام چلاؤ

Syn.—Endurable, bearable, supportable.

Ant.—Unbearable, unsupportable.

Tolerance, *n.* Act of enduring : برداشت - تحمل

Tolerate, *v. t.* To suffer ; to permit : برداشت کرنا - تحمل کرنا- جائز رکهنا - روا رکهنا * **Crying should not be tolerated in children,** بچوں کو رلانا نہیں چاهئے

Toleration, *n.* Act of tolerating ; sufferance : تحمل - برداشت-برداري - چشم پوشي - اغماض

Toll, *n.* A tax for passing : محصول راهداري * Sound of a bell : گهنٹے کي آواز * *v. t.* or *i.* To cause to sound, as a bell ; to ring, as a bell : گهنٹا بجانا

Tomahawk, *n.* A West-Indian war hatchet : کلهاڑي - پهرسا

Tomb, *n.* A grave ; a monument in memory of the dead : گور - قبر - مقبره

Tomcat, *n.* A full-grown male cat : بلاؤ - بلار - گربہ نر

Tome, *n.* A ponderous volume ; a book : جلد - کتاب

Tomfool, *n.* A great fool ; a silly trifler : احمق - گاودي

To-morrow, *n.* The next day : فردا - کل * **To-morrow comes never,** کل کسنے دیکها هے

Tomtit, *n.* A small bird ; a titmouse : پدري - پهدکي

Ton, *n.* A weight of 20 cwt. : اٹهائيس من کا وزن * The prevailing fashion : وضع داري

Tone, *n.* Sound ; note ; accented sound : صدا - آواز - لهجه - سر * State of body or mind : طبيعت - مزاج * Harmonious relation of colours : رنگوں کا ميل * *v. t.* To utter with an affected tone ; to tune : اصلي لهجه کو بدلکر بولنا - سر ملانا

Tongs, *n. pl.* An instrument to handle fire or heated metals : سنڑسي - چمٹا - دستپناه

Tongue, *n.* The organ of taste and speech : زبان - جيبهه * A language : گفتار - بولي - گويائي * A point : نوک * A projection : خاکنائے * **The tongue's not steel, yet it cuts,** زبان اوها نهين پر گهاؤ ڈال ديتي هے * **One tongue is enough for a woman,** عورت کو ايک زبان بس هے * **To hold one's tongue,** زبان سمبهالنا

Tonic, *a.* Relating to sounds : آواز سے متعلق * Restoring healthy functions : مقوي *n.* A medicine that increases bodily strength : مقوي دوا - پشٹئي

Tonnage, *n.* The duty or custom paid on goods : اسباب کا محصول

Tonsil, *n.* One of the two glandular bodies in the throat or faces : گلے کي گلٹهي

Tonsile, *a.* Capable of being clipped : کاٹنے جهنے کے لايق

Tonsure, *n.* Act of shaving off the hair : مونڈن - بهدرا - چار ابرو کا صفايا

Too, *adv.* Over and above ; more than enough ; زياده - بهت - تيز - بهي * **—much of one thing is good for nothing,** زيادتي سب چيز کي خراب

Tool, *n.* An implement : اوزار - آله * A hireling : دوسرے کا غلام

Syn.- Instrument, implement, utensil.

Tooth, *n.* The bony substance in the jaw used in masticating food : دانت - دندان * Taste : لذت - مزه * A prong : دندانه - دانتا * **—and nail,** with one's utmost power : حتي الوسع - به هزار کوشش * **To cast in one's teeth,** کسي کو کسي بات کا طعنه يا اولاهنا دينا * **To one's—,** منهه پر - سامنے * **Tooth and nail,** اپنا تمام زور لگانا- دل و جان سے - پنجے جهاڑ کے * *v. t.* To furnish with teeth ; to indent : دانت بنانا - دندانه دار کرنا

Toothache, *n.* Pain in the teeth : دانت کا درد

Toothsome, *a.* Pleasing to the taste : خوش ذائقه

Top, *n.* The highest part of anything ; summit : قله - چوٹي - بلندي * Terrace, کوٹها * A child's toy : لٹو * **At the—of one's voice,** چلا کے * **To proclaim from the house-tops,** مشهور کرنا * *v. t.* To tip ; to rise above ; to surpass ; to crop : سرپوش کرنا - ڈهکنا - چڑهنا - سبقت لیجانا - قلم کرنا

Topaz, *n.* A mineral : پکھراج

Tope, *v. i.* To drink hard or to excess : کثرت سے شراب پینا

Tophaceous, *a.* Sandy ; stony : ریتیلا - پتھریلا

Topic, *n.* A subject of discourse or argument : مضمون - مدعا

Topical, *a.* Pertaining to a place : کسي مقام کے متعلق

Topography, *n.* The description of a particular place, city, town, &c. : کسي شہر وغیرہ کا بیان

Topple, *v. i.* To fall forward ; to tumble down : ڈھینا - اوندھہ جانا

Topsail, *n.* A sail extended on the topmast : اوپر کا بادبان

Topsy turvy, *adv.* Upside down : تہہ و بالا - زیر و زبر - اُلٹ پلٹ

Torch, *n.* A large candle or flambeau : فتیلہ - مشعل

Torment, *n.* Extreme pain ; torture ; anguish : عذاب - عقوبت - تکلیف - جانکندني - صعوبت * *v. t.* To put to extreme pain ; to tease : اذیت دینا - عذاب دینا - دق کرنا

Tornado, *n.* A hurricane : طوفان - آندھي

Torpedo, *n.* A machine to blow up ships : ایک نل جہاز کے تباہ کرنے کي * Cram-fish : ایک قسم کي مچھلي

Torpid, *a.* Numb ; stupid : بے حس و حرکت - سُن - کاہل - مجہول

Syn.—Dull, sluggish, inactive, numb.

Torpidity, *n.* Numbness ; inactivity : بے حسي - مجہولي - سُستي

Torpor, *n.* Numbness ; loss of motion ; laziness : بے حسي - بے حرکتي - سستي

Torrefy, *v. t.* To dry by fire ; to parch ; to roast : آگ سے خشک کرنا - جلانا - تپانا

Torrent, *n.* A violent stream ; a rapid flow : تیز دھارا - سیلاب

Torrid, *a.* Parched ; violently hot ; burning : گرم - محروق *—**zone,** the broad belt between the tropics : منطقہ حارہ

Torsion, *n.* Act of twisting or turning : اینٹھنا یا بٹنا

Tort, *n.* A wrong ; injury done : حق تلفي - نقصان - ضرر

Tortoise, *n.* An animal covered with a hard shell : سنگ پشت - کچھوا

Tortuous, *a.* Twisted ; deviating from rectitude : پیچیدہ - بلدار - گمراہ

Torture, *n.* Extreme pain ; anguish of body or mind : اذیت - تکلیف - عذاب - دکھہ * *v. t.* To put to torture ; to pain extremely ; to vex : عذاب میں ڈالنا - اذیت دینا - دکھہ دینا - تکلیف دینا

Tory, *n.* One of an old political party in England ; Conservative : سلطنت اِنگلستان کے اراکین کا ایک فریق

Toss, *v. t.* or *i.* To throw with the hand ; to throw up with a violent motion ; to agitate ; to roll and tumble : اچھالنا - پھینکنا - موج مارنا - ہلچل کرنا - ڈانواں ڈول ہونا * **To—about,** to tumble about : کروٹیں بدلنا * To be restless : بیچین ہونا * **To—for,** to gamble for : جوا کھیلنا * **To—up,** to throw up : اوپر پھینکنا * To throw a coin in the air and wage on which side it will fall : شیر بکري کا کھیل کھیلنا * **To toss off,** پي جانا - چڑھا جانا - اُڑا جانا * **To toss up,** چت پٹ کھیلنا

Total, *n.* The whole ; the whole sum or amount : جملہ - مجموع - میزان - کل * *a.* Complete ; whole : جملہ - سب - کل

Totality, *n.* The whole sum ; whole quantity or amount : کلیت - جملگي

Totter, *v. t.* To shake ; to reel : لغزش کرنا - ڈگمگانا

Touch, *v. t.* or *i.* To come or be in contact with ; to reach ; to affect ; to concern ; to interfere with ; to move ; to test ; to perceive : حس کرنا - چھونا - پہنچانا - اثر کرنا - تعلق رکھنا - مداخلت کرنا - حرکت دینا - آزمانا - معلوم کرنا * **To—at,** to go to without staying : کسي مقام پر بغیر ٹھہرے ہوئے جانا * **To—on, or upon,** to mention slightly : کچھہ ذکر کرنا * **Touch pitch and you will be defiled,** کیچڑ میں ڈھیلا ڈالو گے تو چھینٹیں آینگي * *n.* Act or sense of touching ; contact ; an emotion ; hint ; a tittle ; a feature ; test : لمس - چھوت - جوشدائي - اِشارہ - ذریعہ - خط و خال - آزمایش * **To keep touch,** ملا رہنا * **To know no touch,** ہنر یا مہارت نہ رکھنا

Touch-hole, *n.* Vent of a firearm : رنجک کا سوراخ

Touching, *a.* Pathetic ; affecting : دلگداز - جگر سوز

Touch-me-not, *n.* A kind of sensitive plant : ایک قسم کا درخت۔ چھوئی موئی

Touchstone, *n.* A criterion ; a test : محک - کسوٹی - معیار

Touchy, *a.* Peevish ; irritable : تنک مزاج - چڑچڑا

Tough, *a.* Flexible ; firm ; viscous ; stiff ; لوچدار - مضبوط - لسدار - سخت

Toughen, *v. t.* To make tough ; کڑا کرنا - سخت کرنا - چمڑانا

Tour, *n.* A going round ; excursion ; a trip : دورہ - گشت - سیر * *v. i.* To make a tour : دورہ کرنا - گشت کرنا - سیر کرنا

Tourist, *n.* One who travels for pleasure ; سیاح - دورہ یا سیر کرنے والا

Tournament, *n.* A military sport on horseback : نیزہ بازی - فن سپہ گری کی بازی

Touse, *v. t.* or *i.* To pull ; to tear : کھینچنا - نوچنا - پھاڑنا

Tout, *v. i.* To look out for ; to ply or seek for customers : تلاش کرنا - گاھکوں کو بلانا - دلالی کرنا

Tow, *n.* The coarse and broken part of flax or hemp ; موٹا سن یا پٹسن * *v. t.* To draw through the water by a rope ; پانی میں رسی سے کھینچنا

Toward, Towards, *prep.* In the direction of ; regarding ; nearly : جانب - طرف - نسبت - قریباً

Towards, *adv.* Near ; in a state of preparation : قریب ۔ لگ بھگ

Towel, *n.* A cloth used for wiping the hand and for other purpose : رومال - تولیا - انگوچھا - دستمال

Tower, *n.* A lofty building ; a fortress ; citadel : برج - مینار - قلعہ - کوٹ

Towering, *a.* Very high : بلند - اونچا

Town, *n.* A collection of houses larger than a village : قصبہ * The inhabitants : قصباتی

Town-talk, *n.* Common discourse : افواہ - چرچا

Toxic, *a.* Poisonous : زھریلا

Toxicology, *n.* The science which treats of poisons, their affects, antidotes and test : علم السموم

Toy, *n.* A bauble ; a trifle ; matter of no importance : کھلونا - ناچیز شے - امر خفیف * *v. t.* To play ; to trifle ; to dally : کھیلنا - لہو و لعب کرنا - چوچلے کرنا

Trace, *n.* A footprint ; token ; outline ; an impression ; a track : نقش پا - کھوج - علامت - نشان - راستہ * *v. t.* To follow by the footsteps : نقش پا سے کھوج لینا - سراغ لگانا * To draw with marks : خاکہ کھینچنا - نشان کرنا - عکس کشی کرنا

Traceable, *a.* That may be traced : قابل سراغ رسانی - جسکا پتا لگ سکے

Tracery, *n.* Ornamental work : بیل بوٹے یا نقش نگار - دروازہ یا دریچہ کے محراب کا جالیدار کام

Track, *n.* Footstep ; path ; course : نقش پا - پگڈنڈی - راستہ * *v. t.* To follow by traces : پاؤں کے کھوج پر چلنا - نقش پا پر چلنا

Trackless, *a.* Having no path ; untrodden : جہاں راستہ کا نشان نہو - بے نقش پا - جہاں کوئی گذرا نہو

Traceless, *a.* Pathless ; untrodden : بے راہ

Tract, *n.* A region ; a district ; strength ; a short treatise : ملک - دیس - ضلع - طول - رسالہ

Tractability, *n.* The quality of being manageable ; docility : تربیت پذیری - فرمانبرداری

Tractable, *a.* Easily managed ; docile : حکم پذیر - سیدھا - تربیت پذیر

Tractile, *a.* That may be drawn out : کھینچکر بڑھائے جانے کے لایق

Traction, *n.* The act of drawing a body along a plane : ھموار سطح پر کسی چیز کا کھینچنا

Trade, *n.* Traffic ; commerce ; occupation ; custom : تجارت - سوداگری - پیشہ - لین دین - رواج - کاروبار * **Trades union,** اتفاق اھل حرفہ * **Trade is the mother of money,** تجارت روپیہ کا گھر ھے * **Trade knows neither friends nor kindred,** بھاو نہ جانے بھائی * *v. t.* or *i.* To buy and sell ; to traffic ; to barter : لین دین کرنا - تجارت کرنا - پلٹا کرنا

Trade-mark, *n.* A device used by manufacturers to identify their goods : کارخانیکا نشان - مہر تجار

Trader, *n.* One engaged in trade or commerce ; a dealer : تاجر - سوداگر - بیوپاری

Tradesman, *n.* A shop-keeper ; a dealer : دوكاندار - تجار - سوداگر

Trade-wind, *n.* A periodical wind : موسمي هوا - باد تجارتي

Tradition, *n.* Legend ; family story : قصه - حديث - روايت

Traditional, *a.* Communicated from ancestors to descendants by word only : روايتي

Traduce, *v. t.* To calumniate ; to defame : الزام دينا - تهمت لگانا - بدنام كرنا

Traffic, *n.* Commerce ; trade ; merchandise : سوداگري - تجارت - سوداگري كا مال - امدرفت - خريد فروخت * *v. t.* or *i.* To exchange ; to buy and sell ; to trade meanly : پلٹا كرنا - لين دين كرنا - تجارت كرنا - چهوٹا بيوپار كرنا

Tragedian, *n.* A writer or actor of tragedy : غم كا واقعه نگار - غم كے واقعه كا نقال

Tragedy, *n.* A dramatic poem representing some action having a fatal issue ; a fatal and mournful event : غمناک اور خوفناک واقعه كي نقل - غمگين واقعه

Tragical, *a.* Relating to tragedy ; mournful : غم كے واقعه كي نقل كے متعلق - غم آلوده

Trail, *v. t.* or *i.* To drag ; to draw along the ground : كهينچنا - گهسيٹنا * *n.* A track ; scent : كهوج

Train, *v. t.* To draw along ; to allure ; to discipline ; to break ; to form by exercise : كهينچنا - ترغيب دينا - تعليم دينا - سدهانا - كاڑهنا - نكالنا - ڈول ڈالنا

Train, *n.* A retinue : همراهي * That part of a dress which trails behind : ذيل - دامن * Series : سلسله * A row : قطار - صف * A line of combustible material : پليته * Railroad ; carriage : ريل گاڑي * The tail of a bird : دم - پونچهه

Trained, *a.* Educated : تربيت يافته

Trait (*tra*), *n.* A stroke ; a peculiarity : قلم - صنعت - خط وخال

Traitor, *n.* One who betrays his trust : دغاباز آدمي - كپٹي آدمي

Syn.—Betrayer, renegade, apostate, rebel.

Traitorous, *a.* Treacherous : دغاباز - مكار - كپٹي

Trajectory, *n.* The orbit of a comet ; a curve : دمدار سياره كا دائره

Tram, *n.* A coal wagon ; the shaft of a cart : كوئلے كي گاڑي يا چهكڑا - گاڑي كا بم

Trammel, *n.* A kind of long net shackles ; anything that confines or impedes ; iron hook : جال - پابند - روک - آنكڑا * *v. t.* To confine ; to catch ; to impede : پابند كرنا - گرفتار كرنا - روكنا

Tramp, *v. t.* or *i.* To tread : كچلنا - روندنا * *n.* A foot-journey : پيدل كا سفر * A vagrant : آواره گرد

Trample, *v. t.* To tread under foot : كچلنا - روندنا

Tramway, *n.* A street railway for cars : پٹڑيدار سڑک

Trance, *n.* State of insensibility ; an ecstasy ; a rapture : بيهوشي - بيخودي - وجد

Tranquil, *a.* Quiet ; peaceful ; undisturbed : بے حس و حركت ساكن - آسوده - با امن و با ارام

Tranquillise, *v. t.* To compose ; to quiet ; to soothe : دهيرج دينا - تسكين دينا - ساكت كرنا - ٹهنڈا كرنا

Tranquillity, *n.* Quietness ; peace of mind : تسكين - دهيرج - اطمينان

Transact, *v. t.* or *i.* To conduct matters ; to manage ; كاروبار كرنا - انتظام كرنا - چلانا

Transaction, *n.* Management ; affairs ; negotiation : * سربراهي - كاروبار - معامله - بيوهار
Tecuniary—, روپيه كا معامله

Transcend, *v. t.* or *i.* To rise above ; to pass over ; to surpass : چڑهنا - بلند هونا - حد سے گذرنا - ترجيح ركهنا - فوقيت ليجانا

Transcendent, *a.* Very excellent ; surpassing others : نهايت خوب - فايق - بڑه چڑهكر - حواس خمسه سے باهر

Transcendental, *a.* Supereminent : عمده ترين - افضل

Transcribe, *v. t.* To write over again ; to copy : اُتارنا - نقل كرنا

Transcript, *n.* A copy from an original : نقل

Transcription, *n.* Act of transcribing or copying : نقل نويسي

Transept, *n.* The transverse portion of a church built in the form of a cross : گرجے كا ترچها يا آڑا بازو

Transfer, *v. t.* To convey from one place or person to another ; to make over the possession of ; منتقل کرنا - تبدیل کرنا - سپرد کرنا - داخل خارج کرنا * To put on a lithographic : پتھر پر اُتارنا * *n.* Removal ; act of conveying to another ; that which is conveyed : تبدیلي - اِنتقال - داخل خارج - تحویل

Transferable, *a.* That may be transferred : قابل انتقال

Transferee, *n.* The person to whom a transfer is made : منتقل الیه

Transferance, *n.* Act of transferring ; transfer : تحویل - انتقال

Transfiguration, *n.* A change of form or appearance : تبدیل هیئیت - تبدیل صورت

Transfigure, *v. t.* To change the outward form or appearance of ; to transform : تبدیل هیئیت کرنا - صورت بدلنا

Transfix, *v. t.* To pierce through : آر پار کرنا - چھیدنا

Transform, *v. t.* To change the form ; to metamorphose : بدلنا - شکل بدلنا - صورت پلٹنا

Transformation, *n.* Change of form ; metamorphosis : تبدیل صورت - قلب هیئیت - کایا پلٹ

Transfuge, *n.* A deserter ; a runaway : سپاهي جو میدان جنگ سے بھاگ کر دشمن سے جاملے - بھگوڑا

Transfuse, *v. t.* To pour into another : ایک برتن سے دوسرے برتن میں ڈالنا

Transgress, *v. t.* or *i.* To overpass ; to break ; to violate ; to sin : تجاوز کرنا - توڑنا - عدول حکمي کرنا - خطا کرنا

Transgression, *n.* Violation of a law ; an offence : عدول حکمي - جرم - تقصیر - خطا

Transgressor, *n.* Offender ; sinner : قصوروار - گنهگار

Syn.—Trespasser, culprit, malefactor.

Transient, *a.* Of short duration ; momentary ; hasty : جلد گذر جانیوالا - ناپائدار - زود رو

Transiently, *ad.* In a transient manner : ناپائداري سے - قلیل ایام کے لیئے * In passing : راه میں

Transit, *n.* The act of passing : روانگي * Passage across : گذر - راسته * The passage of a smaller body across the disc of a larger : کسي جرم فلکي کا دوسرے کے گردے پر سے گذرنے کي راه * **Transit duty,** محصول راه داري

Transition, *n.* Passage from one place or state to another ; change : روانگي - تبادله - نقل - تغیر

Transitory, *a.* Continuing only for a short time : چندروزه - ناپائدار - عارضي

Syn.—Transient, fleeting, temporary.

Ant.—Lasting, permanent, enduring, persistent.

Translate, *v. t.* To transfer ; to render into another language : بدلنا - منتقل کرنا - ترجمه کرنا

Translation, *n.* Removal ; that which is translated : انتقال - ترجمه

Translator, *n.* One who translates : مترجم - ترجمه کرنیوالا

Translucent, *a.* Transparent ; clear : شفاف - صاف

Transmarine, *a.* Lying beyond the sea ; سمندر پار

Transmigrate, *v. i.* To pass from one country or body to another ; نقل مکان کرنا - دوسرے ملک میں چلا جانا - قالب بدلنا

Transmigration, *n.* A passing from one country or body to another – نقل مکان – ترک وطن - حلول - آواگون - تناسخ

Transmission, *n.* Act of sending from one place or person to another : روانگي - إرسال

Transmit, *v. t.* To send from one person or place to another : بھیجنا - روانه کرنا - إرسال کرنا

Syn.—Send, remit, forward,

Transmutation, *n.* Change into another substance : ایک شے کا دوسري شے هو جانا - تغیر - تبدیلي

Transmute, *v. i.* To transform : تبدیل کرنا - بدلنا - قلب ماهیت کرنا

Transparency, *n.* Quality or condition of being transparent : صفائي - شافي

Transparent, *a.* That may be seen through distinctly ; clear : براق - شفاف - صاف

Transpierce, *v. t.* To pierce through : چھیدنا - بیدھنا

Transpiration, *n.* Emission in vapour ; act of passing through pores : تبخیر - بھاپ بنکے نکلنا - مسامات کے راه سے نکاس

Transpire, *v. t.* or *i.* To emit through the excretories of the skin ; to pass off in vapour : مسامات سے بخارات نکالنا - بخارات بنکر نکلنا * To become public ; to happen : آشکارا هونا - کھل جانا - واقع هونا - صادر هونا

Transplant, *v. t.* To remove and plant in another place : ایک جگہہ سے اوتھا کر دوسري جگہہ لگانا یا گاڑنا - پودہ لگانا

Transplantation, *n.* Act of planting in another place : ایک جگہہ سے دوسري جگہہ پودے کا بیٹھالنا

Transplendent, *a.* Very resplendent : نہایت نوراني - بہت چمکتا هوا - ازبس درخشاں

Transport, *n.* Conveyance : ارسال - چالان - باربرداري * A vessel : جہاز * Rapture : بشاشت - وجد

Transport, *v. t.* To convey : لیجانا * To carry into banishment : جلا وطن کرنا * To carry away with emotion or ecstacy : بےخود کرنا - وجد میں لانا

Transportation, *n.* Act of conveying ; banishment : انتقال - ارسال - جلا وطني

Transposal, *n.* Substitution : بدلا - تبادلہ

Transpose, *v t.* To change the place or order of ; to substitute one thing for another : ترتیب دینا - جگہہ بدلنا

Transposition, *n.* Substitution ; reciprocal change : تبادلہ .. مبادلہ - اُلٹ پھیر

Transubstantiation, *n.* A change into another substance : قلب - ماهیت

Transude, *v. i.* To pass through pores : مسامات سے نکلنا - پسیجنا

Transverse, *a.* Lying across ; being crosswise : ترچھا - آڑا - بیڑا

Trap, *n.* A contrivance for snaring animals ; ambush ; stratagem : پھندا - دام - کمینگاہ - گھات - فریب ***—door,*** a door in a roof or floor with which when shut it is flush : زینہ کا دروازہ * *v. t.* To catch in a trap ; to adorn : پھانسنا - دام میں پکڑنا - آراستہ کرنا

Trapan, *v. t.* To ensnare : پھندے مین پھنسانا

Trape, *v. i.* To run about idly : بے کار گھومنا

Trapes, *n.* An idle sluttish woman : سست اور پھوهڑ عورت

Trapezium, *n.* A quadrilateral having two sides parallel : شکل متساوي العمود - شکل منحرف

Trappings, *n. pl.* Ornamental accessories : سازو سامان - آرایش

Syn.—Dress, finery, accoutrements, equipments.

Trash, *n.* Any waste matter : [illegible] چیز - کوڑا کرکٹ - گھاس پھوس، * *v. t.* To lop off : to crop : چھانٹنا - تراشنا - پتے سونٹ ڈالنا - قلم کرنا

Trashy, *a.* Worthless : ذلیل - ناکارہ

Travail, *v. t.* To suffer the pangs of childbirth : درد زہ میں هونا * *n.* Severe trial or exertion ; parturition ; labour : سخت مشقت یا کوشش - بڑي جان فشاني و جد و جہد - وضع حمل - درد زہ

Travel, *v. t.* or *i.* To move : چلنا - مسافت طے کرنا - سفر کرنا - حرکت کرنا * A journey ;—*pl.* Account of a journey : سفر - مسافت - سفر نامہ ***—tainted,*** سفر کا مارا هوا - تھکا ماندہ

Traveller, *n.* One who travels or visits foreign countries : مسافر - سیاح

Traverse, *a.* Lying across : بینڈا - آڑا - ترچھا * *v. t.* To lay in a cross direction : آڑا رکھنا * To thwart : روکنا - مزاحمت کرنا * To wander over : پھرنا * To cross in travelling : طے کرنا

Trawl, *n.* A long bag-net for fishing in the deep sea : جال - مچھلي پکڑنے کي بڑي شست یا ڈور

Tray, *n.* A small trough or wooden vessel for domestic uses ; a salver : کشتي - خوانچہ - تھال - پرات

Treacherous, *a.* Betraying a trust ; perfidious : دغا باز - بےایمان - بے وفا - نمک حرام - بے ایمان

Syn.—Traitorous, perfidious, faithless, disloyal.

Ant.—Faithful, trustworthy, loyal.

Treachery, *n.* Branch of faith or trust : دغابازي - بے ایماني - بے وفائي

Treacle, *n.* Syrup obtained from sugar, molasses : شیرہ - راب

Tread, *v. t.* or *i.* To walk on ; to set the foot on ; to trample : چلنا - پانوں رکھنا - کچلنا * To copulate as fowls : مرغ کا جفتي کھانا * **To—down,** to crush or destroy : کچلنا - پامال کرنا * **To—the stage or the boards,** to act as a stage player : ناٹک میں سوانگ بننا * **To—upon the heels of,** بہت قریب پیچھے پیچھے انا جانا * **To—a measure,** ناچنا * *n.* A step or stepping with the foot ; gait : قدم - ڈاپ - چال - وضع

Treadle, *n.* The part of a loom or other machine which is moved by the foot : کل کا پرزہ جسکو پانون سے دبا کر کل کو چلاتے هیں

Treason, *n.* Rebellion ; disloyalty ; treachery : بغاوت - سرکار کي بد خواهي - دغا

Treasure, *n.* Wealth accumulated ; hoarded riches ; great abundance : خزانه - گنج - زر - کثرت * *v. t.* To lay up ; to hoard : جمع کرنا - بٹورنا

Treasurer, *n.* An officer who has charge of a treasure : خزانچي - تحویلدار

Tresure-trove, *n.* Money found hidden in the earth, of which the owner is unknown : دفینه - گڑا هوا خزانه

Treasury, *n.* A place or building where public revenues are deposited : گنجینه - خزانه - محکمه مال * A treasury of knowledge, مخزن العلم*

Treat, *v. t.* or *i.* To manage : اِنتظام کرنا - اُپاؤ کرنا * To use : استعمال کرنا - سلوک کرنا * To discourse : بیان کرنا * To entertain : ضیافت کرنا * *n.* A rich entertainment ; a feast : ضیافت - دعوت

Treatise, *n.* A written composition on particular subject : رساله - نامه - قصه - داستان

Treatment, *n.* Management ; usage ; behaviour manner of applying remedies to cure : اهتمام - سلوک - برتاؤ - معالجه

Treaty, *n.* A compact ; an agreement between two or more independent states ; adjustment of differences : قول و قرار - عهد و پیمان - صلحنامه - صلح کي تجویز یا پیغام - استدعا * Treaty of alliance, اتحادنامه * To conclude —, عهدنامه لکهنا

Syn. — Negotiation, contract.

Treble, *a.* Threefold : سه چند - تگنا * *v. t.* or *i.* To make or become threefold : تگنا کرنا یا هونا

Tree, *n.* A general term for perennial plants having a single woody trunk or stem : شجر - درخت - پیڑ - روکهه * Tree of a saddle, زین کي لکڑي - کاٹهي

Trefoil, *n.* A three-leaved plant, as clover : ایک تي پتیا گهاس

Trellis, *n.* A frame of lattice work for windows, doors, &c. : جالي - جهنجري - جافري

Tremble, *v. i.* To shake ; to quiver ; to quake : کانپنا - لرزنا - تهرتهرانا

Tremendous, *a.* Fearful ; formidable : هیبت ناک - ڈراونا - هولناک

Tremor, *n.* An involuntary trembling : کپکپي - رعشه - تهرتهراهٹ

Tremulous, *a.* Trembling ; shivering : لرزاں - تهرتهراتا هوا

Trench, *v. t.* or *i.* To cut or dig as a ditch ; to fortify by digging a ditch ; to encroach : کهودنا - کهائي بنانا - مورچه بنانا - دبانا * *n.* A ditch : خندق - کهائي

Trenchant, *a.* Sharp ; keen ; severe : تیز - سخت - تند

Trencher, *n.* A large wooden dish or platter ; table ; food : کٹهوتي - خوانچه - کشتي - دستر خوان - اچها کهانا پینا * Trencher-friend, Trencher mate, دستر خواني یار - دوست ناني - هم طعام

Trend. *v. i.* To run in a certain direction : ایک طرف کو جهکنا

Trepan, *n.* A snare : جال - دام

Trepidation, *n.* Trembling ; alarm ; confused haste : کپکپي - لرزه - گهبراهٹ

Trespass, *v. i.* To pass unlawfully over the boundary line of another's land ; to intrude ; to transgress : مداخلت بیجا کرنا - دست اندازي کرنا - مخل هونا - تجاوز کرنا * —of cattle, مویشي کا گهس جانا * *n.* Act of trespassing ; injury or offence done to another : مداخلت بیجا - دست اندازي - هرج - خلل

Tress, *n.* A lock or curl of hair ; a ringlet : زلف - گیسو - لٹ - کاکل

Trestle, *n.* The frame of a table : میز کا ڈهانچا

Tret, *n.* An allowance by wholesale dealers to retail purchasers for waste or refuse matter : باده - کردا - سوختي - جهوٹ - کهلونا

Trevet, *n.* A three-legged frame : ٹکٹي - تپائي - سه پایه

Trey, *n.* A three at card : تیا - تڑي

Trial, *n.* Examination : جانچ - اِمتحان * Experiment : آزمایش * Experience : تجربه * Judicial exsmination : تکلیف - مصیبت * Suffering : پیشي - روبکاري * To commit for—, دورے سپرد کرنا * To bring to —, ماخوذ کرنا

Triangle, *n* A figure of three angles : - مثلث ترکون

Triangular, *a*. Having three angles ; - مثلثي تکونیا - گوشه

Tribe, *n*. A family ; race ; class : - فرقه - قوم - ذات - درجه

Triblet, *n*. A goldsmith's tool for making rings : زرگر کا انگشتري بنانے کا اوزار

Tribulation, *n*. Severe affliction ; vexation ; distress : کوفت - رنج - تکلیف - مصیبت

Tribunal, *n*. A court of justice : محکمه عدالت

Tribune, *n* A Roman magistrate : رومیونکا حاکم فوجداري * A raised place, from which speeches are delivered : مجمع عام میں تقریر کرنے کي چوکي یا چبوتره

Tributary, *a*. Paying tribute to another ; subordinate ; باج گذار - خراج گذار - مطیع * *n*. One who pays tribute : خراج گذار * A stream which flows into a larger stream : باج گذار یا معاون دریا

Tribute, *n*. A payment made for protection ; a personal contribution : باج - خراج - نذر - بهیت
Syn.—**Tax, grant, contribution.**

Trice, *n*. A very short time ; an instant ; a moment : لمحه - پل - لحظه * *v. t*. To haul or tie up by means of a rope : رسي سے کهینچنا

Tricennial, *a*. Occurring once in every thirty years : سي ساله

Trick, *n*. Artifice ; dexterous stratagem ; clever contrivance to puzzle or amuse ; a peculiarity : مکر - فریب - داؤں پیچ - شعبده بازي - خاصیت * *v. t*. To cheat : دهوکا دینا - فریب دینا

Trickery, *n*. Artifice ; fraud : فریب - دغابازي

Trickle, *v. i*. To flow on a small gentle stream ; to run down : بهنا - رسنا - ٹپکنا - جهرنا

Trickster, *n*. One who practises tricks : - دغاباز چهلیا

Tricky, *a*. Given to tricks : عیار - فریبي

Tricycle, *n*. A velocipede with three wheels : تین پهیئے کي گاڑي

Trident, *n*. A three-pronged fishspear : ترسول

Triennial, *a*. Being every third year : سه ساله

Trifid, *a*. Three-cleft : تیپهاڑ

Trifle, *n*. A thing of very little value or importance : ناچیز شے - پوچ * *v. t*. or *i*. To waste ; to act or talk with levity : - ضایع کرنا - لغو کام کرنا - بیهوده بکنا

Trifling, *a*. Being of small value or importance ; trivial : ناچیز - بیقدر - هیچ - حقیر

Trifoliate, *a*. Having three leaves : - سه برگه ته پتیا

Trifurcate, *a*. Having three prongs : سه شاخه

Trig, *v. t*. To stop as a wheel : اڑ یا اڑواڑ لگانا

Trigger, *n*. A catch by which a gun is fired : بندوق کا گهوڑا

Trigonal, *a*. Triangular : سه گوشه - تکونیا

Trigonometry, *n*. The art of measuring the sides and angles of triangles : علم مثلث

Trilateral, *a*. Having three sides : تین ضلعوں کا

Trilingual, *a*. Consisting of three languages : تین زبان کا

Triliteral, *a*. Consisting of three letters : سه حرفي

Trill, *n*. A shaking of the voice : - آواز کي لرزش گٹکري - تک - ترانا

Trill, *v. t*. or *i*. To shake ; to trickle : - تهر تهرانا جهرنا

Trillion, *n*. The product of a million involved to the third power : پدم - مهاسنکه - دس لاکهه کي تیسري قوت

Trim, *a*. Nice ; dressed up ; in good order ; well-set : نفیس - بنا ٹهنا - ٹهیک - درست - مقطع - خوش اندام - گٹهیلا * *v. t*. or *i*. To adjust ; to adorn ; to clip ; to chastise : ٹهیک کرنا - آراسته کرنا - قلم کرنا - آڑے هاتهه لینا * *n*. Dress ; condition : - لباس حالت

Trimeter, *n*. A poetical division ; verse consisting of three measures : بحر مثلث

Trimmer, *n*. A time-server ; one that trims : موقع بین - ابن الوقت - تهالي کا بینگن - قابو پرست - آراسته کرنیوالا

Trimming, *n*. Ornamental appendage : زیبایش کي چیزیں

Trinal, Trine, *a*. Threefold : سه چند - تگنا

Trinity, *n*. The union of three persons in one Godhead : تثلیث

Trinket, *n.* A small ornament ; a thing of little value : ٹهکري ـ انگوٹهي - لباس کي آرايشي چيزيں - ناچيز شے

Trinomial, *n.* A quantity consisting of three terms : تين رکن کي ايک مقدار

Trio, *n.* A piece of music for three performers : تين راگون کا ميل

Trip, *v. i.* To skip ; to travel ; to make a false step ; to err : آهسته آهسته چلنا - ڈهمکنا - گشت کرنا - ٹهوکر کهانا - غلطي کرنا * *v. t.* To stumble ; to fall : ٹهوکر مارنا - گرنا * *n.* A skip : ٹهيک چال * A brief journey : گشت * A false step : ٹهوکر * An error : غلطي - خطا - چوک

Tripartite, *a.* Divided into three parts : سه شاخه - پنکها

Tripe, *n.* The entrails ; the stomach of remaining animals prepared for food : آنت - انتڑي - پيٹ - جهوجهه - پچهوڑي

Tripedal, *a.* Having three feet : سه پايه

Triphthong, *n.* A combination of three vowels in a single syllable : تين حروف علت کا اجتماع

Tripple, *a.* Treble ; threefold : تگنا - سه‌چند * *v. t.* To make threefold : تگنا کرنا - سه چند کرنا

Triplet, *n.* Three verses rhyming together : سه مصرعي

Triplicate, *a.* Threefold : تگنا - سه چند

Triplicity, *n.* State of being threefold : سه چندي - تگنا پن

Tripod, *n.* A table or seat having three feet : تپائي - سه پايه

Tripper, *n.* He who walks nimbly : سبک قدم چلنے والا - تيز رو

Trisect, *v. t.* To divide into three equal parts : تين مساوي حصوں ميں تقسيم کرنا - تثليث کرنا

Trisyllable, *n.* A word composed of three syllables : تين حرکات کا لفظ

Trite, *a.* Worn out ; stale ; common : پرانا - کهنه - معمولي

Triturate, *v. t.* To rub or grind to a very fine powder : بکني کرنا - پيسنا - سفوف بنانا

Trituration, *n.* Act of reducing to a powder by grinding : سفوف سازي - پسائي

Triumph, *n.* Conquest ; exultation : ظفر - فتحيابي - نفر - خوشي * *v. i.* To rejoice over success ; to obtain victory ; to flourish : خوشي منانا - فتح پانا - سرسبز هونا - پهلنا پهولنا

Triumphal, *a.* Pertaining to triumph : فيروز مندي کا - فتح کا

Triumphant, *a.* Celebrating victory ; victorious : کاميابي کي خوشي کرنيوالا - فتحمند

Triumvirate, *n.* Government by three in coalition : حکومت ثلاثه

Triune, *a.* Three in one : تثليث

Trivial, *a.* Light ; trifling ; worthless : سبک - ناچيز - خفيف - هيچ

Triviality, *n.* The state or quality of being trivial ; a trifle : هلکاپن - خفت - هيچ بات

Trochee, *n.* A foot of two syllables, the first accented and the second unaccented : شعر کا وزن جس ميں اول رکن دراز اور دوسرا کوتاه هوتا هے

Troll, *v. t.* or *i.* To roll ; to sing loudly or freely ; to allure ; to fish by moving the bait quickly : گهومنا يا گهومانا - چکر دينا - زور سے آزادانه گانا - انترا پکڑنا - پهسلانا - مچهلي پکڑنا

Trollop, *n.* A slut : پهوهڑ - بلاي

Trombone, *n.* A deep-toned brass wind instrument : بهير کي قسم کا ايک باجا - ترهي

Tromp, *n.* A blowing apparatus used in furnaces : ايک قسم کي دهونکني

Troop, *n.* A multitude ; an army ; a company : غول - فوج - گروه * *v. i.* To gather in crowds ; to march forward in haste : جمع هونا - جلدي سے آگے بڑهنا

Trooper, *n.* A horse-soldier : ترک سوار - لشکري

Trophy, *n.* Something gained by conquest : فتح و لوٹ کي نشاني

Tropic, *n.* One of the two small circles of the celestial sphere, situated on each side of the equator : خط سرطان يا خط جدي

Tropical, *a.* Pertaining to the tropics : درميان خطوط سرطان و جدي - جازه - گرم

Trot, *v. i.* To move in a trot : ڈلکي چلنا

Trot, *n.* The jolting high pace of a horse : ڈلکي - کو کر چال

Troth, *n.* Belief ; fidelity ; verity : ايمان - ديانت - ا ستي

Trotter, *n.* A trotting horse : ڈاکی چلنے والا گھوڑا

Trouble, *v. t.* To agitate ; to annoy ; to distress : ہلانا - تکلیف دینا - دکھ دینا - ستانا * *n.* Perplexity ; affliction ; molestation ; that which afflicts : حیرانی - مصیبت - دکھ - ایذا - تکلیف - درد سر

Troublesome, *a.* Giving trouble ; annoying ; wearisome : تکلیف دہ - رنج آور - دکھ دائی

Syn.—Harrassing, annoying, wearisome.

Ant.—Soothing, conforting, pleasing.

Troublous, *a.* Full of civil commotions ; disordered : درہم برہم - ابتر - بے قرار

Trough, *n.* A long hollow vessel for holding water or other liquids : ناند - کرنڈا

Trounce, *v. t.* To punish or beat severely : سزا دینا - مارنا

Troupe, *n.* A company of performers in a play : گروہ - طائفہ - جماعت

Trousers, *n. pl.* Loose pantaloons for the legs : پائجامہ

Trout, *n.* A fresh water fish : ایک قسم کی مچھلی

Trow, *v. i.* To think ; to believe : سوچنا - خیال کرنا - یقین کرنا - ماننا

Trowel, *n.* A tool used by masons or gardeners : کرنا - کنی

Truant, *n.* An idler : کاہل شخص * A boy staying away from school : کھلاڑ لڑکا * **To play the—,** اپنے کام کو چھوڑ کے اور کچھ کرنے لگنا * *a.* Idle ; wandering : کاہل - آوارہ - کھلاڑ

Truce, *n.* A temporary cessation of hostilities ; short quiet : صلح چند روزہ - مہلت یا توقف

Syn.—Intermission, cessation, respite.

Ant.—Continuance, incessancy.

Truck, *v. t.* or *i.* To exchange commodities ; to barter : تجارت میں عوض معاوضہ کرنا - لین دین کرنا * *n.* Exchange of commodities ; barter : تجارت - سوداگری - مبادلہ * A wheel ; low cart : پہیہ - ٹھیلہ

Trunkle, *n.* A small wheel or caster : چھوٹا پہیہ - دا پھرکی * *v. i.* To yield or bend obsequiously to the will of another : تابعدار ہونا - دبنا

Truculent, *a.* Savage ; barbarous ; cruel : وحشی - بیرحم - سنگ دل

Trudge, *v. t.* To go on foot ; to travel with labour : پاؤں پاؤں چلنا - پاؤں گھسیٹنا - ریز کرنا

True, *a.* Not false ; exact ; faithful ; genuine ; actual : * راست - سچا - ٹھیک - ایماندار - اصلی - حقیقی

—to one's salt, loyal ; faithful : نمک حلال

Truffle, *n.* A kind of mushroom, esteemed in cookery : ککر مرتا

Truism, *n.* An undoubted or self evident truth : سچائی - راستی

Truly, *adv.* In truth ; exactly ; faithfully ; in fact : سچ سچ - ٹھیک ٹھیک - وفاداری سے - فی الحقیقت

Trump, *n.* A trumpet : ترہی * A winning card : ترمپ - طرب - میر - حکم * *v. t.* or *i.* To take with a trump card : میر سے بازی جیتنا * To deceive : دھوکا دینا - طرب لگانا - ترمپ کرنا

Trumpery, *n.* Empty talk ; trifles : بیہودہ گفتگو - ناچیز اشیا

Trumpet, *n.* A wind instrument of music : ترہی * *v. t.* To publish by sound of trumpet ; to proclaim : ترہی بجانا - منادی کرنا - مشہور کرنا

Trumpeter, *n.* One who sounds a trumpet : ترہی بجانے والا * A variety of the domestic pigeon : ٹکٹر کبوتر کی ایک قسم

Truncate, *v. t.* To cut off ; to lop : کاٹنا - چھانٹنا - قلم کرنا

Truncation, *n.* Act of lopping or cutting : کاٹ - چھانٹ - قلم

Truncheon, *n.* A short staff ; a club : چھڑی - لاٹھی - سونٹا

Trundle, *n.* Any round rolling thing ; a low cart ; a little wheel : گول چیز - ٹھیلا - چھوٹا پہیا

Trundle, *v. t* or *i.* To roll : لڑھکانا - لڑھکنا

Trunk, *n.* The main body of anything : دھڑ - تنہ درخت * Proboscis of an elephant : خرطوم - ہاتھی کی سونڈ * Chest for clothes : صندوق * A long tube : لمبی نلی

Truss, *n.* A bundle of hay ; a bandage of ruptures : پولا - گٹھی - پٹی * *v. t.* To bind or pack close : کس کر باندھنا - جکڑنا

Trust, *n.* Confidence ; credit ; given hope ; something committed to one's care for safe keeping ; a deposit : بھروسہ - اعتبار - قرض - اُمید - امانت * **In—,** امانتاً * **Breach of—,** امانت میں خیانت * *v. t.* To rely on ; to believe ; to intrust to ; to give credit to ; to hope : بھروسا کرنا - یقین کرنا - [illegible] - قرض دینا - اُمید کرنا

Trustee, *a.* One intrusted with anything امانت دار - ذمه دار

Trustful, *a.* Reliable ; faithful : معتبر - وفادار - دیانت دار

Trustworthy, *a.* Worthy of trust or confidence : قابل اعتبار - بھروسے کا

Trusty, *a.* Honest ; reliable : معتبر - ایماندار - دیانت دار

Truth, *n.* Conformity to the fact ; exactness ; constancy ; veracity ; honesty ; reality ; a verified fact : موافقت مطابقت ثابت قدمي - صداقت - سچائي - ایمانداري - اصلیت - امر تحقیق شده

Truthful, *a.* Full of truth : راست - صادق - سچا

Truthfulness, *n.* Faithfulness : صداقت - سچائي

Try, *v. t.* or *i.* To test ; to experience ; to refine as metals ; to examine judicially ; to attempt : آزمانا - جانچنا - تجربه کرنا - صاف کرنا - سماعت کرنا - کوشش کرنا * **To—on,** to put on as a garment ; to see if it fits : پہن کر دیکھنا * **To—out,** کوشش کئے جانا * **To—the eyes,** دیده ریزي کرنا

Trying, *a.* Severe ; afflictive : سخت-شدید - دشوار

Tub, *n.* An open wooden vessel : کٹھرا - کٹھوتي - ناند

Tube, *n.* A pipe ; a long hollow body or cylinder : نل - چونگا - ٹونٹي

Tubercle, *n.* A small pimple : پھوڑا - گلٹي

Tuberculous, *a.* Full of pimples : گره دار - گٹھیلا

Tubular, *a.* Resembling pipe or tube : نلي سا - نلي دار * *n.* A small tube : چھوٹی نلي

Tuck, *n.* A long, narrow sword ; a fold in a dress ; a kind of net : * سیف - نیمچه - تہه - جال * *v. t.* or *i.* To thrust or press in or together ; to fold under ; to contract : دبانا - لپیٹنا - موڑنا - سکڑنا

Tuesday, *n.* The third day of the week : سه شنبه - منگل

Tuft, *n.* A cluster or bunch of small things : جونٹی - گچھا - دسته

Tuft, *v. i.* To separate into tufts ; to adorn with tufts : گچھا بنانا - طره سے آراسته کرنا

Tug, *v. t.* or *i.* To pull or draw : کھینچنا - گھسیٹنا * *n.* A pull with the utmost effort : کشش - کھینچ

Tuition, *n.* Guardianship ; instruction : نگراني - تعلیم - پڑھائي

Tuitionary, *a.* Pertaining to instruction : تعلیم کے متعلق

Tulip, *n.* A bulbous plant producing flowers of great beauty and of a variety of colours : شقایق - لاله

Tumble, *v. t.* or *i.* To turn over ; to roll ; to come down suddenly ; اولٹ پلٹ کرنا - اوندھنا - پھینکنا - ڈھلکنا * *n.* Act of tumbling or rolling over a fall : پچھاڑ - قلابازي - پٹک

Tumbler, *n.* A large drinking glass : آبخوره - گلاس - نامارت * A kind of pigeon : گره باز کبوتر - اوٹن

Tumbrel, *n.* A rough cart : لڑھیا - چھکڑا

Tumefaction, *n.* A swelling ; a tumour : سوجن - ورم - آماس

Tumefy, *v. t.* or *i.* To swell ; to rise in a tumour : سوجنا - پھولنا - جھولانا - آماس کرنا

Tumid, *a.* Swelled ; protuberant ; bombastic : سوجا هوا - اُبھرا هوا - نمایشي - مبالغه آمیز

Tumour, *n.* A morbid swelling : پھوڑا - گلٹي - سوجن - آماس

Tumult, *n.* Noisy confusion ; a stir : هنگامه - بلوه - هل چل - هڑبڑي

Tumultuous, *n.* Full of tumults ; disturbed ; violent : پر آشوب - فتنه انگیز - تند - تیز

Tun, *n.* A large cask ; a measure of 252 gallons : ایک بڑا پیپا - اٹھاڈس من کا ایک پیمانه * *v. t.* To put into tuns or cask : پیپوں میں رکھنا

Tunable, *a.* Harmonious : هم آهنگ - سریلا

Tune, *n.* Sound ; a series of musical notes ; harmonious accordance ; fit temper : آواز - سر - خوش آهنگي - راگ - صحیح مزاج * *v. t.* To put into a proper musical state : سر ملانا - هم سازي کرنا

Tuneful, *a.* Harmonious ; melodious ; musical : خوش آهنگ - میٹھا-سریلا

Tunic, *n.* A loose garment ; a natural covering : کرته - کرتي - جھلي - پوست

Tunicle, *n.* A natural covering : جهلي * A long robe : اباده

Waft, *v. t.* or *i.* To bear through a fluid medium ; to float : بهالے جانا - تيرانا - تيرنا * *n.* Wave of the hand or of a flag ; a signal : اشاره

Waftage, *n.* A conveyance through a buoyant medium : پاني يا هواسے گذرنے كا ذريعه

Wag, *v. t.* or *i.* To shake or move to and fro : هلنا - هلانا - جهلنا - ڈولانا

Wag, *n.* A ludicrous fellow : ٹهٹهے باز - مسخره - ظريف

Wage, *v. t.* To hire : كرايه كرنا * To stake : دانو پر لگانا * To undertake : ٹهاننا - اختيار كرنا *
To—war, لڑائي كرنا - لڑنا

Wager, *n.* A bet ; a stake : بازي - دانو - شرط * *v. t.* To bet ; to stake : بازي لگانا - دانو بدنا - شرط لگانا

Syn.—Bet, stake, pledge.

Wages, *n. pl.* Hire ; reward of services ; salary ; recompense : اجرت - مزدوري - تنخواه - طلب - بدلا

Syn.—Pay, compensation, remuneration, stipend, allowance.

Waggery, *n.* Sarcasm in good humour : pleasantry : ظرافت - مسخرگي - ٹهٹهولي

Waggish, *a.* Merry ; droll : ظريف - مسخره - ٹهٹهوليا

Syn.—Jocular, jocose, humorous, sportive, facetious.

Waggle, *v. t.* or *i.* To wag ; to waddle : هلانا - ڈولانا - مٹكتے هوے چلنا - بط كي چال چلنا

Waggon, *n.* A four-wheeled carriage for carrying heavy goods : چو پهيه - چهكڑا

Waggonette, *n.* A light four-wheeled pleasure carriage : ايک قسم كي بگهي - بگنت

Wagtail, *n.* A small bird of several species : مرسیچہ - ممولا - کھنجن

Waif, *n.* Goods found of which the owner is not known : لاوارثی مال - پڑی ہوئی چیز - وہ مال جو چور ڈال گئے ہوں

Syn.—Deplore, bemoan, grieve for, mourn for

Wail, *v. t.* or *i.* To lament ; to weep : نالہ وزاري کرنا - غم کرنا - رونا

——, *n.* Loud weeping ; violent lamentation : رونا - گریہ وزاري - نالہ

Wailing, *n.* Lamentation : گریہ وزاري - غم - افسوس - واویلا

Wain, *n.* A waggon : چھکڑا

Wainscot, *n.* The wooden lining of a room : تختہ بندي * *v. t.* To line with boards or panel-work : تختہ بندي کرنا

Waist, *n.* The part of the human body which is immediately below the rib : میان - کمر

Waistband, *n.* A band round the waist : کمر بند - پٹکا

Waistcoat, *n.* A short garment fitting close to the waist : فتوھي - کرتي - واسکٹ

Wait, *v. t.* or *i.* To await ; to attend ; to stay ; to follow ; to lie in ambush : راہ دیکھنا - منتظر رھنا - حاضر رھنا - ٹھہرانا - ھمراہ ھونا - گھات میں رھنا * **To—on or upon,** - ملنا - ملاقات کرنا - خدمت مین حاضر رھنا * **To lie in—,** گھات میں بیٹھنا یا چھپنا - داؤں بچارنا * **To—upon one's memory,** یاد کرنے کي کوشش کرنا * *n.* Ambush : کمینگاہ - گھات

Waiter, *n.* An attendant : نوکر - خدمت گار * A tray or salver : کشتي - خوان

Waiting maid, *n.* A general servant who waits on a lady : لونڈي - باندي - خدمتگارني

Waive, *v. t.* To relinquish ; to give up claim to : ترک کرنا - دست بردار ھونا - دعوی چھوڑ دینا

Wake, *v. t.* or *i.* To arouse ; to put in motion or action ; to awake : جگانا - تحریک کرنا - جاگتے رھنا - بیدار ھونا - بر انگیختہ ھونا - تحریک پانا * **Wake not a sleeping lion.** سوتي بلا مت اٹھاو *n.* Act of waking : جگاؤ - بیداري *Track of a vessel in water : جھاز کے چلنے کي لکیر * **To follow in one's wake,** کسي کي لکیر پر چلنا - تقلید کرنا

Wakeful, *a.* Indisposed to sleep ; watchful : بیدار - جاگتا - ھوشیار - خبردار

Wakefulness, *n.* Indisposition to sleep ; watchfulness : بیداري - خبرداري - جاگن

Waken, *v. t.* or *i.* To arouse from sleep ; to stir up ; to cease to sleep : جگانا - تحریک کرنا - جاگنا

Wale, *n.* The mark of a whip on animal flesh : چابک کا داغ * A ridge or streak rising above the surface of the cloth : کپڑے میں ابھرا ھوا سوت * *v. t.* To mark with wales : دھاریوں کا داغ کرنا

Walk, *v. t.* To move by steps without running : چلنا - چھل قدمي کرنا - سیر کرنا * *n.* A short excursion on foot for pleasure or exercise : سیر * A gait ; a path : رفتار - راہ - روش - راستہ

Wall, *n.* The side of a building : دیوار - بھیت * A stone or brick fence : پناہ - مورچہ بندي * **To go to the—,** ھارجانا * **To hang by the wall,** کام میں نہ آنا - بیکار پڑا رھنا * **To take the wall of,** کسي سے اپنے تئیں بھتر سمجھنا * *v. t.* To inclose with a wall : دیوار سے گھیرنا * **To go to the—,** to be unsuccessful : ناکامیاب ھونا - ھارجانا

Wallet, *n.* A traveller's bag : جھولا - جامداني

Wallop, *v. t.* or *i.* To whip ; To boil with a continued bubbling : کوڑے مارنا - کھدبدانا - جوش مارنا

Wallow, *v. i.* To roll on the earth : لوٹنا - لڑھکنا * To live in gross vice : نجاست میں رھنا

Walnut, *n.* A tree with an edible nut : گردگان - اخروٹ

Walrus, *n.* A sea-horse : دریائي گھوڑا

Waltz, *n.* A dance and a tune : ایک قسم کا ناچ - راگ

Wamble, *v. i.* To be disturbed with nausea : جي متلانا

Wan, *n.* Having a pale or sickly hue : زردرو - بیمار سا

Syn.—Pallid, cadaverous, ashy.

Ant.—Bright, lively, fresh-coloured.

Wand, *n.* A small stick ; a rod : سونٹا - عصا - چھڑي

Wander, *v. i.* To roam ; to deviate ; to be delirious : آوارہ پھرنا - هانڈنا - بھٹکنا - مطالب سے گریز کرنا

Syn.—Ramble, roam, rove, stroll, straggle.

Ant.–Rest, settle, fix.

Wanderer, *n.* One who roams about listlessly : آوارہ - گھومکڑ - هرزہ گرد

Wane, *v. i.* To decrease ; to sink : گھٹنا - ڈھلنا - اوتار پر هونا * *n.* Decrease ; decline : گھٹاؤ - کمي - زوال

Want, *n.* Need : احتیاج - مطلب - ضرورت * Deficiency : کمي - کوتاهي - گھٹتي * Poverty : افلاس - تنگدستي * **Want makes strife,'twixt man and wife,** مفلسي میاں بیوي میں جوتیوں دال بٹواتي هے * **Want is the mother of industry,** پیٹ کي خاطر آدمي نوکري ڈھونڈتا هے

Syn.—Scarcity, insufficiency, inadequacy, scantiness, meagreness.

Ant.–Sufficiency, adequacy, supply.

Want, *v. t.* or *i.* To need ; to wish for ; to fall short : ضرورت رکھنا - چاهنا - کم هونا

Wanton, *a.* Frolicsome ; wandering ; licentious ; lewd ; luxuriant : چنچل - شوخ - آوارہ - مست - اوباش - وافر - بکثرت - فراوان * *n.* A lascivious man or woman : رنڈي - فاحشہ - چھنال * *v. i.* To frolic ; to support in lewdness : آوارہ پھرنا - بدمستي کرنا

Wantonly, *ad.* Without cause or provocation : بلا وجہ - بیهودگي سے - شوخي سے - لهو و لعاب سے

Wantonness, *n.* Sportiveness ; licentiousness ; lewdness : شوخي - آوارگي - بدمستي

War, *n.* Fighting ; enmity ; the profession of arms : جنگ - لڑائي - دشمني - سپاهگري * **War is death's feast,** رزم موت کي بزم * *v. i.* To fight ; to make war : جنگ کرنا - لڑنا - جھگڑنا

Warble, *v. t.* or *i.* To carol ; to sing as birds : گانا - چہچہانا * *n.* A quavering modulation ; a song : چہچہاهٹ - گیت

Ward, *n.* Watch ; custody ; guardianship : نگراني - حراست - ولایت * A person under a guardian : نابالغ جو ولي کي حفاظت میں هو * **Court of wards,** نابالغوں کي سرپرستي کا محکمہ

Ward, *v. t.* To watch ; to defend ; to fend off : نگهباني کرنا - حفاظت کرنا - دفع کرنا - روکنا

Warden, *n.* A guardian ; a keeper ; a jailor ; a head officer : نگهبان - پاسبان - داروغہ جیل - ناظر

Warder, *n.* A keeper ; a guard : نگهبان - محافظ

Wardrobe, *n.* A room or closet where clothes are kept : توشہ خانہ * Wearing apparel in general : پوشاک - کپڑے - لباس

Ware, *a.* Cautious ; wary : هوشیار - چوکنا * *n.* Article of merchandise ; goods : سودا - مال - اسباب - ظروف - چیزیں

Syn.—Goods, commodities, merchandise, moveables.

Warehouse, *n.* A storehouse for goods : گودام - جنس خانہ * *v. t.* To deposit in a warehouse : گودام میں رکھنا

Warfare, *n.* Military service ; hostilities ; contest : جنگ بازي - لڑائي بھڑائي - جنگ و جدل - مجادلہ - رزم

War-flame, *n.* A beacon ; a signal-fire : کسي جگہ کے باشندوں کو دشمن کي آمد سے آگاہ کرنے کا الاؤ - آکاش دیا

Warily, *adv.* Cautiously : هوشیاري سے - خبرداري سے - چوکسي یا عاقبت اندیشي سے

Wariness, *n.* Foresight ; caution : هوشیاري - خبرداري - احتیاط

Warlike, *a.* Disposed for war ; martial : جنگ جو - جنگي - سپاهیانہ

Warm, *a.* Moderately heated : گرم * Zealous : سرگرم * Ardent : دلسوز * Excitable : اثر پذیر * Vehement ; violent : سخت - تند * Irritable : غصہ ور * **Warm reception,** گرم ملاقات

Warm, *v. t.* or *i.* To heat moderately ; to excite ; to become heated : گرم کرنا - تحریک کرنا - گرم هونا - دهکانا - تابناک کرنا

Warmly, *ad.* With gentle heat : کسي قدر گرمي سے * Eagerly : خواهش سے - گرمجوشي سے

Warmth, *n.* Gentle heat ; earnestness ; zeal : گرمي - حرارت - شوق - جوش

Warn, *v. t.* To make aware ; to caution ; to bid : آگاہ کرنا - فهمایش کرنا - جتانا - حکم دینا

Warning, *n.* Previous notice : تنبیہ - آگاهي

Warp, *n.* The thread that runs lengthwise in a loom : تانا * A rope used in towing : رسي - گن * *v. t.* or *i.* To twist ; to pervert ; to deviate : مروڑنا - مڑنا - گمراہ کرنا - گمراہ هونا - اینٹھا دینا - اینٹھنا

Warrant, *v. t.* To guarantee ; to assure ; to authorise ; to maintain ; to justify : ضامن هونا - *يقين دلانا - اختيار دينا - قائم ركهنا - جاير يا روا ركهنا *n.* Authority ; security ; a writ : - فرمان - ضمانت - پروانه · ربكار * **Warrant to sue and defend,** اختيار اجراے نالش و جواب دهي * **Search-warrant,** حكم نامه تلاشي

Warrantable, *a.* That may be warranted ; justifiable : مناسب - واجب

Syn. Allowable, permissible, admissible, lawful, proper, vindicable.

Warranty, *n.* Authority ; security ; guarantee : اختيار - ضمانت - وعده

Warren, *n.* An enclosure for rabbits : خر گوشوں كے پالنے كا احاطه

Warrior, *n.* A soldier ; a brave military man : لشكري - سپاهي - جنگي - جودها

War-ship, *n.* A man of war : جنگي جهاز

Wart, *n.* A hard excrescence on the skin : مسا - گومڑي

Wary, *a.* Cautious ; watchful : هوشيار - خبردار - چوكنا

Syn.—Vigilant, circumspect, discreet, guarded, prudent.

Was, *v. i.* Past tense of *Be* : تها

Wash, *v. t.* or *i.* To cleanse with or in water ; to wet ; to tint lightly ; to overlay with a thin coat of metal ; to perform the act of ablution : دهونا - پاني ميں صاف كرنا - كهنگالنا - پكهالنا - تر كرنا - هلكا رنگ دينا - قلعي كرنا - غسل كرنا * **To wash one's hands of,** هاتهه دهونا - بري هونا * *n.* Ablution : غسل * A medical lotion : زخم دهونے كي دوا كا پاني * Clothes washed at one time : كپڑونكي لادي

Washerwoman, *n.* A woman who washes clothes : دهوبن - بريٹهون

Washy, *a.* Watery ; weak : - آبي پنيلا - گيلا ضعيف - كمزور

Wasp, *n.* A stinging, winged, bee-like insect : زنبور - [illegible] * **Wasps haunt the honey-pots,** جهاں گڑ وهاں مكهياں

Waspish, *a.* Having a slender waist : *پتلي كمر كا Peevish · زود رنج

Wassail, *n.* An occasion of festivity at which healths are drunk ; a crousal : شراب نوشي كا جشن - شراب كے وقت كي دعا سلام

Waste, *v. t.* or *i.* To destroy ; to wear away ; to squander ; to be consumed : ويران كرنا - برباد * كرنا - كم كرنا - صرف كرنا لٹانا - ضايع كرنا يا هونا - گهلنا **To—away,** to dwindle · گهل جانا * **Waste not, want not,** اصراف ميں افلاس هے **a.* Devastated ; uncultivated ; worthless ; superfluous : - ويران غير مزروعه - بيكار - فضول * **To lay—,** to devastate : ويران كرنا - تباه كرنا * **To run to—,** to become spoiled : خراب يا برباد هوجانا * *n.* Wanton destruction ; useless expenditure ; refuse : كوڑا كركٹ * Ruined country : ويرانه

Wasteful, *a.* Destructive ; prodigal : مضر - فضول خرچ - زيانكار

Watch, *v. t.* or *i.* To give heed ; to guard ; to be awake ; to keep guard ; to wait : نگهباني * كرنا - چوكسي كرنا - بيدار رهنا - پهره دينا - تاك لگانا **To—over,** to be cautiously observant of : هوشياري سے نگاه ركهنا - خبر گيري كرنا * *n.* The act of watching : نگراني - چوكسي - چوكيداري * A guard : نگهبان - چوكيدار - پاسبان - پهرهوالا * A pocket time piece : جيب گهڑي * **Watch and ward,** چوكي پهره

Watchful, *a.* Vigilant ; cautions : - بيدار - خبردار هوشيار

Watchmaker, *n.* One who makes or repairs watches : گهڑي ساز

Watchman, *n.* A guard ; the care-taker of a building by night : محافظ - نگهبان - پاسبان - چوكيدار

Watchword, *n.* The word given to sentinels as a token by which a friend is known from an enemy ; a password : چوكيداروں كا پرول

Water, *n.* A transparent fluid ; a body of water : پاني - دريا * Urine : پيشاب * Lustre : آب - چمك * **Water-gruel,** كانجي - پيچ * **Water-level,** پاني كي هموارى - پنسال * **Water-lily,** نيلوفر - كنول * **Water scape,** پاني كي سير * **Water tight,** جسميں پاني نفاذ كرے * **To keep one's head above water,** تيرتے رهنا - سنبهلے رهنا * *v. t.* or *i.* To irrigate ; to supply with water ; to take in water : آبپاشي کرنا - پاني پڑنا - ڈبڈبانا * The mouth waters, منه میں پاني بهرانا - رال ٹپکتي هے - جي للچاتا هے

Water-course, *n.* A stream ; a channel for water : ندي - نالي - بدررو

Water-fall, *n.* A cascade ; a cataract : - آبشار جهرنا

Waterfowl, *n.* An aquatic bird : دریائي پرند

Watering, *n.* The act of supplying with water : آبپاشي * **—place,** a place where people resort for bathing &c. : گهاٹ جهاں لوگ نهانے کو جاتے هیں

Water-melon, *n.* A delicious fruit : - تربوز هندوانه

Water-proof, *a.* Not admitting water : جس میں پاني اثر نه کرے

Water-spout, *n.* A rapidly-moving column of water, caused by a whirlwind : بخارات کا ستون جو کبهي سطح سمندر پر اٹها هوا نظر آتا هے

Watery, *a.* Resembling or abounding in water ; thin ; insipid : رقیق - آبي - پتلا - بے مزه

Syn.—Aqueous, wet, moist.

Wattle, *n.* A twig or flexible rod ; a hurdle ; fleshy excrescence under the throat of a cock or turkey : شاخ - ٹهني - ٹهٹهور - گوشت جو مرغ کے گلے کے نیچے رهتا هے * *v. t.* To bind with twigs ; to plait : ڈالیوں سے باندهنا - گوندهنا

Wave, *n.* A moving swell or volume of water : موج - لهر * *v. t.* or *i.* To raise into waves ; to brandish ; to beckon ; to undulate ; to be moved : تموج کرنا - گهمانا . اشاره کرنا - لهرانا - هلنا

Wavelet, *n.* A little wave : چهوٹي لهر

Waver, *v. i.* To wave ; to totter ; to vacillate : لهرانا - ڈگمگانا - هلنا

Syn.—Uudulate, float, flicker.

Wavy, *a.* Rising in waves ; undulating :- موج زن لهراتا

Wax, *n.* The tenacious substance formed by bees or secreted in the ear ; a composition used to seal letters and by shoe-makers to rub their thread : موم - کان کي میل - لاک - سفیده * **—cloth,** موم جامه * *v. t.* To rub with wax : - موم لگانا الکهنا * *v. i.* To increase ; to become : - بڑهنا زیاده کرنا - هونا

Waxy, *a.* Made of wax ; soft : مومي - نرم - ملائم

Way, *n.* Passage ; path ; distance ; direction ; progress ; means ; scheme ; manner ; plan of conduct : راسته - سڑک - فاصله - جانب - بهتري - ذریعه - تدبیر - طریقه روش - وطیره * **To give—,** to break or fall : ٹوٹ پڑنا - گر پڑنا * To make room for another to pass on : راسته دینا * To yield ; to submit : اطاعت قبول کرنا - مان لینا * **To go one's—,** to take one's departure : روانه هونا * **To go the—of all the earth,** to die : مر جانا * **To make—,** to stand aside : هٹ جانا * **To make one's—,** to advance in life by self-exertion : ترقي کرنا * **By the—,** in the course of journey : اثناے راه میں * Parenthetically : اثناے گفتگو میں * **By—of,** as being : بطور * **To be in the family—,** to be pregnant : حامله هونا * **Ways and means,** اسباب وسائل * **—of God,** خدا کي رزاقي * **By the—,** برموقع - بروقت * **By the—of,** بغرض - بطور - ازراه * **In the family—,** حامله * **Out of the—,** بے قاعده - غیرمعمولي * **To give—,** راسته دینا - هٹ جانا - زیر هونا * **To go the—of all the earth,** مرنا * **To make one's—,** ترقي کرنا * **To stand in the way of,** صدراه - اڑنا روکنا

Wayfarer, *a.* A passenger ; a traveller : - راه گیر مسافر

Waylay, *v. t.* To lie in wait for : - گهات لگانا راه مارنا

Wayward, *a.* Forward ; perverse ; wilful : شوخ - ضدي خود راے

Syn.—Obstinate, perverse, stubborn, headstrong, unruly, refractory.

We, *pron. pl.* of I : هم

Weak, *a.* Feeble ; soft ; low ; unsteady ; foolish ; slight : کمزور - نرم - دهیما - غیر مستحکم بیوقوف - سُبک

Weaken, *v. t.* To make weak ; to reduce in strength : کمزور کرنا - ناتواں کرنا - هلکا کرنا

Weakness, *n.* Want of strength ; feebleness ; want of sprightliness ; defect : - ناطاقتي - کمزوري ضعف - افسرده خاطري - نقص - عیب - برائي - کهوٹ

Weal, *n.* Happiness ; prosperity : - خوشي - بهتري ترقي

Wealth, *n.* Riches ; affluence : * دولت - تونگري **Wealth is best known by want,** دولت کي قدر ناداري ميں هوتي هے

Wealthy, *a.* Rich ; opulent : دولتمند - تونگر

Wean, *v. t.* To take from the breast ; to detach : دودھ چھوڑانا - جدا کرنا - الگ کرنا

Weanling, *a.* A newly weaned : وہ بچہ جس کا حال ميں دودھ چھڑايا گيا هو

Weapon, *n.* An instrument of offence or defence : آلہ - هتهيار - سلاح

Wear, *v. t.* or *i.* To carry on the body ; to have the appearance of ; to consume by use ; to waste ; to exhaust ; to endure or suffer use : پہننا - زيب تن کرنا - ظاهر کرنا - صرف کرنا - رگڑنا - گهسنا - تهک جانا - برتا جانا * **To—away,** to consume gradually : رفته رفته صرف هوجانا - گهسنا * **To—off,** to diminish by use or slow decay : - کم هوجانا گهٹنا * **To—out,** to consume by use : صرف هوجانا - گهس جانا * To tire : تهکانا * To come or bring to an end : اختتام کو پهنچنا - ختم کرنا * **To—weary,** عاجز آنا - تنگ هونا * *n.* Act of wearing : رگڑ - گهساو * The thing worn : - لباس پوشاک *—**and tear,** loss or waste : - نقصان استعمال کي فرسودگي

Weariness, *n.* Lassitude ; fatigue : - سستي - تکان ماندگي

Wearisome, *a.* Tiresome ; troublesome : تهکانے والا - تکليف ده

Weary, *a.* Fatigued ; tired ; tiresome : - مانده تهکا - آزرده - بيزار - تهکنيوالا * *v. t.* or *i.* To tire or to become tired : تهکانا - تهکنا

Weasand, *n.* The windpipe : نرخرا - گلا - حلقوم

Weasel, *n.* A small carnivorous animal : نيولا

Weather, *n.* The state of the atmosphere with respect to heat, cold, wetness, &c. : هوا کي حرارت و برودت وغيره - موسم * **Stress of—,** شدت طوفان - تندي باد * **Fair—,** صاف مطلع * *v. t.* To expose to the air ; to sail to the windward of ; to sustain : هوا ميں رکهنا - هوا کے مقابله بادبان کو رکهنا - برداشت کرنا * **To—out,** - برداشت کرنا جهيلنا

Weathercock, *n.* A turning vane : مرغ بادنما

Weave, *v. t.* or *i.* To form, as cloth by interlacing threads ; to practise weaving ; to insert : بافته کرنا - کپڑا بننا - ملانا

Weazen, *a.* Thin ; lean withered : - پتلا - دبلا سوکها

Web, *n.* A texture ; a piece of cloth ; a cobweb ; the membrane which unites the toes of some aquatic birds : بناوٹ - تهان - مکڑي کا جالا - آبي پرندوں کے پنجه کي جهلي * **Pin and—,** دهند

Web footed, *a.* Having the toes united by a membrane : جهلي دار پانوںوالے

Wed, *v. t.* or *i.* To marry ; to join in marriage ; to unite : شادي کرنا - بياه دينا - جوڑنا - ملانا

Wedding, *n.* Nuptial ceremony ; marriage : شادي - نکاح - بياه

Wedge, *n.* A piece of metal or of wood sloping to an edge, used in splitting wood, rocks, &c. : پچڑ - ميخ * *v. t.* To fasten or drive with a wedge ; to cleave : پچڑ ٹهونکنا - ميخ گاڑنا - چيرنا

Wedlock, *n.* Married state : - حالت ازدواج - عقد نکاح * **Wedlock's a padlock** : ايک بيڑي هے

Wednesday, *n.* The fourth day of week : چهار شنبه - بدھ

Wee, *a.* Little ; small : چهوٹا - تهوڑا

Weed, *n.* A noxious plant ; anything useless : موتها - گهاس پات - سوار - آخور - فضول نبات - کهيت کا خودرو - خس وخار

Weeds, *n. pl.* A widow's mourning dress : بيوه کا ماتمي لباس - سانڈيے کا تيل

Weedy, *a.* Abounding with weeds : گهاس پهوس سے بهرا هوا

Week, *n.* The space of seven days : هفته - اتوارہ

Weekly, *a.* Once a week : هفته وار

Ween, *v. i.* To think ; to imagine : - خيال کرنا قياس کرنا

Weep, *v. i.* To shed tears ; to lament ; to complain : * اشکبار هونا - رونا - غم کرنا - شکايت کرنا **No weeping for shed milk,** اب پچهتائے کيا هوت هے جب چڑيا چگ گئي کهيت

Weevil, *n* A destructive insect of the beetle kind : گهن

Weft, *n.* The woof of cloth : کپڑے کا بانا

Weight, *v. t.* To raise ; to examine by the balance ; to ponder ; to regard : اوٹھانا - تولنا - وزن کرنا - غور کرنا - لحاظ کرنا * **To—anchor,** to raise the anchor ; to leave the port : لنگر اوٹھانا * **To—down,** to preponderate over : وزن میں بڑھ جانا * To oppress with weight or heaviness : دبانا

Weigh, *v. i.* To be heavy ; to be considered : بھاري هونا - بڑا هونا - وزن يا قوت رکھنا - ناگوار هونا

Weight, *n.* Heaviness : وزن - بھاري پن * Burden : بوجھ * Importance : ضرورت * Pressure : دباو * A metal standard for weighing : باٹ * **A dead —,** a heavy and oppressive burden : بھاري بوجھ - بارگراں

Weighty, *a.* Heavy ; important ; severe : وزني - بھاري - ضروري - سنگين

Weir, *n.* A dam to stop and raise the water of a stream : دريا کا پشتہ پاني چڑھانے کے لئے

Weird, *n.* Spell : جادو - سحر * Destiny : نصيب * *a.* Skilled in witchcraft : جادوگر

Welcome, *n.* A kind of reception of a new comer : آدر - تعظيم - تواضع * **Welcome is the best cheer,** خاطرداري هي بڑي چيز هے * *a.* Received with gladness ; grateful ; pleasing : خوش آيند - خوش گوار - دلپسند

Welcome, *v. t.* To salute or entertain with kindness ; مرحبا کرنا - آدر سنمان کرنا - خوشي سے قبول کرنا - مبارکبادي دينا

Weld, *v. t.* To press or beat into firm union when heated : گڑھکر پيٹ کر ملانا - جوڑنا * *n.* A plant used as a yellow dye : ايک قسم کا درخت جس سے زرد رنگ نکلتا هے

Welfare, *n.* Enjoyment of health and the common blessings of life ; prosperity ; happiness : خيريت - خيروعافيت - خوشحالي - کامراني

Welkin, *n.* The vault of heaven ; the sky : فلک - اسمان - آکاس

Well, *n.* A spring ; a pit of water : چشمہ - کنواں - چاہ * *a.* Good in condition or circumstances ; sound ; fortunate ; safe : صحيح و سالم - خوب - اچھا - تندرست - خوش و خرم - سلامت * **As—,** rather right or proper : مناسب - بهتر * **As — as,** together with and also : ساتھہ هي اسکے اور بھي * **—nigh,** nearly : تقريبا * **To be—off,** to be in a good condition : خوشحال هونا * *v. t.* To issue forth ; to spring up : بهنا - اومنڈنا * *adv.* Rightly ; suitably ; fully : considerably conveniently ; fully ; commendably : ٹھيک - بخوبي - حسب دلخواہ - تعريف کے ساتھہ - باسانی - بالکل - بافراط * **—enough,** خاصہ - چوکھا * **—let it alone,** خير جانے دو * **—then,** خير پھر * **—to live,** دال روٹي سے خوش * **—what then,** پھر کيا

Well-a-day, *int.* Alas ! lack-a-day : واے افسوس - هاے هاے حيف

Well-behaved, *a.* Of good behaviour : نيک اطوار - نيک چلن

Well being, *n.* Welfare , happiness :- خيروعافيت خوشحالي

Well done, *interj.* Rightly done ; a word of praise : واہ واہ - آفريں - شاباش

Well-to-do, *a.* Well off : خوشحال

Well nigh, *adv.* Very nearly ; almost ; adjacent : نزديک - عنقريب - لگ بھگ

Welt, *n.* A border or edging : سنجاف کي دوٹ - گوٹ - مغزي * *v. t* To furnish with a welt : گوٹ يا مغزي لگانا

Welter, *v. t.* To roll ; to tumble about : لوٹنا - تڑپنا

Wen, *n.* A fleshy tumour on the neck, etc. : گلٹھي - گرمڑي

Wench, *n.* A vicious young woman : فاحشہ - رنڈي * *v.i.* To frequent the company of wenches : رنڈي بازي کرنا - تماش بيني کرنا

Went, *v. i. pp.* of **Wend** now used as p. t. of **Go :** گيا

West, *n.* The quarter of the heaven where the sun sets : مغرب - پچھم * *a.* Situated toward or relating to the west : غربي - پچھمي * *adv.* More westward : پچھم کي طرف

Western, *a.* Being in the west : مغربي - پچھمي

Westward, *adv.* Toward the west : مغرب کي طرف

Wet, *a.* Containing water ; moist ; rainy : گيلا - تر برساتي * *n.* Water ; humidity : تري - پاني

نمي * *v. t.* To moisten with water or other liquid : گيلا کرنا - بھگونا - تر کرنا * **To wet one's whistle,** اپني بانسلي تر کرنا - پينا - منھ ترشي کرنا

Wether, *n.* A ram castrated : آختہ کيا ھوا مينڈھا

Whale, *n.* The largest of marine animals : دودھ پلانے والي مچھلي - ھويل

Whaler, *n.* A ship employed in whale-fishery : جہاز جسپر ھويل کا شکار کرتے ھيں

Wharf, *n.* A mole or quay for landing goods : گھاٹ

Wharfage, *n.* The fee paid for the privilege of using a wharf : گھاٹ پر مال اتارنے يا چڑھانے کا رسوم - اترائي

Wharfinger, *n.* The keeper or proprietor of a wharf : گھاٹ والا

What, *pron.* An interrogative pronoun ; that which ; how ; how great : کيا - کون - وہ جو - کيسا - کسقدر

Whatever, Whatsoever, *pron.* Being this or that ; all that : جس قدر - جو کچھہ - جتنا

What-not, *n.* A piece of furniture with shelves for ornament, etc. : الماري

Wheat, *n.* The finest kind of bread grain : گندم - گيہوں

Wheat-ear, *n.* An ear of wheat : گيہوں کي بال * A kind of small bird : ايک قسم کي چڑيا

Wheaten, *a.* Made of wheat : گيہوں کا بنا ھوا

Wheedle, *v. t.* or *i.* To entice by soft words ; to coax ; to flatter : پھسلانا - خوشامد کرنا - چاپلوسي کرنا

Wheel, *n.* A circular frame turning on an axis : پہيا * **To put one's shoulder to the—,** to give effective help : سہارا دينا - مدد دينا * **Wheels within wheels,** a complication of circumstances : پيچ در پيچ - گورکھدھندا * **To break a fly upon the—,** قصور اور قصوروار کي حيثيت سے کہيں بھاري سزا دينا - مکھي کو توپ سے اڑانا * **—barrow,** ايک پہئے کي چھوٹي ٹھيلا گاڑي * *v. t.* or *i.* To convey on wheels ; to cause to turn or revolve ; to turn on an axis : پہيوں پر ليجانا - چکر دينا - گھومنا

Wheel wright, *n.* A man who makes wheels and wheel-carriages : پہيا يا گاڑي بنانيوالا

Wheeze, *v. i.* To breathe hard and with an audible sound : آواز سے سانس لينا - گھرگھرا کرنا

Whelk, *n.* A protuberance ; a wrinkle : چھالا - ددوڑا - پھونسي

Whelm, *v. t.* To immerse deeply ; to overburden : غرق کرنا - دبا دينا - دبانا

Whelp, *n.* A puppy ; a cub : پلا - بچہ * *v. i.* To bring forth young : بچہ دينا

When, *ad.* At what time ; at the time that ; while : کب - کسوقت - جسوقت - ھرگاہ

Whence, *adv.* From what place, source, premises, &c. : کہاں سے - کس باعث سے - کس جگہہ سے

Whenever, *adv.* At whatever time : جب بھي - جسوقت

Whensoever, *adv.* From whatever place of source : کس جگہہ سے - کس باعث سے

Where, *adv.* At or in what place : کدھر - کہاں - کس جگہہ

Whereabout, *adv.* About where ; near what or which place : کس جگہہ - کس جگہہ کے نزديک - جس جگہہ کے قريب

Whereas, *conj.* Considering that ; since ; when in fact : اس لحاظ سے - چونکہ - درحاليکہ - ھرگاہ - بايں ھمہ

Whereat, *adv.* At which : جسپر - تسپر

Whereby, *adv.* By which ; by what : جس سے - کس سے

Wherefore, *adv.* For which reason ; for what reason : کس لئے - جس واسطے - کيوں کس واسطے

Wherein, *adv.* In which ; in what : جسميں - کس ميں

Whereof, *adv.* Of which ; of what : جسکا کسکا

Whereupon, *adv.* Upon which ; in consequence of which : تسپر جس پر - تب - بعد ازاں

Wheresoever, *adv.* In whatever place, or in any place indefinitely : کہيں بھي - جس جگہہ

Wherever, *adv.* At whatever place : جہاں کہيں

Wherewith, Wherewithal, *adv.* With which ; with what : جسکے ساتھہ - کس کے ساتھہ

Wherry, *n.* A shallow, light boat : پن سوئي - ڈونگي

Whet, *v. t.* To sharpen by friction ; to excite ; to provoke : تيز کرنا - ابھارنا - بھڑکانا * *n.* The act of sharpening : سان - دھار * A stimulant : تحريک - اشتعال

Whether, *pron.* Which of the two : خواه - يا - كچھ هي هو - بنے نہ بنے - خواه مخواه * **—or no,** آيا

Whetstone, *n.* A stone used for sharpening edged instruments : پتهري - سلي

Whey, *n.* The thin part of milk : دوده كا پاني - تورڑ

Which, *pron.* A relative or interrogative pronoun : جيسا - جو - كون - كونسا

Whichever, *pron.* Whether one or the other : جونسا - جوكه - جو

Whiff, *n.* A quick puff of air : پهونك - دم * *v. t.* or *i.* To emit whiffs ; to puff : دم اوڑانا - دم چهوڑنا - پهونك دينا

Whiffle, *v. t.* or *i.* To waver ; to blow away : متزلزل هونا - پهونك ماركر اوڑا دينا

Whig, *n.* One of a political party : اركان سلطنت كا ايك قديم فرقه

While, *n.* Space of time : عرصه - مدت

While, *adv.* During the time that ; as long as : جب - جسوقت - جبتك - تب تك * **—ago,** عرصه هوا * **A good—,** بهت دير تك * **A long—,** مدت مديد - بهت عرصه * *v. i.* To spend to little use : وقت ضايع كرنا - وقت كاٹنا * **A little—,** a short time : تهوڑا عرصه * **Worth—,** worth the time and trouble : بخيال وقت اور تكليف * **—away,** spend : صرف كرنا - خرچ كرنا

Whilst, *ad.* While : جب - جسوقت

Whim, *n.* A sudden turn or state of the mind ; a capricious motion : ترنگ - خيال - خبط - وهم

Syn.—Freak, fancy, vagary, humour, caprice.

Whimper, *v. i.* To cry with a low, whinning, broken voice . بچه كا رونا - ٹهنكنا

Whimsical, *a.* Full of whims ; curious : ترنگي - خبطي - وهمي - عجيب - متلون مزاج

Syn.—Capricious, freakisn, fanciful.

Ant.—Sober, staid.

Whine, *v. i.* To utter a plaintive cry : دهيمي آواز سے رونا - ٹهنكنا * *n.* A nasal tone of complaint : دبي آواز سے رونا - كراهنا

Whinny, *v. i.* To neigh : utter the sound of a horse : هنهنانا - گهوڑي كي طرح بولنا

Whip, *n.* A lash for driving ; a driver : چابك - كوڑا - هانكنے والا * *v.t.* To lash ; to flog ; to snatch : چابك مارنا - تازيانه لگانا - لپكنا * **To—off,** to drive away quickly : جادي سے هكا ليجانا * **To—a cat,** to practise extreme parsimony : نهايت هي كفايت شعاري كرنا * **—and spur,** with utmost haste : نهايت تيزي سے

Whir, *v. i.* To whirl round with noise : بهرائے كے ساتهه گهومانا۔ بهرڑ سے اڑ جانا

Whirl, *v. t.* To turn round rapidly ; to revolve : گهومانا - گهومنا - چكر دينا - چكر مارنا * *n.* A turning with rapidity or velocity : گهميري - گهماؤ - چكر

Whirlgig, *n.* A child's toy spun or whirled around : چكئي - پهركي

Whirlpool, *n.* An eddy of water : گرداب - بهنور - ورطه

Whirlwind, *n.* A stormy wind moving in a circle : گرد باد - بگولا

Whisk, *n.* A quick motion ; a brush : جهكولا - جهاڑو - مرچهل * *v. t.* To brush ; to move quickly : جهاڑو دينا - بهارنا - جهپٹنا

Whisker, *n.* The part of the beard which grows upon the cheeks : گل مچهيں

Whisky, *n.* A spirit distilled from grain : ايك قسم كي شراب جو ناج سے بنتي هے

Whisper, *v. t.* or *i.* To utter in a low tone ; to speak softly or under the breath : كانا پهوسي كرنا - پهسپهسانا - كهسر پهسر كرنا * *n.* A low soft voice : كانا پهوسي - كهسر پهسر

Whist, *n.* A game at cards : گنجيفه كا ايك كهيل

Whist, *a.* Silent ; mute : خاموش - چپ * *interj.* Be silent ! hush : خاموش - چپ

Whistle, *n.* A small wind instrument ; a sharp, shrill sound produced in various ways : سيٹي - الغوزا - سفير * *v. t.* To call by a whistle ; to shrill : سيٹي بجاكر بلانا - سفير كرنا - سنسنانا * **To—at,** منهه چڑهانا - تحقير كرنا

Whit, *n.* Smallest part of particle imaginable ; a jot : كن - رتي - ذره

White, *a.* Of the colour of snow ; pale ; pure : سفيد - بهيكا - صاف * *n.* The white colour : anything white ; the mark : سفيد رنگ - سفيدي - نشانه * **To show the—feather,** to show symptoms of fear or cowardice : بزدلي دكهلانا * *v. t.* To whiten ; to whitewash : سفيد كرنا - سفيد هو جانا

White ant, *n.* A termite : ديمک

Whiten, *v. t.* or *i.* To make or become white : سفيد کرنا - سفيد هو جانا

Whitewash, *v. t.* To cover with a white liquid composition : سفيدي کرنا - چونا کاري کرنا - قلعي کرنا * *n.* A liquid composition for whitening something : سفيدي

Whither, *adv.* To what place ; to what point or degree : کهاں - کسقدر - کهانتک

Whitlow, *n.* A painful swelling at the end of the fingers : چهلوري

Whittle, *v. t.* or *i.* To pare or cut with a knife : چهيلنا - کاٹنا * *n.* A pocket knife : جيبي چهوري

Whiz, *v. i.* To make a loud hissing sound : سنسنانا - بهنبهنانا * *n.* A humming or hissing sound : سنسناهت

Who, *pron.* A relative or interrogative pronoun : جو - جسنے - کون - کسنے

Whoever, *pron.* Any person whatever : - جو کوئي - کوئي شخص

Whole, *a.* All ; entire ; uninjured ; sound : سب - کل - سموچا - بے ضرورت - تندرست * *n.* The entire thing : تمام - کليه

Wholesale, *n.* Sale of goods by the piece or large quantities : تهوک فروشي

Wholesome, *adv.* Salubrious ; beneficial : شفا بخش - مفيد

Wholly, *adv.* Entirely ; totally : - سراسر - بالکل - مطلق

Whoop, *n.* A shout of pursuit or of war ; a hoot : هو هو - للکار - چيخ * *v. i.* To hoot ; to shout : هو هو کرنا - چيخنا - للکارنا

Whore, *n.* A harlot ; a prostitute : - کسبي - رنڈي - چهنال * *v. i.* To cohabit lewdly : زنا کرنا

Whoredom, *n.* Lewdness ; idolatry : شهوت پرستي - زنا کاري - بت پرستي

Whose, *pron.* Possessive of **Who** : جسکا - کسکا

Whosoever, *pron.* Any one ; whoever : - کوئي - جو کوئي

Why, *adv.* For what cause, reason or purpose ; on what account : - کسواسطے - کس سبب سے - کيوں - کاهيکو

Wick, *n.* The cotton string of a candle or lamp : فتيله - چراغ کي بتي

Wicked, *a.* Immoral ; mischievous : - برا - بدکار - شرير

Wickedness, *n.* Sinfulness ; depravity : - بدي - گناه - شرارت

Wicker, *a.* Made of twigs : ڈاليوں سے بنا هوا

Wicket, *n.* A small door in a larger one : دريچه - کهڑکي * The frame of rods bowled at in cricket : گيند بلے کي لکڑياں جن پر گيند مارتے هيں

Wide, *a.* Not narrow ; broad ; remote : - کشاده - چوڑا - وسيع - دور * **—of the mark,** not appropriate : بے محل - بے موقع - نشان سے هٹا هوا * **To shoot—of the mark,** اٹکل تير لگانا * *adv.* At a distance : دور دور

Wide-awake, *a.* On the alert ; keen : - آگاه - هوشيار - چوکس

Widen, *v. t.* or *i.* To make or grow wider : چوڑا کرنا - چوڑا هونا

Widow, *n.* A woman whose husband is dead : بيوه - بدهوا - رانڈ * *v. t.* To bereave of a husband : بدهوا کرنا - بيوه کرنا

Widower, *n.* A man who has lost his wife by death : رنڈوا

Widowhood, *n.* The state of a widow : - بيوه پن - رنڈاپا

Width, *n.* Breadth ; the extent from side to side : چوڑائي - عرض - پنا

Wield, *v. t.* To handle ; to employ ; to manage : پهيرانا - هلانا - برتنا - انتظام کرنا * **To—the sceptre,** حکم راني کرنا - عصاء سلطاني هاتهه ميں رکهنا

Wieldy, *a.* Easily handled ; manageable : جو اٹهايا جاسکے - کام ميں لانے کے قابل - قابو کا

Wife, *n.* A woman ; the lawful consort of a man : عورت - جورو - استري - بي بي

Wig, *n.* An artificial covering of hair for the head : بالونکي ٹوپي

Wight, *n.* A being ; person : متنفس - شخص

Wild, *a.* Not tamed ; not cultivated ; uninhabited ; uncivilized ; licentious ; strange ; fanciful : جنگلي - خودرو - اوجاڑ - ناشايسته - شرير - عجيب - خيالي * **To sow one's—oats,** to pass through a period of wild and reckless dissipation : اوباشي پن ميں رهنا * **To spread like—fire,** to spread about quickly : جلد پهيل جانا

Wild, *n.* A forest ; a desert : جنگل - صحرا - ویرانہ * **—goose,** *n.* An undomestical goose : جنگلی بطخ * **—chase,** a foolish pursuit : لاحاصل پیروی یا کار روائی

Wilderness, *n.* A wild uncultivated region : بیابان - ویرانہ - بن

Wile, *n.* A trick ; a stratagem ; deceit ; artifice : فریب - دھوکا - حیلہ - بہانہ

Wilful, *a.* Governed by the will without yielding to reason ; obstinate : خود رائے - ضدی

Wilfully, *ad.* With purpose :- ارادتاً - جان بوجھکر - خودرائی سے - دیدہ و دانستہ

Wiliness, *n.* Cunning ; slyness ; guile :- مکاری - روباہ بازی

Will, *n.* The faculty of choosing ; choice :- مرضی - پسند * Command : حکم * Desire ; خواہش * Testament : وصیت نامہ * **At—,** at pleasure : خوشی پر * **—of the wisp,** the ignis fatuus :- چھلاوا - غول بیابانی * **To have one's —,** - اپنی چلانا - اپنی چاہی کرنا * *v. t.* To wish ; to obtain ; to bequeath : چاہنا - حکم دینا - وصیت کرنا

Willing, *a.* Consenting ; chosen ; spontaneous : راضی - پسندیدہ - خود بخود * **Nothing is impossible to a willing mind,** شوق کے روبرو کوئی چیز ناممکن نہیں

Willingly, *adv.* By free will ; cheerfully : برضا ورغبت - رضا مندی سے خوشی سے

Willow, *n.* A tree with slender pliant branches : بید کا درخت

Willy, *a.* Cunning ; sly : متفنی - حیلہ باز

Wimble, *n.* An instrument for boring holes : برما - برمی

Wimple, *n.* A veil : برقع - نقاب

Win, *v. i.* To gain by victory ; to obtain ; to allure to kindness : فتح کرنا - جیتنا - حاصل کرنا - اپنے اوپر مہربان کرنا * **To—back,** to recover : جیت لینا * **To—the day,** to gain a contest : فتحیاب ہونا * **To—laurels,** to obtain a prize : انعام حاصل کرنا

Wince, *v. i.* To shrink ; to flinch ; to kick : جھجھکنا - چونک اوٹھنا - دولتی پھینکنا

Winch, *n.* An instrument to turn and strain forcibly : گھومانے یا دبانے کا دستہ

Wind, *n.* Air in motion ; breath : flatulence : باد - ہوا - سانس - ریاح - بادی * **How the—blows,** (*Fig.*) how matters stand : کیا حال ہے * **In the—'s eye, in the teeth of the—,** right against the wind : ٹھیک ہوا کے سامنے * **To get, (take)—,** to become known : - ظاہر ہوجانا - کھل جانا * **Something in the—,** something within the region of suspicion : کچھ دال میں کالا * **What wind blew you hither,** آج کدھر بہہ آئے - آج کدھر چاند نکلا * **Down the—,** ہوا کے رخ * **To take—,** مشہور ہونا - کھلنا - پھوٹنا * *v. t.* or *i.* To blow ; to winnow ; to sound ; to drive hard ; to recover breath ; to twist ; to bend to ; to meander : پھونکنا - پھٹکنا - بجانا - ہنپانا - دم لینا - لپیٹنا - مروڑنا - پھیر کھانا * **To—off,** to unwind ; to uncoil : کھولنا - اُتارنا * **To—up,** to coil up : لپیٹنا * To make a final settlement : طے کرنا

Windfall, *n.* Fruit blown off : میوہ جو ہوا سے گرپڑے * Any unexpected legacy : میراث غیر مترقبہ

Windiness, *n.* Tendency to generate wind ; flatulence : ریح بادی

Winding, *a.* Meandering ; circuitous :- چکر دار - گھوماودار * *n.* A turn ; a bend :- چکر - موڑ - گھوماؤ

Wind up, *n.* The final adjustment ; the close ; the conclusion : اخری تفصیہ - چکوتا - خاتمہ

Winding sheet, *n.* A sheet in which a corpse is wrapped : کفن

Windlass, *n.* A machine for raising weights : بوجھ اوٹھانے کی کل

Wind-mill, *n.* A mill driven by the wind : ہوائی چکی

Window, *n.* An opening in the wall of a building for the admission of light and air :- دریچہ - کھڑکی - روشن دان

Window-frame, *n.* The frame of a window holding the sash : چوکھٹ

Windpipe, *n.* The passage for the breath to and from the lungs : حلقوم - گلا - ٹینٹوا

Windward, *a.* On the side toward which the wind blows : ہوا کے رخ

Windy, *a.* Consisting of wind ; tempestuous ; flatulent ; empty : ہوادار - طوفانی - بادی - خالی * **—joy,** بےہودہ خوشی * **—applause,** بے معنی تعریف

Wine, *n.* The fermented juice of the grapes ; a drinking intoxication : انگوری شراب - بنت العناب - میفروشی - نشہ * **When wine is in, wit is out,** مدای مت بہاؤ

Wine bibber, *n.* A habitual drinker of wine : شرابی

Wine-merchant, *n.* A dealer in spirituous liquor : میفروش

Wing, *n.* The limb of a bird by which it flies : پر - بازو * Flight : پرواز * The side of a building : عمارت کا بازو * **On the —,** flying ; speeding : اڑتا ہوا - شتابکار * **To take —,** to fly away : اڑجانا * **Upon the wings of the wind,** ازحد نہایت تیز رفتاری سے - بادرفتاری سے * **Winged haste,** شتابی * *v. t.* To furnish with wings : to cut off the wings of : پر لگانا - کاٹ ڈالنا

Wink, *v. i.* To shut the eyes ; to blink ; to hint ; to connive at : آنکھ بند کرنا - آنکھ جھکانا - پلک مارنا - اشارہ کرنا - اغماض کرنا * **To —at,** to connive at : چشم پوشی کرنا * *n.* A closing of the eyelids ; a hint by the eye : جھپکی - آنکھ کا اشارہ - چشمک - سین

Winning, *a* Attracting ; pleasing : - دلکش - دلربا *a.* The sun gained in competition : جو کچھ بازی میں جیتا جائے

Winnow, *v. t.* or *i.* To separate the chaff from : to sift : پھٹکنا - پچھوڑنا - چھاننا

Winter, *n.* The cold season of the year : - سرما - جاڑا * *v. t.* To pass the winter : جاڑا کاٹنا

Wintry, *a.* Suitable to winter : سرمائی - زمستانی

Wipe, *v. t.* To clean by rubbing ; to rub off : صاف کرنا - مٹانا - پونچھنا * **To —away, —off** to cleanse ; to remove : صاف کرنا - مٹانا

Wipe, *n.* A rub ; a blow ; a jeer : - پونچھن - چوٹ - طعن

Wire, *n.* An even thread of metal : تار * *v. t.* To bind with wire ; to telegraph : - تار سے باندھنا - تار سے خبر دینا

Wire puller, *n.* One who pulls the wires, as of a puppet ; an intriguer : تار کھینچنے والا (جیسے کٹھپتلیونکا) - سازش کرنے والا

Wiry, *a.* Made of or resembling wire : - تار کا - مثل تار

Wisdom, *n.* Quality of being wise ; prudence ; sagacity : علم - دانش - عقل - دانائی - فراست

Syn.—Enlightenment, prudence, reason, sagacity.

Ant.—Absurdity, foolishness, ignorance, nonsense.

Wise, *a.* Learned ; discerning ; judicious ; crafty : عالم - دانا - زیرک - مدبر - ہوشیار

Wise, *n.* Manner or way : طور یا طریقہ. **In no—,** in no way : کسی طور سے نہیں * **On this—,** in this manner : اس طرح سے

Wiseacre, *n.* A simpleton ; a fool : احمق - کودن

Wisely, *ad.* In a wise manner : دانائی سے - عاقلانہ

Wish, *v. t.* or *i.* To desire ; to invoke ; to long : خواہش کرنا - درخواست کرنا - چاہنا * *n.* Desire ; object of desire ; imprecation : - خواہش - آرزو - تمنا - مقصد - درخواست

Wishful, *a.* Desirous ; desirable : - خواہشمند - مشتاق - دل پسند

Syn.—Desirous, longing, eager.

Wisp, *n.* A small bunch or bundle of straw or hay ; a wisk : مٹھا - پولا - جھاڑو

Wistful, *a.* Pensive ; longing : - متفکر - مشتاق - آرزومند

Wit, *n.* Intellect ; a mental faculty ; cleverness in repartee; facetiousness : سمجھ - تمیز - ظرافت - حاضر جوابی * Humorist : ظریف - حاضر جواب - لطیفہ سنج * *v. i.* To know : جاننا * **To wit,** یعنے - ارتھات

Wits, *n. pl.* Soundness of mind : ہوش و حواس * **To lose one's —,** ہوش جاتے رہنا * **Out of one's—,** بدحواس * **At one's wit's end,** حواس باختہ - متحیر * **To live by one's wits,** حکمت عملی سے گذران کرنا

Witch, *v. t.* To enchant ; to fascinate :- جادو کرنا - فریفتہ کرنا *n.* A woman practising sorcery : جادوگرنی - ساحرہ - ڈاین

Witchcraft, *n.* Practices of witches ; sorcery : سحر - افسوں - جادو

Witchery, *n.* Enchantment ; fascination : - سحر - جادو - فریفتہ گری

With, *prep.* By (noting connection) ; on the side of : ساتھ - سے - مع - پر

Withal, *adv.* With the rest ; likewise : - علاوہ بریں - ایسے ہی

Withdraw, *v. t.* or *i.* To take back ; to recall ; to retire : لوٹا لینا - جدا کرنا - واپس لینا - پھیر لینا - دست بردار هونا

Withdrawal, *n.* Act of withdrawing or taking back : واپسي - دست برداري

Wither, *v. t.* or *i.* To fade ; to dry up ; to languish ; to cause to fade and become dry : کملانا - مرجھانا- خشک هو جانا - برباد هونا - مرجھادینا ۔ سکھا دینا

Withold, *v. t.* To hold back ; to keep back : روکنا - تھامنا - دبا رکھنا

Within, *prep.* In the inner part : - درمیان بیچ میں - اندر * *adv.* Inwardly : اندر میں

Without, *prep.* Not within ; beyond ; not with ; unless : باهر - پرے - بدون - بجز * *adv.* On the outside : باهر - بیروں

Withstand, *v. t.* To oppose ; to resist : مقابله کرنا - باز رکھنا

Witness, *n.* Evidence ; attestation ; a deponent: شهادت - گواهي - گواه * *v. t.* or *i.* To observe ; to attest ; to give evidence : - دیکھنا - گواهي دینا شهادت دینا

Witticism, *n.* A witty remark ; a low kind of wit : ظرافت - مذاق - بھونڈي جگت

Wittily, *adv.* In a witty manner : ظرافت سے - مذاقاً

Wittingly, *adv.* Knowingly : دیده و دانسته - جان بوجھ کے

Witty, *a.* Possessing wit or humour ; good at repartee ; sarcastic : - زیرک - تیز فهم - حاضر جواب - طعن آمیز

Wive, *v. t.* To match to a wife ; to wed : ازدواج کرنا - شادي کرنا

Wizard, *n.* An enchanter ; a sorcerer : - ساحر جادو گر

Syn.—Conjurer, enchanter, sorcerer.

Wizardry, *n.* Sorcery ; witchcraft : - جادوگري ساحر سازي

Wizen, *v. t.* To dry up ; to wither : - خشک هونا سوکھ جانا

Woe, *n.* Grief ; a curse : رنج - ماتم - سراپ - بددعا

Woe-begone, *a.* Overwhelmed with grief and sorrow : غم میں ڈوبا هوا - دلگیر

Woeful, *a.* Sorrowful ; calmitous ; wretched : غمگین - رنج آمیز - منحوس

Syn. **Calamitous, afflictive, miserable.**

Wolf, *n.* A fierce wild animal allied to the dog : گرگ - بھیڑیا *—in sheep's clothing, a pretender ; an impostor : دغاباز * To keep the — from the door, to keep away poverty or starvation : مفلسي اور محتاجي کو دور رکھنا * Wolves may lose their teeth, but not their nature, چور چوري سے گیا تو هیرا پھیري سے بھي گیا

Woman, *n.* The female of man; an adult female ; a female servant : زن - استري - عورت - لونڈي

Womanhood, *n.* The qualities of a woman : استري پن

Womanish, *a.* Feminine ; unmanly : زنانه -نامرد

Womankind, *n.* Women collectively : عورت ذات

Womb, *n.* The place where anything is generated or produced ; any deep cavity : - رحم - کوکھ - بچّه‌دان - غار

Won, *pp.* of Wine : جیتا

Wonder, *n.* Astonishment ; a prodigy ; a miracle : معجزه - حیرت - تعجب - عجیب شے * Nine days' wonder, چار دن کي چاندني * *v. i.* To be surprised ; to doubt : - تعجب کرنا - متحیر هونا - شک کرنا

Wonderful, Wondrous, *a.* Astonishing ; strange : حیرت انگیز - عجیب - نرالا - نادر

Wont, *n.* Habit ; custom ; use : - عادت - دستور - معمول * *v. i.* To be accustomed : عادي هونا- بان پڑنا

Woo, *v. t.* or *i.* To solicit in marriage ; to make love : شادي کي درخواست کرنا - محبت یا عشق کرنا

Wood, *n.* A forest ; the substance of trees ; timber : جنگل - بیابان - لکڑي

Wood-apple, *n.* A fruit with a hard nut : کیتھا

Woodcock, *n.* A bird of the snipe species : ایک قسم کا جنگلي مرغ

Wood cut, or Wood engraving, *n.* An engraving on wood : لکڑي کا چھاپا - نقش چوبي

Wooden, *a.* Made of wood : لکڑیکا

Woodland, *n.* Land covered with woods : جنگل

Woodman, *n.* A sportsman : شکاري

Woodpecker, *n.* A small bird of many species : هد هد - کٹھ پھوڑوا

Woody, *a.* Abounding with wood : جنگل سے بھرا هوا

Woof, *n.* The weft ; the cloth : بانا - کپڑا

Wool, *n.* The fleece of sheep, etc. : اون - رواں * —gathering, a foolish or fruitless pursuit : بیہودہ یا فضول کام

Woollen, *a.* Made of wool ; consisting of wool : اون کا - اوني - پشمي

Woollen-draper, *n.* A dealer in woollen goods : پشمینہ فروش

Woolly, *a.* Consisting of wool : اوني - پشمینہ

Woolstapler, *n.* One who deals in wool : اون فروش

Word, *n.* An expression ; the written characters ; discourse ; tidings ; saying ; promise : لفظ - کلمہ - حروف - گفتگو - خبر - مقولہ - وعدہ * In a—, briefly : حاصل کلام * —for—, verbatim : لفظ بلفظ * As good as one's—, faithful to an obligation : قول کا سچا - بات کا دھني * —of God, the Christian scriptures : انجیل * —of honor, a promise solemnly given : ایمان پر زباني اقرار * To eat one's—, to retract what one has said : بات پھیرنا * To suit the action to the **word,** جیسا کہنا ویسا فوراً کر گذارنا * Words of course, کہنے کي بات - بات کي بات * Word-catcher, one who cavils at words : حرف گیر - نکتہ چیں

Word, *v. t.* To express in words ; to phrase : ظاہر کرنا - بیان کرنا

Wordiness, *n.* Verboseness : طول کلامي

Wording, *n.* The manner of expressing in words : طرز بیان

Wordy, *a.* Verbose : طویل کلام

Work, *v. t.* To labour upon ; to effect ; to embroider ; to set in motion ; to manage ; to cause to ferment : محنت کرنا - پیدا کرنا - کار چوبي کرنا - چلانا - انتظام کرنا - جوش میں لانا * *v. i.* To labour ; to act ; to operate ; to be effective ; to carry on business ; to ferment : سعي کرنا - کوشش کرنا - کام کرنا - چلنا - اثر کرنا - کارو بار کرنا - جوش آنا * To—against, to act in opposition to : خلاف کارروائي کرنا * To—on, or upon, to act on ; to influence : اثر کرنا * To—a passage, to give one's service as an equivalent for passage money : کرایہ کے عوض کام کرنا * To—in, or into, to introduce artfully ; to insinuate : داخل کرنا - دخل پیدا کرنا * To—out, to solve : حل کرنا * To exhaust : خالي کرنا * To—up, to stir up ; to agitate : اُبھارنا - اُکسانا - بھڑکانا - گڑھنا - بنانا * To—oneself into the favour of, کسي کے جي میں گھر کرنا * *n.* Effort : محنت - کوشش * A thing to be done, performance : کام - عمل * A literary production : تصنیف * Achievement : کار گذاري * An effect : اثر * Treatment : سلوک * Embroidery : کار چوبي

Workhouse, *n.* A house in which able-bodied paupers are compelled to work : محتاجوں کا کار خانہ

Workman, *n.* A labourer ; skilful artificer or mechanic : مزدور - دستکار - کاریگر

Workmanly, *a.* Skilful : کاریگري کا

Workshop, *n.* A shop where any manufacture is carried on : کارخانہ - دوکان

World, *n.* The earth ; the universe ; the human race ; all which the earth contains ; a great multitude : زمین - دنیا - نوع انسان - مخلوقات - جہان * For all the—, exactly ; precisely ; entirely : ٹھیک ٹھیک - ھوبہو - بالکل * —without end, eternally ; unceasingly : ھمیشہ - مدام * What says the—? دنیا کیا کہتي ھے - دنیا کي کیا خبر ھے * To go to the world, بیاہا جانا - دنیا داري یا گرھست میں پڑنا

Worldling, *n.* One who is devoted to this world and its enjoyment : طامع دنیا - دنیا دار

Worldly, *a.* Of the world ; secular : دنیا کا - سنساري - دنیوي

Worm, *n.* Any small creeping animal ; anything spiral : کرم - کیڑا - کوئي پیچدار چیز * *v. i.* To work slowly and secretly : آھستگي اور پوشیدگي سے کام کرنا

Worry, *v. t.* To harass with care and anxiety ; to trouble ; to fatigue : تنگ کرنا - دق کرنا - تھکانا

Worry, *n.* Trouble ; anxiety : دقت - پریشاني

Worse, *a.* More bad ; more sick : بدتر - زیادہ خراب - زیادہ بیمار * None the—for, اس سے کچھ حرج نہیں - اسکا مضایقہ نہیں * *adv.* In a manner more evil or bad : بري طرح سے

Worse-half, *n.* A playful name for a husband : شوھر - خاوند

Worship, *n.* A title of honour : حضور - خداوند * Adoration : پرستش - پوجا - تعظیم * *v. t.* To respect ; to adore : عزت کرنا - عبادت کرنا - پوجا پات کرنا

Worshipful, *a.* Entitled to worship, reverence or high respect : واجب التعظیم - معظم

Worst, *a.* Bad in the highest degree : سب سے خراب * *v. t.* To gain advantage over ; to overthrow ; to defeat : جیتنا - غالب آنا - شکست دینا

Worsted, *n.* Yarn spun from combed wool : بٹا هوا اون - بٹي هوئي اون * **Worsted stockings,** اوني موزے

Wort, *n.* A plant ; a herb : ایک قسم کا پودا - بوٹي

Worth, *n.* Value ; excellence : قیمت - قدر - خوبي - جوهر * *a.* Equal in value to ; deserving of : قیمت کا - دام کا هموزن - لایق * **Not—while,** useless : فضول - بے کار ***—while, —the while,** worth the time, pains or expense : عمده - بقدر صرف وقت وغیره

Worthily, *adv.* Deservedly ; justly : حسب شان - بواجبي

Worthy, *a.* Deserving ; equal in value : قابل - لایق - همقدر - برابر کا * *n.* A man of worth : صاحب لیاقت

Wot, *v. i.* To know ; to be aware : جاننا - واقف هونا

Wound, *n.* A cut, stab, bruise, rent or the like ; injury ; damage : زخم - گهاؤ - ریش - چیر - صدمه - ضرر - نقصان

Wound, *v. t.* To hurt by violence ; to injure ; to pain : گهایل کرنا - نقصان پهنچانا - دل دکهانا

Wrangle, *v. i.* To dispute angrily ; to brawl : زور شور سے بحث کرنا - تکرار کرنا - جهگڑنا * *n.* An angry dispute : قضیه - جهگڑا - تکرار

Wrangling, *n.* Altercation : جهگڑا - تکرار

Wrap, *v. t.* To wind or fold together ; to involve : تهه کرنا - لپیٹنا - شامل کرنا ***To be wrapped in,** مالوف هونا - ساتهه لگا هونا * **To be wrapped up in,** مشغول هونا - منحصر هونا

Wrapper, *n.* That in which anything is wrapped ; a covering : بقچه - بسته - بیٹهن - لفافه - چادر

Wrath, *n.* Violent anger ; indignation ; fury ; rage : غصه - غضب - جذبه - قهر

Wrathful, *a.* Greatly incensed ; furious : غصه‌ور - خشم ناک - غضب ناک

Wreak, *v. t.* To execute in vengeance or passion : انتقام لینا - بدله لینا - پاداش یا مکافات لینا * **To—one's vengeance upon,** غصه اوتارنا

Wreath, *n.* Something twisted or curled ; a garland ; a chaplet : پیچ - هار - مالا - سهرا

Wreathe, *v. t.* or *i.* To twist ; to encircle ; to be entwined : لپیٹنا

Wreck, *v. t.* To destroy or seriously damage by dashing against the shore or rocks : غارت کرنا - برباد کرنا - تباه کرنا * *n.* Destruction ; ruin : بربادي - تباهي

Wren, *n.* A small perching bird : ایک قسم کي چهوٹي چڑیا

Wrench, *v. t.* To wrist, twist or force by violence ; to sprain : کهینچ لینا - اینٹهنا - چهین لینا - مروڑنا * *n.* A twist : مروڑا - اینٹهن * An instrument for turning bolts, &c. : پینچ کهولنے کا آله - سنسي

Wrest, *v. t.* To take away by force ; to distort : کهینچنا - مروڑنا - اُمیٹهنا * *n.* Violent pulling or twisting ; perversion : مروڑ - مروڑ - پلٹا

Wrestle, *v. i.* To contend in grappling ; to struggle : کشتي کرنا - زور آزمائي کرنا * *n.* A contest between two to throw each other down : کشتي

Wrestler, *n.* One who wrestles ; prize fighter : کشتي باز - پهلوان

Wrestling, *n.* The act of wrestling : کشتي - زور آزمائي

Syn.—Struggle, contention.

Wretch, *n.* A miserable person ; a base, despicable person : بدبخت - کمبخت - مردود

Wretched, *a.* Very miserable ; worthless : بدبخت - کمبخت - ناچیز

Wriggle, *v. t.* or *i.* To move to and fro with short motion : کلبلانا - لوٹنا - تڑپنا - کیڑے کي طرح اینٹهه اینٹهه کے چلنا

Wright, *a.* A workman ; an artificer : کاریگر - دستکار

Wring, *v. t.* or *i.* To twist ; to wrench ; to squeeze ; to distress : مروڑنا - مڑنا - اینٹهنا - نچوڑنا - تکلیف دینا * **—off,** to put off with a twist : مروڑ کر جدا کر لینا * —out, to squeeze out; to extort : نچوڑ لینا - چھین لینا

Wrinkle, *v. t.* or *i.* To corrugate; to contract into furrows : سکڑن ڈالنا - شکن ڈالنا - سکڑنا * To —up the nose, ناک چڑھانا * *n.* Crease; roughness; fancy : شکن - جھري - ناہمواري - وہم

Wrist, *n.* The joint by which the hand is united to the arm : پہنچا - کلائي

Wristband, *n.* That band or part of a shirt-sleeve which covers the wrist : انگرکھے کي بانہہ کي مہري

Writ, *n.* Anything written; a precept : - نوشتہ - حکمنامہ - پروانہ

Write, *v. t.* To set down; to inscribe; to compose; to engrave; to record : - تحریر کرنا - لکھنا - تصنیف کرنا - نقش کرنا - قلم بند کرنا * To—off, to account for : حساب دینا * To deduce : خارج کرنا - منہا کرنا * To—one's self, to style or call one's self : نامزد کرنا - کہلانا

Write, *v. i.* To form letters; to act as a clerk; to recite or relate in books : لکھنا - منشي گري کرنا - تصنیف یا تالیف کرنا * Write with learned, but speak with the vulgar, عالموں کي طرح لکھو عوام کي طرح بولو

Writer, *n.* A clerk; an author : - محرر - منشي - مصنف

Writership, *n.* The office of writer : محرري

Writhe, *v. t.* To twist with violence : - امیٹھنا - اینٹھنا

Writing, *n.* Act of writing; any thing written; a legal instrument; a book; an inscription : نوشتہ - تحریر - تصنیف - دستاویز - سند - کتاب - کتبہ *pl.* Official papers; deeds : - دفتر کے کاغذات - دستاویزات

Wrong, *n.* Injustice; injury; error : - ظلم - جور - نقصان - غلطي * In the—, غلطي پر غلط فہمي میں مبتلا *a.* Incorrect; unjust; not suitable : - غلط - دروغ - نامناسب - نادرست

Wrongly, *adv.* Not rightly; amiss : - غلطي سے - زور سے * *v. t.* To treat with injustice; to injure : بے انصافي کرنا - ظلم کرنا - نقصان پہنچانا

Wrongful, *a.* Ujust; injurious : - ناحق - بیجا - بے انصاف - مضر

Wroth, *a.* Very angry; indignant : - خشمناک - غضبناک - قہرناک

Wrought, *a* Worked into a tough state by welding and hammering : بنایا ہوا - ساختہ

Wry, *a.* Twisted; deviating; perverted : مروڑا ہوا - کبھرا - ٹیڑھا - الٹا * *v. t.* To wrist : - مروڑنا - اینٹھنا

X

Xanthine (*Pro. Zunthein*), *n.* A name of a certain yellow colouring matter : چند اقسام کے زرد رنگ

Xanthous, *a.* Yellow : زرد

Xebec, *n.* A small, three-masted vessel, used in the Mediterranean Sea : ایک قسم کا چھوٹا تین مستول کا جہاز

Xerotes, *n.* A dry habit of the body : بدن کي خشکي

Xiphoid, *a.* Resembling a sword : تلوار کي شکل کا

Xylography (*Pro. Zi-log-rofi*), *n.* The art of engraving on wood : لکڑي پر کندہ گري یا قلم کاري

Xylophagous, *a.* Subsisting on wood : چوب خوار - کاٹھ کھانیوالا

Xyster (*Pro. Zister*), *n.* A surgeon's instrument for scraping bones : آلہ جراحي ہڈیوں کے کھرچنے کا

Y

Yacht (*yot*), *a.* A light and elegantly furnished vessel for state pleasure, or racing purposes : امیرانہ چھوٹا جہاز - بجرا

Yahoo, *n.* A savage or barbarian : بنمانس - جنگلي آدمي

Yak, *n.* A species of ox : ایک قسم کا بیل - سراگائے

Yam, *n.* A large tropical esculent root : - اروي - رتالو - زمیں قند

Yammer, *v. i.* To speak or cry out loudly; to talk loosely : زور سے بولنا - چلانا - بیہودہ گفتگو کرنا

Yankee, *n.* An American : امریکہ کا رہنیوالا

Yap, *v. i.* To bark; to yelp · بھونکنا

Yard, *n.* A measure of length, three feet or thirty-six inches : درعہ - گز * A small enclosed ground : صحن - چوک

Yardstick, *n.* A stick three feet in length : گز

Yarn, *n.* Thread ; one of the threads of which a rope is composed : سوت - تاگا - تار - ڈورا * A story spun out : قصہ

Yarrow, *n.* A composite plant having a strong odeur and pungent taste : ایک قسم کي نبات

Yawl, *n.* A small ship's boat usually rowed by four or six oars : جہاز کے ساتھہ کي چھوٹي ناؤ - ڈونگي

Yawn, *v. i.* To gape ; to be eager : انگڑائي لينا - جمہائي لينا - چوڑا کرنا - خواهش کرنا * *n.* A gape ; an opening wide : انگڑائي - جمہائي کشادگي - شگاف

Ye, *pron.* Second person plural of Thou : تم - آپ لوگ

Yea, *adv.* Yes : هاں - بلے * *n.* An affirmative vote : اقرار - هاں

Yean, *v. i.* To bring forth, as a sheep : بهيڑ کا بيانا

Year, *n.* Twelve months : سال - برس - سمت * **Fiscal year,** سال حسابي * **Of tender years,** خردسال - کمسن * *n. pl.* Old age : کہن سالي - بڑهاپا * **Advanced in—s, stricken in—s, grey with—s,** aged : بڈها - پير - کہن سال * The **vale of—,** the decline of life : پيري - بڑهاپا * **—of discretion,** majority ; maturity : سن تميز بلوغ * **——of grace,** the Christian era : سن عيسوي

Yearling, *v.* Being a year old : ایک سال کا

Yearly, *a.* Annual : سالانہ * *adv.* Annually : سالانہ - هر سال

Yearn, *v. i.* To long ; to be eager : شوق سے چاهنا - ترسنا

Yearning, *n.* Longing desire ; tenderness : شوق - اشتياق - شفقت

Yeast, *n.* The froth of beer or other liquor in fermentation ; barm : خمير - جهاگ

Yeasty, *a.* Frothy ; foamy : جهاگدار - جهاگيلا

Yell, *v. i.* To utter a sharp outcry : چيخ مارنا - چچيانا * *n.* A sharp loud, hideous outcry : چيخ - چلاهٹ - چچياهٹ

Yellow, *a.* Of the colour of gold or brass : بسنتي - زرد - پيلا * *n.* A bright golden colour : زردي - پيلاهٹ * *v. t.* or *i.* To make or grow yellow : زرد کرنا يا هونا

Yellowish, *a.* Somewhat yellow : زردي مايل

Yellowness, *n.* The quality of being yellow : زردي - پيلاپن

Yelp, *v. i.* To utter a sharp, quick cry ; to bark shrilly : بهونکنا - بهوسنا

Yeoman, *n.* A freeholder ; a gentleman farmer : زميندار - مالگذار - کسان

Yeomanary, *n.* The collective body of yeomen or freeholders : عالم لوگ - رعايا

Yerk, *v. t.* or *i.* To strike suddenly ; to kick : جهٹکا مارنا - دولتي پهينکنا

Yes, *adv.* Yea ; a word expressing affirmation or consent : بلے - هاں - هوں - ارے

Yesterday, *a.* The day last past : ديروز - کل کا دن * *adv.* On the day last past : کل کو - کل کے دن

Yesternight, *n.* The night last past : دي شب - کل کي رات

Yet, *adv.* Besides ; still ; up to the present time ; after all : ماسوا - علاوہ - اُسپر بهي - هنوز - آخرالامر * *conj.* Nevertheless ; however : باوجوديکہ - تاهم - حالانکہ - ازبسکہ - تسپر بهي

Yew, *n.* An evergreen tree : ایک قسم کا سدا بہار درخت

Yield, *v. t.* To afford ; to produce ; to give up ; to admit : دينا - پيدا کرنا - برلانا - ترک کرنا * سپرد کرنا - قبول کرنا - تسليم کرنا - اطاعت کرنا **To—the breath,** دم چهوڑنا * *v. i.* To submit ; to comply with ; to give place to : مطيع هونا - راضي هونا - جگهہ دينا

Syn.—Submit, surrender, succumb, give in.

Ant.—Claim, den, refuse.

Yieldance, *n.* Act of complying with : رضامندي - تسليم

Yielding, *a.* Ready to submit, comply or yield : رضامند - مطيع

Syn.—Submissive, compliant, facile.

Yoke, *n.* An instrument to connect oxen for work : جوا * Servitude : غلامي * A pair : جوڑا * Link : زنجير * *v. t.* To put a yoke on ; to join ; to enslave ; to confine : نادهنا - جوئے ميں جوتنا - جوڑنا - حلقہ بگوش کرنا - پابند کرنا

Yokefellow, *n.* An associate or companion : ساتهي - همجولي

Yolk, *n.* The yellow part of an egg : انڈے کي زردي

Yon, *a.* Being at a distance within view : پرے کا - پرلا * *adv.* Yonder : پرے - وهاں - اودهر

Yonder, *a.* Being at a distance within view : پرے کا - پرلا * *adv.* At a distance within view : پرے - وهاں - اودهر

Yore, *adv.* In long time past ; long since : قديم پرانے وقتوں کا * Of—, زمانه ميں - سابق ميں

You, *pron.* Second person, singular or plural : آپ - تم - آپکو

Young, *a.* Not long born ; juvenile ; inexperience : کم سن - خورد سال - ناتجربه کار * *n.* The offspring of animals : بچه - پٹها

Youngster, *n.* A lad ; a young person : لڑکا - لونڈا - نوجوان شخص

Your, *pron. a.* Belonging to you : آپکا - تمهارا

Yourself, *pron.* Even you ; you only : آپ خود - تم آپ

Youth, *n.* The state or quality of being young ; the early part of life ; a young person ; young persons collectively : عالم شباب - جواني - جوان - جوان لوگ

Youthful, *a.* Young ; fresh ; vigorous : جوان - نو عمر - تازه - قوي

Youthfulness, *n.* The state of being youthful : جواني - نو عمري - عالم شباب

Yule, *n.* The old name of Christmas : بڑادن کا قديم نام

Z

Zany, *n.* A merry andrew ; a buffoon : مسخره - نقال - ڈهنڈورليا

Zeal, *n.* Passionate ardour in some pursuit ; enthusiasm : سر گرمي - حرارت - جوش - اشتياق

Syn.—**Ardour, eagerness, fervour, warmth, feeling.**

Ant.—**Apathy, indifference, torpor.**

Zealot, *n.* One full of zeal ; an enthusiast : سرگرم اور مستعد شخص - پرشوق

Syn.—**Enthusiast, fanatic, bigot, visionary, dreamer.**

Ant.—**Apostate, deserter, renegade, traitor.**

Zealous, *a.* Filled with zeal ; passionate ; enthusiastic : سرگرم - پر شوق - مشتاق

Syn.—**Ardent, eager, keen, earnest, fervent, fervid, warm, passionate.**

Ant.—**Apathetic, dispassionate, indifferent, calm, listless.**

Zealously, *ad.* Eagerly, enthusiastically : سر گرمي سے - اشتياق سے

Zebra, *n.* An African striped quadruped, allied to the horse : گور خر - زرج

Zebu, *n.* An East Indian bison : ناديا سانڈ

Zend, *n.* The primitive language of the Persian : ژند - اهل فارس کي قديم زبان

Zenith, *n.* The vertical point or highest point in the heavens opposite to the nadir or lower pole : سمت الراس

Zephyr, *n.* The west wind : پچهوا هوا - نسيم - باد صبا

Zero, *n.* Cipher ; nothing : صفر - بندي - ندارد

Zest, *n.* A piece of orange or lemon peel used to give flavour to liquor : نارنگي - ليمو کا چهلکا جو شراب ميں ذايقه کے واسطے ڈالتے هيں * A relish ; taste : سواد - ذايقه

Syn.—**Relish, flavour, savor.**

Ant.—**Disrelish, distaste.**

——, *v. t.* To give a flavour to : لذت دينا - مزه دار کرنا

Zig-zag, *a.* Having short, sharp turns : پيچدار - مروڑدار * *n.* Something that has short turns or angles : بهول بهلياں

Zinc, *n.* A metal of a brilliant white colour, with a shade of blue ; spelter : جستا

Zincography, *n.* An art in which the design is produced on and the printing done by a plate of zinc : جسته پر لوبهري نقاشي کا هنر - جسته پر کا چهاپه

Zodiac, *n.* An imaginary belt in the heavens in the middle of which is the ecliptic or sun's path : منطقة البروج - راس چکر

Zodiacal, *a.* Pertaining to the zodiac : منطقة البروج کے متعلق

Zone, *n.* A girdle : پٹکا - کمر بند * One of the five great divisions of the earth with respect to latitude and temperature ; circuit : منطقہ چکر

Zoography, *n.* The description of animals ; zoology : بیان حیوانات - علم حیوانات

Zoological, *a.* Pertaining to zoology : علم حیوانات کے متعلق

Zoologist, *n.* One versed in zoology : علم حیوانات کا ماہر

Zoology, *n.* The natural history of animals : علم حیوانات

Zoophagan, *n.* An animal which feeds on others : گوشت خور جانور

Zoophagous, *a.* Feeding on living animals : گوشت خور

Zoophyte, *n.* A body supposed to partake of the nature of an animal and of a plant : وہ شے جسمیں حیوانی اور نباتی خاصیت ہو

Zymotic, *n.* Causing fermentation : جوش یا خمیر پیدا کرنیوالا

Zymology, *a.* The doctrine of fermentation : جوش یا خمیر پیدا کرنے کا علم

[THE END.]

PUBLISHER'S NOTE

THIS is the Twelfth Edition of the "Student's Practical Dictionary" of the Hindustani language which was originally prepared for the use of students. Its successive revisions and repeated editions have made the work very popular. Particular care has been taken to expunge all words and phrases that might be regarded as inappropriate or objectionable from a young student's point of view, while on the other hand numerous legal words and phrases have been added in order to facilitate the work of law students, practitioners and translators. Besides, in this Edition the different senses in which words are used in ordinary prose and poetry are exhibited and, where necessary, illustrative sentences have also been given from standard authors.

This Dictionary is mainly based on Shakespeare's Hindustani Dictionary and the Compilers have invariably consulted the works of other eminent Oriental scholars such as Platts, Forbes, Fallon and Richardson.

While thanking the public for the kind patronage accorded to the former editions, the Publisher hopes the present one will meet with an equally cordial reception and will prove of material benefit to English knowing Clerks and Civil and Military Officers who are required to pass examinations in the Hindustani language.

Under the circumstances, the Publisher has every hope that this edition of the Dictionary will receive the patronage of the educated public who are in need of its assistance.

ALPHABETICAL LIST OF ABBREVIATIONS

A.	for	Arabic.	*Gram.*	for	Grammar.
Act.	,,	Active.	*H.*	,,	Hindi.
adj.	,,	Adjective.	*Intj.*	,,	Interjection.
adv.	,,	Adverb.	*Lit.*	,,	Literally.
Alg.	,,	Algebra.	*Log.*	,,	Logic.
Anat.	,,	Anatomy.	*Med.*	,,	Medical.
Arith.	,,	Arithmetic.	*Math.*	,,	Mathematics.
Astro.	,,	Astronomy.	*Mech.*	,,	Mechanics.
Bot.	,,	Botany.	*Myth.*	,,	Mythology.
Caus.	,,	Causative.	*N.*	,,	Noun.
Chem.	,,	Chemistry.	*Opp.*	,,	Opposite.
Colloq.	,,	Colloquial.	*P.*	,,	Persian.
Compos.	,,	Composition.	*Part.*	,,	Participle.
Comp.	,,	Compound.	*Plu. pl.*	,,	Plural.
Conj.	,,	Conjunction.	*Poet.*	,,	Poetical.
Contr.	,,	Contraction.	*Port.*	,,	Portuguese.
Corr.	,,	Corruption.	*Prep.*	,,	Preposition.
Dim.	,,	Diminutive.	*Pro.*	,,	Pronoun.
E., Eng.	,,	English.	*Prov.*	,,	Proverb.
F.	,,	Feminine.	*S.*	,,	Sanskrit.
Fig.	,,	Figuratively.	*T.*	,,	Turkish.
G.	,,	Greek.	*Theo.*	,,	Theology.
Geol.	,,	Goelogy.	*V.*	,,	Verb.
Geom.	,,	Geometry.	*Vulg.*	,,	Vulgar.

THE STUDENT'S PRACTICAL DICTIONARY

OF THE

HINDUSTANI LANGUAGE

URDU-ENGLISH

ا alif, A. *n. m.* The first letter of the Arabic, Persian and Urdu alphabets. It is pronounced according to the vowel points (اعراب) which accompany it, *e.g.*, ا with زبر *zabar* (اَ) sounds as the English *u* in *run* ; ا with زير *zer* (اِ) sounds as the English *i* in *sin* ; ا with پيش *pesh* (اُ) sounds as the English *u* in *full* ; ا with زبر *zabar* and مد *mudd* (آ) sounds as the English *a* in *rather* : ا with زبر *zabar* followed by و (اَو) sounds like *ou* in *mouse* ; ا with پيش *pesh* followed by و (اُو) sounds like *oo* in *fool* and *o* in *hole* ; ا with زير followed by ي (اِي) sounds like *i* in *caprice* and *e* in French *fete*. Numerically in *abjad* ا stands for number 1.

اب *ab*, H. *adv.* Now ; presently ; just now. اب بهي —bhí, *adv.* even now ; yet ; as yet ; still ; to the present time or moment. اب تب —tab. *adv.* now and then ; occasionally. اب تب کرنا —tab karná, *v.* to evade ; to delay ; to shuffle. اب تب هونا —tab honá, *v.* to be at the point of death ; to be about to die ; to be at the last gasp. ابتک —tak, ابتلک —talak, अबलौं اب اوں —lon, *adv.* till now; hitherto; yet; still. اب سے —se, *adv.* henceforth ; from this time ; henceforward ; in future. اب سے دور ab-se-dur, int. Far be it from us ! God forbid ! avaunt ! ابکا —ká, *adj.* of the present time ; the next ; the following. ابهي —hí, *adv.* just now ; instantly ; already ; this very moment ; immediately.

اب ab, A. *n.m.* (*Contr. of* ابو *Abú*). A father.

آب áb, A. *n. m.* Water ; sparkle ; splendour ; elegance ; dignity ; honour ; magnificence ; polish ; lustre or water (in gems) ; temper (of steel) ; edge or sharpness (of a sword). آب آب هونا —áb honá *v.* to be drenched with perspiration ; to blush ; to be thoroughly ashamed.

نرگس مست یار کے آگے
هوئي غيرت سے آب آب شراب. (ناسخ)
Nargis i-mast-i-yár-ke-áge,
Hui ghairat se áb áb sharáb.

آب اُترنا —utarná, *v.* to lose lustre or polish ; to fade ; to lose honour. آب احمر —i-ahmar, *n. m.* the Red Sea. (Bahr-i-Qulzam). آب باران —i-bárán, *n. m.* rain water. آب بستہ —i-basta, *n. m.* ice ; glass. آب بازي —bází, *n. f.* play or sport in water ; swimming. آب بگڑنا —bigaṛná, *v.* to lose lustre ; to be disgraced. آب پاشي —pashi, *n. f.* sprinkling water ; irrigation. آب تاب —táb, *n. m.* lustre ; splendour ; dignity ; glory. آب جاري —i-jári, *n. m.* running water ; a rivulet ; tears running down the cheeks. آب جو —jú, *n. m.* a stream : a rivulet. آب جوش —josh, *n. m.* broth ; gravy ; juice of cooked meat. آب چڑھانا —chaṛháná, *v.* to polish ; to burnish or temper (steel, etc.) ; to whet ; to sharpen (a sword, &c.). آب چشم —i-chashm, *n. m.* tears. آب حرام —i-harám, *n.* m. unclean or forbidden water ; wine ; hypocritical tears. آب حسرت i-hasrat, *n. m.* water of desire ; longing ; remorse. آب حيات - آب حيوان -i-hayát,—haiwán, *n. m.* water of life ; a fabulous spring containing the water of immortality. آب خانہ —ḳhána, *n. m.* repository of water. آب خست —i-ḳhist, *n. f.* a melon. آب خضر —i-ḳhizr, *n. m.* the water of life. آب خورہ —ḳhora, *n. m.* a narrow-mouthed vessel for holding water. آب خورد —ḳhurd, *v.* meat and drink. آب خيز —ḳhez, *n. m.* a soil in which water rises up if dug into but little; a swell of water; ground where water is found after digging a little way. آب دار—dár, n. m. butler; the person having charge of the drinking water or wine; *adj.* polished; clear (as gems); well-tempered (as steel); sharp (as sword). آب دانه—dána, آب و دانه—o-dána, *n. m.* drink and food; lot; employment; means of subsistence; destiny. آب دست—dast, *n. m.* water for washing the hands, &c., (after evacuation); washing one's self after easing nature (this is the common signification of the word in India). آب دندان—dandán, *n. m.* sharpness and polish of the teeth; a species of pear; watering of the mouth; a kind of pomegranate; *adj.* water base. آب دهن—dahan, *n. m.* saliva; water of the mouth. آب دیده—dida, *adj.* in tears; weeping. آب دیده هونا didi honí, *v.* to have tears; to have tears in the eyes; to shed tears. آبرو—rú, *n. f.* honour; character; fame; grandeur. آبرو أتارنا rú utárná, to disgrace; to defame; to dishonour; to violate the chastity (of). آبرو رکهنا—rú rakhná, to preserve honour or reputation. آبرو ریزي—rú rezí, *n. f.* slander; calumny. آبرو میں بٹا لگنا—آبرو میں فرق آجانا—rú meṉ baṭṭá lagní, rú meṉ farq á jáná, *v.* to be stained in character or reputation. آب روان—i-rawáṉ *n. m.* running water; a kind of extremely fine muslin. آب زر—i-zar, *n. m.* golden water. آب زلال—i-zulál, *n. m.* pure, clear water. آبشار—shár, *n. m.* A water-fall; a cascade. آب شور—i-shor, P. *n. m.* salt-water; sea-water. آب عشرت—i-'ishrat, *n. m.* wine. آبکار—kár, *n. m.* a water-carrier; a distiller or seller of spirituous liquors. آبکاري—kárí, *n. f.* distillery; liquor-shop; excise. آب کش—kash. *n. m.* one who draws water. آب کوثر—i-kausar, *n. m.* nectar; the water of the river Kausar, fabled to flow in Paradise with milk and nectar. آب گذار—guzár, *n. m.* a passage of a river; a water-course. آب گرم i-garm, *n. m.* warm water. آب گوشت—i gosht. *n. m.* soup; gravy. آب گیر—gír, *n. m.* a pond; a weaver's brush. آبگینه—gína, *n. m.* a mirror; a drinking glass; diamond. آب مقطر—i-muqattar, *n. m.* distilled water. آبنائے—nái, *n. f.* (*Geog.*) a strait. آب نقره—i-nuqra, *n. m.* quicksilver; mercury. آب و هوا—o-hawá *n. f.* climate. آبیاري—yári P. *n. f.* watering; a kind of thin linen cloth; a species of dove. آب یخني—i-yakhni, *n. m.* water in which meat has been boiled down.

إبا ibá, A. *n. m.* Detesting; refusing; denial.

آبا ábá A. *n. m.* (*Plu. of* ابو *Abú*) Fathers; forefathers. آبا و اجداد—o-ajdád, *n. m. Plu.* ancestors; family; lineage.

ابا abbá H. *n. m.* (*Colloq*). Father. ابا جان—ján, *n. m.* dear father; dear papa.

ابابیل abábil, A. *n. m.* A swallow; a martin.

اباحت ibahat, A. *n. f.* Permission; leave; liberty; license.

آباد ábád, P. *adj.* Inhabited; populated; peopled; full of buildings and inhabitants; cultivated; flourishing; prosperous; happy; (commonly used as a last member of compounds in the sense of city or town) as اله آباد Allahabad, &c.; (*Law*) revenue-paying lands. آبادکار—kár, *n. m.* a settler on waste land. آباد کرنا—karná, *v. t.* to settle; to build; to cultivate; to colonise; to make a place habitable and populous.

آباداني ábádání, P. *n. f.* A habitation; a cultivated or inhabited place; abundance; prosperity.

آبادي ábádí, P. *n. f.* Village site; population; the people living in a place; prosperity.

إبارت ibárat, A. *n. f.* Fecundity, destruction; ruin; loss.

أبارنا ubarná, उबारना H. *v.* To release; to set at liberty; to liberate. [boiling ebullition.

اباک abák, अवाक, (colloq.), H. *adj.* Struck with amazement; speechless; silent.

أبال ubál, उबाल, H. *n. m.* Swelling with rage or anger; boiling; ebullition. أبالنا ubálná, *v. t.* To boil; to make boil.

آبان ábán, P. *n. m.* The eighth month of the Persian year. [ing to one's ancestors.

آبائي ábáí, P. *adj.* Ancestral; paternal; belong-

إبتدا ibtidá A. *n. f.* Commencement; beginning;

source ; origin. إبتدا ميں—men, *adv.* in the beginning ; at first ; originally. إبتدائي ibtidái *adj.* preliminary ; primary ; prefatory. إبتدائي رسوم ibtidái rusúm, initiatory rites.

إبتداع ibtidá, A. *n. m.* Invention ; innovation ; producing of something new.

إبتذال ibtizál, A. *n. m.* Meanness ; vileness ; contempt.

ابتر abtar, A. *adj.* Ruined ; spoiled ; defaced ; vitiated ; destitute ; miserable ; confused ; disordered ; poor. ابتر کرنا—karná, *v. t.* to ruin ; to spoil ; to vitiate ; to disorder ; to shuffle (playing cards).

ابتري abtari, A. *n. f.* Destruction ; ruin ; worthlessness

إبتسام ibtisám, A. *n. m.* Smiling ; cheerfulness; hilarity ; gaiety.

إبتلا ibtilá. A. *n. m.* Temptation ; trial ; misfortune.

إبتهاج ibtiháj. A. *n. m.* Gladness ; cheerfulness ; happiness.

أبٹن ubtan, उबटन, H. *n. m.* A cosmetic ; an unguent ; a mixture of perfumes, oil, flour. etc., used to rub the body with. أبٹن ملنا—malná, *v.* to rub the body with *ubtan*.

ابجد abjad, A. *n. m.* The arrangement of the Arabic alphabets ; a mode of reckoning numbers by the letters of the alphabets. ابجد خوان—khwán, *n. m.* one who is beginning to learn his alphabets ; a beginner.

ابچار abichár, अविचार, H. *n. m.* Thoughtlessness ; indiscretion ; want of consideration.

ابخره abkhara, A. *n. m.* (*Plu. of* بخار *Bukhar*). Vapours ; steam ; evaporation ; fumes ; delirium.

ابخل abkhal P. *adj.* More, most or very covetous

ابد abad, A. *n. m.* Eternity ; time without end. ابدالآباد ul-ábád, *adj.* eternity of eternities ; for ever and ever.

ابداً abadan, A. *adj.* For ever ; eternally.

إبداع ibdá', A. *n. m.* The production of something new ; invention of something new ; invention ; publication.

إبدال ibdál, A. *n. m.* Change ; exchange ; substitution.

أبدال abdál, A. *n. m.* (*Plu. of* بديل *Badil*) Devotees ; religious persons.

ابدھا abudha, अबुध, H. *adj.* Ignorant ; deficient of understanding or sense ; unwise ; foolish.

ابدي abadí, A. *adj.* Eternal ; endless ; immortal.

أبدب کرنا ubdab karná, उबडब करना, (colloq.), H. *v. i.* To sink and rise alternately ; to breathe quickly; to be at the last gasp.

ابر abr, P. *n. m.* A cloud. ابر چھانا—chhäná, *v. i.* to be cloudy or overcast ; clouds to overshadow. ابردار - dár, *adj.* cloudy ; waterlined. ابر غليظ—i-galíz, *n. m.* a thick cloud. ابر عالمگير – i-álamgír, *n. m.* rain clouds which cover a large extent of country. ابر مرده—i-murda, *n. m.* a sponge.

ابرا abrá P. *n. m.* The outer fold of a double garment (distinguished from *astar*, the lining).

إبرا ibrá, A. *n. m.* Remission ; release ; acquittance. إبراء ذمه—i-zimma, exemption from responsibility. إبراء نامه—i-náma, *n.* a deed of remission of dower.

إبراد ibrád, A. *n. f.* Cooling; experiencing cold weather.

ابرار abrár, A. *n. m.* (*Plu. of* بر *Birr.*) Just, holy, pious men ; saints.

ابراز abráz, A. *v.* To open the secret ; to express ; to divulge.

ابراق abráq, A. *n.* Fall of lightning ; sandy grounds.

إبراهيم Ibráhím, A. *n. m.* Abraham (the Patriarch.

إبرام ibrám, A. *n. m.* Earnest request ; pressing necessity ; solicitation.

ابرش abrash, A. *adj.* Marked with spots of various colours or shades of colours ; a piebald horse.

ابرص abras, A. *adj.* Leprous ; having leprosy.

ابرق abraq, A.
ابرک abrak, H. } *n. m.* Talc ; mica.

أبرنا ubarná, उबरना, H. *v.* To be set at liberty ; to remain over ; to exceed ; to economise ; to be kept in reserve ; to be left over as a surplus.

ابرو abrú, P. *n. f.* The eyebrow. ابرو پر بل آنا - par bal áná, *v.* to knit the brow ; to frown.

ابرودھ abirodh अविरोध, (colloq.). H. *n. m.* Tranquillity ; quietness ; peace.

ابرودھي abirodhí, अविरोधी, (colloq.), H. *adj.* Peacealbe; tranquil; *n. m.* a peaceable person.

ابري abrí, P. *adj.* Clouded ; mottled ; *n. f.* marble ; a kind of thick and shining paper.

ابریشم abresham, P. *n. m.* Silk ; raw silk ; sewing silk.

ابریشمي abreshmí, P. *adj.* Made of silk.

ابریق abríq, A. *n. m.* An ewer ; a water-pot ; a water-pot with a spout and a handle.

ابس a-bas, अबस, H. *adj.* Disobedient, not under control ; unsubmissive to other's will.

أبسال absál, P. *n. m.* A vineyard ; a garden.

آبستگي ábastagí, } P. *n. f.* Pregnance.
آبستني ábastaní, }

آبستہ ábasta, P. *adj.* Pregnant (a woman) ; a new-born (babe) ; with young (an animal).

ابسن a-basan, अबसन, H. *adj.* Naked ; without clothes.

أبسنا ubasná, H. *v.* To putrefy ; to become fetid ; to smell offensive (meat or food).

ابسواس a-biswás, अबिस्वास (colloq.), S. *n.m.* Want of confidence ; faithlessness ; suspicion.

ابسواسي a-biswásí, अबिस्वासी, (colloq.), S. *adj.* Incredulous; suspicious ; distrustful.

ابشیک abshek, अबिषेक, (colloq.), S. *n.m.* Sprinkling of water ; religious bathing ; royal unction ; inauguration.

ابصار absár, A. *n. m.* (*Plu. of* بصر *Basr*). Eyes ; understanding ; views.

ابطال abtal, A. *n. m.* Quashing ; rendering null; refutation ; act of destroying or annihilation.

ابعاد ثلاثہ ab'ád-i-salása, A. *n. m.* The three dimensions, length, breadth and depth or thickness.

ابعد ab'ad, A. *adj.* Further ; furthest ; most distant or remote.

ابقا ibqa, H. *n. m.* Confirmation ; preservation ; prolongation ; rendering permanent.

أبکا ubká, उबका, H. *n. m.* The slipknot placed round the neck of a vessel for drawing water with it.

ابکار abkár, A. *n. f.* (*Plu. of* بکر *Bakr*). Virgins.

ابکائي ubkáí, उबकाई, H. *n. f.* The act of vomiting.

أبکنا ubakná, उबकना, H. *r.* To vomit ; to disgorge ; to expel ; to cast out.

ابل abal, अबल, S. *adj.* Weak ; feeble.

إبل ibl, A. *n. m.* Camel.

ابلا abalá, अबला, S. *adj.* Powerless ; *n. f.* a woman. ابلائي abláí, *n. f.* weakness. ابلاپن ablápan, *n. f.* frailty. [lustring,

إبلاج ibláj, A. *n. m.* Brightening ; splendouring;

ابلاس iblás, A. *n. m.* Being hopeless and sad ; compounded ; being unreasonable.

إبلاغ iblág, A. *n. m.* Causing to arrive; sending; conveying ; complements ; messengers.

ابهلاکها abhilákhá, अभिलाषा, H. *n. f.* Desire ; longing ; wish..

أبلانا ubláná, उबलाना, H. *v.* To cause to boil.

ابلق ablaq, A. *adj.* Piebald ; black and white ; mottled.

ابلقا ablaqá, A. *n. m.* A bird of the maina kind; a starling. [diligence ; quickness.

ابلمب a-bilamba, अबिलम्ब, (colloq), S. *n.m.* Haste;

أبلنا ubalná, उबलना, H. *v.* To rise ; to mound ; to boil ; to swell ; to flow over. [sugar-candy.

أبلوج or أبلوچ áblúj or áblúch, S. *n. m.* White

آبلہ ábila, P. *n. m.* A blister. آبلہ پا —pá, *adj.* having blister on the feet.

ابلہ ablah, A. *adj.* Simpleton ; silly ; stupid ; bashful. ابلہ فریب —fareb, *n.* a sly, wily knave ; an impostor.

ابلہي ablahí A. *n. f.* Foolishness.

إبلیس iblís, A. *n. m.* The devil ; Satan.

ابلیم iblím, A. *n. m.* Ambergris ; honey.

ابن ibn, A. *n. m.* A son ; child. ابن الامیر —ul-amír, *adj.* high-born ; of noble blood. ابن السبیل —ul-sabil, *n. m.* a traveller. ابن الغرض —ul-garaz, *n. m.* selfish person. ابن الوقت —ul-waqt, *n. m.* a time-server.

ابناء abnáe, A. *n. m.* (*Plu. of* ابن *Ibn.*) People ; tribes. ابناء جنس -i-jins, *n. m.* of the same quality or rank ; companions, equals. ابناء دهر —i-dahar, ابناء روزگار —i-rozgar, *n. m.* sons of the age ; contemporaries.

ابناسي a-binásí, अबिनासी (colloq), S. *adj.* Imperishable ; immortal ; eternal.

ابنت ibnat, A. *n. f.* A daughter.

آبنوس ábnús, P. *n. m.* Ebony. آبنوسي —í, *adj.* made of ebony ; black.

آب نئے áb-i-naí, P. *n. m.* The perpendicular tube of *huqqa* on which the *chilam* is fixed.

ابو abú, A. *n. m.* Father, originator, author. ابوالبشر —ul-bashar, *n. m.* the father of the human race ; Adam. ابوالفضل —ul-fazal, *n. m.* father of excellence ; the Secretary of Emperor Akbar. ابوبکر —Bkar, *n.* the father of the virgin; the father in-law and first successor to Mohammad. ابو تراب -Tur.b, *n.* The father of clay, nick name of Alí, the son-in-law of Mohammad. ابوجهل -Jehal, *n.* The father of ignorance; an uncle of Mohammad. ابوهريره—Huraira, The father of the cat; the nickname of one of the companions of Muhammad who was in the habit of carrying a pet cat with him.

ابوي abawi A. *adj.* Paternal.

ابواب abwáb, A. *n. m.* (*Plu. of* باب *Báb*). Doors; chapters; cesses; imposes; taxes. ابواب بيبجا—i-bejá, *n.* illegal cesses. ابواب ناجايز -i-nájaiz, *n.* unauthorized cesses.

ابوجهه a-búјh, अबूझ, S. *adj.* Void of understanding; stupid; deficient in sense; dull-headed.

ابوجها abújhá, अबूझा, S. *adj.* Incomprehensible; not; understood.

ابوده a-bodh, अबोध, S. *n. m.* Stupidity; foolishness; stupid; foolish; frightened.

ابول abôl, अबोल, H. *adj*; dumb; silent.

ابولا abolá, अबोला, H. *adj.* Silent; reserved; *n.* an infant.

اِبهاج ibháj, A. *n. m.* Gladness; joy.

ابهار abhár, अभार, S. *n. m. adj.* Light; of little weight.

اُبهار ubhár, उभार, H. *n. m.* Swelling; plumpness; prominence; budding; excitement; persuasion; act of stirring.

اُبهاڑنا-اُبهارنا ubhárná, उभारना, ubhárná, उभाड़ना, H. *v. t* To raise up; to lift; to unload; to induce; to excite; to persuade.

ابهاگ abhág, अभग्य, H. *n. m.* Misfortune; adversity; ill-luck.

ابهاگا abhágá, अभागा, S. *n. m.* An unfortunate, destitute person; a poor wretch; a scapegrace; *adj.* unlucky; ill-starred.

اِبهام ibhám, A. *n. m.* Suspicion; confusion; ambiguity; the thumb *adj.* concealed; unknown.

ابهپرائے abhipráe, अभिप्राय, S. *n. m.* Meaning; intention; aim; desire; the gist of a book.

ابهدهان abhidána, अभिधान, S. *n. m.* A lexicon; a vocabulary; a dictionary.

اُبهرا ubhrá, उभरा, H. *adj.* Unladen; excited.

اُبهرانا ubhráná, H. *v. t.* To cause to overflow; to fill a vessel till it runs over.

ابهرک abhrak, अभरक, S. *n. m.* (*Geol.*) Talc; mica.

آبهرن ábharana, आभरण, S. *n.* Jewels; ornaments; decorations.

اُبهرنا ubharná H. *v. i.* To rise; to grow; to run over; to recover; to rally; to depart; to steal; to be unloaded.

ابهشکت abhishikt, अभिषिक्त, S. *adj.* Sprinkled; baptized; appointed to an office; inaugurated.

ابهشيک abhisheka, अभिषेक, S. *n. m.* Consecrating by sprinkling Ganges water; inauguration of a king; royal unction; installation; bathing.

ابهک ubhak, उभक, H. *n. m.* A bear.

ابهکت a-bhakta, S. अभक्त, *adj.* Impious; indifferent.

ابهکتي a-bhaktí, *adj.* Irreligiousness; impiety; indifference; discharged.

ابهکتمان a-bhaktimán, अभक्तिमान, S. *adj.* Unbelieving; ungodly; *n. m.* an unbeliever.

ابهکشيه abhakshya, अभक्ष्य, S. *n.* Unlawful or forbidden food; part *adj.* not to be eaten; unlawful to be eaten.

ابهلاکهه-ابهلاش abhilásh, abhilákh, अभिलाष, S. *n. m.* Desire; wish; love; craving; strong inclination.

ابهلاکهي-ابهلاشي abhiláshí abhiláshi, S. *adj.* Desiring; longing for.

ابهمان abhimán, अभिमान, S. *n. m.* Pride; arrogance; self-conceit; haughtiness. ابهمان کرنا —karná, *v.* to behave proudly and haughtily. ابهمان مٹانا—mitáná, *v.* to bring down one's pride; to humiliate.

ابهماني abhimání, S. *adj.* Proud; conceited; arrogant; *n. m.* a conceited person.

ابهن a-bhinna, अभिन्न, S. *adj.* Undivided; one. *n. m.* (*Math.*) a whole number; an integer.

ابهنندن abhinandan, अभिनन्दन, S. *n. f.* Praise; applause; approbation.

آبهوشن ábhúshan, आभूषण, } S. *n. m.* Jewel;
آبهوکهن ábhúkhan, अभूखन, } ornaments.

ابهوگ ábhoga, अभोग, S. *n. m.* Crookedness; extension; surfeit; the expanded hood of the cobra capella.

ابهوگ abhoga, अभोग, S. *adj.*; Not fit for use; unenjoyed.

ابهون a-bhún, अभूं, *adj.* Hitherto; yet; up to the present time.

ابهئے a-bhai, अभय, S. *adj.* Fearless; intrepid; courageous. ابهئے پتر—patra, *n. m.* assurance of safety or safety of protection; a passport.

ابهياس abhyás, अभ्यास, S. *n.m.* Practice; exercise; study; the frequent repetition in order to fix it on the mind; experience. ابهياسي -abhyási, S. *adj.* Studious. *n. m.* A student.

ابهيت a-bhíta, अभीत, S. *adj.* Fearless; undaunted; bold; intrepid.

آبهير ábhír, अभीर, S. *n. m.* A cowherd.

آبي ábi P. *adj.* Watery; aquatic; moist; light blue; a kind of bread made of water in place of milk and butter. ابي گهوڙا —ghoṛá, *n. m.* the sea-horse; the hippopotamus.

ابے abe, U. *interj.* (used by way of contempt.) Hollo! you rascal! sirrah! you fellow!

ابيات abyát, A. *n.* (*Plu. of* بيت *Bait*). Houses; distitchs; couplets.

آبياري ábyárí, P. *n. f.* A species of dove; sort of very fine cloth; irrigation.

اُبيانا ubiyáná, H. *n.* उबियाना ,H. *v.* To get sick of; to get tired of. [ness.

اُبياهٹ ubiyáhaṭ, H. *n. f.* Irksomeness; weari-

ابير aber, अबेर, H. *n. f.* Delay; lateness; *adj.* late; unreasonable.

ابير abír, अबीर, H. *n.* m. Red powder used in the *Holi* festival; a powder made with rose, sandal and saffron and sprinkled on clothes.

ابيض abyaz. A. *adj.* White; snow; more or most splendid. بحرابيض —i-abyaz, *n. m.* the White Sea.

آپ áp, H. *pron.* Self; selves; yourself; you sir; your honour. آپ آپ —áp, *pron.* each by himself; each one; *n. m.* flattery آپ آپ کرنا —karná, *v.* to flatter; to be selfish. آپ بهاتي —bháti, *adv.* according to one's own pleasure. آپ بيتي —biti, *adv.* that which has befallen on one's self; the story of one's own suffering. آپ روپ —rúp, *adj.* self-made; unique; matchless; non-pareil. آپ سوارتهي —sawárathí, *adj.* selfish; seeking the interest of one's self. آپ سے آپ —se áp, *adv.* voluntarily; without reason; spontaneously; himself; of his own accord. آپ کاجي —kájí, *adj.* selfish; seeking one's own business. آپ هي آپ —hí áp, *adv.* spontaneously; alone. آپے سے باهر هونا —ápe se báhar honá, to be in a rapture; to be beside one's self (with joy or anger); to be in ecstacy; to be in a fury. آپے ميں آنا يا هونا —men áná yá honá, to come to or be in one's proper senses.

آپا ápá, H. *n. f.* An elder sister; *pron.* self. آپا آپي —ápí, *n. f.* self; each for himself.

اُپادهہ upádh, उपाध, S. *n. f.* Violence; tyranny; injustice; oppression.

اُپادهي upádhí, H. *adj.* Violent; unjust; oppressive; *n. m.* tyrant; mischievous.

اُپادهيائے upádhyáya, उपाध्याय, S. *n.m.* A spiritual preceptor; a teacher (in general); a subdivision of Brahmans.

اُپادهياني upádhyání, S. *n. f.* The wife of a teacher; a preceptress.

اپار apár, अपार, S. *adj.* Boundless; excessive; unrivalled; infinite.

اُپارجت upárjita, S. *adj.* Acquired. [gain.

اُپارجن upárjana, उपार्जन, S. *n. m.* Acquisition;

اُپاڑنا upaṛná, H. *v.* To root out; to extirpate; to eradicate. [*Upwás*) A fast; hunger.

اَپاس upás, उपास, S. *n. m.* (*Contr. of* اُپواس

اپاسا upásá, उपासा, S. *adj.* Hungry; one who fasts; *n. f.* worsbip; religious service.

اپاسک upásak, उपासक, H. *adj.* Fasting; *n. m.* worshipper; a devotee.

اُپاسنا upásná, S. *n. f.* Worship; adoration; homage. [reverence.

اپاسن upásan, S. *n. m.* Attendance; worship;

اُپاسي upásí, S. *adj.* Attending; worshipping; serving; *n. m.* a worshipper; one who keeps a fast.

اُپاکهيان upákhyána, उपाख्यान, S. *n. m.* A story; a fable; a tale.

اپانا apáná, H. *pron.* Belonging to one's self.

اپانگ apánga, अपांग, S. *n. m.* (*Anat.*) The outer corner of the eye; *adj.* maimed; crippled.

اُپانگ upáng, उपांग, S. *n. m.* The sectarial mark made with sandal, etc., on the forehead (*tilak*). [defiled; unholy.

اپاون apáwan, अपावन, S. *adj.* Impure; corrupt;

اپاهج apáhaj, अपाहिज, S. *adj.* Crippled; lazy; *n. m.* an indolent person.

اُپائے upáya, उपाय, S. *n. m.* Plan; contrivance; remedy; help; way. اُپائے کرنا —karná, *v.* to devise; to scheme; to provide against.

اُپائي upái, S. *adj.* Contriving; remedying; scheming.

آپبتر a-pabitra, अपवित्र, S. *adj.* Unclean, impure.

اَپبترتا -tá *n. f.* uncleanness; defilement; impurity.

اُپبن upabana, उपवन, S. *n. m.* A grove; an artificially planted wood or garden; a tope.

آپت ápata, आपत, S. *n. f.* Ill-fortune; calamity; adversity. آپت کال —kál, a season of adversity.

اپتر a-putra, अपुत्र, S. *n. m.* An undutiful son. اُپترک—ka, S. *adj.* Without offspring; childless. [absence of a road.

اپتھ a-path, अपथ, S. *n. m.* A wrong path;

اپتھیہ a-pathya, अपथ्य, S. *adj.* Indigestible; unwholesome.

اُپٹن upṭan, उपटन, H. *n. m.* A composition of perfumes, flour, etc. used to rub the body with before taking a bath; an unguent.

اُپجنا upajní, उपजना, H. *v.* To grow; to spring up; to shoot forth; to produce; to cultivate; to grow.

اُپجانا upjáná, H. *v.* To cause to grow.

اُپجاؤ upjáu, *adj.* Fertile; rich, productive.

اُپجت upajita, S. *adj.* Produced; propagated.

اَپجتن upjatan, उपजतन, H. *n. m.* Preparation; exertion.

اپجس apajas, H. *n. m.* Disgrace; ignominy; infamy; discredit.

اپجسي apajasi, H. *adj.* Ignominious; disgraceful; unfortunate.

آپدا ápadá, आपदा, S. *n. f.* Misfortune; risk; calamity.

اپدرو upadrava, उपद्रव, S. *n. f.* A tumult; commotion; rebellion; violence; tyranny.

اُپدروي upadravi, S. *adj.* Rebellious; violent; tyrannical; *n. m.* tyrant.

اُپديپ upa-dwípa, उपद्वीप, S. *n. m.* (*Geog.*) A peninsula.

اُپديش upadesha, उपदेश, S. *n.m.* Advice; counsel; admonition; instruction. اُپديش کرنا يا دينا —karná yá dená, to advise; to admonish; to instruct; to preach.

اُپديشک, updeshak, } S. *n. m.* An adviser;
اُپديشي, updeshi, } a preacher; a teacher.

اَپر úpar उपर, S. *prep.* Above; on.

اپراپتي a-práptí, अप्राप्ति, S. *n. f.* Non-attainment; non-acquistion.

اپراجت a-parájita, अपराजित, S. *n. adj.* Unconquered; invincible; not defeated.

اپرادھ aparádh, अपराध, S. *n. m.* Transgression; crime; fault; guilt. اپرادھ کرنا - karná, to commit an offence (against); to sin. اپرادھ لگانا —lagáná, to charge; to slander.

اپرادھي aparádhí, S. *n. m.* A criminal; an offender; a sinner; a transgressor.

اُپرانت uparánta, उपरान्त, S. *adv.* Afterwards; over and above; besides. اِس کے اپرانت iske— *adv.* thereupon.

اپرتاپ a-pratápa, अप्रताप, S. *n. m.* Want of acuteness; want of dignity or fortune; dulness; meanness.

اپرتاپي a-pratápí, S. *adj.* Undignified; powerless; unlucky; mean.

اپرتشٹھا a-pratishṭhá, अप्रतिष्ठा, S. *n. f.* Want of respectability; ill-fame.

اپرتشٹھت a-pratishṭhit, अप्रतिष्ठित, S. *adj.* Disgraced; dishonoured; disesteemed.

اپر تيکش a-prataksha, अप्रत्यक्ष, S. *adj.* Imperceptible; invisible; secret; hidden.

اپرتيتی apratíti, अप्रतीति, S. *adj.* Want of credit; mistrust. [obsolete; not customary.

اپرچلت a-prachalita, अप्रचलित, S. *adj* Not current;

اپر چنڈ a-prachanḍa, अप्रचण्ड, S. *n. f.* Not violent; not forcible; without dignity.

اپرس apras, अपरस, H. *n. m.* A sort of eczema; a cutageous disease; leprosy.

اپرسدھ a-prasidha, अप्रसिद्ध, S. *adj.* Not celebrated; obscure; unknown.

اپرسن a-prasana, अप्रसन्न, S. *adj.* Ungracious; disagreeable; averse; displeased-

اپرکٹ a-prakat, अप्रकट, } S. *adj.* Not apparent;
اپرگٹ a-pragaṭ, अप्रगट, } unmanifested.

اُپرلا uparlá उपरला, H. *adj.* Superficial ; upper ; *n. m.* the surface ; the outside of a garment.

اپرمپار a-parampár, अपरंपार, S. *adj.* Boundless ; infinite ; limitless.

اپروهت उपरोहित, uprohit, S. *n. m.* Chief priest of a Hindú temple. [experience ; unskilfulness.

اپروينتا apravínatá, अप्रवीणता, S. *n. m.* Want of

اپريا apriyá अप्रिय, S. *adj.* Disliked ; hated ; unloving ; unfriendly.

اپريل aprail, U. *n. m.* (*Corr. to the English April*). The fourth month of the English year.

آپڑنا á-paṛná, आ पड़ना, H. *v.* To come to pass; to come unexpectedly or to fall suddenly (upon).

اپڑنا upaṛná, उपड़ना, H. *v.* To be rooted out; to be pulled out. اُپڑآنا upaṛ ání, *v.* to be imposed with the mark of anything ; to come or rise up.

آپس ápas, आपस, H. *pron.* Self ; one another ; a fraternity ; kin. آپس داري -dárí, *n. f.* brotherhood ; relations. آپس ميں -men. *adv.* mutually ; among ourselves. آپس ميں رهنا —men rahná, to live together.

اُپس upas उपस, S. *n. f.* An offensive smell ; stink ; staleness ; putrefaction.

اُپستهت upasthita, उपस्थित, S. *adj.* Ready ; present ; arrived. اپستهت كرنا —karná, to summon ; to present.

اپسرا apsará, अप्सरा, S. *n. m.* A female dancer in the court of Indra, the king of the celestials ; a nymph.

اپسرگ upasarg, अपसर्ग, S. *n. m.* A portent ; a disease ; possession by an evil spirit ; (*Gram.*) a prefix.

اپسوارته apaswártha अपस्वार्थ, S. *n. m.* Selfishness; *adj.* selfish. [quiet ; tranquillity.

اُپشانتی upshantí, उपशान्ती, S. *n. f.* Calmness ;

اپشبد apashabda, उपशब्द, S. *n. m.* A disagreeable sound ; ungrammatical language ; an unmeaning word appended to another, *e. g.*, *páni wání*, *roṭi oṭí*.

اپشپت a-pushpit, अपुष्पित, S. *adj.* Not bearing flowers ; not in flowers ; (a tree or plant.) that does not flower.

اپشٹ apushṭ, अपुष्ट, S. *adj.* Lean ; not strong.

اُپكار upkár उपकार, *n. m.* Benevolence ; assistance ; protection ; favour. اپكار كرنا —karná, to assist ; to befriend. [a friend, a protector.

اُپكارک upkáraka, उपकारक, S. *n. m.* A benefactor;

اُپكاري upkárí, S. *adj.* Beneficent ; assisting ; serviceable ; helper ; kind ; friendly.

اَپكاري apkárí, अपकारी, S. *adj.* Injurious : mischievous ; an enemy. [wickedness.

اپكرم apakaram, अपकर्म, S. *n. m.* Bad action ;

اُپلا uplá, उपला, H. *n. m.* Dried cakes of cowdung used as fuel.

اُپلكشن upalakshana, उपलक्षणा, S. *n. m.* A figure of speech ; synecdoche ; metaphor ; elliptical expression. [omen ; a bad sign.

اپلكشن apalakshan, अपलक्षण, S. *n. m.* A bad

اپما upamá, उपमा S. *n. f.* A resemblance ; comparison ; (*Gram.*) simile. اُپما دينا —dená, to compare (with) ; to liken (to).

اپمان apamán, अपमान, S. *n. m.* Disgrace ; dishonour ; contempt. اپمان كرنا —karná, to disgrace ; to ridicule.

اپماني apamání, S. *adj.* Disgraced ; abased.

اپنا apná, H. *pron.* One's own ; personal ; individual ; appropriate ; exclusive. اپنا اپنا —apná, *adj.* each one his own ; respective ; personal ; individual. اپنا بيگانا —begáná *m.* relations and connection. اپنا سا منهه ليكر رهجانا —sá munh lekar rah jáná, to hang down or hide one's head through shame. اپنا كرنا —karná, *v.* to make a (person or thing) his own ; to attach a (person) to one's self ; to embezzle, اپنا كيا پانا يا بهوگنا —kiyá páná yá bhogná, to suffer the consequence of one's own misdeeds. اپنے كو ماننا apne ko mánná, to think much of one's self ; to be vain of. اپنے خيال ميں مست هونا apne khayál men mast honá, to rejoice in one's own independence ; to glory or revel on one's own means. اپني اپني پڑنا apni apní paṛná, to look out each for himself or his own interest. اپني گانا apní gáná, to sing one's own praises ; to boast ; to brag ; to talk big. اپني گرہ سے apní-girah-se, from one's own pocket. اپنے منهه مياں مٹهو apne munh mián miṭṭhú, *adj.* praising one's self. اپنے ہاتھوں apne háthon, with one's own hands. اپنے ہاتھوں کلہاڑی مارنا apne háthon kulháṛí márná, to be one's own assassin or antagonist.

اپنانا apnáná, H. *v.* To make a thing one's own; to appropriate to one's own use. [epithet.

اُپنام upanáma, उपनाम, S. *n. m.* Surname; title;

اپنایت apanáyat, अपनायत, H. *n. f.* Family; relation; kin; kindred.

اپنتھہ apantha, अपंथ, S. *n. m.* A bad road; a winding way; heresy.

اپنتھی apanthí, S. *n. m.* One who has lost his wap; a heretic; *adj.* going out of the right way; heretical.

اُپنشد upanished, उपनिषद, S. *n. m.* The philosophical or theological portion of the Vedas.

اُپنگ apang, अपंग, H. *adj.* Infirm.

اپنندا apanindá अपनिन्दा, S. *n. f.* Reproach; blasphemy.

اپنیاس upanyás, उपन्यास, S. *n. m.* Precept; law; prologue; tale.

اُپنین upanayana, उपनयन, S. *n. m.* Initiation; investiture with the sacred thread (*janeu*) of the first three classes of Hindus.

اپواد apaváda, अपवाद, S. *n. m.* Complaint; calumny; accusation; censure.

اپوادی apavádí, अपवादी, S. *n. m.* A complainer; a successor; a censurer.

اُپواس upvása, उपवास, S. *n. m.* A fast; starving.

اپوت apúta, अपूत, S. *adj.* Childless; *n.* undutiful child.

اپوتر apavitra, अपवित्र, S. *adj.* Unclean; impure; profane. [defilement.

اپوترتا apavitratá, अपवित्रता, S. *n. f.* Uncleanness;

اپوجیہ apújya अपूज्य, S. *adj.* That which is not worshipped or revered; unfit as a proper object of worship.

اپورن apúran, अपूर्ण, S. *adj.* incomplete. اپورن کال —kál, *adj.* Premature; untimely. [(*janeu*).

اپویت upavita, उपवीत, S. *n. m.* The sacred thread

اپوید upaveda, उपवेद, S. *n. m.* A class of Hindu writings deduced directly from the four Vedas.

اُپھان uphán, उफान, H. *n. m.* Ebullition; froth; foam; effervescence.

اپھرا aphrá, अफरा, H. *adj.* Swollen; elated; satisfied.

اپھر جانا aphar, jáná, अफर जाना, *v.* To be overloaded; to be elated; to be satiated.

اپھرانا aphráná, अफराना, H. *v.* To stuff; to gorge; to feed one so that his belly swells out; to give one (money, etc.) to the utmost extent of desire.

اپھرنا apharná, अफरना, H. *v.* To swell out; to gormandize; to be full; to be satisfied with food; to grow strong; to boast; to be puffed up with pride; to become very rich.

اُپھننا uphanná, उफनना, H. *v.* To boil over; to froth; to foam; to effervesce; to make a wry face.

اپیکشا apekshá, अपेक्षा, S. *n. f.* Consideration; regard; reference; relation; comparison; waiting; expectation; hope.

اپیل apíl, E. *n. f.* An appeal. اپیل کرنا—karná, to prefer an appeal. اپیل داخل کرنا—dákhil karná, to file an appeal. اپیل منظور کرنا—manzur karná, to allow an appeal. اپیل خاص—i-khás, a special appeal. اپیل سرسری—i-sarsarí, a summary appeal. اپیل عام—'ám, a regular appeal. اپیل متخالف—mutakhálif, a cross-appeal.

اپیلانٹ appilánt, E. *n. m.* An appellant. [tion.

اپیوگ upyog, उपयोग, S. *n. m.* Service; applica-

ات ati, अति, H. *adj.* Far; very; surpassing; exceeding; *prep.* beyond; excess; intemperance.

ات روگ atirog, अतिरोग, *n. m.* Consumption.

اتا atá, P. *n. m.* Father.

آتا átá आता, (*imperf. part.*) H. *n. m.* One who comes; a comer. آتا جاتا—játá, a way-farer. آتے جاتے áte játe, *adv.* coming and going.

اتا ittá, इत्ता, H. *adj.* This much.

اتابک atábak, P. *n. m.* A master; appellation given to kings or prime ministers; name of a family of the kings of Iran. اتابک اعظم—i-á'zam, the prime minister.

اُتار utár उतार, H. *n. m.* Descent; slope; fall; decrease; a reduction in price; alms; ebb-tide. اُتار چڑھاؤ—chaṛháo, *n. m.* Fluctuation; ascending and descending; descent and ascent; ups and downs ; the vicissitudes of life ; ebb and flow ; loss and gain ; plot. اُتار دینا—dená, *v.* to disgrace ; to dishonour ; to pull down ; to bring down ; t› take off. اُتار جانا—jáná, *v.* to swallow ; to pulp down. اُتار لینا—lená, *v.* to take down ; to insert ; to copy.

اُتارا utárá, उतारा, H. *n. m* A slope passing (over a river, etc.) ; a wharf ; a halting place; remission ; an offering of flowers, sweetmeats, &c., moved a certain number of times from the head to the foot of a sick person under the belief that the evil spirit is thus transferred from the sick man to the *utárá* ; an answer ; ransom ; self-devotion ; cast off clothes ; disgrace. اُتار کرنا—karná, *v.* to take down ; to dismount. آُتارا اُتارنا—utárná, to transfer the evil spirit by means of the *utárá.*

اُتارن utáran, उतारन, H. *n. m.* A fragment ; cast off clothes.

اُتارنا utárná, उतारना, H. *v.* To cause to alight ; to bring down ; to land ; to disgrace ; to take down ; to tear off ; to cut off ; to unload (cargo, &c.); to dismount ; to lower ; to resent ; to enthrall; to render vile ; to expel ; to make a recompense ; to shave ; to free from ; to take off ; to cast off ; to make away ; to uncock (a gun); to let down ; to lay (in a grave) ; to produce ; to distill. کپڑے اِتارنا kapṛe—, to undress.

اُتارو utárú, उतारू, H. *adj.* Sloping ; prepared ; bent upon. اُتارو هونا—honá, to descend ; to be prepared ; to be engaged with a desperate resolution in any enterprise; to be determined ; to be bent upon.

اتاليق atáliq, P. *n.* m. A private tutor ; an instructor ; a preceptor. اتاليقي atáliqí, *n. f.* private tuition ; education ; monitorship ; preceptorship.

اُتان uttán, उतान, H. *adj.* Having the face upwards ; inverted, upside down ; supine.

اُتاولا utáwlá, उतावला H. *adj.* Quick ; rash ; precipitate, impatient.

اُتاولي utáwlí, उतावली, H. *n. f.* Haste ; precipitation ; impatience.

اِتباع itbá', A. *n. m.* Following ; obedience.

اَتبل atibal, अतिबल, S. *adj.* Very strong.

اُتپات utpát, उत्पात, S. *n. m.* Phenomenon ; violence ; mischief ; injustice. اُتپات کرنا—karná, to do wrong ; to do violence ; to dispute ; to contend to act violently. اُتپاتي utpatí, S. *adj.* Mischievous ; destructive.

اتپاتک atipátak, अतिपातक, S. *n. m.* A very great sin ; a great crime.

اُتپادک utpádak, उत्पादक, S. *n. m.* Causing ; producing ; originator ; father.

اُتپت utpati, उत्पत्ति, S. *n. f.* Birth ; creation; production ; rise.

اُتپن utpanna, उत्पन्न, S. *adj.* Produced ; born ; sprung ; risen ; gone up ; *n. m.* birth ; creation ; extraction ; phenomenon ; proceeds ; produce ; profit. اُتپن هونا—honá, to be produced ; to be born ; to come into being ; to occur. اُتپن کرنا—karná, to bring forth ; to produce ; to create.

اتتهي atithí, अतिथि, S. *n. m.* A guest ; a person entitled to hospitality.

آتتهيه átithya, आतिथ्य, S. *adj.* Attentive to a guest; hospitable.

